کمپ۔ ن۔ پڑاؤ۔ مذکر ؎ جس جگہ تھا تڑپتا یہ معذور ؎ شاہی کمپ اس جگہ سے تھا کچھ دور۔ حمید

کمپارٹمنٹ۔ ن۔ حصہ۔ مکان۔ مذکر ؎ کمپارٹمنٹ اپنا میں نے ؎ بس اس سے جدا کیا ہے اُن سے۔ عزیز

کمپاس۔ انگریزی۔ مذکر۔

کمپنی۔ انگریزی۔ مونث۔

کمپونڈ۔ ن۔ احاطہ۔ مذکر ؎ ہے چھوٹا سا جو کمپونڈ اس مکان کا ؎ انھیں دینے سے آگے بر فضا تھا۔ صائم

کمخواب۔ ف۔ کمخواب۔ مونث ؎ مزین بہ گوہر کلہ اسکی تھی ؎ تھی جاکٹ کی کمخواب بھی قیمتی۔ خائز

کمر۔ میان۔ مونث۔

کمربند۔ مذکر۔

کمرک۔ بہر معنی۔ مونث۔

کَلَام ۔ع۔ سخن۔ نظم۔ مذکر ۔ جہوٹ ہی جانون کلام اس رہزن ایمان کا + پہن کر جامہ ہی وہ آے اگر قرآن کا۔ ذوقی

کُلانچ ۔ا۔ جست۔ چھلانگ۔ مونث ۔ اس کے نزدیک بس پہونچتے ہی + دیکھکر اک کلانچ اس نے بھری۔ عاجز

کُلاہ ۔ مونث۔

کَلْب ۔ع۔ کتا۔ مذکر ۔ چاہیئے آدمی میں خوئے وفا + نہ وفا ہو تو اس سے کلب اچھا۔ حامد

کلب ۔ زمانہ۔ مذکر۔

کُلَب ۔ن۔ انجمن۔ مذکر ۔ اور کہیں ہوتے ہیں کلب قائم + صحبت حکمت و ادب قائم۔ حالی

کُلْبُلاہَٹ ۔ہ۔ حرکت۔ جنبش۔ مونث ۔ اس کے غش سے تہا سب کو رنج و تعب۔ کلبلاہٹ سے اسکی خوش ہوئے سب۔ تسنیم

کُلبہ ۔ مذکر۔

کُلپ ۔ بہر معنی۔ مذکر۔

کَلْجُگ ۔ہ۔ زمانہ۔ فساد۔ مذکر ۔ سن راجہ کا ارشاد مرخص ہوا کلجگ + خوش آیا پر یچہت کا اسے تاج طلائی۔ احقر

کُلچہ ۔ قسم نان۔ مذکر۔

کُلَس ۔ بہر معنی۔ مذکر۔

کُلْفَہ ۔ مذکر۔

کُلْفَت ۔ع۔ اندوہ۔ مونث ۔ مٹا سکتی نہیں مژگان تر کلفت مرے دل کی + نہ جہاڑی گرد دست موج نے دامان ساحل کی۔ امیر

کِلْک ۔ف۔ قلم۔ مذکر[1] ۔ جب خبر پہونچی مجھے جاری ہے اس کا کلک عفو + دستخط کو میں بھی اپنی فرد عصیان لے چلا۔ بحر

کَلْکَل ۔ا۔ آواز۔ بورہ۔ تکرار۔ مونث ۔ آپہی خیر ہو گریہ کی شدت کل سے اور بھی ہے + نہ کر واعظ یہ کلکل مجھ سے فرد آفیا ہت کی۔ [illegible]

کُلمہ ۔ مذکر۔

کَلَنْک ۔س۔ نقص۔ داغ۔ دہبا۔ مذکر ۔ کلنک اب یہ نہ دامن سے چھٹے گا + نہ اب اسکو کہیگا کوئی اچھا۔ افسر

کُلَنْگ ۔ نام طائر۔ مذکر۔

کُلُوخ ۔ف۔ ڈہیلا۔ مذکر ۔ سر پر اسکے کلوخ دے مارا۔ اور کہا لے لیا ہے اب بدلا۔ تسکین

کَلُول ۔ا۔ مصیبت۔ مونث ۔ نہیں ہمدرد ہے کوئی کہیں کس سے ملال اپنا + سنے گا اب نہیں کوئی کلول اپنی کلال اپنا۔ حمید

کِلُول ۔س۔ کھیل کود۔ مونث ۔ خوش یہ ہوتا دیکھکر اسکی کلول + اور وہ ہو جاتی تہی بے حد ملول۔ فدا

نوٹ [1] مختلف فیہ۔ مونث۔ مثلاً ۔ زندان سے جو ہوئی ہے رہائی + یون کلک بیان پر ہے آئی۔ (صوفی)
لیکن تذکیر کو ترجیح ہے۔ ۱۲

کَفَاف ۔ع۔ روزی۔ مونث ؎ کفاف جفا یہ ہماری کبھی تو ہوگی دور • کفاف تہوڑی ہے انسان کیوں نہ ہو مجبور ۔ اختر

کَفَالَت ۔ع۔ ذمہ داری۔ مونث ؎ اگر ہو جائیگی تیری کفالت • تو میرے واسطے ہوگی کفایت ۔ صریر

کِفَایَت ۔ع۔ کافی ہونا۔ مونث ؎ اگر ہو جائیگی تیری کفالت • تو میرے واسطے ہوگی کفایت ۔ صریر

کُفر ۔ع۔ انکار۔ مذکر ؎ زینت اسلام اے زاہد سیاہی دل کی ہے • جامہ کعبہ ہوا جب کفر اپنا بڑھ گیا ۔ برقی

کُفرَان ۔ع۔ انکار۔ مذکر ؎ ہے مجھ پر آپ کا بے غایت احسان • میں کر سکتا نہیں نعمت کا کفران ۔ سخنور

کُفرانِ نعمت ۔ع۔ نمک حرامی۔ مذکر ؎ اس نے تو کفران نعمت ہے کیا • پائیگا دنیا ہی میں اسکی سزا ۔ خلیل

کَفچہ ۔ مذکر۔

کَفش ۔ف۔ جوتی۔ مونث ؎ شاید نہ پہونچے یہان تلک آواز دور کی • کفشیں لئے رہے گا یہ خادم حضور کی ۔ انیس

کَفک ۔ کف دست۔ مونث۔

کفگیر ۔ مذکر۔

کَفَل ۔ع۔ سرین۔ مذکر ؎ فربہ اور ابھرے ابھرے کفل اسکے • بسکہ محبوب اور زیبا تھے ۔ صفیر

کَفَن ۔ع۔ جامہ میت۔ مذکر ؎ سمجھکر موج دریائے فنا کو خنجر بران نے • کفن مثل حباب اے ذوق ہم نے سر سے یان باندھا ۔ ذوقی

کُفو ۔ع۔ خاندان۔ قبیلہ۔ مذکر ؎ کفو سے اپنے خاندان اسکا • ہو جو ازدل تو جوڑ کیا ہوگا ۔ نعیم

کَکّڑ ۔ ہ۔ تمباکو۔ مذکر ؎ اس کو آداب عجز سے کرکے • مانگنا ککڑ بہت ہی نرمی سے ۔ فائز

کُکڑ ۔ مونث۔

کُکڑوں کوں ۔ ہ۔ بانگ خروس۔ مونث ؎ مرغ کی سنکے پہر تو ککڑوں کوں • ہوگیا رنج ہجر سے محزون ۔ نظر

کَگرّہ ۔ ہ۔ کنار۔ مونث ؎ اس کا کگرہ اگر نظر آئے • تو ہر اک چین کچھہ نہ کچھہ پائے ۔ الم

کَل ۔ ہ۔ آلہ۔ اوزار۔ مونث ؎ حالت القصہ جو دیکھی اپنی • کوئی کل پائی نہ سیدھی اپنی ۔ حالی

کَل ۔ ہ۔ آرام۔ روز گذشتہ۔ مونث ؎ کیا کہیں اے ہمنشین ہیں آج کیوں بیکل سے ہم • جن سے کل تھی جان کو ان سے جدا ہیں کل سے ہم ۔ ظفر

کَلا ۔ س۔ حصہ قلیل۔ مونث ؎ اس میں تیری کلا ہی رکھی ہے • مانگنا تو نہ ہم سے زاید تئے ۔ فنا

کَلَابتُون ۔ ت۔ چاندی یا سونے کا تار۔ مذکر ؎ قیمتی ہے کلابتون اس کا • ہے غرض جسم پر لباس اچھا ۔ شرف

کَلَاس ۔ ن۔ درجہ۔ مذکر ؎ اس سے بڑھکر کلاس ہے میرا • اور ہے مرتبہ بھی اس سے بڑا ۔ ناجی

کُلاغ ۔ف۔ جنگلی کوا۔ تھا شجر پہ کلاغ اک بیٹھا • بوڑھے نے اپنے بیٹے سے پوچھا ۔ عزیز

کَلَال ۔ف۔ شراب فروش۔ مذکر ؎ اس محلہ میں جو رہتا ہے کلال • ہے اسی کے پاس ان کا سارا مال ۔ فارغ

کُلَال ۔ س۔ رنج۔ مذکر ؎ نہیں ہمدرد ہے کوئی کہیں کس سے ملال اپنا • سنے گا اب نہیں کوئی کلال اپنی کلال اپنا ۔ حمید

کُشْت ۔ ف ۔ قتل ۔ مونث ۔ اس لڑائی میں کشت خوب ہوئی + فتح آخر ہوئی انع خان کی ۔ صافی

کِشْت زَار ۔ ف ۔ کھیت ۔ مذکر ۔ جس جگہ تہا لہلہاتا کشت زار + اڑ رہی ہے اب وہان گرد و غبار ۔ قیصر

کُشْت وخُون ۔ ف ۔ خونریزی ۔ مذکر ۔ دریا بہے لہو کے بڑا کشت وخون ہوا + ڈھلتی تہی دوپہر کہ علم سرنگون ہوا ۔ انیس

کَشْت ۔ س ۔ تکلیف ۔ ذ ۔ مذکر ۔ کشٹ اپنا کسکو ہم جاکر سنائیں + حال جو اپنا ہے وہ کسکو بتائیں ۔ فرید

کشش ۔ بہر معنی ۔ مونث ۔

کَشْف ۔ ع ۔ اظہار ۔ انکشاف ۔ مذکر ۔ بات دل کی چھپاؤ گے تم کیا + ہم فقیرون کو کشف ہوتا ہے ۔ تسلیم

کشف اللغات ۔ نام کتاب ۔ مونث ۔

کشتول ۔ مذکر ۔

کِشْمِش ۔ ف ۔ نام میوہ ۔ مونث ۔ میں نے کشمش ہی بچے کو دی ہے + کھاتے ہی اس کو ہوگئی ہے قے ۔ اعظم

کشمکش ۔ مونث ۔

کشنیز ۔ مذکر ۔

کُشُود ۔ ف ۔ کھلنا ۔ مونث ۔ سارا یہ منود دن کی اس سے منود + دل بستگان کی ہے اس سے کشود ۔ حسن

کشور ۔ اقلیم ۔ مذکر ۔

کَشِید ۔ ف ۔ کشش ۔ مونث ۔ شفق شام ہوئی زینت دامان فلک + ماہ نو بن گیا ابروے خمیدہ کی کشید ۔ برق

کشیدہ ۔ مذکر ۔

کَعْب ۔ ع ۔ ٹخنہ ۔ مذکر ۔ کعب پر اس کے جو ضرب ایسی پڑی + ہوگئی حالت نہایت ہی بری ۔ قائم

کعبتین ۔ مونث ۔

کعبہ ۔ مذکر ۔

کفن ۔ بہر معنی ۔ مذکر ۔

کفارہ ۔ مذکر ۔

کَفِ پا ۔ یا دست ۔ ف ۔ تلوا یا ہتھیلی ۔ مونث ۔ آج ہم رنگ حنا ہے گریہ + دل دون آنکھیں کف پاے تیری ۔ مومن

کفا جفا ۔ ف ۔ سختی ۔ مصیبت ۔ مونث ۔ کفا جفا یہ ہماری کبھی تو ہوگی دور + کفاف تہوڑی ہے انسان کیون نہ ہو مجبور ۔ احقر

نوٹ ۔ مختلف فیہ ۔ مذکر ۔ ۔ کیا چمک کر نکلا تہا صورت طلائے یار سے + سامنے خورشید کے اس نے کف پا کر دیا ۔ آتش لیکن تانیث کا رواج غالب ہے ۱۲ ۔

کساوٹ ۔ بہ معنی ۔ مونث۔

کَسْب ۔ ع ۔ پیشہ ۔ مذکر ؎ کیوں یہاں آئے ہو لو ہے کیا کام ۔ کسب اپنا بتاؤ اپنا نام ۔ فہیم

کَس بَل ۔ ہ ۔ دم خم ۔ مذکر ؎ نیم بسمل چھوڑ دے سے تجھ کو حاصل کیا ہوا ۔ آج وہ کس بل ترا اے تیغ قاتل کیا ہوا ۔ گوہر

کَسٹَم ۔ ن ۔ رواج ۔ مذکر ؎ پرشیا کا ہے نہ یہ ملک عرب کا کسٹم ۔ انڈیا ہی میں نظر آیا ہے ۔ [illegible]

کَسْر ۔ ع ۔ شکستگی ۔ مونث ؎ ہے تمہارا سارا یہ سچا بیان ۔ ہوگی بے شک اس میں اس کی کسر نہاں ۔ ناظم

کسر ۔ زیر ۔ مذکر۔

کسرِ شان ۔ مونث۔

کَسْرَات ۔ ع ۔ بہ معنی ۔ مونث ؎ اسمیں جو کچھ کہ بچ رہی کسرات ۔ اس کی بھی حیف ہو گئی دفعات ۔ ادیب

کَسْرَت ۔ ا ۔ ورزش ۔ مونث ؎ جسم کو اچھا رکھتی ہے کسرت ۔ کرو کسرت تو اچھی ہو صحت ۔ دائم

کسرہ ۔ زیر ۔ مذکر۔

کَسَک ۔ ہ ۔ درد ۔ ٹیس ۔ مونث ؎ مر کر بھی محبت کی کسک دل سے نہ نکلی ۔ بیٹھے مرے پہلو میں تو کیا خوب جمی چوٹ ۔ امیر

کسکٹ ۔ مذکر۔

کَسَل ۔ ع ۔ بیماری ۔ ماندگی ۔ مذکر[1] ؎ سارے بدن کا کسل مٹا دے جو ہووے یہ ۔ کل جسم پر اداسی ہو طاری جو روئے یہ ۔ افق

کسم ۔ معصفر ۔ مذکر۔

کسماہٹ ۔ ہ ۔ بیکلی ۔ مونث ؎ اب تو اپنی کسماہٹ بڑھ گئی ۔ قلب مضطر ہم تجھے بہلائیں کیا ۔ عاشق

کَسْوَت ۔ ع ۔ پوشاک ۔ لباس ۔ مونث ؎ رکھی ہے میں نے پہلے کی کسوت ۔ شکر کرتا ہوں دیکھ کر خلعت ۔ صائم

کُسُوف ۔ ع ۔ سورج گرہن ۔ مذکر ؎ مہر کو بھی کسوف ہوتا ہے ۔ ماہ کو بھی خسوف ہوتا ہے ۔ نکیر

کیسرو ۔ مذکر۔

کیسس ۔ مذکر۔

کَش ۔ ف ۔ حقہ کا ایک گھونٹ ۔ مذکر ؎ کہا اک کش تو لیجئے حقے کا ۔ ابھی دم دیگا ٹھہرئیے تو ذرا ۔ فاتح

کشاف ۔ نام کتاب ۔ مونث۔

کَشاکَش ۔ ف ۔ کشمکش ۔ مونث ؎ غل تھا کہ برتی ہوئی آتش نہیں دیکھی ۔ یہ کاٹ یہ کس بل یہ کشاکش نہیں دیکھی ۔ انیس

کِشْت ۔ ف ۔ کھیتی ۔ مونث ؎ آب و تاب تیغ نے دکھلائیں شانیں خواہشیں ۔ کشت دہقان مل کے برق و سیل نے برباد کی ۔ امیر

نوٹ [1] مختلف فیہ ہے لیکن مذکر کو ترجیح ہے ۱۲۔

کِرم ۔ ف۔ کیڑا۔ مذکر ۔ کرمک شب تاب اک تہا اڑ رہا ✦ بندر اس کو کرم سمجھے آگ کا۔ ادیب

کرمان ۔ مذکر۔

کِرمک شب تاب ۔ ف جگنو۔ مذکر ۔ کرمک شب تاب اک تہا اڑ رہا ✦ بندر اس کو کرم سمجھے آگ کا۔ ادیب

کِرَن ۔ ہ۔ شعاع۔ مونث ۔ چمکی یہ روئے یار سے قسمت نقاب کی ✦ جالی سے چھن رہی ہے کرن آفتاب کی۔ امیر

کَرَن پھول ۔ ہ۔ آویزہ گوش۔ مذکر ۔ ہے بے حد دلربا اس کا کرن پھول ✦ نہ کیون ہو مردم دیدہ کو مقبول۔ فاخر

کِرَان ۔ ف۔ کنار۔ مذکر ۔ یون ہی غوطے کھائیگا تو اے جوان ✦ کس نے بحر عشق کا دیکھا کران۔ عظیم

کَروَٹ ۔ ہ۔ پہلو۔ مونث ۔ وہ غافل تھے کہ تب لی ہم نے کروٹ ✦ ڈہلی جب دوپہر روز جزا کی۔ امیر

کَرّ و فَر ۔ ف۔ شان وشوکت۔ مذکر ۔ ہے ہجوم نالہ وافغان وفوج اشک وآہ ✦ ساتھہ شہزادون کے صابر کرّ وفر اتنا تو ہو۔ صابر

کرہ ۔ مذکر۔

کِریَا کَرَم ۔ س۔ مردہ جلانیکی رسم۔ مذکر ۔ میں ہی نے اسکا کیا کریا کرم ✦ اک مجھی کو موت کا اسکی ہے غم۔ قہر

کَریب ۔ مونث۔

کَرِیٹ ۔ خود۔ مذکر۔

کُرید ۔ ہ۔ کاوش۔ تجسس۔ مونث ۔ اسقدر ہے کیون کرید اس بات کی ✦ کہئے کچھہ تا ہم کو بہی ہو آگئی۔ فرید

کریم ۔ باری تعالیٰ۔ مذکر۔

کَز ۔ م دوا۔ مونث۔

کَڑاہ ۔ ہ۔ بڑی کڑہائی۔ مذکر ۔ گال کلیجے سے پہر توے سے سیاہ ✦ کاسہ سر ہے جیسا اوندھا کڑاہ۔ میر

کَڑَک ۔ ہ۔ آواز مہیب۔ مونث ۔ کان میں جب مرے نالہ کی کڑک جاتی ہے ✦ ابر میں رعد کی چہاتی سے دہڑک جاتی ہے۔ ظفر

کَزاز ۔ ف۔ نشتر۔ مذکر ۔ نظر کا گزار آج دل میں لگا ✦ لو اب پائینگے دل لگی کا مزا۔ کاشف

کَزناک ۔ مونث۔

کَژدُم ۔ ف۔ کجدم۔ عقرب بچھو۔ مذکر ۔ ڈنک گژدم ماریگا بے وجہ بھی ✦ مقتضائے طبع اس کا ہے یہی۔ سلیم

کَس ۔ بہر معنی۔ مذکر۔

کُس ۔ فرج۔ مونث۔

کَساد ۔ ع۔ بے رواجی۔ مذکر ۔ دست نگر غیرون کے ہر کار میں ✦ کیا کساد آگیا بازار میں۔ نذیر احمد خان

کَسالَت ۔ ع۔ سستی۔ مونث ۔ کرو سستی کی تم ہرگز نہ عادت ✦ ذلیل وخوار کردیگی کسالت۔ راز

کَساو ۔ ہ۔ بدمزگی۔ مذکر ۔ نہیں اس میں اب تو رہا کچھہ مزا ✦ کساؤ اس میں افسوس اب آگیا۔ قائم

کِذْب۔ ع۔ دروغ۔ جہوٹ۔ مذکر۔ کذب تیرا تجہے کیا بجور ✦ وجہ تکلیف ہے ترا ہی زور۔ قائم

کَرّ۔ عادت۔ تاوان۔ تکرار۔ خفگی۔ شرط۔ مونث۔ گالیان روز تم اگر مجہے دیجاتے ہو ✦ مجہہ پہ روز آپ نے اس بات کی کر باندہی ہے۔ مصحفی

کَرَامَات۔ ع۔ (جمع کرامت) واحد مونث۔ جام اگر ٹوٹ گیا کون کرامات گئی ✦ خیر خم کی رہے۔ ساقی تری خیرات گئی۔ اسیر

کَرَامَت۔ ع۔ اعجاز۔ بزرگی۔ مونث۔ بندے نے کسی میں یہ کرامت نہیں دیکھی ✦ واللہ یہ ہمت یہ مروت نہیں دیکھی۔ انیس

کَرَاہ۔ ہ۔ کراہنے کی آواز۔ مونث۔ ہے تکلیف وہ لبکہ اسکی کراہ ✦ وہ دن رات کرتا ہے بس آہ آہ۔ سعد

کَرَاہَت۔ ع۔ نفرت۔ مونث۔ تہی اسکی مثال ایسی کہ اک شخص بدآواز ✦ جسکو کہ خود آواز سے ہتی اپنی کراہت۔ حالی

کرایہ۔ مذکر۔

کَرْب۔ ع۔ دکھ تکلیف۔ مذکر۔ کرب سے اپنے وہ واقف نہیں ہے ✦ کوئی اس حال سے آگاہ کردے۔ نفتہ

کَرْبَلا۔ ع۔ نام مقام۔ مونث۔ مرتے تھے یون نہ تشنہ دیدآن آن کر ✦ قاتل گلی تہی آگے تری کربلا نہ تہی۔ رند

کِرْپا۔ س۔ نوازش۔ مونث۔ مندر میں ہے ہر کوئی کہتا ✦ کرپا ہو تیری اے میگھ راجا۔ حالی

کرپاس۔ مونث۔

کَرْتَب۔ ہ۔ عمل۔ ہنر۔ مذکر۔ تو اپنی باجی سے بولی وہ رنگین ✦ کہ اے بی دیکھو گوئیان کے کرتب۔ رنگین

کَرْتُوت۔ ہ۔ کار بد۔ فریب۔ مذکر[1]۔ قسمت کی برائی ہے یہ تقدیر کا ہے پھیر ✦ خود اپنے ہی کرتوت سے پاہے یہ اندھیر۔ محمد اسمعیل

کرتہ۔ قمیص۔ مذکر۔

کِرِچ۔ ن۔ تلوار۔ مونث۔ سوارون کی کرچیں چمکتی ہوئی ✦ پڑے آنکھہ جن پر جھپکتی ہوئی۔ سحر

کردار۔ مذکر۔

کرشمہ۔ مذکر۔

کرکٹ خس و خاشاک۔ مذکر۔

کرکٹ۔ انگریزی۔ مذکر۔

کُرْکُم۔ زعفران۔ مونث۔ تہوڑا سا کرکم بھی اس میں ڈالدو ✦ کھا کے کہنا پہر ہو تم کو نفع جو۔ قریب

کَرْگَدَن۔ ف۔ گینڈا۔ مذکر۔ کرگدن کا ذرا حوصلہ دیکھے کوئی ✦ اپنے قاتل کو پس از مرگ سپر دیتا ہے۔ ناسخ

کَرَم۔ ع۔ سخاوت۔ مہربانی۔ مذکر۔ مجہے آباد کرتا ہے مجہے برباد کرتا ہے ✦ خدایا دین و دنیا میں کرم تیرا ستم میرا۔ داغ

نوٹ [1] مختلف فیہ۔ مونث۔ مثلاً۔ شکل مومن کی ہے کافر کی ہے کرتوت مگر ✦ فرق سا کوئی مسلمان نہ دیکھا نہ سنا۔ (فوق) مگر تذکیر کا رواج غالب ہے ۱۲

کٹیا۔ مونث۔ (مختلف فیہ)

کثافت۔ ع۔ غلاظت۔ مونث ؎ ہے گرد کدورت سے بری جوہر ذاتی + ہیرے میں کسی طرح کثافت نہیں ہوتی۔ عاشق

کثرت۔ ع۔ زیادتی۔ مونث ؎ توڑا اے شاخ کو کثرت نے ثمر کی + دنیا میں گرانباری اولاد غضب ہے۔ ذوق

کچک۔ مونث۔

کچکول۔ ف۔ کاسۂ گدایان۔ مذکر ؎ ممکن نہیں ہے جلوۂ دیدار حشر تک + کچکول کیا کرے کوئی چشم کلیم کا۔ منیر

کچ۔ پستان زن۔ مونث۔

کچالو۔ نام ترکاری۔ مذکر۔

کچکر۔ مذکر۔

کچنال۔ کچنار۔ مونث۔

کچور۔ مذکر۔

کچومر۔ ہ۔ قسم اچار۔ مذکر ؎ نہ ایسی کہ سنکر جیسے گر پڑے چھت + نکل جائے کتنوں کا دب کر کچومر۔ نذیر احمد خان

کچھار۔ ہ۔ ہر معنی۔ مذکر۔

کچھومر۔ قسم اچار۔ مذکر۔

کچھب۔ سنگ پشت۔ مذکر۔

کحل۔ ع۔ سرمہ۔ مذکر ؎ اس سے نہیں کوئی کحل اچھا + اندھے کئی ہو چکے ہیں بینا۔ نادر

کد۔ ف۔ گھر۔ خانہ۔ مذکر ؎ اسکو ناحق ہوا ہے مجھ سے حسد + اب تو برباد ہوگا اس کا کد۔ زعم

کد۔ ع۔ جھگڑا۔ مونث ؎ دولاکھ میں ایسی نہ کسی اور نے کد کی + حر نے فقط اک بندۂ بیکس کی مدد کی۔ مونس

کدال۔ ہ۔ کلند۔ مذکر ؎ دیا لا کے اسکو بڑا اک کدال + کہا اس گڑھے میں سے مٹی نکال۔ سالم

کدو۔ نام ترکاری۔ مذکر۔

کدو دانہ۔ مذکر۔

کدورت۔ ہر معنی۔ مونث۔

کدوکش۔ مذکر۔

کد وکاوش۔ ف۔ جہان نبان۔ مونث ؎ عبث ہے اب کد وکاوش تمہاری + کہ اس سے بڑھ کے ہوگی اور خواری۔ نظر

نوٹ ۱؎ مختلف فیہ ہے لیکن مذکر کا رواج غالب و درست ہے ۱۲

کپاس۔ روئی۔ مونث۔
کپٹ۔ ہ۔ بغض۔ دغا۔ کھوٹ۔ مونث ؎ صاف کب اس کا ہم سے سینہ ہے۔ کپٹ اس کی شتر کا کینہ ہے۔ عزیز
کپڑ چھان۔ مونث۔
کپڑ گند۔ مونث۔
کپور۔ کافور۔ مونث۔
کتاب۔ ع۔ نوشتہ۔ جلد۔ بک۔ مونث ؎ محبت ہے بہر مذہب عشق ایک ایک داغ سینہ مرا کتاب ہے علم الکلام کی۔ آتش
کتابت۔ ع۔ تحریر۔ مونث ؎ نہایت صاف ہے اس کی کتابت تمہیں پڑھنے میں کچھ ہوگی نہ دقت۔ ہمدم
کتابہ۔ مذکر۔
کُتب۔ مونث۔
کُتب خانہ۔ مذکر۔
کتبہ۔ مذکر۔
کتر۔ ریزہ۔ مونث۔
کتر بیونت۔ ہ۔ قطع و برید۔ مونث ؎ کہیں کھر کھڑے باندادں کی ہے کتر بیونت اچھے پاون کی۔ منیر
کترن۔ تراشہ۔ مونث۔
کتف۔ ع۔ شانہ۔ مذکر ؎ رکھا جب شہ نے ہاتھ اس کے کتف پر ہوا وہ دیکھتے ہی شہ کو ششدر۔ عظیم
کتمان۔ ع۔ چھپانا۔ مذکر ؎ ان سے ہرگز کرو نہ راز بیان ان سے ہوگا نہ راز کا کتمان۔ وزیر
کتھا۔ س۔ حالات گزشتہ۔ مونث ؎ سنکر وہ مرا فسانہ بولے ہم نے یہ کتھا بہت سنی ہے۔ اختر
کٹ۔ بہر معنی۔ مونث۔
کٹنب۔ ہ۔ دودمان۔ مذکر۔
کٹار۔ ہ۔ نام ایک ہتیار کا۔ مذکر[1] ؎ خون بہا اس مانگئے تو کہے کو ٹری رکھتا نہیں کٹار اپنا۔ گویا۔
کٹاؤ۔ ہ۔ درد۔ مذکر ؎ اگے اس کا کٹاو جو ہوگا اس میں ہوگا ترا بھی اک حصہ۔ حریف
کٹم۔ س۔ دودمان۔ مذکر ؎ دیکھتے ہی دیکھتے کیا ہوگیا کیوں نہ ہو غم ہے کٹم اس کا بڑا۔ نازش
کٹھل۔ نام ثمر۔ مذکر۔

نوٹ:۔ [1] مختلف فیہ ہے مگر تذکیر کو ترجیح ہے ۱۲

کانپ۔ بہر معنی۔ مونث۔

کانڈ۔ حصہ کتاب۔ مذکر۔

کانس۔ مونث۔

کانفرنس۔ مونث۔

کانون۔ آتشکدہ۔ مذکر۔

کاوش۔ مونث۔

کانٹا۔ ہ۔ خار۔ مذکر۔ ٭ خار حسرت بیان سے نکلا + دل کا کانٹا زبان سے نکلا۔ داغ

کانشینس۔ مذکر۔

کاؤکاؤ۔ ف۔ کوشش۔ تجسس۔ مونث ٭ ہیں غرض کے کاروبار اس شخص کے + کاؤکاؤ اسکی ہے سب اپنے لئے۔ ناظر

کاوہ۔ مذکر۔

کاہ۔ ف۔ گھانس۔ مونث ٭ وہ کون ہون میں پرکاہ ہے گران جسکو + وہ کاہ ہون کہ کوہ پر جو بار ہوئی۔ آتش

کاہش۔ ف۔ زوال۔ لاغری۔ مونث ٭ غیر کو اس بزم میں توقیر پیدا پھر ہوئی + دل کو میرے کاہش اے تقدیر پیدا پھر ہوئی۔ داغ

کاہو۔ مذکر۔

کایاپلٹ۔ ہ۔ انقلاب۔ مونث ٭ جو تھا دوست اپنا عدو گیا + غضب کی یہ کایاپلٹ ہو گئی۔ تسلیم

کائنات۔ ع۔ بہر معنی۔ (واحد) مونث ٭ مال کار ہے دو گز زمین کفن دس گز + بڑی بساط نہیں کائنات اتنی ہے۔ امیر

کائیں کائیں۔ مونث۔

کباب۔ مذکر۔

کبادہ۔ مذکر۔

کبت۔ قسم نظم۔ مذکر۔

کبد۔ ع۔ جگر۔ مذکر ٭ یون ہی دن رات بس وہ روتا ہے + درد اس کے کبد میں ہوتا ہے۔ حمید

کبر۔ ع۔ بزرگی۔ غرور۔ بڑہاپا۔ مذکر ٭ کبر کس کس کے لئے باعث تذلیل ہوا + مورد لعن تکبر سے عزازیل ہوا۔ ناظم

کبریت۔ ع۔ گندھک۔ مونث ٭ کیونکر اس سے ملائے ہم کو کوئی + سرخ کبریت مل نہیں سکتی۔ سعد

کبک۔ ف۔ چکور۔ مذکر ٭ چل نہیں سکنے کا ہرگز تیری اٹھکھیلی کی چال + پاؤن میں بیچ آئیگی کبک ایسی ٹھوکر کھائیگا۔ آتش

کبوتر۔ حمام۔ مذکر۔

کپ۔ ن۔ پیالہ۔ مذکر ٭ رفع خمار پک کو آئے ہیں چائے کے کپ + کیا پیش لائے دیکھیں تقلید وضع یورپ۔ نذیر احمد خان

کاسہ۔ پیالہ۔ مذکر۔
کاشان۔ مذکر۔
کاشانہ۔ مذکر۔
کَاشْتْ۔ ف۔ زراعت۔ مونث ؎ کاشت اس دفعہ بیت کچھہ نہ ہوئی ، اس لئے ہوگئی ہے فکر بڑی۔ آرزو
کَاغَذ۔ ع۔ قرطاس۔ پتر۔ مذکر ؎ ذوق دل سوختہ دیوان لکھے کیا اپنا خاک ، متحمل نہیں گرمی سخن کا کاغذ۔ ذوق
کَافِر۔ ع۔ بمعنی معشوق۔ مذکر ؎ نہ مانے گا اگر کافر مری بات ، عدو اک دن تجھے رسوا کریگا۔ خیال
کافور۔ کپور۔ مذکر۔
کاک۔ کوا۔ مذکر۔
کَاکُل۔ ف۔ زلف۔ گیسو۔ مونث ؎ سب کہتے ہیں جسکو لیلۃ القدر ، ہے کاکل مشکبو تمہاری۔ امیر
کَاگ۔ ا۔ ڈاٹ (کاک) مذکر ؎ ہوا پر تخت ہے پریوں کا جو لکہ ہے بادل کا ، اڑیں ساقی مزے تو بھی اڑا دے کاگ بوتل کا۔ نواب
کَال۔ ہ۔ قحط۔ مذکر ؎ غلا ارزان ہے اندنون کہ گران ، کال ہے شہر میں پڑا کہ سمان۔ حالی
کالا۔ مذکر۔
کالبُد۔ قالب۔ مذکر۔
کالج۔ انگریزی۔ مذکر۔
کالر۔ مذکر۔
کالک۔ سیاہی۔ مونث۔
کالکا۔ نام بت۔ مونث ؎
کَالَمْ۔ ن۔ حصۂ صفحہ۔ مذکر ؎ خوب یہ مضمون ہے دیکھیں آپ اسے ، تین کالم بھرگئے اخبار کے۔ نظر
کاحم۔ بہر معنی۔ مذکر۔
کَام کَاج۔ ہ۔ کاروبار۔ مذکر ؎ نہ کیون یون ہی برہم ہو میرا مزاج ، نہیں بھاتا مجھہ کو تیرا کام کاج۔ سامی
کاہل۔ مونث۔
کَامْنَا۔ ہ۔ آرزو۔ مونث ؎ دیا آئی ہے تو بہر قید عرصہ کی قیامت ہے ، میں صدقے جاؤن پوری ہوا بھی یہ کامنا من کی۔ شیدا
کَامور۔ نام راگ۔ مذکر۔
کَانْ۔ ہ۔ گوش۔ مذکر ؎ بھر دیئے کان اس سراپا ناز کے ، خاک منہ میں تفرقہ انداز کے۔ مومن
کَان۔ معدن۔ مونث۔

کاٹ کباڑ۔ مذکر۔

کَاَج۔ ہ۔ بہر معنی۔ مذکر۔ مجھے رام گلشن کو جانا ہے آج + کہ وان وہوم سے اک ہے شادی کا کاج۔ منیر

کَاجَل۔ ہ۔ دود چراغ۔ مذکر۔ کہیں کالا تو اخورشید محشر بھی نہ ہو جائے + بہا ہے پھیل کر کاجل مری شام جدائی کا۔ امیر

کَاجَن۔ س۔ باعث۔ مذکر۔ ہوئے آوارہ ہے جسکے کاجن + وہی روٹھا ہوا ہے اپنا ساجن۔ نعیم

کَاچھ۔ ہ۔ لنگوٹھ۔ مذکر۔ کاچھ لڑنے کے واسطے باندھا + ہوا لڑنے کو فوراً آمادہ۔ اختر

کَاخ۔ ف۔ محل۔ حویلی۔ مذکر۔ دم بھر کے واسطے تجھے یہ کاخ تن ملا + تونے سمجھ لیا اُسے ملک بہار ہیں۔ نظم

کادی۔ کیوڑا۔ مذکر۔

کَارتوس۔ ا۔ بندوق کا ٹوٹا۔ مذکر۔ اس لئے ہو گیا ہے مجھ کو ہراس + کارتوس اب رہے نہیں کچھ پاس۔ سہیم

کَارٹون۔ ن۔ مضحک فوٹو۔ مذکر۔ وہ اڈوونچ کا تو پرچہ لو + آج کا کارٹون دیکھو تو۔ ثابت

کَارَج۔ س۔ کاج۔ مذکر۔ کارج اس کا ہمیں پسند نہیں + اس کے کہنے کا کس کو ہوگا یقین۔ نظر

کَارچوب۔ ف۔ منبج۔ کشیدہ۔ مذکر۔ چاہیئے مجھ کو بھی ایسا کارچوب + اسکی جاکٹ کا ہے جیسا کارچوب۔ ثانی

کارخانہ۔ مذکر۔

کَارد۔ ف۔ چھری۔ چاقو۔ مونث۔ کارد اس کے ہاتھ میں دیکھی جو ہیں + اٹھکے بستر سے یہ بیٹھا سہگین۔ غریب

کَارڈ۔ ن۔ خط لکھنے کا قطعہ۔ کاغذ۔ مذکر۔ آج ہی کارڈ اون کا ہے آیا + لکھتے ہیں اب مزاج ہے اچھا۔ قرار

کَارزَار۔ ف۔ لڑائی۔ مونث[1]۔ یہ کہکے راہوار کے اوپر ہوا سوار + پھر جاکے فوج ظلم سے کی رن میں کارزار۔ دبیر

کَارگَاہ۔ ف۔ کارخانہ۔ مونث۔ دیکھی ہے میں نے بھی ان کی کارگاہ + کام کا کیا پوچھنا ہے وان کے واہ۔ اختر

کارن۔ باعث۔ مذکر۔

کَارَوان۔ ف۔ قافلہ۔ مذکر۔ جانے دو جاتا ہے گر عمر رواں کا کارواں + ٹھہر جائیگا کہیں آخر کہاں تک جائیگا۔ ظفر

کَاروانسَرا۔ ف۔ مسافر خانہ۔ مونث۔ کچھ قصد اگر قیام کا ہے + یان اک بڑی کاروانسرا ہے۔ حنیف

کاروبار۔ بہر معنی۔ مذکر۔

کَارونیشن۔ ن۔ تاج پوشی۔ مذکر۔ کارونیشن ہوا جو لندن میں + گویا جنت زمین پہ آئی تھی۔ لاعلم

کاریز۔ مونث۔

کاس۔ کاسہ۔ مذکر۔

نوٹ۔ [1] مختلف فیہ ہے لیکن تانیث کا رواج غالب ہے۔

قید۔ ع۔ بند جس۔ روک۔ مونث۔ سگ اس پری کا کہیں کھائے استخوان مرے جلد + اڑا دے قید آلہی جائے آنے کی۔ امیر

قیر۔ مذکر۔

قیطون۔ مذکر۔

قیف۔ مونث۔

قیفال۔ راگ کا نام۔ مونث۔

قیل و قال۔ مونث۔

قیلولہ۔ مذکر۔

قیمت۔ ع۔ مول۔ بہاؤ۔ مونث۔ مول پوچھو نہ مرے دل کا مری جان مجھ سے + تم جو لے لو گے خوشی سے وہی قیمت ہوگی۔ امیر

قیمہ۔ مذکر۔

قیوم۔ ع۔ خداوند تعالےٰ۔ مذکر۔

باب کاف عربی

کب۔ مذکر۔

کابک۔ مونث۔

کابوس۔ ع۔ نام ایک مرض کا۔ مذکر۔ کس طرح اسکو ہو گیا کابوس + اس کی حالت پہ ہوتا ہے افسوس۔ شرف

کابین۔ مذکر۔

کاپی رائٹ۔ ن۔ حق تصنیف۔ مذکر۔ اور یہ امر بھی رہے ملحوظ + کاپی رائٹ اس کا رکھا ہے محفوظ۔ سلیم

کاتک۔ ہ۔ نام ماہ ہندی۔ مذکر۔ اب نہ کر رنج ہجر اے مہجور + کاتک آیا اب آئینگے وہ ضرور۔ باسط

کاٹ۔ ہ۔ برش۔ قطع تراش۔ گھاؤ۔ مذکر۔ دکھاتا ہے جو ہمیں کاٹ تیغ قاتل کا + دہان زخم سے ہم واہ واہ کرتے ہیں۔ وزیر

کاٹ۔ عداوت۔ مونث۔

کاٹ پھانس۔ ہ۔ توڑ جوڑ۔ سازش۔ مونث۔ دیکھ کر میری عقل جاتی ہے + جو تجھے کاٹ پھانس آتی ہے۔ شوق

کاٹھ۔ مذکر۔

کاٹ چھانٹ۔ مونث۔

قوافل۔ ع۔ جمع قافلہ۔ مذکر۔ اُترتے ہیں یہاں اکثر قوافل + کہ جنکے چور ہوتے ہیں مقابل۔ عاجز

قوام۔ مذکر۔

قوانین۔ ع۔ جمع قانون۔ مذکر۔ قوانین اجرا ہوئے ہیں نئے + جو آرام دہ ہیں جہان کے لئے۔ عاقی

قوّت۔ ع۔ طاقت۔ مونث۔ ممکن نہیں تعریف شہ جن و بشر کی + اس نام سے قوت ہے دل و جان و جگر کی۔ امیر

قُوت۔ ع۔ روزی۔ مذکر۔ بیٹھتی ہے ایک ہی جا عنکبوت + اس کا پہونچاتا وہین رازق ہے قوت۔ شرف

قوت متخیلہ۔ مونث۔

قورمہ۔ مذکر۔

قوس۔ ع۔ کمان۔ مونث۔ کھل گیا جب برس کے وہ بادل + قوس تب آسمان پہ آئی نکل۔ شوق

قوس قزح۔ ع۔ دہنک۔ مونث۔ چرخ پر قوس قزح دکھلاتی ہے نیرنگیان + اب بہی بزم ماہ میں ہے فرش نیلی طیلسان۔ لاعلم

قول۔ ع۔ بات۔ اقرار۔ مذکر۔ یہ قول کیسا ہے کہ میں کچھ نہیں کہتا + وہ کچھ نہیں کہتا ہے کہ میں کچھ نہیں کہتا۔ داغ

قولنج۔ ی۔ ایک قسم کا درد شکم۔ مذکر۔ بہی کھانے سے ہوتا ہے جو قولنج + تو قند اس کا ہے مصلح اے خروسنج۔ نازش

قول و قرار۔ ع۔ عہد و پیمان۔ مذکر۔ نہیں کرتے اب ہم ترا اعتبار + کہ نکلا ترا جہوٹا قول و قرار۔ نادم

قول و فعل۔ ع۔ چال چلن۔ مذکر۔ ترے قول و قسم کا کیا بہروسہ + نہیں اچھا ہے قول و فعل تیرا۔ جگر

قول و قسم۔ ع۔ عہد و پیمان۔ مذکر۔ ترے قول و قسم کا کیا بہروسا + نہیں اچھا ہے قول و فعل تیرا۔ جگر

قوم۔ مونث۔

قومیت۔ ع۔ ہم مذہبی۔ مونث۔ نام کی رہ گئی ہے قومیت + وہ حمیت نہ وہ ہے عصبیت۔ ناظم

قویٰ۔ ع۔ اعضا۔ مذکر۔ مضمحل ہوگئے قویٰ غالب + وہ عناصر میں اعتدال کہان۔ غالب

قہر۔ مذکر۔

قہقہہ۔ مذکر۔

قہوہ۔ مذکر۔

قے۔ ع۔ استفراغ۔ مونث۔ بار بار آیا جو میخانے میں ہوجائیگا بار + محتسب کی شکل سے شیشوں کو قے ہوجائیگی۔ رشک

قیاس۔ مذکر۔

قیافہ۔ مذکر۔

قیام۔ ع۔ استادگی۔ ٹھہراؤ۔ مذکر۔ داغ مہانسرائے دنیا میں + اور چندے قیام کرنا تھا۔ داغ

قیامت۔ ع۔ روز محشر۔ مونث۔ اس ڈر سے کہ برہم نہ ہو ہنگامۂ محشر + آتی ہے قیامت تو اٹھاتی نہیں مجھ کو۔ امیر

قلمدان۔ ف۔ قلم دوات کا ظرف۔ مذکر ۔ قلمدان بھی اک نزاکت بھرا ۔ قرینے سے زیر چھپرکھٹ دھرا۔ میر حسن

قلم دوات۔ مونث۔

قلمرو۔ ف۔ حکومت۔ مونث[1] ۔ چند پریان بھی کرون مثل تسخیر ۔ یہ قلمرو بھی ہے زیر نگین تھوڑسی۔ آتش

قلوب۔ ع۔ جمع قلب۔ مذکر ۔ تم کو ہے فکر وصلت محبوب ۔ مجتمع یان بہلا ہیں کن کے تلوب۔ اعظم

قلیا۔ ا۔ آیت۔ مونث ۔ کہکے بسم اللہ جب اس طفل نے مصحف پڑھا ۔ ہوگیا بسمل معلم ختم قلیا ہوگئی۔ اسیر

قلیان۔ ف۔ حقہ بکی۔ مذکر ۔ لاکے قلیان سامنے رکھا ۔ کہا اسکو تو پیتے رہیے گا۔ فریق

قلیہ۔ سالن۔ مذکر۔

قم۔ مذکر۔

قمار۔ ع۔ جوا۔ مذکر ۔ تجھے خوار کردیگا اے بدشعار ۔ برا ہے بہت ہی برا ہے قمار۔ حسن

قماش۔ ع۔ اسباب۔ ڈھنگ۔ طور۔ مذکر ۔ نہیں آجکل اس کا اچھا قماش ۔ کہ ہے ہمنشین اس کا اک بدمعاش۔ فارغ

قمر۔ ع۔ چاند۔ مذکر ۔ قمر ہی کیا ترے آگے محاق میں آیا ۔ کہ آفتاب بھی تو احتراق میں آیا۔ ناسخ

قمع۔ ع۔ بیخ کنی۔ مذکر ۔ ہوا ہے آج قلع و قمع اسکا ۔ کہ چاہا قمع اس نے تھا ہمارا۔ صدیق

قمقام۔ ع۔ نام تیغ۔ مونث ۔ سنی جب اس نے اس کی سخت گوئی ۔ بہت غصہ سے پہر قمقام کھینچی۔ قہر

قمقمہ۔ مذکر۔

قمیص۔ ع۔ کرتا۔ مذکر ۔ تم پہن لو یہ قمیص میرا ۔ اور دیدو مجھے یہ کرتا اپنا۔ قیصر

قنات۔ ت۔ کپڑے کی دیوار۔ مونث ۔ ہمخانہ گو کہ یار سے ہیں پر جدا ہیں ہم ۔ ہے بیچ میں قنات سراسر لگی ہوئی۔ امیر

قنادیل۔ مونث۔

قناعت۔ ع۔ صبر۔ اکتفا مونث ۔ مصیبت گر کسی پر ہو مصیبت ہی کا خوگر ہو ۔ اگر کیسا ہی مضطر ہو قناعت ہو ہی جاتی ہے۔ داغ

قناویز۔ نام پارچہ۔ مونث۔

[illegible]

قندیل۔ ع۔ لالٹین مونث ۔ ازل سے یون دل عاشق ہے نور کی قندیل ۔ کہ جیسے عرش خدائے غفور کی قندیل۔ ذوق

قواعد۔ ع۔ جمع قاعدہ۔ مذکر ۔ نہیں ہم کو پریشانی ہے اب کچھ ۔ قواعد ہوگئے معلوم سب کچھ۔ فدا

قواعد۔ قواعد فوج۔ مونث۔

نوٹ [1] مختلف فیہ ہے لیکن تانیث کا رواج غالب ہے ۱۲

قعر۔ ع۔ تہ۔ عمق۔ مذکر ؎ میرے نالوں سے ہوا دریا یہ خشک ✦ قعر دریا بھی جزیرہ ہوگیا۔ امیر

قعود۔ ع۔ بیٹھنا۔ مذکر ؎ ہوا اب جو حاصل ہے اسکو صعود ✦ نفرعن کا بس ہوگیا ہے قعود۔ سعد

قفا۔ مونث۔

قفس۔ بہر معنی۔ مذکر۔

قفل۔ تالا۔ مذکر۔

ققنس۔ مذکر۔

قل۔ ع۔ سوت فاتحہ۔ مذکر ؎ محفل میں شور قلقل مینائے مل ہوا ✦ لا ساقیا پیالہ کہ توبہ کا قل ہوا۔ ذوق

قلاب۔ ع۔ کڑی۔ مذکر ؎ پازیب تک لٹکتے ہیں لو حلقہ ہائے زلف ✦ قلابے مل گئے ہیں زمین آسمان کے۔ نظم

قلابہ۔ مذکر۔

قلادہ۔ مذکر۔

قلاقند۔ ا۔ نام ایک مٹھائی کا۔ مذکر ؎ بہت مدت سے یہ تہا آرزومند ✦ کھلایا تونے کیا اچھا قلاقند۔ حفیظ

قلانچ۔ ا۔ جست۔ مونث ؎ وحشی کو ہم نے دیکھا اس آہو نگاہ کے ✦ جنگل میں بھر رہا تہا قلانچیں ہرن کے ساتھ۔ ذوق

قلب۔ ع۔ دل۔ درمیان۔ مذکر ؎ آلودہ گناہوں سے کرے دل کو نہ انسان ✦ ہے قلب بشر منزل الہام خدا کا۔ بحر

قلب۔ مذکر۔

قلت۔ ع۔ کمی۔ مونث ؎ دریا گھٹے جو آنسوؤں کے قطرے بڑھ گئے ✦ کثرت قلیل کی ہوئی قلت کثیر کی۔ بینسر

قلزم۔ ع۔ سمندر۔ مذکر ؎ کیا ڈبوئیگا ترے عشق کا قلزم مجھ کو ✦ موج ساحل ہے سفینہ ہے تلاطم مجھ کو۔ داغ

قلع و قمع۔ ع۔ توڑ پھوڑ۔ مذکر ؎ ہوا ہے آج قلع و قمع اسکا ✦ کہ چاہا قمع اس نے تھا ہمارا۔ صدیق

قلعہ۔ مذکر۔

قلق۔ ع۔ اضطراب۔ مذکر ؎ قلق ہو مجھے صیاد کی جدائی کا ✦ یہ چہچہے نہیں افسوس ہے رہائی کا۔ امیر

قلقل۔ ف۔ آواز صراحی۔ مونث[1] ؎ ہجر میں ہم کو تلقل مینا ✦ صورت گریہ در گلو ہوگی۔ امانت

قلم۔ ع۔ کلک خامہ۔ شاخ تراشیدہ۔ مذکر[2] ؎ ہوا احمد خدا میں دل جو مصروف رقم میرا ✦ الف الحمد کا سا بن گیا گویا قلم میرا۔ ذوق

قلم تراش۔ مذکر۔ (مختلف فیہ)

نوٹ [1] بعض مذکر کہتے ہیں مگر غلط ہے ۱۲ [2] مختلف فیہ ہے۔ مونث۔ مثلاً ؎ ظفر جو خوف سے تیرا نہ کانپتا یہ ہاتھ ✦ قلم تری دم تحریر
بل گئی تہی کیوں (ظفر) مگر تذکیر کو ترجیح ہے ۱۲

قصب۔ مذکر۔

قصبہ۔ مذکر۔

قصد۔ ع۔ ارادہ۔ مذکر ۔ دل سے تری گلی سے نہ اٹھنے دیا مجھے ۔ سو بار قصد دیر و حرم ہو کے رہ گیا۔ داغ

قصر۔ ع۔ محل۔ مذکر ۔ کچھ سمجھکر ناتوانی نے کیا ہے خم مجھے ۔ قصر تن میرا بنا ہے جب سے بے محراب تھا۔ ناسخ

قصور۔ ع۔ غلطی۔ خطا۔ مذکر ۔ قاصد کو اپنے ہاتھ سے گردن نہ ماریے ۔ اسکی خطا نہیں ہے یہ میرا قصور تھا۔ غالب

قصہ۔ بہ معنی۔ مذکر۔

قضا۔ ع۔ موت۔ مونث ۔ چلتی ہے جس جگہ کہ تیغ اسکی ۔ خود قضا اہتمام کرتی ہے۔ اثر

قضیب۔ آلہ تناسل۔ مذکر۔

قضیہ۔ مذکر۔

قط۔ ع۔ تراشنا۔ مذکر ۔ تیرے مریض کا نسخہ طبیب نے جو لکھا ۔ قلم کو ایسا دیا قط کہ پھر پڑھا نہ گیا۔ ظفر

قطار۔ مونث۔

قطب۔ ع۔ وہ نقطہ جس پر کوئی چیز گھومتی ہے ۔ مذکر ۔ ہر زرہ گرد گھومتا ہی سا تھہ ۔ دے گوشہ نشین ۔ پھر دم لا کہ پھر یں قطب کہان پھرتا ہے۔

قطر۔ باران۔ مذکر۔

قطر۔ بہ معنی۔ مذکر۔

قطرہ۔ بوند۔ مذکر

قطرن۔ مذکر۔

قطع۔ ع۔ وضع۔ مونث ۔ جی میں آیا چوم لیجئے ہاتھ لب خیال کا ۔ کل سراپا دیکھتے ہی جامہ دلبر کی قطع۔ ظفر

قطع۔ ع۔ بریدن۔ کاٹنا۔ مذکر ۔ ہمارا قطع تعلق نہ ہوگا تجھ سے کبھی ۔ جو تونے قطع ہو ۔ کیا تو تیری خوشی۔ حمید

قطع تعلق۔ ع۔ ترک ملاقات۔ مذکر ۔ ہمارا قطع تعلق نہ ہوگا تجھ سے کبھی ۔ جو تونے قطع محبت کیا تو تیری خوشی۔ حمید۔

قطع کلام۔ ع۔ بات کاٹنا۔ مذکر ۔ عرض کچھ کرنا چاہتا ہے غلام ۔ میرزا یہ ہو معاف قطع کلام۔ حیدر

قطگیر۔ مذکر۔

قطع نظر۔ مونث۔

قطع و برید۔ ف۔ تراش خراش۔ مونث ۔ غل تھا یہ مذ زمین فوج یزید ایسی ہو ۔ جوڑے جوڑ جدا قطع و برید ایسی ہو۔ نفیس

قطعہ۔ بہ معنی۔ مذکر۔

قطن۔ ع۔ روئی۔ مونث ۔ قطن تو ہے بہت ہی کام آتی ۔ ہے بہت اس کی سب کو محتاجی۔ اکبر

قرضہ۔ مذکر۔

قرطاس۔ ع۔ کاغذ۔ مذکر ؎ اقرارنامہ انکی محبت کا ہم اہنیں ٭ دکھلائیں گیا کہ ہم نے وہ قرطاس کہو دیا۔ ظفر

قرطم۔ نام دوا۔ مونث۔

قرع۔ نام ترکاری۔ مذکر۔

قرع انبیق۔ مذکر۔

قرق۔ ت۔ ممانعت ضبطی۔ مذکر ؎ وطن آوارون پہ یہ قرق ہے کیون پانیکا ٭ کیا زمانے میں یہی رسم ہے مہمانی کا۔ مونس

قرن۔ ع۔ بارہ برس کا زمانہ۔ مذکر ؎ پرانی چال بیٹھینگی ہماری دیکھیں کب بدلے ٭ ابھی تک جگ ہی بدلے تھے غضب ہے یہ قرن بدلا۔ تسلیم

قرنا۔ مونث۔

قرنفل۔ مونث۔

قرون۔ ع۔ (جمع قرن) مذکر ؎ شاید اس سے سراغ اس کا ملے ٭ اس پہ کتنے قرون ہیں گزرے۔ اعظم

قرہ۔ مونث۔

قرینہ۔ مذکر۔

قریہ۔ مذکر۔

قزاگند۔ ف۔ جلتہ۔ خفتان۔ مذکر ؎ کیا بارہ سنگین کا پہنا ہے قزاگند ٭ دینی کا قزاگند پہ باندھا ہے کمربند۔ محمد اسمٰعیل

قساوت۔ ع۔ سنگدلی۔ مونث ؎ اب خویشون کی بڑھ گئی قساوت ٭ الفت وہ رہی نہ وہ مروت۔ قادر

قسط۔ ع۔ حصہ۔ بانٹ۔ مونث ؎ قسطیں جتنی تھیں اسکی دیدین سب ٭ کر رہا ہے مطالبہ کیا اب۔ صفدر

قسطنطین۔ مذکر۔

قسم۔ سوگند۔ مذکر۔

قسم۔ ع۔ وضع۔ طور۔ مونث ؎ حد سے قسمین زیادہ ہیں انکی ٭ ان خالی نہیں جگہ کوئی۔ ناسخ

قسمت۔ ع۔ حصہ۔ نصیب۔ مونث ؎ کب شب وصل سے کم ہے شب فرقت میری ٭ میرے پہلو سے لگی سوتی ہے قسمت میری۔ جلیل

قشر۔ ع۔ چھلکا۔ مذکر ؎ قشر کردو بخوبی اس کا جدا ٭ آگ پر کر لو گرم اسکو ذرا۔ عزیز

قشقہ۔ مذکر۔

قشون۔ گروہ۔ مذکر۔

قصاص۔ مذکر۔

قصائد۔ ع۔ جمع قصیدہ۔ مذکر ؎ قصائد بیچ میں پھر اس نے لکھے ٭ ہوئے اطراف و کناف اس کے چرچے۔ قدیم

قَدَم. ع. پاؤں. مذکر ۔ آہی کعبہ تسلیم تک یوں باریابی ہو ۔ بڑھے لبیک کہکر پیشتر سب سے قدم میرا ۔ داغ

قدم. ضد حدوث. مذکر.

قدمچہ. مذکر.

قد و قامت. ع. چ. ۔ ت. مذکر ۔ کیا بتائیں قد و قامت اس کا ۔ ہم قیامت کو نہیں جانتے کیا ۔ مسکین

قدوم. ع. آنا. مذکر ۔ بجاہے دل جو مرا فخر و ناز کرتا ہے ۔ قدوم یار مجھے سرفراز کرتا ہے ۔ اختر

قراب. نیام. مذکر.

قرابت. ع. رشتہ. مونث ۔ قرابت یہ تھی کس شاہ ضعت کی ۔ آباد تھی دہلی سلطنت کی ۔ نذیر احمد خان

قرابہ. شیشۂ کلاں. مذکر.

قرابین. ف. ایک قسم کی بندوق. مونث ۔ قرابین باتوں پہ چلنے لگی ۔ بھوؤں پر سروہی نکلنے لگی ۔ سحر

قراءت. ع. تلفظ. خواندگی. مونث ۔ سنزادار ثنا ہے اس کی قرارت ۔ اب اسکی ہوگئی اچھی لیاقت ۔ صافی

قرار. ع. آرام. سکون. مذکر ۔ وہ آئے یا نہ آئے پر کہا اس نے جو آنیکو ۔ تو اس اقرار سے دل کو قرار اپنے ذرا آیا ۔ ظفر

قرارداد. ف. معاہدہ. مونث[1] ۔ قرارداد ہوئی تھی جو تم وہ بھول گئے ۔ جواب خط میں اسے یاد پھر دلاتے ہیں ۔ افسر

قراضہ. مذکر.

قرآن. ع. کلام مجید. مذکر ۔ ہاتھ چومینگے سبھی گبر و مسلمان میرے ۔ ایک میں دست صنم ایک میں قرآن ہوگا ۔ وزیر

قِران. ع. اتصال. مذکر ۔ مبارک شب قدر سے بھی وہ شب تھی ۔ سحر تک مہ و مشتری کا قران تھا ۔ آتش

قِران السعدین. ع. سنجوگ. مذکر ۔ ہوگا بس جب ہی قران السعدین ۔ بیٹھیں جب یار کے ہم پہلو میں ۔ فرید

قرائن. ع. جمع قرینہ. مذکر ۔ تاسف کرتے ہو غصہ پہ اسکے ۔ قرائن تھے سمجھنے کے نہ سمجھے ۔ عازم

قرب. ع. نزدیکی. مذکر ۔ بیخودی ہی جس سے ہوتا ہے قرب حاصل ۔ غائب جو آپ سے ہو پائے حضور تیرا ۔ اسیر

قربان گاہ. ف. مذبح. مونث ۔ تیرا کوچہ ہے اے جان ۔ مشتاقوں کی قربان گاہ ۔ کرنے آتے ہیں عاشق تجھ پہ جان فدا اپنی ۔ جلیل

قربوس. مذکر.

قرحہ. مذکر.

قرص. ٹکیہ. مذکر.

قرض. ع. اُدھار. مذکر ۔ دل مانگنا مفت اور یہ پھر اس پہ تقاضا ۔ کچھ قرض تو بندے پہ تمہارا نہیں آتا ۔ ذوق

نوٹ [1] مختلف فیہ ہے مگر تانیث کا رواج غالب ہے ۱۲

قُبض۔ ع۔ بستگی۔ قابو۔ مذکر ؎ اس پہ ہو جائے قبض گر اپنا ۔ پھر یہ سمجھو کہ کام اپنا بنا۔ ہستی

قبضہ۔ بہر معنی۔ مذکر۔

قَبضُ الوصُول۔ ع۔ رسید کا رجسٹر۔ مذکر ؎ عذر یہ تیرا نہیں ہوگا قبول ۔ ہو گیا گم کس طرح قبض الوصول۔ صفا

قبقاب۔ نعلین۔ مونث۔

قبل۔ مذکر۔

قبلہ۔ مذکر۔

قبلہ نما۔ ف۔ قبلہ معلوم کرنیکا اسطرلاب۔ مذکر ؎ یار کا آستان کعبہ ہے ۔ اپنا قبلہ نما ہے اپنا دل۔ فراق

قبور۔ جمع قبر۔ مونث ؎

قبول۔ مذکر۔

قبولیت۔ ع۔ منظوری۔ مونث ؎ اجازت کا خادم طلبگار ہے ۔ قبولیت اس کی بھی درکار ہے۔ ضیا

قبیل۔ مذکر۔

قبیلہ۔ مذکر۔

قتال۔ ع۔ جنگ۔ مذکر ؎ یہاں بیٹھے کیا کرتے ہو قیل قال ۔ چلو ہو رہا ہے وہاں اب قتال۔ صفیر

قتل۔ ع۔ مار ڈالنا۔ مذکر ؎ قتل اسکو ہے منظور شہ تشنہ گلو کا ۔ پیاسا ہے وہ فرزند پیمبر کے لہو کا۔ یونس

قتل عام۔ مذکر۔

قتیل۔ بمعنی معشوق۔ مذکر۔

قحط۔ ع۔ کال۔ مذکر ؎ ابر مژگان سے مرے جاتا رہا عالم کا قحط ۔ بہتے ہیں دریا وہاں اب تھا جہاں شبنم کا قحط۔ ظفر

قد۔ ع۔ قامت۔ مذکر ؎ ہنستے ہنستے دل لگی کے واسطے ناپا جو آج ۔ سرو کا قد اس سہی قامت کے تا شانہ ہوا۔ رند

قدامت۔ ع۔ کہنگی۔ مونث ؎ کہوں میں کیا قدامت اس مکاں کی ۔ پڑی بنیاد بعد اسکے جہاں کی۔ میر حسن

قدح۔ پیالہ۔ مذکر۔

قدح۔ ع۔ تردید۔ مونث ؎ کی جو بات اس نے قدح ہم نے کی ۔ بات اسکی نہ کوئی پیش گئی۔ مظفر

قدر۔ عزت۔ مونث۔

قدرت۔ ع۔ طاقت۔ مونث ؎ اظہار حال پر مجھے قدرت نہیں رہی ۔ ان کو یہ وہم ہے کہ محبت نہیں رہی۔ جلیل

قدعن۔ مونث۔

قدر و منزلت۔ ع۔ توقیر و عزت۔ مونث ؎ عبث ذلیل کریگا تو اسکی بزم میں دل ۔ وہاں تو ہوگی نہیں قدر و منزلت اپنی۔ عاشق

قاف ۔ ع ۔ نام ایک پہاڑ کا ۔ مذکر ۔ بس اس سے تو کھل گیا ہے اب صاف ۔ اور شب تو جہان گیا وہ تھا قاف ۔ مرید

قافلہ ۔ مذکر ۔

قافیہ ۔ مذکر ۔

قاقم ۔ ت ۔ نام پارچہ ۔ مذکر ۔ گران قیمت اس کاخ کا فرش تہا ۔ کہ قاقم تھا کمیسر بچھایا گیا ۔ سعد

قال ۔ ع ۔ قول ۔ مذکر ۔ بھلا ایسے جہوٹے کا قول و قسم کیا ۔ موافق نہ ہو حال سے قال جسکا ۔ ناصر

قالب ۔ ع ۔ جسم ۔ سانچہ ۔ نمونہ ۔ مذکر ۔ احسان ہے اسکو بھی اگر ساتھ لئے جا ۔ اے موت سبک روح سے قالب ہے ہمارا ۔ اسیر

قال و قیل ۔ ع ۔ بحث و تکرار ۔ مونث ۔ ہے آپ کی قال و قیل بیجا ۔ جو میں کہون ماننا پڑیگا ۔ صفا

قالی ۔ ت ۔ غالیچہ ۔ مذکر ۔ ہال میں تھا قیمتی قالی بچھا ۔ اور سب سامان قرینے سے دہرا ۔ نعیم

قالیچہ ۔ مذکر ۔

قالین ۔ مذکر ۔

قامت ۔ ع ۔ قد ۔ مذکر[1] ۔ قتل مجھ کو یار نے حسن تواضع سے کیا ۔ قامت خم گشتہ شمشیر ہلالی ہوگیا ۔ صبا

قاموس ۔ ع ۔ نام کتاب ۔ لغت ۔ مونث ۔ نہیں لفظ حسین پہ ہوں حیران ۔ دیکھی قاموس اور محیط و لسان ۔ سعد

قانون ۔ ع ۔ قاعدہ ۔ دستور ۔ ضابطہ ۔ مذکر ۔ کسی کو حکم خدا و رسول یاد نہیں ۔ زبان پہ خلق کی قانون ہے فرنگی کا ۔ اسیر

قاہ قاہ ۔ ف ۔ قہقہہ ۔ خندہ بہ آواز ۔ مونث ۔ ٹہیر جاؤ کہ بسکہ ہے مہلک یہ راہ ۔ غور سے سنا یہ کیسی قاہ قاہ ۔ خانم

قبا ۔ ع ۔ نام لباس ۔ مونث ۔ بالیدہ تیرے آنے سے ایسا ہوا چمن ۔ گل کی قبا ہزار جگہ سے نکل گئی ۔ اکبر

قباحت ۔ ع ۔ خرابی ۔ مونث ۔ جہانکا تو نہ کر عبث فضیحت ہوگی ۔ آ تو یہ سنیگی تو قباحت ہوگی ۔ انشا

قبالہ ۔ مذکر ۔

قبائح ۔ ع ۔ جمع قبیح ۔ برائیان ۔ مذکر ۔ وہ خود تو ذات سے مرد صالح ۔ بھرے ہیں اس کے ساتھی میں قبائح ۔ یقین

قبائل ۔ ع ۔ جمع قبیلہ ۔ مذکر ۔ بستے تھے جہان قبائل ان کے ۔ ویران وہ سب مقام دیکھے ۔ حسن

قبح ۔ ع ۔ عیب ۔ خرابی ۔ مذکر[2] ۔ قبح اس کا ہمیں بتا دیجے ۔ باز رہ جائیں تاکہ ہم اس سے ۔ ضامن

قبر ۔ ع ۔ گور ۔ تربت ۔ مونث ۔ یہ کہکے منہ سے پہول چڑھائے مزار پر ۔ کیسی اداس قبر میرے مینوا کی ہے ۔ جلیل

قبرستان ۔ ف ۔ گورستان ۔ مدفن ۔ مذکر ۔ ہو کے بیہوش یہ گرا تہا جہان ۔ اس سے کچھ دور پر تھا قبرستان ۔ صمد

نوٹ [1] مختلف فیہ ۔ مونث ۔ مثلاً ۔ سرو شرمائے قد اسطرح کا قامت ایسی ۔ اسد اللہ کی تصویر تھی صورت ایسی ۔ (دبیر) مگر تذکیر کا رواج عام ہے

[2] بعض مونث کہتے ہیں جو درست نہیں ہے ۱۲

فیصلہ۔ مذکر۔

فیض۔ع۔ بخشش۔ مذکر۔ اس لاہوش کو غیر سیہ رو سے کام کیا + ہے فیض اپنے اختر بخت نر لڑکا۔ شیفتہ

فیضان۔ مذکر۔

فیل۔ انگریزی۔ مذکر۔

فیل۔ ع۔ ہاتھی۔ مذکر۔ سپہر کینہ جو دیکھا ہوا ہے اپنے نالوں کا + یہ فیل بے جگر کب سامنا کرتا ہے بھالوں کا۔ اسیر

فیل۔ ا۔ مکر۔ فریب۔ مذکر۔ تونے کیا کیا کئے مجھسے فیل + ہو نہیں سکتا تیرا میرا میل۔ غضنفر

فیلسوف۔ ی۔ فلوسفر۔ حکیم۔ مذکر۔ واں اک فیلسوف رہتا تھا + تھا وہ مشہور عاقل و دانا۔ نقر

فیل مرغ۔ مذکر۔

فیلہ۔ مہرہ۔ شطرنج۔ مذکر۔

فیوض۔ع۔ جمع فیض۔ مذکر۔ ان پہ ہے فضل ایزدباری + ان کے ابتک فیوض ہیں جاری۔ صارم

باب قاف معجمہ

ق۔ مذکر۔

قاب۔ ت۔ چینی کا بڑا طباق۔ مونث۔ رکھی جو آگے بادہ کشوں کے گزک کی قاب + اکدم میں اٹھ کھڑے ہوئے سب چاٹ چوٹ کے۔ ظفر

قابلیت۔ ع۔ لیاقت۔ مونث۔ نہیں اب تم میں وہ علمی لیاقت + تمہاری کیا ہوئی وہ قابلیت۔ سعد

قابو۔ مذکر۔

قابوس۔ مونث۔

قاتل۔ بمعنی معشوق۔ مذکر۔

قارورہ۔ مذکر۔

قاز۔ نام جانور۔ مونث۔

قاش۔ ت۔ پھانک۔ مونث۔ لے لے کوئی میرے دل صد پارہ کی قاشیں + چکھے مزۂ الفت حرمان تمنا۔ عاشق

قاصد۔ مذکر۔

قاعدہ۔ مذکر۔

فِنس۔ ہ۔ پالکی۔ مونث۔ ؎ فنس ایسی ہے تیری اے جانان ✤ جسکی خوبی پہ ہے فدا دل وجان۔ صائم

فُواد۔ ع۔ دل۔ مذکر ؎ کسکو دکھلائیں ہم اب اپنا فواد ✤ کون بے رحمیوں کی دے اب داد۔ سفر

فوارہ۔ مذکر۔

فواصل۔ مذکر۔

فواکہہ۔ ع۔ میوہ جات۔ مذکر ؎ فواکہہ تھے رکھے ہوئے میز پر ✤ سلیقہ سے اقسام کے تازہ تر۔ درویش

فوام۔ مذکر۔

فوائد۔ ع۔ جمع۔ فائدہ۔ مذکر ؎ اگر تم جان لو اس کے قواعد ✤ تمہیں معلوم ہون اس کے فوائد۔ صفا

فوٹو۔ ن۔ تصویر عکسی۔ مذکر ؎ تو ان قائم رہیگی اب دلون میں گرمیان ✤ میں نے فوٹو لے لیا اس نے نظر پہچان لی۔ لا اعلم

فوج۔ ع۔ لشکر۔ سپاہ۔ مونث ؎ ٹہیرے ہیں دل میں میرے یون غم و درد ✤ فوج جیسے مقام کرتی ہے۔ اثیر

فوز۔ ع۔ فیروزی۔ مذکر ؎ فوز صد شکر اسے ہوا ہے نصیب ✤ اب میسر ہے اسکو دید حبیب۔ مینر

فوطہ۔ مذکر۔

فوق۔ مذکر۔

فوقیت۔ مونث۔

فولاد۔ مذکر۔

فہرست۔ ف۔ فرد حساب۔ مونث ؎ ساری فہرست میں نے ہے دیکھی ✤ اس میں ایسا نہیں ہے نام کوئی۔ نامی

فہم۔ مذکر۔

فہمائش۔ ف۔ ہدایت۔ نصیحت۔ مونث ؎ کی بہت کچھہ میں نے فہمائش اسے ✤ باز آیا وہ نہ اپنے عزم سے۔ خفی

فہمید۔ ف۔ سمجھہ۔ مونث ؎ کچھہ عجب ہے تمہاری بھی فہمید ✤ دیکھو یہ کیسی شے ہے قابل دید۔ نور

فی۔ نقص۔ مونث۔

فیام۔ مذکر۔

فیتہ۔ مذکر۔

فیر۔ ن۔ شلک۔ مونث ؎ عاشق کو جو دکھائی فرنگی پسر نے توپ ✤ پایا نہ کچھہ وہ کہنے کہ بس فیر ہو چکی۔ ظفر

فیروزہ۔ مذکر۔

فیس۔ انگریزی۔ مونث۔

فیشن۔ ن۔ وضع۔ مذکر ؎ فیشن اپنا نہ بدلو گر اب بھی ✤ ہوگی پھر تو بڑی ہی رسوائی۔ خاطر

فَکّ - ع - مخلصی - رہائی - مذکر - تھا جوان کا مکان اک ذاتی ٭ فک رہن اس کا ہو گیا کل ہی - سعید

فِکر - ع - سوچ بچار - مونث [1] فکر ہے انکو متاع حسن کے نیلام کی ٭ سیر ہون جہوٹے اگر بولی ہمارے نام کی - اسیر

فگار - زخم - مذکر -

فل - مذکر -

فَلاح - ع - کامیابی - بہبودی - مونث - بے مربی فلاح ہے ان کی ٭ بے مربی صلاح ہے ان کی - ناسخ

فلاحت - مونث -

فَلاخَن - ف - گوپھن - مذکر - اسے بے شک صدخان نے ہے مارا ٭ فلاخن بھی اسی کے ہاتھ میں تھا - غالب

فَلاکَت - ع - ناداری - مونث - وصل دلبر سے کبھی شاد نہ ہوگا تو فصیح - تجھ کو مغموم رکھیگی یہ فلاکت تیری - فصیح

فلالین - مونث -

فَلس - ع - پیسہ - مذکر - فلس اک ہاتھ میں نہیں اپنے ٭ کس طرح کوئی خاطر اپنی کرے - عزم

فلسفہ - مذکر -

فلسکیپ - مذکر -

فلفل - مونث -

فَلَک - ع - آسمان - مذکر - جو نہ رنگ ریخ و ماتم کا یہاں نمود ہوتا ٭ تو زمین نہ زرد ہوتی نہ فلک کبود ہوتا - ذوق

فَلَک سیر - ا - بھنگ - مونث - بیخودی ہے کہ بے حیائی ہے ٭ یا فلک سیر تونے کھائی ہے - شوق

فُلُوس - ع - پیسہ - مذکر - جیب سے اک نہیں نکلتا فلوس ٭ کتنا بے رحم ہے تو اے کنجوس - صمیم

فَم - ع - دہن - مذکر - کھولتا جب وہ افعی اپنا فم ٭ آگے ہوتا جو اسکو کرتا بھم - داور

فَن - ع - ہنر جوہر - مذکر - مفسدے جو کہون اس چشم سیہ سے کم ہیں ٭ فتنہ پردازی جسے کہتے ہیں فن بے کس کا - آتش

فَنا - ع - نیستی - مونث - جب کوئی کہتا ہے ہستی کو کہ ہستی خوب ہے ٭ اسکی غفلت پر فنا سوتی ہے ہنستی خوب ہے - ظفر

فِنجان - پیالہ - مونث -

فُندُق - ع - ریٹھا - نام زیور - مونث - یار کی گرمی رفتار نے اعجاز کیا ٭ اڑ گئی فندق پا رات کو جگنو ہو کر - وزیر

فَنڈ - ن - راس المال - مذکر - فنڈ ہے اس کے لئے کھولا گیا ٭ ہے بھروسا آپ کی امداد کا - فرید

نوٹ [1] مختلف فیہ - مذکر - مثلاً - گزر جائیگی ہر صورت گردن کیون داغ اندیشہ ٭ مرے مولا کو ہر دم فکر ہے میرے گذارے کا - داغ لیکن کثرت آرا تانیث پر ہے ۔

فسون۔ ف۔ سحر۔ منتر۔ مذکر۔ کیا ہوا اے بت کافر وہ تری چشم کا سحر ٭ کیا فسون بہول گئی نرگس جادو اپنا۔ رند

فشار۔ ف۔ نچوڑ۔ دباؤ۔ مذکر۔ بعد مُردن بھی ظلم فلک سے نہیں نجات ٭ کس مردے پر فشار نہ زیر زمین ہوا۔ اسیر

فشان۔ مونث۔

فشن۔ ن۔ طرز۔ وضع۔ مذکر۔ فشن اپنا نہ بدلو گے اب بی ٭ ہوگی پہر تو بڑی ہی رسوائی خاطر

فصاحت۔ ع۔ خوش کلامی۔ مونث۔ نمک خون تکلم ہے فصاحت میری ٭ ناطقے بند ہیں سن سنکے بلاغت میری۔ انیس

فصال۔ مونث۔

فصد۔ ع۔ نشتر۔ مونث۔ راز ہوتا ہے جو افشا مجہے ہوتا ہے ملال ٭ خون روتا ہون لہو فصد اگر دیتی ہے۔ امیر

فصل۔ ع۔ موسم۔ باب۔ مونث۔ ڈہونڈہیں معشوق کوئی اپنے لئے گرما گرم ٭ فکر پہلے کی کریں فصل زمستان آئی۔ آتش

فصل۔ جدائی۔ مذکر۔

فصول۔ ع۔ جمع فصل۔ مونث۔ کیں تعین اس کی اٹھارہ فصول ٭ کچہہ نہیں بے جا دیا ہے اسکو طول۔ علیم

فضا۔ ع۔ بہار۔ رونق۔ وسعت۔ مونث۔ اپنی نظروں میں سب اندہیر ہے بے جام شراب ٭ دیکہوں کن آنکہونسے ساقی میں فضا سبزہ کی

فضل۔ مذکر۔

فضلہ۔ مذکر۔

فضول۔ مذکر۔

فضہ۔ چاندی۔ مونث۔

فضیحت۔ مونث

فضیلت۔ ع۔ علمیت۔ فوقیت۔ مونث۔ سنبھالتا نہ اگر اس کو خطہ پنجاب ٭ کبھی کی مٹ چکی ہوتی فضیلت اردو۔ وجاہت

فطانت۔ ع۔ زیرکی۔ مونث۔ جسکی قیمت میں یہان شاہ جہان ہونا تہا ٭ جسکی قسمت میں فلاطون کی فطانت آئی۔ امیر

فطرت۔ مونث۔

فعل۔ مذکر۔

فغان۔ مونث۔

فقدان۔ ع۔ گم شدگی۔ مذکر۔ جو نہ کرتا خدا ہمین گویا ٭ پاتے فقدان نفس ناطقہ کا۔ ناسخ

فقر۔ ع۔ حاجت۔ افلاس۔ فقیری۔ مذکر۔ نقش دنیا کا مرے دل پہ اثر کیا ہوگا ٭ فقر کہتا ہے کہ حاجت نہیں زر کیا ہوگا۔ بحر

فقرہ۔ بہر معنی۔ مذکر۔

فقہ۔ ع۔ شرع دین۔ مونث۔ وہ عالم ہیں ہے ان کی فقہ اچھی ٭ قضا رت سے انہیں کی ہم ہیں راضی۔ حشر

فرلانگ - مذکر۔

فرلو - ن - مونث۔

فرمائش - ف - درخواست - مونث ۔ حکم ہے باتیں کرو اغیار کی + واہ فرمائش ہے کیسی یار کی - امیر

فرمان - حکم شاہی - مذکر ۔ کون سے دل میں نہیں یار ترے عشق کا نقش - کس قلمرو میں شہ حسن کا فرمان نہ گیا - آتش

فرنگ - ف - یورپ - مذکر ۔ ہم تو سنتے تھے کہ اچھا ہے فرنگ + جا کے وان بدلا یہ تم نے خوب رنگ - سعد

فروخت - ف - بیع - مونث ۔ لیکے جاؤ یہ سارا تم سامان + کہ فروخت اسکی خوب ہوگی وہان - حسام

فرودگاہ - ف - اترنے کی جگہ - مونث ۔ بس یہیں ٹھیر جاؤ اب تم بھی + کہ یہی ہے فرودگاہ اسکی - کمال

فروردین - نام ماہ - مذکر۔

فروغ - ف - رونق - روشنی - مذکر ۔ فروغ کو اکب دو چندان ہوا + ہر اک سا کن کہ حیران ہوا - ناسخ

فروگذاشت - ف - کوتاہی - کمی - مونث ۔ کہتا افسوس کرکے تھا وہ یہی + کیسی ہم سے فروگزاشت ہوئی - حیدر

فرہنگ - ف - کتاب - فہرست - مونث ۔ وہی ہے لائق اکلیں داد رنگ + ہے کامل عقل جسکی جسکی فرہنگ - عالم

فریاد - ف - واویلا - دہائی - مونث ۔ شب وصلت میں مجھ سے حیران ہو نہیں سکتا + تڑپ جاتا ہے دل فریاد سنکر انکے چھاگل کی - امیر

فریب - ف - دغا - مذکر ۔ بخوبی جانچ کر لے حسن کی بازار ہستی میں + فریب ان جو فروشون سے نہ کھا گندم نمائی کا - امیر

فریضہ - مذکر۔

فریق - ع - فرقہ - مذکر ۔ مرا دل ہے میرا فریق مخالف + کرون کیا میں دلبر سے شکوہ ستم کا - ریاض

فریم - انگریزی - مذکر ۔

فرینج - مذکر۔

فساد - ع - ہنگامہ - مذکر ۔ دیکھئے کیا فساد قاصد پر + میری طرز رقم سے اٹھتا ہے - داغ

فسان - سان - مونث۔

فسانہ - مذکر۔

فستق - مغز پستان - مذکر۔

فسحت - ع - وسعت - مونث ۔ ہمارے ملک کی اشہر ہے وسعت + زیادہ اس سے بھی اسکی ہے فسحت - ضمیر

فسخ - ع - تبدیل - مذکر ۔ کیا تم نے فسخ ارادہ اگر + ہمیں بھی ضرور اسکی دینا خبر - اعظم

فسق - ع - بدکاری - مذکر ۔ فسق اس کا فجور اس کا اب + ہم پہ تو ہوگیا ہے ظاہر سب - ناصر

فسق و فجور - ع - بدکاری - مذکر ۔ ہوگیا ظاہر ترا فسق و فجور + عفو کے قابل نہیں ترا قصور - عزم

فَرائِض۔ ع۔ ڈیوٹی۔ مذکر۔ گئے شار و میں ترے حکم سے۔ فرائض ہم اپنے ادا کر چکے۔ قیصر

فَرح۔ مونث۔

فَرحَت۔ ع۔ خوشی شادمانی۔ مونث۔ رحم آیا جو اسے دیکھکے حالت میری۔ غم یہ کہتا ہے کہ اب دیکھئے فرحت میری۔ داغ

فَرح۔ مونث۔

فَرد۔ ع۔ واحد۔ طاق۔ بیت فہرست۔ مونث۔ اتنی توفیق معلم کو الہی ہو کہ دے۔ ساتھ عیدی کے اسے فرد گنہ گار رہی۔ امیر

فِردَوس۔ ع۔ نام بہشت۔ مذکر۔ داغ قیامت میں یہ مژدہ سنے۔ جا تجھے فردوس عنایت ہوا۔ داغ

فَرزین۔ بہر معنی۔ مذکر۔

فَرس۔ ع۔ اسپ۔ گھوڑا۔ مذکر۔ فرق آتا ہی نہیں روح رواں کی چال میں۔ یہ فرس محتاج ہے کس دم بھلا مہمیز کا۔ آباد

فَرسخ۔ مذکر۔

فَرسَنگ۔ ف۔ فرسخ۔ مذکر۔ ہے ابھی سے یہ راستہ کا تعب۔ طے کئے ہم نے تین فرسنگ اب۔ حلم

فَرش۔ ع۔ بستر۔ بچھونا۔ مذکر۔ مسند شاہی کی حسرت ہم فقیروں کو نہیں۔ فرش ہے گھر میں ہمارے چادر مہتاب کا۔ آتش

فِرشتہ۔ مذکر۔

فُرصَت۔ ع۔ مہلت۔ نوبت۔ مونث۔ مشغول کر لیا ہے کسی کے خیال نے۔ جائے اجل کے مرنیکی فرصت نہیں رہی۔ جلیل

فَرض۔ ع۔ لازم۔ واجب۔ مذکر۔ گنہگار ہیں محراب تیغ کے ساجد۔ جھکایا سر تو ادا فرض پنجگانہ ہوا۔ آتش

فَرط۔ ع۔ کثرت۔ غلبہ۔ مذکر۔ ہاتھ قاتل کا گریبان تک پہونچ سکتا نہیں۔ اور فرط شوق ہے یاں زخم دامندار کا۔ آتش

فَرع۔ ع۔ شاخ۔ جزو۔ مونث۔ نخل ہستی سے نمودار ہے قدرت تیری۔ اصل وحدت ہے تری فرع ہے کثرت تیری۔ امیر

فَرغُل۔ ع۔ روئی دار لبادہ۔ مذکر۔ جب سنا یہ پیام مہرخ کا۔ پہنا فرغل اور اس کے ساتھ چلا۔ واسط

فَرق۔ ع۔ تفاوت۔ جدائی۔ مذکر۔ کب تک کروں میں صبر کہ درد فراق سے۔ ہے فرق میرے صبر و تحمل میں آگیا۔ ظفر

فَرق۔ ع۔ فرق دان۔ مذکر۔ فرق نیاز فرش زمین پر پڑا ہوا۔ ہمت کا پاؤں عرش برین پر گڑا ہوا۔ نذیر احمد خان

فُرقان۔ ع۔ قرآن شریف۔ مذکر۔ بہت بڑھکر ہے مال و جان سے ایمان۔ وہ مانو بات جو کہتا ہے فرقان۔ سعد

فُرقَت۔ ع۔ جدائی۔ مونث۔ آرزو وصل کی اس ڈر سے نہیں کر سکتا۔ دل شکستہ مری ہمدم تری فرقت ہوگی۔ امیر

فرقد۔ نام ستارہ۔ مذکر۔

فرقدان۔ مذکر۔

فرقہ۔ مذکر۔

فرگل۔ ف۔ روئی بھرا ہوا لبادہ۔ مذکر۔ جب سنا یہ پیام مہرخ کا۔ پہنا فرگل اور اسکے ساتھ چلا۔ واسط

فتق۔ مذکر۔

فتن۔ فتنہ کی جمع۔ مذکر۔ نہیں ہے درست اس کا ہرگز چلن + اسی نے یہ برپا کئے ہیں فتن۔ قمر

فتنہ۔ مذکر۔

فتوت۔ ع۔ شجاعت۔ مونث۔ اعتبار ان کو مرے قول کا ہوتا نہیں اب + امتحان ہو تو ہو ظاہر بھی فتوت میری۔ عاشق

فتوح۔ ع۔ کشائش آمد۔ مونث۔ اس نے جب بات پیر کی مانی + خوب پھر تو فتوح اسکو ہوئی۔ ضمیر

فتور۔ ع۔ خرابی۔ ضعف۔ مذکر۔ کیسا فتور چار عناصر میں پڑ گیا + پانی سے آگ خاک ہوا سے بگڑ گئی۔ امیر

فتوی۔ ع۔ مفتی کا حکم۔ مذکر۔ ابھی مجھہ پر شریعت کفر کا فتوی لگا دیتی + دل نادان نے کیا کیا بکد یا بے اختیاری سے۔ مضطر

فتیلہ۔ مذکر۔

فٹ۔ انگریزی۔ مذکر۔

فٹن۔ ن۔ ایک قسم کی بگی۔ مونث۔ ہائے کم بخت تو نے دیکھا ہی + فٹن اسکی ابھی ادہر سے گئی۔ سرشار

فجر۔ ع۔ صبح صادق۔ مونث۔ جب ہوئی فجر تو سلیمہ نے + پوچھا زینت کا حال ماما سے۔ قائم

فجور۔ ع۔ گناہ۔ مذکر۔ فحش اس کا فجور اس کا اب + ہم پہ تو ہو گیا ہے ظاہر سب۔ ناصر

فحش۔ ع۔ ضد۔ تہذیب۔ مذکر۔ فحش اس کا فجور اس کا اب + ہم پہ تو ہو گیا ہے ظاہر سب۔ ناصر

فخر۔ ع۔ ناز۔ غرور۔ شرف۔ مذکر۔ مجھہ کو رتبہ کہاں سلامی کا + فخر کافی ہے بس غلامی کا۔ سید

فدیہ۔ مذکر۔

فر۔ ف۔ دبدبہ۔ شکوہ۔ رفعت۔ مذکر۔ کیا نہیں سنتے ہو ہمارا فر + تم ہو سمجھے ہوئے کچھہ اور مگر۔ کامل

فرات۔ مذکر۔

فرار۔ ع۔ گریز۔ مذکر۔ ہو جو اس کے فرار کا کچھہ حال + تم کو معلوم تو کہو اقبال! حمید

فراز۔ ف۔ بلندی۔ مذکر۔ تجھ میں پنہاں ہے خدا کی عظمت و قدرت کا راز + ہے عجب تیرا نشیب اور ہے عجب تیرا فراز۔ ثاقب

فراست۔ ع۔ دانائی۔ مونث۔ حق و انصاف پہ مبنی ہے ہر اک کام ترا + کیون نہ مشہور ہو عالم میں فراست تیری۔ عزیز

فراغ۔ ع۔ نجات۔ مذکر۔ سوائے کنج قناعت ظفر بشر کے لئے + کہیں جہان میں نہ ہرگز فراغ ہوا حاصل۔ ظفر

فراغت۔ ع۔ فرصت۔ رہائی۔ مذکر۔ دم لبون پر ہے بہت دیر نہیں + آئے جلد فراغت ہو گی۔ امیر

فراق۔ ع۔ جدائی۔ مذکر۔ خرابی لائیگا اک دن فراق اس یار جانی کا + ہمارے قصر تن میں چاہیئے چھلا نشانی کا۔ بحر

فرامین۔ ع۔ جمع فرمان۔ مذکر۔ بہ ہنگام خوشی یا حسن آئین + ہوئے سب شاہ کے اجرا فرامین۔ نادر

فراہ۔ مذکر۔

باب فائے معجمہ

ف ۔ مونث ۔

فاتحہ ۔ مونث ۔ (مختلف فیہ)

فاختہ ۔ مونث ۔

فار ۔ ع ۔ چوہا ۔ مذکر ۔ کھا گئے سیف سیراب لو فار ۔ نہ رہا پاس میرے کچھ زنہار ۔ سعد ۔

فارم ۔ ا ۔ نقشہ ۔ کاغذ ۔ مذکر ۔ کیا ہے پیش دان کا فارم اس نے ۔ فراہم ہو گئے اب چار نقشے ۔ عادل

فاصلہ ۔ بہر معنی ۔ مذکر ۔

فاقہ ۔ مذکر ۔

فال ۔ ع ۔ شگون ۔ مونث ۔ جب نظر کیجیے اس قرعہ کو فال نئی ۔ یہ وہ چوپڑ ہے کہ ہر بار نئی ہے یاں چال نئی ۔ ایسر

فالسہ ۔ مذکر ۔

فالج ۔ ع ۔ نام ایک مرض کا ۔ مذکر ۔ جا کے وان میں نے خود ہی پوچھا آج ۔ اسکے فالج کا ہو رہا ہے علاج ۔ ہمدم

فالودہ ۔ مذکر ۔

فالیز ۔ مونث ۔

فانوس ۔ ف ۔ قندیل ۔ مذکر ۔ کافی ہے سوز باطن انوار معرفت کو ۔ اپنی ہی شمع دل کا فانوس ہو گیا ہوں ۔ اکبر

فائدہ ۔ مذکر ۔

فائل ۔ انگریزی ۔ مذکر ۔

فتح ۔ مونث ۔

فتح وظفر ۔ مونث ۔

فتحہ ۔ زبر ۔ مذکر ۔

فتراک ۔ ف ۔ شکار بند ۔ مونث ۔ فتراک ہی ہوا سے اگر اک ذری اڑی ۔ یوں اڑ گیا کہ سب نے یہ جانا پری اڑی ۔ انیس

نوٹ :- ا مختلف فیہ ۔ مونث ۔ مثلاً ۔ کیا تجلی میں کہوں اس ساعد پر نور کی ۔ آستین یار ہے فانوس شمع طور کی (برق) مگر تذکیر کا رواج غالب ہے ۱۲

غَم ۔ ع ۔ آندوہ ۔ فکر ۔ مذکر ۔ دراز عمر ہو شاط تصور کی ✦ مزہ وصال کا دیتا ہے غم جدائی کا ۔ امیر

غَمَام ۔ ع ۔ ابر ۔ مذکر ۔ آسمان پر غمام ہے چھایا ✦ ہو گی شکل جو راہ میں برسا ۔ رونق

غَمزَہ ۔ مذکر ۔

غِنا ۔ ع ۔ تونگری ۔ بے پروائی ۔ مونث ۔ ہے ادہر تو تونگری و غنا ✦ اور یہاں دیکھو تو ہے فقر و غنا ۔ ساقی

غَنائِم ۔ مذکر ۔

غَنج ۔ ع ۔ ناز و ادا ۔ مذکر ۔ ہے دل کھینچتا اس کا ناز اس کا غنج ✦ بھلا اس کے آگے ہے کیا مال و گنج ۔ قرار

غُنچہ ۔ ہم معنی ۔ مذکر ۔

غَنَم ۔ بکری ۔ مذکر ۔

غَنِیمَت ۔ ع ۔ لوٹ کا مال ۔ مونث ۔ بہت ہاتھ اسکے دان آئی غنیمت ✦ چلا لیکر فراوان مال و دولت ۔ صادر

غَوامِض ۔ ع ۔ باریک معنی ۔ مذکر ۔ کہیں جب ما عرفناک شاہ اکرم ✦ غوامض معرفت کے سمجھیں کیا ہم ۔ فقیر

غَور ۔ مذکر ۔ (مختلف فیہ)

غَور پَرداخت ۔ ف ۔ پرورش ۔ رکھ رکھاؤ ۔ مونث ۔ غور پرداخت اسکی ہم نے کی ✦ ہم کو جھٹلاؤ تو جھلا کوئی ۔ صفدر

غوطہ ۔ مذکر ۔

غوک ۔ مذکر ۔

غَوُن ۔ ا ۔ گپ ۔ مونث ۔ غوز ہم اسکی خوب جانتے ہیں ✦ کب کہا اس کا راست مانتے ہیں ۔ حیف

غُول ۔ ف ۔ گروہ شیطان ۔ مذکر ۔ میری وحشت نے چراغ راہ جو سمجھا اسے ✦ آنکھ دکھلا کے مجھے غول بیابان رہ گیا ۔ آتش

غَیب ۔ ع ۔ پوشیدگی ۔ مذکر ۔ عیب میں اسلئے نہیں ہم عیب کہتے اسکا عزم ✦ غیر غنیمت اپنی کرتا ہے مگر نامرد ہے ۔ عزم

غِیبَت ۔ ع ۔ بدگوئی ۔ مونث ۔ کہے مجھ کو جو جسکا جی چاہے لیکن ✦ کبھی مجھ سے ہو گی نہ غیبت کسی کی ۔ بحر

غیر ۔ رقیب ۔ مذکر ۔

غَیرَت ۔ ع ۔ رشک ۔ شرم ۔ مونث ۔ آپ گھر غیر کے جائیں ہم بھی ✦ مر ہی جائینگے جو غیرت ہو گی ۔ امیر

غَیرِیَّت ۔ ا ۔ اجنبی ۔ مونث ۔ ان میں اب کچھ نہیں ہے غیریت ✦ ان میں مجھ میں ہے اب تو عینیت ۔ فاذر

غیظ ۔ مذکر ۔

غَیظ و غَضَب ۔ ع ۔ عتاب ۔ مذکر ۔ قہر ڈھاتا تھا اس کا غیظ و غضب ✦ تجھے غرض گھر میں اس سے عاجز سب ۔ عزیز

غَضَب ۔ ع ۔ قہر ۔ مذکر ۔ انصاف جو یار خدا سے طلب کیا ۔ تم نے بھی اے امیر بڑا ہی غضب کیا ۔ امیر

غَضَنفَر ۔ ع ۔ شیر ۔ اسد ۔ مذکر ۔ دنیا گئے نواب کا وہ ہے غضنفر ۔ کہاں آج اس جری کا کوئی ہمسر ۔ فضل

غِرِطَا ۔ پردہ ۔ مذکر ۔ جب نودی کا اٹھ گیا اسے دل غطا ۔ پہر تو عاشق آپ ہی اپنا بنا ۔ فقیر

غَفلَت ۔ ع ۔ عدم آگہی ۔ بیہوشی ۔ مونث ۔ پر نظر انجام آنکھ کھلتے ہی سلا دیتی ہے غفلت کیسی ۔ امیر

غُل ۔ طوق ۔ مذکر ۔

غُل ۔ ف ۔ شور ۔ مذکر ۔ پروانہ بھی تھا گرم تپش پہ کھلا نہ راز ۔ بلبل کی تنگ حوصلگی تھی کہ غل ہوا ۔ ذوق

غَلَاظَت ۔ ع ۔ نجاست ۔ گاڑھا پن ۔ مونث ۔ تجھے کرنی ہے اب ایسی طہارت ۔ کہ تیری پاک ہو ساری غلاظت ۔ قدیم

غِلَاف ۔ ع ۔ کور ۔ مذکر ۔ نئی تشبیہ ہے مہتاب کو ہم کہتے ہیں ۔ ہے غلاف آپ کے گل تکیہ کا میلا اترا ۔ آباد

غُلام ۔ ع ۔ بندہ ۔ نوجوان ۔ مذکر ۔ کم کیا ہے یہ شرف کہ ظفر کا غلام ہوں ۔ مانا کہ جاہ و ثروت و منصب نہیں مجھے ۔ غالب

غلام گردش ۔ مونث ۔

غلبہ ۔ مذکر ۔

غلدا ۔ مذکر ۔

غلتک ۔ لوٹ ۔ مونث ۔

غلطہ ۔ نہر تینی ۔ مذکر ۔

غلطہ ۔ مذکر ۔

غُلغُل ۔ ع ۔ شور ۔ مذکر ۔ نہ اتنی مضطرب ہو جا تو بلبل ۔ کہ ہوگا بار گل پر تیرا غلغل ۔ شیدا

غلغلہ ۔ مذکر ۔

غلمان ۔ مذکر ۔

غُلُو ۔ ع ۔ حد سے گزرنا ۔ مذکر ۔ حد سے سوا بڑھ گئی تو شرم شرم ۔ جھوٹ میں اور اتنا غلو شرم شرم ۔ حالی

غلولہ ۔ مذکر ۔

غلہ ۔ اناج ۔ مذکر ۔

غلہ ۔ غلولہ گلی ۔ مذکر ۔

غَلَیَان ۔ ع ۔ جوش ۔ مذکر ۔ نہ ہو حالت سے اسکی تم پریشان ۔ اسے ہے ہو گیا صفرے کا غلیان ۔ کمال

غُلَیل ۔ ف ۔ نشانے کی کمان ۔ مونث ۔ قدر انداز اس کا کب ہے کوئی ۔ کھینچے کوئی بھلا غلیل اس کی ۔ افتخار

غلیوانو ۔ مونث ۔

غربال۔ مونث۔

غُربت۔ ع۔ غریبی۔ عاجزی۔ مونث ۔ کیا وفادار ہے تا گور مرا ساتھ دیا ؛ میرے گھر تک پہونچا گئی غربت میری۔ امیر

غُرِش۔ ف۔ گرج۔ کڑاک۔ مونث ۔ طبقے زمین کے پھٹ گئے تارے فلک سے ہٹ گئے ؛ توپونکی غرش اسقدر ہے الامان دربار میں۔ فراق

غَرَض۔ ع۔ مقصد۔ مونث ۔ آشنائی بے غرض ہے کون دنیا میں ظفر ؛ پڑتی سو بار آشنا سے آشنا کو ہے غرض۔ ظفر

غرغرہ۔ مذکر۔

غُرفش۔ ع۔ کڑ تون۔ مونث ۔ کہئے تو اس سے کم ہیں ہم کس میں ؛ اس کی غرفش نہیں پسند ہمیں۔ نار

غُرفہ۔ مذکر۔

غُروب۔ ع۔ سورج کا ڈوبنا۔ مذکر ۔ دیکھی جو اسکی زلف ہوا محو داغ دل ؛ ہوتا ہے وقت شام غروب آفتاب کا۔ ناسخ

غُرور۔ ع۔ تکبر۔ گھمنڈ۔ مذکر ۔ یہاں ایک آن کی تھی آن حسن کی ؛ اتنی سی بات پر تمہیں اتنا غرور تھا۔ امیر

غُرّہ۔ بہر معنی۔ مذکر۔

غَرّہ۔ غرور۔ مذکر۔

غَرِیو۔ ف۔ شور و غوغا۔ مذکر ۔ سنا ہو رہا ہے بہت کچھ غریو ؛ جو غرفہ سے جھانکا تو ہیں جمع دیو۔ قرار

غَزا۔ ع۔ جہاد۔ مونث[۱] ۔ تہور میں وہ یکتائے زمان ہے ؛ منور نفس سے جس نے غزا کی۔ منور

غزال۔ ع۔ آہو۔ ہرن۔ مذکر ۔ ہاتھ آئیگا سفر وہ غزال وحشی ؛ بھر جیرتی ہے کہاں عقل ذرا ہوش میں آ۔ بحر

غزل۔ نام بحر عروض۔ مونث۔

غزوہ۔ مذکر۔

غُسل۔ ع۔ حمام۔ نہانا۔ مذکر ۔ نہیں ہم سا گنہگار اے فلک کوئی زمانے میں ؛ ہمارے مردے کو درکار ہے غسل آب آہن کا۔ آتش

غسل۔ بہر معنی۔ مذکر۔

غسل خانہ۔ مذکر۔

غَش۔ ف۔ بیہوشی۔ مذکر ۔ سفیتوں سے کہو للہ آب کہتے ہیں کیا ؛ غش انہیں روزۂ ماہ رمضان سے آیا۔ امیر

غش۔ آمیزش۔ مونث۔

غصّہ۔ خفگی۔ مذکر۔

غَصَب۔ ع۔ بہ جبر لے لینا۔ مذکر ۔ غصب تا بت میری ہو جائے اگر ؛ کاٹ لیجے میرا حاضر ہے یہ سر۔ غنی

نوٹ [۱] فرہنگ آصفیہ میں مذکر لکھا ہے جو درست نہیں ہے ۱۲

غاب۔ مذکر۔

غار۔ ع۔ گڑھا۔ مذکر۔ جن کا کہ پاس تھا مجھے دل ان سے ہٹ گیا ✦ سینہ کا غار ان کی کدورت سے پٹ گیا۔ بحر

غارت۔ ع۔ بربادی۔ مونث۔ فکر مجھ کو ہے اس کی غارت کی ✦ اس نے اس میں بڑی شرارت کی۔ کمال

غاریقون۔ نام دوا۔ مذکر۔

غازہ۔ مذکر۔

غاشیہ۔ مذکر۔

غالیچہ۔ مذکر۔

غایت۔ ع۔ انتہا۔ انجام۔ مونث۔ دیکھ لینا جلوۂ جانان کا جنت ہے یہی ✦ اس طلسم حسن میں پھنسنے کی غایت ہے یہی۔ حمید

غبب۔ مونث۔

غبار۔ ع۔ گرد۔ مذکر۔ گرد کلفت کو دل میں دو نہ جگہ ✦ آئینہ میں غبار آتا ہے۔ امیر

غبارہ۔ مذکر۔

غبغب۔ ع۔ تھوڑی۔ مذکر۔ اس کا غبغب کہ چاہ بابل ہے ✦ مثل ہاروت اپنا بھی دل ہے۔ اخگر

غبن۔ بہر معنی۔ مذکر۔

غپ۔ ا۔ لاف و گزاف۔ مونث۔ یہ بھی اک اس نے غپ لگائی ہے ✦ دیکھنا شامت اسکی آئی ہے۔ نجم

غپ شپ۔ ا۔ اناپ شناپ۔ مونث۔ جانیں کیا ہم کہ بک رہا ہے کیا ✦ تری غپ شپ ہی کون سنتا ہے۔ صفا

غٹ۔ ا۔ گروہ۔ ایک قسم کی آواز۔ مذکر۔ چمکتے ہوئے باؤلے کے نشان ✦ سواروں کے غٹ اور بانوں کی شان۔ میر حسن

غٹاغٹ۔ ا۔ قلقل۔ پینا۔ مونث۔ تھی گرم یہ کچھ مجلس میں رات کہ ساقی سب کہتے تھے زاہد ✦ ہے توبہ شکن آج صراحی کی غٹاغٹ بھلا رے جہاں تو

غثیان۔ ع۔ متلی۔ مذکر۔ ان کو خود بیں کے دیکھ آئے ہیں ہم ✦ اب تو غثیان ہو گیا ہے کم۔ ترقی

غدود۔ ع۔ گلٹی۔ مذکر۔ علاج ان کا اب کیجئے آپ زود ✦ بہت بڑھ گئے ہیں گلے کے غدود۔ شفیق

غدر۔ ع۔ بغاوت۔ مذکر۔ سچ بتادو کہ غدر کس نے کیا ✦ کچھ چھپاؤ تو ہوگی تم کو سزا۔ زائر

غدیر۔ ع۔ تالاب۔ آبگیر۔ مذکر۔ تھا ایک غدیر واں بڑا سا ✦ جا کر یہ کنارے اس کے ٹھہرا۔ حالی

غذا۔ خوراک۔ مونث۔

غراب۔ ع۔ کوا۔ زاغ۔ مذکر۔ اک شجر پر غراب بیٹھا تھا ✦ باپ نے پوچھا بیٹے وہ ہے کیا۔ فرق

غرائب۔ مذکر۔

غرب۔ ع۔ پچھم۔ مغرب۔ مذکر۔ شرق اسکا ہے جانب صحرا ✦ غرب اس کا ہے جانب دریا۔ سعد

عُود سوز۔ ف۔ عود جلانے کی انگیٹھی۔ مذکر ؎ عود سوز آگے آگے روشن تھے ٭ مر گئے پر بھی لاکھ جوبن تھے۔ قدر

عِوَض۔ ع۔ بدلہ۔ مذکر ؎ کھٹکتے ہیں ترے تلووں میں گرہ رہ کے جوائے رہرو ٭ عوض لیتے ہیں کانٹے تجھ سے اپنی پائمالی کا۔ اسیر

عَون۔ ع۔ مدد۔ مذکر ؎ نہ ہوتا اس طرح گر آپ کا عون ٭ ہمیں اس وقت بد میں پوچھتا کون۔ علیم

عَہد۔ ع۔ وقت۔ زمانہ وعدہ۔ مذکر ؎ عہد کسی طرح گوارا نہ تھا ٭ اس نے قسم کھائی ہے سم کی طرح۔ داغ

عہد وپیمان۔ ف۔ قول واقرار۔ مذکر ؎ آپ تشریف لے گئے یہاں سے ٭ عہد و پیمان سارا بھول گئے۔ صمد

عُہدہ۔ بہر معنی۔ مذکر۔

عِیادت۔ ع۔ بیمار پرسی۔ مونث ؎ آئے نہ عیادت کو بھی بیمار کی اپنے ٭ لی خوب خبر تم نے گرفتار کی اپنے۔ رند

عِیار۔ چاشنی۔ مذکر دم ا

عِیال۔ ع۔ زن وفرزند۔ مذکر ؎ جب ہے اخلاس سے یہ میرا حال ٭ کیسی حالت میں ہونگے میرے عیال محزون

عَیب۔ ع۔ نقص۔ مذکر ؎ تجھ سے بے نام ونگ کو کیا عیب ٭ دل لگا کر ہمیں لگا یا عیب۔ مومن

عِید۔ جشن۔ تہوار۔ مونث ؎ زمانہ ہو غمگین بلا سے تری ٭ ترے گھر میں تو عید قائل ہوئی۔ رند

عید الفطر۔ ع۔ رمضان کی عید۔ مونث ؎ حیف ہے عید الفطر گزری نہ آئے مہربان ٭ آئی ہے عید الضحیٰ آؤ کروں قربان جان۔ شرم

عَیش۔ ع۔ آرام۔ مذکر ؎ یوں ہی دل غم سے اگر ہجر میں خوگر ہوگا ٭ وصل میں عیش مجھے خاک میسر ہوگا۔ سالک

عَیش وعِشرت۔ ع۔ خوشی وخرمی۔ مونث ؎ ہمیشہ رہتی ہے کب عیش و عشرت ٭ کہ لازم بعد عشرت کے ہے عسرت۔ اسیر

عَین۔ ع۔ چشمہ۔ مذکر ؎ باغ کے درمیان تھا اک عین ٭ خوشنمائی میں جیسے حور کی عین۔ صبا

عین۔ مونث ؎ نہیں ہے وہ عین عنایت تری ٭ نہیں ہے وہ رحمت وہ شفقت تری۔ یکتا

عَین۔ ع۔ چشم آنکھ۔ مونث ؎ باغ کے درمیان تھا اک عین ٭ خوشنمائی میں جیسے حور کی عین۔ صبا

عَینک۔ ف۔ آنکھ کا چشمہ۔ مونث ؎ کیا تکلف ہے اگر سرمہ لگایا آنکھ میں ٭ اے قناعت عینک قطع نظر ملتی نہیں۔ اسیر

عَیُّوق۔ نام ستارہ۔ مذکر۔

عُیون۔ ع۔ جمع عین۔ مذکر۔

غ و، نا، ر...

عِنادُ ۔ ع ۔ دشمنی ۔ مذکر ؎ بٹھاؤ نہ گھر میں یہ نخل فساد ٭ کہ ناحق کو آپس میں ہوگا عناد ۔ شایان

عَنادِل ۔ مذکر ۔

عَناصِر ۔ ع ۔ چاروں اخلاط ۔ مذکر ؎ اعتدال اپنے عناصر میں کہاں اب زہری ٭ مضمحل سارے قویٰ ہیں ہوگئے ہیں پیر ہم ۔ زہری

عِنَان ۔ ع ۔ باگ ۔ مونث ؎ بلا سے خاک ہو برباد ساری خاکساروں کی ٭ سمند ناز کی اسکے عنان پھیری نہیں جاتی ۔ ظفر

عِنایَت ۔ ع ۔ مہربانی ۔ لطف ۔ مونث ؎ کہتے ہیں قہر کی حالت میں تم ہو طالب وصل ٭ کیسے کھل کھیلو گے جب تم پہ عنایت ہوگی ۔ [illegible]

عِنایات ۔ ع ۔ جمع عنایت (واحد) مونث ؎ کیا تعجب ہے جو دو جام ملے سب سے سوا ٭ کب یہ میرے حال پہ ساقی کی عنایات نہیں ۔ [illegible]

عِنَب ۔ ع ۔ انگور ۔ مذکر ؎ کیکے یہ اس نے کہائے ہیں سب ٭ کیا ہی اچھے ہیں اس چمن کے عنب ۔ رفعت

عنب الثعلب ۔ مکو ۔ مونث ۔

عَنبر ۔ مذکر ۔

عَندلیب ۔ ع ۔ بلبل ۔ مونث ؎ قابو صیاد میں آتی کبھی ممکن نہ تھا ٭ دام کو سمجھی تیر گیسو ئے پیچان عندلیب ۔ امیر

عِندیہ ۔ مذکر ۔

عُنصُر ۔ مذکر ۔

عُنصُل ۔ پیاز ۔ مونث ۔

عُنفوان ۔ مذکر

عُنُق ۔ ع ۔ گردن ۔ مونث ؎ عنق اس کی تہی درمیان آن ٭ کہ جیسے ہو رشتہ میں درعدن ۔ تسنیم

عَنقا ۔ ع ۔ نام ایک فرضی طائر کا ۔ مذکر ؎ دہن یار کا رہتا ہے تصور اس میں ٭ شیشہ دل میں پری ہے کہ ہے عنقا اترا ۔ آتش

عَنکبوت ۔ ع ۔ مکڑی ۔ مونث ؎ بیٹھتی ہے ایک ہی جا عنکبوت ٭ اس کا پہونچاتا ہے رازق ہے قوت ۔ شرف

عُنوان ۔ ع ۔ دیباچہ ۔ تمہید ۔ مذکر ؎ بھیجتے تھے خط ہمیں پہلے وہ جس عنوان سے ٭ اب تو اک مدت سے وہ عنوان بھی جاتا رہا ۔ ظفر

عَواطِف ۔ ع ۔ جمع عاطفت ۔ مذکر ؎ عواطف شاہ کے ہیں عام سب پر ٭ ہمارا بادشہ ہے عدل پرور ۔ سعد

عَوامُ النّاس ۔ ع ۔ عام لوگ ۔ مذکر ؎ عوام الناس سب کرتے ہیں تعریف ٭ نہیں کرتے خاص بھی سب اس کی توصیف ۔ [illegible]

عَوائِق ۔ ع ۔ جمع عائقہ ۔ [illegible] ۔ مذکر ؎ عوائق یہ اگر ہوتے نہ لاحق ٭ تو ہوتے علم میں ہم ان پہ فائق ۔ نشتر

عَوْد ۔ ع ۔ [illegible] ۔ مذکر ؎ دیا کو شان جلوہ یوسف دکھلینے ٭ عود شباب ہو کبھی اس پیر زال کا ۔ منیر

عُود ۔ ع ۔ نام ایک خوشبودار لکڑی کا ۔ مذکر ؎ کون سمجھے کہ عود جلتا ہے ٭ کون سمجھے تو گھلتا ہے ۔ قدر

نوٹ ۔ مختلف فیہ مذکر مثلاً ؎ طبع اپنی بلبل باغ معانی ہے اسیر ٭ ہر چمن میں عندلیب خوش بیان ہوتا نہیں ۔ (امیر) لیکن زیادہ روایت تانیث کی ہے

عَلَفْ۔ ع۔ گھانس۔ چارہ۔ مذکر ؎ علف اس کا یہان ملنا ہے دشوار + ملیگا دور تریان سے علف زار۔ تسنیم

عَلَفْ زَارْ۔ ف۔ چراگاہ۔ مذکر ؎ علف اس کا یہان ملنا ہے دشوار + ملیگا دور تریان سے علف زار۔ تسنیم

عِلَلْ۔ ع۔ وجوہ۔ مذکر ؎ میں تو سمجھا دیا ہون اس کے علل + نہ پڑے تا معاملہ میں خلل۔ افسر

عَلَمْ۔ ع۔ جھنڈا۔ نشان۔ مذکر ؎ عشق عباس کو تھا شاہ شہیدان سے امیر + اس لئے تعزیہ کے ساتھ علم ہوتا ہے۔ امیر

عِلْمِیَّتْ۔ ع۔ بدیا۔ مونث ؎ ہوتی جس شخص میں ہے علمیت + ہر جگہ اس کی ہوتی ہے عزت۔ ادب

عُلُو۔ مذکر۔

عُلُوفہ۔ مذکر۔

عُلُوم۔ مذکر۔

عَلِی بَنْدْ۔ ف۔ نام بازو کے ایک زیور کا۔ مذکر ؎ تھا علی بند اس کے بازو پر + قیمتی لیکہ یہ بھی تھا زیور۔ عزم

عِمَادْ۔ ع۔ ستون۔ مذکر ؎ جہان لکڑی کے تھے عمود آگے + آہنی اب عماد دان ہیں لگے۔ ضیا

عِمَارَتْ۔ بہر معنی۔ مونث۔

عِمَامہ۔ مذکر۔

عُمَانْ۔ سمندر۔ مذکر۔

عَمْدْ۔ ع۔ قصد۔ مذکر ؎ ظاہر اس نے عمد کیا اب ہے + کہ زمرد پہ ڈھاؤں گا میں غضب۔ سلیم

عُمْرْ۔ ع۔ سن۔ مونث ؎ جس طرح عمر گزرتی ہے امیر + آپ بھی یوں ہی گزر جائے گا۔ امیر

عُمْرہ۔ یکی از ارکان حج۔ مذکر۔

عُمْقْ۔ ع۔ گہرائی۔ مذکر ؎ اس جگہ کا عمق زیادہ تہا + اس سبب سے میں نہ بچ نہ سکا۔ ناجی

عَمَلْ۔ ع۔ کام۔ مذکر ؎ پہرتا ہے اس کے حکم سے گردون یہ رات دن + چلتا ہے یہان عمل کوئی جر ثقیل کا۔ ظفر

عَمَلْ دَخَلْ۔ ع۔ قبضہ۔ مذکر ؎ بھلا ان سے اب کہہ ہی سکتے ہیں ہم کیا + ہے سب گھر پہ صاحب عمل دخل ان کا۔ صدر

عَمَلْدَرْآمَدْ۔ ف۔ رواج قدیم۔ مذکر ؎ ہے یہان کا یہی عملدرآمد + معلوم نہیں ہے تجھ کو شاید۔ تسنیم

عَمْلہ۔ مذکر۔

عُمُودْ۔ ع۔ ستون ضلع مذکر ؎ جہان لکڑی کے تھے عمود آگے + آہنی آب عمود دان ہیں لگے۔ ضیا

عُمُومْ۔ مذکر۔

عَنَا۔ ع۔ رنج۔ مصیبت۔ مذکر ؎ خزان کا عنا کر رہے ہیں عنادلی + کہ ماتم کدہ بن گیا اب چمن ہے۔ عالم

عُنَّابْ۔ مذکر۔

عُفُونَت ۔ع۔ بدبو۔ مونث ۔ عفونت اس میں بے حد ہوگئی ہے ٭ نہیں قابل ہے اب رکھنے کے یہ شئے ۔ مرزا

عِقَاب ۔ع۔ عذاب۔ مذکر ۔ بدی کا یہیں پہلے ہوگا عقاب ٭ ہے بعد اسکے وان کا عذاب و ثواب ۔ صفی

عُقَاب ۔ع۔ نام طائر۔ مذکر ۔ نہ لیگا کبھی شکار یقین ٭ گو عقاب گمان بلند ہوا۔ ناسخ

عَقَارِب ۔ع۔ عقرب کی جمع ۔ مذکر ۔ شکایت کیا ہے غیروں کی جو ایذا پہونچے اپنوں سے ۔ اقارب ایسے میں اپنے عقارب جیسے ہوتے ہیں ۔ سلیمن

عَمَادِیَّت ۔ع۔ اعتقاد ادبی و تاریخی مونث ۔

عَقَاید ۔ع۔ جمع عقیدہ ۔ مذکر ۔ برے سے ہیں برے اسکے عقائد ٭ ہیں اس میں جمع آثام و مکائد ۔ عبد

عَقَبَہ ۔ راہ دشوار ۔ مذکر ۔

عُقبیٰ ۔ع۔ آخرت ۔ مونث ۔ اپنی عقبیٰ کی فکر کر اکرم ٭ سخت عقبیٰ ہی کی عقوبت ہے ۔ اکرم

عَقد ۔ع۔ نکاح ۔ معاہدہ ۔ مذکر ۔ خدا نے ترا عقد اس سے کیا ٭ جو عالم میں تھے سید و صبا ۔ ناسخ

عِقد ۔ ہار ۔ مذکر ۔

عُقدَہ ۔ بہر معنی ۔ مذکر ۔

عَقرَب ۔ع۔ بچھو ۔ کژدم ۔ مذکر ۔ ایذا جو ہوا اس خال و گیسو سے تعجب تہا ٭ وہ افعی بے دندان بے نیش یہ عقرب تہا ۔ آتش

عَقل ۔ع۔ خرد ۔ سمجھ ۔ مونث ۔ عجب طرح کے بنائے ہیں وہ دہان و کمر ٭ کہ عقل شبہہ میں بے اشتباہ پڑتی ہے ۔ امیر

عُقُوبَت ۔ع۔ عذاب ۔ مونث ۔ اپنی عقبیٰ کی فکر کر اکرم ٭ سخت عقبیٰ ہی کی عقوبت ہے ۔ اکرم

عَقِیدَت ۔ع۔ ارادت ۔ مونث ۔ ہوگئے موئے بدن نوک زبان بہر دعا ٭ جوش میں دل کی طرح دل کی عقیدت آئی ۔ امیر

عَقِیدَہ ۔ مذکر ۔

عَقِیق ۔ع۔ نام ایک جواہر کا ۔ مذکر ۔ آویزہ تیرے گوش کا ہوا اس امید پر ٭ کیا کیا عقیق کان یمن سے نکل گیا ۔ آتش

عَقِیقَہ ۔ مذکر ۔

عَکس ۔ع۔ سایہ ۔ ضد ۔ مذکر ۔ گلفشاں عکس ہوا کس کے رخ رنگین کا ٭ ہے جو آئینہ میں عالم سبد گلچین کا ۔ ناسخ

عِلَاج ۔ع۔ تدبیر ۔ چارہ معالجہ ۔ مذکر ۔ بیمار عشق کا جو نہ تجھ سے ہوا علاج ٭ کہہ اے طبیب تو ہی کہ پھر ترا کیا علاج ۔ ذوق

عَلَاقہ ۔ مذکر ۔

عَلَالَت ۔ مونث ۔

عَلَامَت ۔ع۔ نشانی ۔ مونث ۔ بیان کرتا ہے وہ اپنی علالت منہیں ظاہر علالت کی علامت ۔ جمیل

عَلَائِق ۔ع۔ جمع علاقہ ۔ مذکر ۔ یہ کس عہد کا کرتے ہو تم بیان ٭ علائق ہیں اب اسکے اتنے کہاں ۔ نعیم

عِلَّت ۔ع۔ سبب ۔ مونث ۔ نظر ہے سفیہان شہر کی کوتاہ بینی پر ٭ پرستاری بتوں کی علت تکفیر نکلی ہے ۔ عزیز

عشق پیچاں ۔ ف ۔ نام ایک بیل کا ۔ مذکر ۔ میں ہمیشہ عاشق بپیچیدہ مویاں ہی رہا ۔ خاک پر روئیدہ میری عشق پیچاں ہی رہا ۔ ذوق

عُشو ۔ مذکر ۔

عَصا ۔ لاٹھی ۔ مذکر ۔

عِصابہ ۔ مذکر ۔

عَصارہ ۔ افشرہ ۔ مذکر ۔

عَصَب ۔ مذکر ۔

عَصبیت ۔ مونث ۔

عَصر ۔ [illegible] ۔ دن کا آخری حصہ ۔ مذکر ۔ نہیں اس کا افسوس دیوان چھپا ۔ یہ شاعر بھی تھا میر کے عصر کا ۔ سعد

عُصفور ۔ مونث ۔

عِصمت ۔ پاکدامنی ۔ مونث ۔ [illegible] ہوں پوری تو نہ خلوت ہوگی ۔ ساتھ کھیلی ہوئی ہمدم میری عصمت ہوگی ۔ امیر

عِصیان ۔ مذکر ۔

عُضو ۔ مذکر ۔

عَطا ۔ بخشش ۔ مونث ۔ عفو ہو [illegible] کیا کہوں [illegible] گناہ ۔ یہ عطا ہے تری رحمت کے قرین تھوڑی سی ۔ آتش

عُطارد ۔ [illegible] ایک ستارے کا نام ۔ مذکر ۔ [illegible] اگر مجلس میں ہوتا ۔ عطارد کرتا تہ زانوادب کا ۔ طالع

عِطر ۔ خوشبودار عرق ۔ مذکر ۔ [illegible] تکلف شب وصال ۔ روغن کے بدلے عطر جلایا گلاب کا ۔ آتش

عطردان ۔ ظرف عطر رکھنے کا ۔ مذکر ۔ [illegible] عطردان نذر کیا ۔ جو جواہر سے جگمگاتا تھا ۔ سلیم

عَطش ۔ [illegible] پیاس ۔ مونث ۔ جوع ہے انتہا عطش تھی بڑی ۔ اس پہ جنگل کی دھوپ بھی تھی کڑی ۔ داور

عَطف ۔ مذکر ۔

عُطوفت ۔ مہربانی ۔ مونث ۔ ہے عطوفت شاہ کی اس پر بڑی ۔ کرتا ہے وہ دل سے خدمت شاہ کی ۔ شہید

عطیہ ۔ مذکر ۔

عظمت ۔ بزرگی ۔ مونث ۔

عظم ۔ ہڈی ۔ مذکر ۔ [illegible] ہے اس کی اعزا [illegible] فزوں ہو جلال ۔ نہ ہو عظم میں اسکے یارب زوال ۔ سرور

عظمائی ۔ بڑائی ۔ مونث ۔ زاہد یہ اگر پست ہے سجدے تو کیا ہے ۔ کچھ اس سے تو میخانے کی عظمت نہیں جاتی ۔ داغ

عفت ۔ مونث ۔

عفو ۔ معافی ۔ مذکر ۔ عفو تیرا نہ ہوتا گر یا من ۔ مطمئن دل کبھی نہیں ہوتا ۔ حسن

عَرِین - ع - جنگل - مذکر ۔ یہ کیسا ہے پروردگار اعریں ۔ قدم اسکو طے کر ہی سکتے ہنیں ۔ ظاہر

عِزّ - ع - ضد ذل - شرف بزرگی - مونث ۔ بڑھے اس کی عزّ اور فزون ہو جلال ۔ نہ ہو عِلم میں اس کے یارب زوال ۔ سرور

عَزا - ع - ماتم پرسی - مونث ۔ بھلا کیا یہی ہے طریق وفا ۔ نہ کی حیف کیون تم نے اس کی عزا ۔ اکم

عَزازِیل - ع - ابلیس - مذکر ۔ عزازیل ملعون ہوا کبر سے ۔ خدایا تو ہم کو بچا کبر سے ۔ حفیظ

عِزّت - ع - حرمت - آبرو - مونث ۔ کہتے ہیں اپنی نزاکت کے میں صدقے جاؤن ۔ کر بچا لیتی ہے یہ وصل میں عزت میری ۔ امیر

عِزّت وجاہ - ع - آبرو و مرتبہ - مونث ۔ ذلیل ہوئے ہیں جو بن بلائے جاتے ہیں ۔ طفیلیونکی نہیں دعوتون میں عزت وجاہ ۔ حالی

عِزرائیل - ع - ملک الموت - مذکر ۔ یہ ٹلتے کب ہیں ٹالے سے کسی کے ۔ ہیں جان لینے کو عزرائیل آئے ۔ فرید

عَزل - ع - موقوفی - مذکر ۔ کی جو تحقیق تھی اس کی خطا ۔ عزل اس کا اسی سبب سے ہوا ۔ ناظر

عَزل ونَصَب - ع - تغیر و تبدل - مذکر ۔ واہ یہ انتظام کیسا ہے ۔ عزل ونصب اس طرح بھی ہوتا ہے ۔ منور

عُزلَت - ع - گوشہ نشینی - مونث ۔ بلاسے رکھتی ہے محفوظ عزلت ۔ مصیبت اک نئی لاتی ہے صحبت ۔ ماہر

عَزم - ع - ارادہ - مذکر ۔ بعد مرنے کے آج اے ناسخ ۔ عزم ہے سوے کوے یار اپنا ۔ ناسخ

عَزِیمَت - ع - ارادہ - مونث ۔ بڑی ہوتی ہے جب اپنی عزیمت ۔ تو بس مجبور کر دیتی ہے عسرت ۔ فاخر

عَساکِر - ع - (جمع عسکر) مذکر ۔ عساکر ہیں اس کے تو بے انتہا ۔ یہ تھوڑا سا عسکر تمہارا ہے کیا ۔ عزیز

عُسر - ع - تنگی - مذکر ۔ پاس اون کے پیام بھیجیں کیا ۔ عسر اپنا تو حد کو ہے پہونچا ۔ تہور

عُسرَت - ع - تنگی - مونث ۔ بڑی ہوتی ہے جب اپنی عزیمت ۔ تو بس مجبور کر دیتی ہے عسرت ۔ فاخر

عَسَس - ع - کوتوال - مذکر ۔ عیش وعشرت کا تھا یہاں چرچا ۔ گشت کرتے ہوئے عسس پہونچا ۔ نقر

عَسکَر - ع - لشکر - فوج - مذکر ۔ عساکر ہیں اس کے تو بے انتہا ۔ یہ تھوڑا سا عسکر تمہارا ہے کیا ۔ عزیز

عَسَل - ع - شہد - مذکر ۔ مال موزی سے تنفر آدمی کو چاہیئے ۔ سونگھ کر سگ چھوڑ دیتا ہے عسل زنبور کا ۔ آتش

عِشا - ع - نماز شب ۔ کہا پیر نے آگئی تو عشا ۔ یہ فرض اول وقت کر لین ادا ۔ خلیق

عُشر - ع - دسوان حصہ - مذکر ۔ اس سے جتنی رقم کا تھا وعدہ ۔ عشر اس کا بھی تو ہمیں نہ ملا ۔ صادر

عُشر عَشیر - مذکر -

عِشرَت - ع - عیش - مونث ۔ تیرے ہاتھوں ہوئی افلاس کی مٹی برباد ۔ رخصت اس ملک سے عسرت ہوئی عشرت آئی ۔ امیر

عَشرہ - دہم محرم کی دسوین تاریخ - مذکر ۔ جہان میں عرصہ عشرت سے سوا وہ چند ہے غم کا ۔ اگر ہے عید کا اک دن تو عشرہ ہے محرم کا ۔ ذوق

عِشق - ع - محبت - مذکر ۔ ہم ہٹ گئے گر خلش دل نہ ہٹ سکی ۔ کانٹے ہمارے حق میں ترا عشق ہو گیا ۔ داغ

عِشق قَلَندر - ع - فقرا کا سلام - مذکر ۔ کہدے ان سے میرا عشق اللہ تو ۔ اور کھڑا ہو جا ادب سے روبرو ۔ اثر

عَرَب۔ نام ملک۔ مذکر۔

عَربدہ۔ مذکر۔

عُرس۔ ع۔ سالانہ فاتحہ۔ مذکر ؎ کبھی تو فاتحہ دلواتے پھولوں پر احباب ✦ کبھی تو عرس ہمارا بہار میں ہوتا۔ سحر

عَرش۔ ع۔ تخت۔ چھت۔ آسمان۔ مذکر ؎ کیا بیان ہو رفعت قصر جلال مرتضیٰ ✦ عرش اعظم بھی برائے سائبان پیدا ہوا۔ ناسخ

عَرصہ۔ بہر معنی۔ مذکر۔

عَرصہ گاہ۔ ف۔ میدان۔ مذکر ؎ یہ حیات چند روزہ جو نہ سدّ راہ ہوتی ✦ تو پھر ایک عرصہ گاہِ عدم و وجود ہوتا۔ ذوق

عَرض۔ ضد طول۔ مذکر۔

عَرَض۔ ضد جوہر۔ مذکر۔

عُرض۔ کنارہ۔ مذکر۔

عَرض۔ ع۔ التماس۔ مونث ؎ یہ کی عرض یا اشرف انبیا ✦ کسی کا برادر کسی کو کیا۔ ناسخ

عِرض۔ ع۔ آبرو۔ مونث ؎ کام ایدل نہ کریگا تو شرافت کے خلاف ✦ اپنی گر عرض کی منظور ضیافت ہوگی۔ خورشید

عَرضِ حال۔ ع۔ روداد۔ مذکر ؎ آپ کے ذمہ ہے اب میری سنبھال ✦ کر دیا سب میں نے اپنا عرض حال۔ صادق

عَرضداشت۔ ف۔ معروضہ۔ مونث ؎ آرزو یہ ہے سامنے شہ کے ✦ عرضداشت اپنی کوئی پہونچا دے۔ عازم

عُرف۔ ع۔ مشہور نام۔ مذکر ؎ اب وہ تہذیب ہے جو دشمن آزادی ہے ✦ عرف جس چیز کا تثلیث بنا رکھا ہے۔ خلیل

عِرفان۔ ع۔ خداشناسی۔ مذکر ؎ ہائے اس دل کو سپرد نفس امارہ کیا ✦ بد و فطرت سے تھا مضمر جس میں عرفان حیات۔ محشر

عَرفہ۔ مذکر۔

عَرَق۔ ع۔ پسینا۔ مقطر۔ مذکر ؎ عرق عرق ہے خجالت سے دیکھ کر کسکو ✦ ٹپک رہا ہے جو یوں شمع انجمن سے عرق۔ ظفر

عِرق۔ رگ۔ مونث۔

عِرق النساء۔ نام مرض۔ مذکر۔

عَرق گیر۔ خوگیر۔ مذکر۔

عُروج۔ ع۔ ترقی۔ مذکر ؎ کسی کی ایک پر بسر ہوئی نہ انیس ✦ عروج مہر بھی دیکھا تو دوپہر دیکھا۔ انیس

عَروس۔ ع۔ دلہن۔ مونث ؎ عروس دہر زماں زشت منظر ہو گئی ایسی ✦ کہ جس میں دلربائی کی نہیں کوئی ادا باقی۔ نذیر احمد خان

عَروض۔ ع۔ بحور اشعار کا فن۔ مونث ؎ جو نہ جانے عروض ہے کیسی ✦ اُس کو ہو ادعائے استادی؟ خیال

عُروق۔ مذکر۔

عَریضہ۔ مذکر۔

عِترَت۔ ع۔ آل اولاد۔ مونث ؎ ہے قرآن اور رسول اللہ کی عترت + کہ ملتی جس سے ہے راہ ہدایت۔ قدیر

عَجائِب۔ ع۔ عجیب چیزیں۔ مذکر ؎ بیان کیا کیا کروں میں تم سے صاحب + وہاں جو جو نظر آئے عجائب۔ سخن

عَجَب۔ تعجب۔ مذکر۔

عُجب۔ غرور۔ مذکر۔

عِجز۔ ع۔ عاجزی۔ منکلوبی۔ مذکر ؎ فروتنی سے نہ دست دعا بلند ہوا + دعا بھی سجدے میں کی عجز یہ پسند ہوا۔ وزیر

عُجلت۔ مونث۔

عَجَم۔ نام ملک۔ مذکر۔

عَدَ۔ مذکر۔

عَدَالت۔ ع۔ انصاف کچہری۔ مونث ؎ نباتے ہو مختار مجبور کر کے + اجی دیکھ لی بس عدالت تمہاری۔ سحر

عَدَاوَت۔ ع۔ دشمنی۔ مونث ؎ منہ میں پانی نہ چواؤ جو سکتے دیکھو + کیا کہوں یا دعداوت کبھی ایسی تو نہ تھی۔ بحر

عِدَّت۔ ع۔ شمار۔ مونث ؎ ابھی سے یہ کرتے ہو تم کیا غضب + ہوئے اس کی عدت کے دن ختم کب۔ سفیر

عَدَد۔ ع۔ نمبر۔ شمار۔ مذکر ؎ ہو گئے دیوان یک ہزار و یکصد و ہشتاد اور + اے ظفر کتنے عدد ہیں یہ تمہارے نام کے۔ ظفر

عَدَس۔ مسور۔ مونث۔

عَدل۔ ع۔ انصاف۔ برابری۔ مذکر ؎ حافظ اگر ہو عدل جناب امیر کا + کرتا ہے ہن لے شعلہ وہیں لبس حریر کا۔ انیس

عَدَم۔ ع۔ نیستی۔ مذکر ؎ فنا فی اللہ ہو کر پاؤں عمر جاودان ایسی + مسیح و خضر کی ہستی سے ہو بڑھ کر عدم میرا۔ داغ

عَدَن۔ ع۔ باغ بہشت۔ مذکر ؎ واہ کیا ہی جانفزا ہے یہ چمن + دل کشا اور اس سے کیا ہوگا عدن۔ اعظم

عُدُول۔ ع۔ روگردانی۔ مذکر ؎ آپ کے فرمان کا ہو کس سے عدول + آپ جو فرمائیں بس وہ ہے قبول۔ نظر

عَذَاب ثواب۔ ع۔ پاپ پن۔ مذکر ؎ بدی کا ہیں پہلے ہوگا عقاب + ہے بعد اس کے وان کا عذاب و ثواب۔ صفی

عِذَار۔ ع۔ چہرہ۔ رخسار۔ مذکر ؎ یاسمین دھوپ سے ہوئے گل سرخ + دیکھو آئینہ میں عذار اپنا۔ ناسخ

عُذر۔ ع۔ حیلہ۔ بہانہ۔ مذکر ؎ عذر ان کی زبان سے نکلا + تیر گویا کمان سے نکلا۔ داغ

عُذوبت۔ مونث۔

عِراق۔ مذکر۔

عَرائض۔ ع۔ عریضہ کی جمع۔ مذکر ؎ کئی عرائض کیے ہیں پیش اس نے + نہ ملا ایک کا جواب اُسے۔ آثم

مونث ؎ ملاحظہ ہو قواعد کتاب ہذا۔

عاج۔ مذکر۔

عادت۔ ع۔ خو۔ خصلت۔ طبیعت۔ مونث۔ کھاتے کھاتے غم بھی ہو جائیگا راحت اے وزیر + سم اگر کھانے کی عادت ہو گئی تو سہہ نہیں۔ وزیر

عادات۔ ع۔ جمع۔ عادت۔ خصائل۔ مونث۔ اپنی عادات اب تو کر لو درست + چھوڑ کر کاہلی بنو اب چست۔ قمر

عار۔ ع۔ ننگ۔ غیرت۔ شرم۔ مونث۔ بات کب ناگوار اٹھتی ہے + داغ سے کس کی عار اٹھتی ہے۔ داغ

عارض۔ ع۔ رخسار۔ مذکر۔ خط سے پنہان عارض رشک قمر ہونے لگا + رات اب بڑھنے لگی دن مختصر ہونے لگا۔ وزیر

عارضہ۔ مرض۔ مذکر۔

عار و ننگ۔ ف۔ غیرت و شرم۔ مونث۔ اسطرح اسکو دلائی عار و ننگ + جس سے آتش ہو گیا وہ شوخ و شنگ۔ شوق

عاریت۔ ع۔ ادھار۔ مونث۔ عاریت ان کی ان کو واپس دی + بات اب کیا رہی تقاضے کی۔ اعظم

عاطفت۔ ع۔ عنایت۔ شفقت۔ مونث۔ آپ کی ہم پر اگر ہو عاطفت + کیون نہ بڑھ جائے ہماری منزلت۔ شرف

عافیت۔ ع۔ صحت۔ تندرستی۔ مونث۔ حاسدون نے بھی کیا دانتوں کو تیز + عافیت نے اس سے لی راہ گریز۔ شوق

عاقبت۔ ع۔ انجام۔ مونث۔ دنیا میں غم رقیب نے ہم کو دیئے اسیر + کیون عاقبت خراب نہ ہو اس یزید کی۔ اسیر

عالم۔ ع۔ دہر۔ زمانہ۔ مذکر۔ تیغ زنگ آلودہ خنجر کند، قاتل خردسال + کیا کہوں مقتل میں وقت قتل کیا عالم ہوا۔ امیر

عبا۔ مونث۔

عبادت۔ ع۔ پرستش۔ اطاعت۔ بندگی۔ مونث۔ مسجد میں کسطرح سے عبادت دکھائی ہے + سجدہ میں روزہ دار نے تلوار کھائی ہے۔ انیس

عبادتگاہ۔ ف۔ معبد۔ مونث۔ تھی وہاں اک بڑی عبادتگاہ + جہاں ساکن گزین تھے حق آگاہ۔ ظہور

عبارت۔ ع۔ مضمون۔ تحریر۔ مونث۔ ہمیشہ آگے بھی آتے تھے پر اب کی بار + عبارت اس نے لکھی نامہ بر انوکھی سی۔ ظفر

عبد۔ ع۔ غلام۔ مذکر۔ میرے مولا عبد اک میں ہوں ترا + میری عبدیت ہو مقبول اے خدا۔ نوازش

عبدیت۔ ع۔ غلامی۔ بندگی۔ مونث۔ میرے مولا عبد اک میں ہوں ترا + میری عبدیت ہو مقبول اے خدا۔ نوازش

عبرت۔ ع۔ تنبیہ۔ نصیحت۔ مونث۔ لاش پر عبرت یہ کہتی ہے اسیر + آئے تھے دنیا میں اس دن کے لئے۔ اسیر

عبودیت۔ ع۔ بندگی۔ اطاعت۔ مونث۔ کس سے ہو سکتی ہے عبودیت + اے خدا چاہیئے تری رحمت۔ نامی

عبور۔ ع۔ گزرنا۔ طے کرنا۔ مذکر۔ ساقی کنارہ کش ہے کشتی ہے شکستہ + مشکل ہے بحر غم سے اے دل عبور تیرا۔ سحر

عبہر۔ ع۔ نرگس۔ مونث۔ رشک شہلا آنکھیں ہیں اس حور کی + ایسی ہوتی ہے بھلا عبہر کہاں۔ واثق

عبیر۔ مذکر۔

عتاب۔ ع۔ خفگی۔ غضب۔ مذکر۔ وہ بیٹھے بیٹھے جو دے بیٹھے قتل عام کا حکم + ہنسی تھی اون کی کسی پر کوئی عتاب نہ تھا۔ میر

عتبہ۔ آستانہ۔ مذکر۔

بابُ ظائے معجمہ

ظ۔ مونث۔

ظالم۔ بمعنی معشوق۔ مذکر۔

ظاہر۔ ع۔ ضد باطن۔ مذکر۔ اس کا باطن تو ہے بہت ہی برا، اپنا ظاہر بنا رہے ہے اچھا۔ کلام

ظاہر و باطن۔ ع۔ باہر بھیتر۔ مذکر۔ فیض دنیا کو پہونچتا تھا برابر تجھ سے، نمر بہر تیرا۔ ظاہر و باطن یکساں۔ شرر

ظرافت۔ مونث۔

ظرائف۔ ع۔ جمع ظریفہ۔ مترادف لطائف۔ مذکر۔ ہیں باتوں میں بہت اسکے لطائف، ہیں قابل سننے کے اسکے لطائف۔ سخن

ظرف۔ ع۔ برتن حوصلہ۔ مذکر۔ پیاس اس کی جو بجھے گی تو مئے کوثر سے، ظرف والی ہے امیر احمد مینائی کا۔ اسیر

ظروف۔ ع۔ جمع ظرف۔ مذکر۔ سنکے یہ باتیں غیظ و غضب سے، توڑ ڈالے ظروف سب اس نے۔ طاہر

ظفر۔ ع۔ فتح۔ مونث۔ لشکر اندوہ کے نرغہ میں ہے تنہا یہ دل، فوج غم پر مرد غازی کو ظفر ملتی نہیں۔ رند

ظِلّ۔ ع۔ سایہ چھاؤں۔ مذکر۔ کیا صفا ہے تم جو نکلو گے شب مہتاب میں، چاندنی میں آپ کا ظلّ بدن مل جائیگا۔ اسیر

ظلم۔ ع۔ ستم۔ مذکر۔ ظلم ابھی تو دیکھنا ہے گردش افلاک کا، منتظر ہے شیشہ ساعت ہماری خاک کا۔ وزیر

ظلمات۔ (واحد) مونث۔

ظلمت۔ ع۔ تاریکی۔ مونث۔ یار کے آتے ہی کافور ہوئی ظلمت شب، جس میں چاند نظر آنے لگے صورت شب۔ امیر

ظن۔ ع۔ گمان شک۔ مذکر۔ دہن تنگ ہے موہوم یقین ہے کسکو، کمر یار ہے معدوم یہ ظن ہے کس کا۔ آتش

ظہر۔ ع۔ پشت پیٹھ۔ مونث۔ ظہر اس کو اگرچہ بے حد تھا، ظہر پر اس کی پھر بھی جا بیٹھا۔ کمین

ظہر۔ ع۔ درد پشت۔ مذکر۔ ظہر اسکو اگرچہ بے حد تھا، ظہر پر اس کی پھر بھی جا بیٹھا۔ کمین

ظہر۔ زوال آفتاب۔ مذکر۔

ظہور۔ ع۔ انکشاف۔ مذکر۔ آنکھوں میں نور تیرا دل میں سرور تیرا، دروازے سے ہے گھر تک سارا ظہور تیرا۔ امیر

بابُ عین مہملہ

ع۔ مذکر۔

طوس۔ قسم پارچہ۔ مذکر۔

طوطک۔ نام ساز۔ مونث۔

طوطی۔ نام پرند۔ مذکر۔ (مختلف فیہ)

طُوع۔ علم۔ مذکر۔

طَوع۔ ع۔ رغبت۔ مونث ؎ یون تو سامان بہت سا ہے گھر میں ٭ طوع کی کچھہ نہیں میری چیزیں۔ احقر

طَوغ۔ ت۔ علم۔ نشان۔ مذکر ؎ شکوۂ عشق میں کام آئے دونون نالہ واہ ٭ کیا علم اسے ہم نے تو اسکو طوغ کیا۔ ظفر

طُوف۔ مذکر۔

طُوفان۔ ع۔ طغیانی۔ مذکر ؎ برپا اگرچہ نوح کا طوفان ہوگیا ٭ افسوس ہے کہ داغ محبت نہ دہو گیا۔ داغ

طَوق۔ ع۔ حلقہ۔ گلے کا ایک زیور۔ مذکر ؎ پہر بہار آئی جنون ہوتی ہے تدبیر اپنی ٭ طوق بنتا ہے گڑہی جاتی ہے زنجیر اپنی۔ امیر

طُول۔ ع۔ درازی۔ لمبائی۔ مذکر ؎ ایسا مزہ ملا ہے تڑپ میں کہ ہے دعا ٭ بڑہ جائے اور طول شب انتظار کا۔ امیر

طُولِ اَمَل۔ ع۔ طوالت۔ مذکر ؎ برسوں کی ہوس شوق ہم آغوشی محبوب ٭ دیکہا تو شب وصل میں بہی طول امل تہا۔ نواب

طُومار۔ ع۔ مکتوب دراز۔ مذکر ؎ اک عمر کا قصہ ہے برسون ہی کا جہگڑا ہے ٭ سنتے وہ اسے کب تک طومار ہے دفتر کا۔ نسیم

طَوِیل۔ نام بحر۔ مونث۔

طویلہ۔ مذکر۔

طَہَارَت۔ ع۔ پاکی۔ مونث ؎ دخت رز سے شیخ جی آلودہ دامن ہوگئے ٭ کوئی پوچھے آپ کی اب وہ طہارت کیا ہوئی۔ ناصر

طِہران۔ نام ملک۔ مذکر۔

طے۔ ع۔ فیصلہ۔ ختم۔ مذکر ؎ نہ کیونکر اس کا طے مشکل ہو سالم ٭ کہ منزل عشق کی از بس کڑی ہے۔ سالم

طَیر۔ مذکر۔

طَیَران۔ ع۔ اڑنا۔ مذکر ؎ باز و شاہین کا دیکھکر طیران ٭ ہمرا فروز ہوتی تہی حیران۔ عاجز

طَیش۔ ع۔ غضب غصہ۔ مذکر ؎ ہجو شراب شیخ جی رندون میں بیٹھکر ٭ ہوگی بری کسیکو اگر طیش آگیا۔ صریر

طیلسان۔ چادر۔ مونث۔

طِین۔ ع۔ گل۔ مٹی۔ مونث ؎ اشرف انسان میں ہون میں ایسا کمین ٭ کام آئیگی کچھہ نہ میری طین۔ اشرف

طِینت۔ مونث۔

طَلَب۔ ع۔ تلاش۔ آرزو۔ مونث ۔ رحم مادر ہی سے جب پیدا ہوا تکلیف سے ۔ یاں کہاں راحت کہ تو کرتا ہے راحت کی طلب۔ ذوق
طُلُبانہ۔ مذکر۔
طِلِسم۔ س۔ جادو۔ مذکر ۔ مرغ چمن کے نالوں سے ہے یہ صدا بلند ۔ قابل ہے دید کے یہ طلسم آب ورنگ کا۔ آتش
طِلِسمات۔ ع۔ طلسم (واحد) مذکر ۔ پردے کو تعین کے در دل سے اٹھا دے ۔ کھلتا ہے ابھی پل میں طلسمات جہاں کا۔ سودا
طَلعت۔ ع۔ شکل۔ مونث ۔ جانب ماہ میں کیا آنکھ اٹھا کر دیکھوں ۔ پھرتی ہے آنکھ میں وہ طلعت زیبا تیری۔ سرور
طَلق۔ ابرک۔ مونث۔
طُلوع۔ ع۔ نکلنا۔ مذکر ۔ آیا وہ ماہ لاؤ پیالہ شراب کا ۔ مہتاب کے ہو ساتھ طلوع آفتاب کا۔ وزیر
طَمانچہ۔ لطمہ۔ مذکر۔
طُمانینت۔ ع۔ دلجمعی۔ مونث ۔ اسکی تو ہے ابھی طفولیت ۔ ہوگی کس طرح پر طمانیت۔ واعظ
طُمطراق۔ کروفر۔ مذکر۔
طَمع۔ مونث۔
طناب۔ ع۔ ریسمان۔ مونث ۔ کون کہتا ہے کہ یہ کلی ہے شب کو کہکشان ۔ ہے مگر کوئی طناب اس خیمہ افلاک کی۔ ظفر
طنبو۔ اخیمہ۔ (تنبو) مذکر ۔ اک تنبو ہی ان میں تھا ایسا ۔ جس کے اندر چراغ جلتا تھا۔ عالم
طنبور۔ مذکر۔
طنبورہ۔ مذکر۔
طَنز۔ ع۔ تمسخر۔ آواز۔ مونث ۔ دیکھئے ہے میرے منہ میں بھی زبان ۔ جان صاحب طنز یہ اچھی نہیں۔ جانصاحب
طنطنہ۔ مذکر۔
طَنین۔ ع۔ آواز نرم۔ مکھیون کی آواز۔ مونث ۔ جیسی مکھی ہے طنیں آتی ۔ تنتی ہے جالا ہو کے خوش مکڑی۔ وسط
طُوبیٰ۔ مذکر۔
طَواف۔ ع۔ گرد پھرنا۔ مذکر ۔ سر نیزوں پر پھرے ہیں شہیدان عشق کے ۔ سچا بھی طواف ہے اس کے حریم کا۔ منیر
طَوالت۔ ع۔ درازی۔ مونث ۔ ہے چونکہ آپ کی نازک طبیعت ۔ لکھوں کچھ اور تو ہوگی طوالت۔ سعد
طوائف۔ ع (جمع طائفہ) مذکر ۔ عجب کیفیت تخت رواں تھی ۔ کہ جس پر ہر طوائف نغمہ خواں تھی۔ خوشتر
طَور۔ ع۔ طرح۔ طرز۔ چلن۔ مذکر ۔ ہر ہر قدم پہ پھوٹتے جاتے ہیں آبلے ۔ نقش قدم میں طور ہے چشم پر آب کا۔ ناسخ
طُور۔ ع۔ نام ایک پہاڑ کا۔ مذکر ۔ ایمن میں آگ لگ چلی اور طور جل چکا ۔ اس نے نقاب رخ سے اٹھایا نہیں ہنوز۔ حالی
طور طریق۔ ا۔ ڈھنگ۔ ڈھنگ۔ مذکر ۔ اس کے آوارہ سب کے سب ہیں رفیق ۔ اس کا اچھا نہیں ہے طور طریق۔ اسد

طُرَز۔ مذکر (مختلف فیہ)

طَرَف۔ جانب۔ مونث۔

طُرُق۔ ع۔ (طریق کی جمع) مجازاً ٹھٹ گروہ۔ مذکر ؎ طرق کے طرق ادر پرے کے پرے ✦ کچھ ادھر اُدھر کچھ ورے کچھ پرے

طُرّہ۔ مذکر۔

طَرِیق۔ ع۔ راہ سبیل۔ مذکر ؎ یہ کس کی راہ میں کھوئے گئے کہ ہم سے خضر ✦ طریق پوچھتے ہیں آکے رہنمائی کا۔ امیر

طَرِیقت۔ ع۔ راہ۔ مذہب۔ مونث ؎ رہ کے قائم تو شرع پر۔ پھر دیکھ ✦ کیا دکھاتی تجھے طریقت ہے۔ قدیم

طَرِیقہ۔ مذکر۔

طَشْت۔ ف۔ طباق۔ مذکر ؎ میز پر اک طشت رکھا تھا ✦ جس میں سر مہر زاد کا تھا دھرا۔ شفیق

طَعَام۔ ع۔ کھانا۔ مذکر ؎ جو بھیجا ہے اس طرح کا طعام ✦ نصیب اسکو ہو طعم انسان مدام۔ شایان

طُعْم۔ ع۔ لذت۔ ذائقہ۔ مذکر ؎ طعم اس کا تھا نہایت خوشگوار ✦ ایسی شیرینی نہ چکھی زینہار۔ دل

طُعْمہ۔ مذکر۔

طَعْن۔ ع۔ ملامت۔ مذکر[1] ؎ قصہ کہتا تھا کسی عہد شکن کا میں رات ✦ وہ لگے کہنے یہ طعن آپ نے مجھ پر توڑا۔ مسنون

طَعْنِ تَشْنِیع۔ ع۔ طعنہ مہنہ۔ مونث ؎ طعن تشنیع اسکی سنتی تھی ✦ منہ سے کہتی نہ سخت بات کوئی۔ عزیز

طَعْنہ۔ مذکر۔

طُغْرىٰ۔ مذکر۔

طُغْیَان۔ ع۔ طغیانی۔ مذکر ؎ کہنا تھا اسکو چھوٹا بڑا ✦ ایسا طغیان تو کبھی نہ ہوا۔ نامی

طِفْل۔ ع۔ لڑکا۔ کودک۔ مذکر ؎ جور استاد سے خالی یہ دبستان نہ ہوا ✦ کونسا طفل یہاں آیا جو گریاں نہ ہوا۔ ابر

طُفُولِیَّت۔ ع۔ طفلی۔ مونث ؎ اس کی تو ہے ابھی طفولیت ✦ ہوگی کس طرح پر طمانینت۔ واعظ

طُفَیْل۔ ع۔ ذریعہ۔ وسیلہ۔ مذکر ؎ ابھی جو دیکھتے ہو انہیں کا طفیل ہے ✦ کم بیش سب کو جانب توحید میل ہے۔ نذیر احمد خان

طِلَا۔ ع۔ سونا۔ تیل۔ مذکر ؎ لے جبقدر سونا چاندی تولا ✦ ملیگا تجھے اتنا خالص طلا۔ افسر

طَلَاق۔ ع۔ عورت کو نکاح سے علیحدہ کرنا۔ مونث[2] ؎ کہ دنیا کو دی میں نے یکسر طلاق ✦ رہا تا ابد مجھ میں اس کا فراق۔ ناسخ

طَلَاقَت۔ ع۔ چرب زبانی۔ مونث ؎ نہیں چل سکی سامنے اس کے بیدم ✦ نہیں کام آئی طلاقت تمہاری۔ بیدم

طَلَائِیہ۔ مذکر۔

نوٹ [1] مختلف فیہ۔ مونث مثلاً ؎ کون تھا اس جگہ سوا میرے ✦ طعن کی تم نے اے بو الہمیر (جان صاحب) لیکن غلبہ آما تذکیر پر ہے ۱۲

[2] مرزا دبیر نے مذکر لکھا ہے جو درست نہیں ہے ۱۲

طائف۔ مذکر۔

طایفہ۔ مذکر۔

طِب۔ ع۔ بیدک۔ حکمت۔ مونث ۔ اور طب ہی پڑہی نہ ہو جس نے ، کیا وہ بیمار کا علاج کرے۔ اعظم

طِبابت۔ ع۔ فن حکمت۔ مونث ۔ ہوتا حاصل ہے اس کمال سے مال ، جاہ کرتی فزون طبابت ہے۔ لااعلم

طباشیر۔ مونث۔

طباق۔ مذکر۔

طبخ۔ ع۔ پکانا۔ مذکر ۔ ہوا تھا جس کے ذمہ طبخ اس کا ، اسی نے زہر بس اس میں ملایا۔ عاجز

طُمطراق۔ ع۔ کجکول۔ مذکر ۔ کیا گیا اس راہ سے کوئی گدا ، ہاتھ میں اس کے بڑا طمطراق تہا۔ فاتح

طبع۔ ع۔ طبیعت۔ مونث ۔ سونگھی جو بوئے زلف بڑھا اپنا درد دل ، طبع مریض اور دوا سے بگڑ گئی۔ امیر

طبق۔ ع۔ تختہ۔ مذکر ۔ جنون میں بھوک لگی جب کبھی تو پھانکی خاک ، طبق زمین کا الٹ کر طباق میں رکھا۔ سحر

طبقہ۔ مذکر۔

طبل۔ ع۔ بڑا ڈھول۔ مذکر ۔ مست ہر اک جام فرحت سے ہوا ، طبل شادی کا بجایا برملا۔ حسن

طبلق۔ مونث۔

طبلک۔ بہر معنی۔ مونث۔

طَبلہ۔ ع۔ ڈہولک۔ مذکر ۔ تیرے گانے سے معطر ہوئی محفل ایسی ، لوگ کہنے لگے عطار کا طبلہ ٹوٹا۔ منیر

طبیعت۔ ع۔ مزاج۔ مونث ۔ کیا خاک چاہ پیار کی باتیں کریں جلیل ، وہ دل نہیں رہا وہ طبیعت نہیں رہی۔ جلیل

طپانچہ۔ مذکر۔

طپش۔ مونث۔

طحال۔ ع۔ تلی۔ مونث ۔ سنتی ہوں یہ میں حکیم صاحب ، مرزا کو طحال ہو گئی ہے۔ جان صاحب

طحلب۔ کائی۔ مونث۔

طِرازہ۔ ع۔ نقش۔ مذکر ۔ کہا جو لوگ واقف تھے ہنر سے ، طراز ایسا نہیں گزرا نظر سے۔ سنجا

طراوت۔ مونث۔

طَرَب۔ ع۔ خوشی۔ پردہ ساز۔ مونث ۔ طالع میں نہیں طرب وزی بھی ، منحوس ہے زہرہ مشتری بھی۔ مومن

طَرح۔ ع۔ طور۔ مانند۔ مونث ۔ بگڑ گئی ہے یہاں بے طرح جہان کی طرح ، کہاں کی وضع کہاں کی ادا کہاں کی طرح۔ داغ

طَرح۔ ع۔ بنیاد۔ بنا۔ مونث ۔ عمارت کی وہ طرح ڈالی وہاں ، بلندی میں ہے غیرت آسمان۔ شایان

ضَمّہ۔ مذکر۔
ضَمیر۔ قائم مقام اسم۔ مونث۔
ضَمیر۔ ع۔ دل۔ مذکر۔ کیا میں فرض کریں آپ اس سے درگزرا پھر یگا مجھ سے کہیں گرم ونتظر کا ضمیر۔ مصحفی
ضَمیمہ۔ مذکر۔
ضَو۔ مونث۔
ضَوابط۔ ع۔ (جمع ضابطہ) قوانین۔ مذکر۔ ضوابط یہ باندھے ہوئے ہیں خدا نہ بدلے نہ بدلیں اسے یوم محشر۔ نذیر احمد خاں
ضِیا۔ ع۔ روشنی۔ مونث۔ بزم عالم ہیں سے روشن ہے شمع ایجاد کی ضیا ہیں ہم۔ قربان
ضِیافَت۔ ع۔ مہانداری۔ مونث۔ اور گھر دیکھ خدا کے لئے اے غم اب تو خانہ دل میں کہاں تک ہو ضیافت تیری۔ سرور
ضَیغَم۔ ع۔ شیر درندہ۔ مذکر۔ ایسا نکلا صف سے وہ جنگ آزما جس طرح ضیغم ہو غصہ میں بھرا۔ سبھیم
ضِیق۔ ع۔ تنگی۔ کوتاہی۔ مونث۔ جانکنی کی ضیق میں ہے مبتلا کیسا ضیق النفس اسکو ہو گیا۔ محب
ضِیقُ النَّفَس۔ ع۔ دمہ۔ مذکر۔ جانکنی کی ضیق میں ہے مبتلا کیسا ضیق النفس اسکو ہو گیا۔ محب

باب طائے مہملہ

ط۔ مونث۔
طَارَم۔ ع۔ بالاخانہ۔ مذکر۔ اپنے طارم پہ وہ نکل آیا جس طرح نکلے مہ۔ بروے سما۔ خازم
طاس۔ بہر معنی۔ مذکر۔
طَاعَت۔ ع۔ فرمانبرداری۔ مونث۔ خوش اطاعت سے ہوتی ہے مخلوق شاد خالق کو کرتی طاعت ہے۔ لاعلم
طاعون۔ مذکر۔
طاق۔ بہر معنی۔ مذکر۔
طَاقَت۔ ع۔ مونث۔ کچھ مجھ کو فکر ضعف ونقاہت نہیں رہی خوش ہوں کہ اضطراب کی طاقت نہیں رہی۔ سالک
طَالِع۔ ع۔ بخت۔ قسمت۔ مذکر۔ تصور میں کسی کے داغ نیند آتی نہیں مجھ کو عجب بیدار اپنا طالع فیروز رہتا ہے۔ داغ
طَاؤس۔ ع۔ مور۔ مذکر۔ تقلید بن پڑی نہ تمہارے خرام کی طاؤس لڑکھڑا کے گلستان میں رہ گیا۔ صبا
طَائر۔ پرندہ۔ مذکر۔

باب ضاد معجمہ

ض۔ مذکر۔

ضابطہ۔ مذکر۔

ضاغط۔ نام مرض۔ مذکر۔

ضبط۔ ع۔ نگرانی۔ سلب۔ مذکر۔ ساتھ آہوں کے نہ درد دل نکل جائے کہیں ÷ اسلئے ہے ضبط مجھکو آہ درد آمیز کا۔ ناسخ

ضحک۔ ع۔ ہنسی۔ مونث۔ کہہ کہ باعث کیا ہے تیری ضحک کا ÷ بے محل بے موقع اسدم کیوں ہنسا۔ نامی

ضخامت۔ ع۔ جسامت۔ مونث۔ کتاب کی ہو ضخامت بڑی تو فائدہ کیا ÷ کتاب وہ ہے کہ چھوٹی ہو گو۔ ہو نفع بڑا۔ صادر

ضد۔ ع۔ خلاف۔ اصرار۔ مونث۔ اس فتنہ گر کو رحم تو کیسا ضد آگئی ÷ جب ہم نے آہ کی تو جفا اس نے اور کی۔ داغ

ضراعت۔ ع۔ عاجزی۔ مونث۔ مجھے اب ہوگئی تجھ سے محبت ÷ کہ لائی رحم پر تیرے ضراعت۔ سخنور

ضرب۔ بہر معنی۔ مونث۔

ضربت۔ مونث۔

ضرر۔ ع۔ دکھ۔ نقصان۔ مذکر۔ پاکان ازل کو نہیں پرواے مربی ÷ عیسیٰ کو ضرر کچھ نہ ہوا بے پدری کا۔ ظفر

ضرغام۔ ع۔ شیر۔ اسد۔ مذکر۔ یہ رعب تھا غیظ اسے جو آتا ÷ ضرغام فلک بھی کانپ جاتا۔ اختر

ضرورت۔ ع۔ حاجت۔ مونث۔ رحمت عام کا اظہار ہے اس پردے میں ÷ ورنہ پھر بندہ نوازی کی ضرورت کیا ہے۔ داغ

ضریح۔ ع۔ قبر۔ گور۔ مونث۔ نظر آئی ضریح تربت شبیر لوہے کی ÷ زیادہ سیم و زر سے ہوگئی توقیر لوہے کی۔ ناسخ

ضعف۔ ع۔ کمزوری۔ مذکر۔ حسرت دیدار میں ایسا ہوا یاں ضعف بصر ÷ سایہ پلکوں کا بھی آنکھوں کو مر جالا ہوا۔ بحر

ضفدع۔ مینڈک۔ مذکر۔

ضلالت۔ ع۔ گمراہی۔ مونث۔ دین مبین سے کفر کی بدعت جدا ہوئی ÷ ایمان کے رستہ سے ضلالت جدا ہوئی۔ انیس

ضلع۔ ع۔ پہلو کی ہڈی۔ صوبہ کا حصہ۔ مذکر۔ ہے سب اضلاع میں یہ ضلع بڑا ÷ اور ہے اچھی یاں کی آب و ہوا۔ جگر

ضم۔ ع۔ الحاق۔ ملاپ۔ وصل۔ مذکر۔ اس کا ہو جائیگا گر اس میں ضم ÷ اور بھی اس کی ہوگی آمد کم۔ فضا

ضماد۔ ع۔ لیپ۔ مذکر۔ جب سے لیجا کر لگایا ہے ضماد ÷ ہوگیا ہے اضطراب اس کا زیاد۔ شوق

ضمن۔ ع۔ شمول۔ تعلق۔ مذکر۔ ہیں جو حالت باپ دادا کے ÷ ضمن میں اس کے وہ بھی ہیں آئے۔ طارق

ضمانت۔ ع۔ کفالت۔ مونث۔ قرض ملجائیگی وہ شئے رمضان میں مجھ کو ÷ حضرت شیخ جو کر لینگے ضمانت میری۔ داغ

صُنع۔ ع۔ کاری گری۔ مونث ؎ وہاں کی کرین صنع کیا ہم بیان، عنائع عجب دیکھے ہم نے وہاں۔ صدر

صَنعت۔ کاریگری۔ مونث۔

صِنف۔ ع۔ نوع جنس۔ مونث ؎ شعر کی ہر صنف پر قادر ہے وہ، کامل فن وہنر شاعر ہے وہ۔ ثاقب

صَنَم۔ ع۔ بت۔ مذکر ؎ جس نے دیکھا تجھ کو عریان وہ بھی کہنے لگا، خوب آذر نے بنایا ہے صنم بلور کا۔ ناسخ

صَنَوبَر۔ ع۔ نام ایک درخت کا۔ مذکر ؎ محبت گلشن عالم میں جنسیت سے لازم ہے، نہ کیون اس سرو پر عاشق صنوبر ہو مرے دلکا۔ ناسخ

صَواب۔ راستی۔ مذکر۔

صَوابدید۔ ف۔ مصلحت۔ مونث ؎ آپ کی ہو صوابدید اگر، بھیجون میں اس کے پاس پیغمبر۔ ناقل

صَواعِق۔ (جمع) مذکر۔

صَوت۔ آواز۔ مونث۔

صُور۔ مذکر۔

صُورَت۔ ع۔ شکل۔ مونث ؎ طبیعت ان کی لڑکپن سے تھی جفا کی طرف، الف ہی لکھتے تھے مکتب میں وار کی صورت۔ داغ

صُوف۔ بہر معنی۔ مذکر۔

صَولَت۔ ع۔ دبدبہ۔ مونث ؎ جا کے دو لاکھ پہ حملے کئے صولت دیکھی، صدقے کس پیاس میں شہ پر ہوئی ہمت دیکھی۔ نفیس

صَوم۔ ع۔ روزہ۔ مذکر ؎ دل اگر ہو سیاہ فائدہ کیا، پڑہی ظاہر نماز صوم رکھا۔ عزیز

صَومَعہ۔ مذکر۔

صَوم و صَلوٰۃ۔ مونث۔

صَہبا۔ ع۔ شراب سُرخ۔ مونث ؎ خون دل آنکھون میں اسطرح سے بھر جاتا ہے، جام میں جیسے کے صہبائے سبو آتی ہے۔ آتش

صَہیل۔ مذکر۔

صِیانَت۔ ع۔ پاسبانی۔ بچاؤ۔ مونث ؎ کام اے دل تو کریگا نہ شرافت کے خلاف، اپنی گر غرض کی منظور صیانت ہوگی۔ خورشید

صَید۔ شکار۔ مذکر۔

صَیدگاہ۔ ف۔ شکارگاہ۔ مونث ؎ ہم نے دیکھی ہے صیدگاہ اسکی، دل عاشق شکار رہتے ہیں۔ صفا

صِیغہ۔ مذکر۔

صَیف۔ ع۔ موسم گرما۔ مذکر ؎ صیف کیا آیا کہ آئی ہے مصیبت ہم پر، مے ہے گرم اس پہ یہ طرہ ہے کہ گرما آیا۔ حسن

صَیل۔ مونث۔ (مختلف فیہ)

———•••———

صِفر۔ نقطہ۔ مذکر۔

صفرا۔ یت۔ مذکر۔

صُفُوف۔ ع۔ (جمع صف) مونث ؎ ہوگئین اس طرف صفوف درست ✢ نکلا اک پہلوان دلیر اور چست۔ فاخر

صَفِیر۔ ع۔ سیٹی آواز۔ مونث ؎ باغ وچمن کے غنچہ وگل میں نہ ہوا اسیر ✢ قمری کی سن صفیر نہ بلبل کی سن صفیر۔ نظیر

صَلَا۔ ع۔ دعوت عام۔ مونث ؎ حضور عام کی اس نے صلادی ✢ تو خرد و پیر نے ہر اک دعا دی۔ کیف

صَلَابَت۔ ع۔ سختی۔ مضبوطی۔ مونث ؎ صلابت دیکھی قوت اسکی دیکھی ✢ نہیں لشکر میں ہے اس سا تو کوئی۔ صفدر

صَلَاح۔ ع۔ مشورہ۔ مونث ؎ ہم مانتے ہیں کب کسی غمخوار کی صلاح ✢ اپنی وہی صلاح کہ جو یار کی صلاح۔ ظفر

صَلاحیت۔ مونث۔

صَلَائے عَام۔ ع۔ دعوت عام۔ مونث ؎ صلائے عام ہوئی ہے کہ ہوگا کل دربار ✢ جو عام طور پہ ہر ایک پا سکے گا بار۔ قادر

صُلب۔ ع۔ پشت۔ نطفہ۔ مذکر ؎ نور افزا ہے صلب سے اسکے ✢ چاہتا بادشاہ بہت ہے اُسے۔ غیور

صُلح۔ ع۔ آشتی۔ مونث ؎ پھر کوئی ملنے کی طرح نہ ہوئی ✢ صلح اُنکے کسی طرح نہ ہوئی۔ مومن

صُلصُل۔ ع۔ فاختہ۔ مونث ؎ نہ تو گل پہ ہے شیفتہ بلبل ✢ نہ تو شیدا ہے سرو کی صلصل۔ حسن

صَلِّ عَلیٰ۔ ع۔ واہ وا۔ سبحان اللہ۔ مونث ؎ جب بیان خوبی شاہ ورد سرا ہوتی ہے ✢ ہر طرف صلِّ علیٰ صلِّ علیٰ ہوتی ہے۔ تسنیم

صَلواۃ۔ بہر معنی۔ مونث۔

صَلوات۔ دشنام۔ مونث۔

صِلہ۔ انعام۔ مذکر۔

صِلۂ رحم۔ مذکر۔

صَلِیب۔ ع۔ سولی۔ مونث ؎ بعد تحقیق ٹھہرا قابل دار ✢ کی صلیب اس کے واسطے تیار۔ حامد

صَمصَام۔ ع۔ تیغ بُرّان۔ مونث ؎ ڈھالوں میں سواروں کے وہ صمصام نہ ٹھہری ✢ بجلی ہے میان سیہ شام نہ ٹھہری۔ انیس

صَمغ۔ مذکر۔

صَنادِید۔ ع۔ صندید کی جمع۔ مذکر ؎ کیسے کیسے تم میں گزرے ہیں مشاہیر زمن ✢ کیسے کیسے تم میں گزرے ہیں صنادید زمان۔ تاب

صِنَاعَت۔ ع۔ کاریگر۔ مونث ؎ دکھا کر بولا اے حضرت سلامت ✢ یہ دیکھیں کیا ہی اچھی ہے صناعت۔ منور

صَندَل۔ ع۔ چندن۔ مذکر ؎ پریوں نے کشاں کشاں نکالا ✢ صندل آتشکدہ میں ڈالا۔ نسیم

صَندُوق۔ ع۔ بکس۔ مذکر ؎ اُٹھاتے نجد میں کس دھوم سے ہم قیس کا مردہ ✢ اگر صندوق مل جاتا کہیں لیلیٰ کی محمل کا۔ اسیر

صندوقچہ۔ مذکر۔

صَدَقَہ۔ مذکر۔

صَدمَہ۔ مذکر۔

صُدُور۔ ع۔ اجرا۔ نفاذ۔ مذکر ؎ ابھی اس کا نہیں ہوا ہے صدور ٭ روکو اس کو کہ تا پڑے نہ فتور۔ ضیا

صُراح۔ ع۔ نام کتاب۔ مونث ؎ اگر پڑہنی تم چاہتے ہو صحاح ٭ تو کام آئیگی کیا فقط اک صراح۔ عابد

صَراحت۔ ع۔ وضاحت۔ مونث ؎ خط میں ہے اجمال صراحت نہیں ٭ کچھ نہیں کھلتا مرے خط کا جواب۔ ظاہر

صِراط۔ ع۔ راستہ پل۔ مونث ؎ رکھنا سمجھ بجھکے قدم چاہیئے یہان ٭ دنیا نہیں صراط ہے یوم الورود کی۔ ایسر

صَرصَر۔ ع۔ آندہی۔ مونث ؎ خاک میں کس کی مل گئی حسرت ٭ خاک اڑاتی جو صرصر آتی ہے۔ امیر

صَرع۔ ع۔ مرگی۔ مونث ؎ ہو گئی ہے صرع اس کم بخت کو ٭ ہے عبث کرتے علاج اس کا میں جو۔ باقی

صَرف۔ خرچ۔ مذکر۔

صَرف۔ ع۔ نام علم۔ مونث ؎ مجھے صرف ہی صرف رکھتی ہے محو ٭ نہیں یاد ہو سکتی ہے صرف و نحو۔ آثم

صَرف وَنحو۔ ع۔ گرامر۔ مونث ؎ مجھے صرف ہی صرف رکھتی ہے محو ٭ نہیں یاد ہو سکتی ہے صرف و نحو۔ آثم

صَرفہ۔ بہر معنی۔ مذکر۔

صَرّہ۔ مذکر۔

صَریر۔ ع۔ آواز قلم۔ مونث ؎ ایسر اسکے خرام ناز کے مضمون میں لکھتا ہون ٭ صریر کلک بھی سوتے ہوئے فتنے جگاتی ہے۔ ایسر

صُعُوبَت۔ ع۔ دشواری۔ سختی۔ مونث ؎ رنج کے گھر میں ہمیشہ میں رہی ہون مہمان ٭ آئی جو گھر میں مرے پہر وہ صعوبت نہ گئی۔ جان صاحب

صُعُود۔ مذکر۔

صَعوہ۔ مونث۔

صِغَر۔ ع۔ کم سنی۔ مذکر ؎ صغر اس کا ہے مایۂ حسرت ٭ لٹ گئی حیف اسکی سب دولت۔ رنگین

صَف۔ ع۔ قطار۔ مونث ؎ سب کو پاس اپنو بُلا ہو تلہے یہ ہے عفو کا حکم ٭ بیگناہون سے صف آگے ہو گنہگاروں کی۔ امیر

صَفا۔ ع۔ صفائی۔ پاکی۔ مونث ؎ دیدۂ دل سے نظر کی رخ جانان پہ امیر ٭ چشم موسیٰ سے صفائے ید بیضا دیکھی۔ اکبر

صِفات۔ ع۔ اوصاف۔ مونث ؎ تم بشر ہو چاہیئے اچھی تمہاری ہون صفات ٭ ورنہ کیا ہے فرق حیوانون اور انسان میں۔ کیف

صِفاق۔ پردہ شکم۔ مذکر۔

صِفَت۔ ع۔ خوبی۔ مونث ؎ واعظ تری سمجھ کے بھی قربان جائیے ٭ قرآن میں تو طہور صفت ہے شراب کی۔ امیر

صَفحہ۔ مذکر۔

صَفَر۔ ع۔ ایک قمری مہینا۔ مذکر ؎ کہی کب بات تم نے کوئی سچی ٭ نہ آئے اب بھی تم گزرا صفر بھی۔ سراغ

صافہ۔ مذکر۔
صبا۔ مونث۔
صباح۔ ع۔ فجر۔ مونث۔ اور جب دہر کی صباح ہوئی، واسطے اس کے وہ مباح ہوئی۔ خلیل
صباحت۔ مونث۔
صبح۔ ع۔ فجر۔ تڑکا۔ مونث ۔ اک بلا سر سے ٹلی دوسری آفت آئی۔ شب فرقت جو گئی صبح قیامت آئی۔ امیر
صبر۔ ع۔ شکیب۔ مذکر ۔ اس برق وش کو تو نہیں دم بھر کہیں قرار، کس پر پڑیگا صبر مرے اضطراب کا۔ جلیل
صبر۔ ایلوا۔ مذکر۔
صبوح۔ ع۔ شراب۔ مونث ۔ کیا ہی اچھی صبوح دی تو نے، مے نہیں بلکہ جان لی تو نے۔ ساقی
صبیان۔ مذکر۔
صحاح۔ نام کتاب۔ مونث۔
صحبت۔ ع۔ سنگت۔ مونث ۔ دنیا کا ذکر یاں کبھی آتا نہیں جلیل، صحبت ہمیں پسند ہے اہل قبور کی۔ جلیل
صحت۔ ع۔ تندرستی۔ تصحیح۔ مونث ۔ اللہ نہ دے روگ محبت کا کسیکو، صحت کو زیر قدم صحن بیابان ہوگا۔ نسیم
صحرا۔ مذکر۔
صحن۔ ع۔ آنگن۔ مذکر ۔ بیٹھنے دیگی نہ کونے میں بھی وحشت مجھ کو، صحن کو زیر قدم صحن بیابان ہوگا۔ نسیم
صحنک۔ مونث۔
صحیفہ۔ مذکر۔
صدا۔ بہر معنی۔ مونث۔
صدارت۔ ع۔ صدر نشینی۔ مونث ۔ تھی مسلم جو لیاقت انکی، زیب محفل تھی صدارت انکی۔ خیال
صداع۔ درد سر۔ مذکر۔
صداق۔ مہر۔ مذکر۔
صداقت۔ ع۔ سچائی۔ راستی۔ مونث ۔ خوب وعدہ وصل کا پورا ہوا۔ آپ کی ہم نے صداقت دیکھ لی۔ اختر
صد برگ۔ مذکر۔
صدر۔ ع۔ چھاتی۔ صحن۔ پیشگاہ خانہ۔ مذکر ۔ پہونچا سو سقر جو پئے عذر تھا، نے خود تھا نہ فرق نہ جوشن نہ صدر تھا۔ انیس
صدف۔ مونث۔
صدق۔ ع۔ راستی۔ سچائی۔ مذکر ۔ جھوٹ ہی سے ہیں آفتیں آتی، صدق تم کو ضرر نہ دیگا کبھی۔ نجم

شُہُود ۔ ع ۔ حاضر ہونا ۔ مصطلح تصوف ۔ مذکر ۔ سب ہیں شہود ایک ہیں شاہد ۔ سب ایں ظاہر شہود اسکا ہے ۔ فنا

شَیٔ ۔ ع ۔ چیز ۔ مونث ۔ آج مے بیٹھ کے مسجد میں نہ کرائے واعظ ۔ ایسی شئے ہے کہ قیامت پہ اٹھا رکھی ہے ۔ امیر

شَیب ۔ ع ۔ کہولت ۔ مذکر ۔ مبدل ہو گیا شیب اسکا بھی عہد جوانی سے ۔ پڑا تھا ہاتھ جس بیدار کا یوسف کے دامان پر ۔ محشر

شِیر ۔ ف ۔ اسد ۔ مذکر ۔ وہ وحشی ہے دل عاشق کہ قابو ہو نہیں سکتا ۔ مسخر شیر ہوتا ہے یہ آہو ہو نہیں سکتا ۔ بحر

شیئر ۔ ان ۔ حصہ ۔ مذکر ۔ اس کی آمد کے کئی ذریعے ہیں ۔ ریلوے میں بھی شیئر اسکے ہیں ۔ فخر

شِیر بِرَنج ۔ ف ۔ کھیر ۔ مونث ۔ نہیں کھائی ہے یہیں نے شیر برنج ۔ اس لئے ان کو ہے نہایت رنج ۔ فلاح

شِیرمال ۔ ف ۔ روغنی روٹی ۔ مونث ۔ گو کہ اس میں ذرا ثقالت ہے ۔ پھر بھی بسکٹ سے شیرمال اچھی ۔ اکبر

شَیطان ۔ ع ۔ ابلیس ۔ مذکر ۔ مانع جور و نیک سے ہو رہے تجھے غافل ۔ تو جان لے یہ دل میں کہ شیطان ہے میرا ۔ ظفر

شِیَن ۔ ع ۔ بکا ۔ مذکر ۔ رات دن کرتا ہے وہ آہ و بکا ۔ شین اس کا سنا نہیں جاتا ۔ صدر

شیک ہینڈ ۔ ان ۔ مصافحہ ۔ مذکر ۔ ہو رہا ہے مس سے اور مسٹر سے باہم شیک ہینڈ ۔ کوئی ہے غمخوار عشق اور کوئی ہے غمخوار حسن ۔ محشر

شیُوخت ۔ بڑھاپا ۔ مونث ۔ اب اپنی تو آگئی شیوخت ۔ اور ہے یہ زمانہ مصیبت ۔ ماہر

شُیُوع ۔ ع ۔ اشاعت ۔ مذکر ۔ اب تک اس کا نہیں شیوع ہوا ۔ کہئے تاخیر کا سبب ہے کیا ۔ حمید

شِیوَن ۔ ف ۔ آہ و نالہ (واحد) مذکر ۔ کچھ اس درد سے عشق میں کوئی رویا ۔ اثر چیخ اٹھا سنکے شیون کسی کا ۔ امیر

باب صاد مہملہ

ص ۔ مذکر۔

صابون ۔ مذکر۔

صاحب سلامت ۔ ا ۔ رسمی ۔ ملاقات ۔ مونث ۔ پاس گر رکھئے کسیکو پاسداری کیجئے ۔ ورنہ رہنے دیجئے صاحب سلامت دور کی ۔ ظفر

صادُ ۔ ع ۔ علامت تصدیق ۔ مذکر ۔ دکھایا جب کلام مدحت چشم ید بیضا ۔ کسی پر بعض ہوتا ہے کسی پر صاد ہوتا ہے ۔ رشک

صَارِم ۔ ع ۔ تیغ ۔ مونث ۔ اس کے منہ سے ایسے جب نکلے نے صارم بران نکالی میان سے ۔ کانی

صاع ۔ پیمانہ ۔ مذکر۔

صاعِقہ ۔ مذکر۔

صاف ۔ مذکر۔

شَمس ۔ ع۔ سورج۔ آفتاب۔ مذکر ۔ یار نکلا تو تھا صورت دکھاتا ہیں کسے ۔ نجمت پینے کا وقت تھا شمس و قمر کوئی نہ تھا۔ آتش

شُمشاد ۔ ف۔ نام ایک درخت کا۔ مذکر ۔ سروقد۔ نہ مرے کا ماجرا ہے خوب کیا ۔ تاڑ سا قد لئے کیوں سامنے شمشاد آیا۔ رند

شَمشیر ۔ ف۔ سیف تلوار۔ مونث ۔ ہم اگر قتل ہوئے خیر یہ تقدیر تھی ۔ آپ بدنام نہ ہوں دھو نے شمشیر اپنی۔ امیر

شَمع ۔ ع۔ موم کی بتی۔ مونث ۔ اے شمع وہاں بیکہ بھی تمنا ہوئی نہ تو کیا ۔ جلا جاتی ہے پتنگے غریب سے ۔ جلیل

شَمعدان ۔ ف۔ چراغدان۔ مذکر ۔ دالان میں شمعدان تھا رکھا ۔ تھا شمع کا گھر میں سب اجالا۔ منیر

شناخت ۔ ف۔ پہچان۔ مونث ۔ کوئی تیری شناخت بھی تو کرے ۔ تو ہے در یتیم اے یاور۔ یاور

شور ۔ ف۔ کھار۔ غل۔ مذکر ۔ کچھ اس ادا سے مارا جبہہ کشتہ ادا کو ۔ مقتل میں ہر طرف تھا اک شور آفریں کا۔ امیر

شورش ۔ ف۔ بلوا۔ بے چینی۔ مونث ۔ رہا گر شور زوراپنے دل شوریدہ کا یونہیں ۔ تو اک دن مثل شور حشر شورش ہونیوالی ہے۔ ظفر

شوروشر ۔ ف۔ فتنہ وفساد۔ مذکر ۔ شوروشر رنگ لائیگا اک دن ۔ فتنہ اب جائے یہ نہیں ممکن۔ قیصر

شوروشین ۔ ف۔ چیخ پکار۔ گریہ وزاری۔ مذکر ۔ دل ہلا دیتا ہے تیرا شوروشین ۔ اس قدر روتا ہے کیوں اے نورعین۔ ناظر

شوروغل ۔ ف۔ چیخ۔ غوغا۔ غپاڑا۔ مذکر ۔ ہریالے بنے کا شوروغل تھا ۔ سنبل کا چھوڑ تو چتر گل تھا۔ نسیم

شونیز ۔ ف۔ کلونجی۔ مونث ۔ شوربت اس میں زیادہ ہوگئی ۔ اس پہ زائد پڑگئی شونیز بھی۔ کلام

شہ ۔ ف۔ مخفف شاہ۔ مذکر ۔ یہ نہ سمجھے اور ہی شاطر نے شہ دی تھی انہیں ۔ زعم میں اپنے سلاطین آپ کو شہ کرگئے۔ درد

شہاب ثاقب ۔ ع۔ جلتا ہوا تارہ۔ مذکر ۔ ہوگا غالب شہاب ثاقب ۔ ہم جانتے ہیں عدو سہا ہے۔ حسن

شہادت ۔ ع۔ گواہی۔ موت۔ مونث ۔ کوئے جاناں میں ہوئی ہے جو شہادت میری ۔ دامن حور کے سایہ میں ہے تربت میری۔ اہر

شہامت ۔ ع۔ بزرگی۔ مونث ۔ شرافت اسکی مسلم شہامت اسکی بڑی ۔ شجاعت اسکی ہے مشہور ہے بڑا وہ جری۔ کمال

شہپر ۔ ف۔ بازو۔ مذکر ۔ کیوں تنگ ہو کشمکش سے قفس میں ۔ نہ باقی رہا ایک شہپر کسی کا۔ ظفر

شہتیر ۔ ف۔ کڑی۔ مذکر ۔ کون کہتا ہے معلق ہے یہ سقف گردوں ۔ کہکشاں کا تو لگا اسمیں ہے شہتیر ہنوز۔ ظفر

شہد ۔ ف۔ عسل۔ مذکر ۔ تیرہ بختی موزیوں پر کرتی ہے نازل بلا ۔ شہد لٹتا ہے شب تاریک میں زنبور کا۔ ناسخ

شہر ۔ ف۔ بلدہ۔ نگر۔ مذکر ۔ دامنوں کا نہ پتہ ہے نہ گریبانوں کا ۔ حشر کہتے ہیں جسے شہر ہے عریانوں کا۔ امیر

شہرپناہ ۔ ف۔ فصیل۔ مونث ۔ لو نظر آئی اسکی شہرپناہ ۔ جسکا تھا انتظار شام و پگاہ۔ صریر

شہرت ۔ ع۔ ناموری۔ مونث ۔ بے خودی نے کئے بال و پر عنقا پیدا ۔ میرے گم ہونے سے عالم میں ہے شہرت میری۔ امیر

شہرگ ۔ ف۔ رگ گردن۔ مونث ۔ ظالم خدا کے واسطے اب مجھ سے ہاتھ اٹھا ۔ شہرگ میری تو ایک کٹاری میں کٹ گئی۔ مصحفی

شہ نشین ۔ ف۔ برآمدہ۔ مونث ۔ شہ آئیگا اب کوئی دم میں یہیں ۔ کہ اسکی مقرر ہے یہ شہ نشین۔ قمر

شہوت ۔ ع۔ خواہش جماع۔ مونث ۔ ہے مجھ کو اگر محبت نفس ۔ بڑھ جائیگی تیری شہوت نفس۔ فراغ

شکست ریخت ۔ ف۔ ٹوٹ پھوٹ۔ مونث ۔ کہہ رہی ہے شکست و ریخت بھلی ۔ کوئی یہ بھی بڑی عمارت تھی۔ حامد

شکل ۔ ع۔ صورت۔ چہرہ۔ مونث ۔ خود نمائی سے تری شکل چھپائی نہ گئی ۔ گئی جب بزم میں پیش آئینہ گئی۔ جلیل

شکل وشمائل ۔ ع۔ صورت وسیرت۔ مونث ۔ واہ کیا خوب جوانی میں نکالا جوبن ۔ آپ کی شکل وشمائل کبھی ایسی تو نہ تھی۔ اسیر

شکم ۔ ف۔ پیٹ۔ مذکر ۔ ساقی شراب سے رہے قصر فلک بھرا ۔ شیشہ کی طرح مے سے شکم حلق تک بھرا۔ آتش

شکوہ یا شکوہ ۔ شکایت۔ مذکر۔

شکوہ ۔ ف۔ حشمت۔ شان۔ مونث ۔ ہر جا فرس شکوہ دکھاتا تھا طور کی ۔ بجلی قدم قدم پہ چمکتی تھی نور کی۔ انیس

شکوے ۔ ع۔ (شکوہ) شکایت۔ گلہ۔ مذکر ۔ سنتا ہی ہے وہ کب ہمارا شکوے ۔ کرکے رقیب خوار ہوگا۔ شفیق

شکیب ۔ مذکر۔

شگاف ۔ ف۔ رخنہ۔ درز۔ مذکر ۔ جو اس زمین میں نہ اپنا خیال گڑ جاتا ۔ قلم کی طرح سے دل میں شگاف پڑ جاتا۔ کیفی

شگفت ۔ ف۔ تعجب۔ مذکر ۔ مجھ کو ہوتا ہے شگفت اس عہد پر ۔ ہوتے ہیں بد عہد سارے سیمبر۔ اثیم

شگوفہ ۔ مذکر۔

شگون ۔ ف۔ فال۔ مذکر ۔ وہ آتے کب ہیں مگر ہم نے ان کے آنیکا ۔ شگون سنکے کچھ آواز زاغ لے تو لیا۔ ظفر

شلجم ۔ مذکر۔

شلغم ۔ مذکر۔

شلک ۔ ت۔ فیر۔ مونث ۔ میخانہ میں جو قلقل مینا کی ہے صدا ۔ گویا یہ عیدگاہ ہے شلک ہے عید کی۔ اسیر

شلنگ ۔ انگریزی۔ مونث۔

شلنگ ۔ جست۔ مذکر۔

شلوار ۔ مونث۔

شلوکہ ۔ (نام لباس) مذکر۔

شلہ ۔ مذکر۔

شلیتہ ۔ (جوال) مذکر۔

شماتت ۔ ع۔ کسی کی تباہی پر خوش ہونا۔ مونث ۔ رنج تو اپنوں کی شماتت کا ہے ۔ ظلم بھی ظلم اہل قرابت کا ہے۔ نذیر احمد خان

شمار ۔ ف۔ گنتی۔ حساب۔ مذکر ۔ بتاؤں کیا میرے سینے میں داغ کتنے ہیں ۔ نجوم چرخ کا کس سے شمار ہوتا ہے۔ اسیر

شمال ۔ ع۔ اتر۔ مذکر ۔ جمعہ مسجد کی سمت جاپان سے ۔ گھر اس کا شمال میں اسکے۔ ماہر

شمائل ۔ ع۔ عادات۔ (واحد جمع) مونث ۔ ہم انکی جانتے ہیں سب خصائل ۔ نہ بدلینگی کبھی ان کی شمائل۔ کمین

شَفَق - ع - شام کی سرخی - مونث ۔ دل یہ کہتا ہے بدخشان میں شفق پھولی ہے ۔ سرخ جب ہونٹ ترے پان سے ہم دیکھتے ہیں ۔ امیر

شَفَقَت - ع - مہربانی - مونث ۔ پلا جب وہ اس ناز ونعمت کے ساتھ ۔ پدر اور مادر کی شفقت کے ساتھ ۔ حسن

شِق - ع - طرف - حصہ - مونث ۔ دو شقیں اس کی کرتے ہیں ہمدم ۔ ایک تولے تو ایک لینگے ہم ۔ غریب ۔

شَقیقہ - مذکر ۔

شَقاوَت - ع - بدبختی - مونث ۔ ہم اپنی شقاوت سے پستی میں ہیں ۔ کہ بدست اسی فاقہ مستی میں ہیں ۔ حسن

شِکار بند - مذکر ۔

شِکال - پائے بند اسپ - مونث ۔

شَقائِق - ع - گل لالہ - مذکر ۔ شقائق کھلے ہیں کہیں دلکشا ۔ کہیں یاسمن یاسمین جانفزا ۔ احقر

شَکَر - سپاس - مذکر ۔

شکرانہ - مذکر ۔

شَکَرپارہ - مذکر ۔

شَکَرقند - مونث ۔

شَک - ع - شبہہ - احتمال - مذکر ۔ گلے سے سرخی پان صورت مے جو نظر آئی ۔ ہوا شک ہیکلشون کو گردن ساقی پہ مینا کا ۔ وزیر

شِکار - ف - صید - مذکر ۔ میرا دل رسیدہ ہوا کب کسی کا صید ۔ قسمت سے آگیا ہے ترے ہاتھ یہ شکار ۔ ظفر

شکرہ - مذکر ۔

شکریہ - مذکر ۔

شِکارگاہ - ف - صید گاہ - مونث ۔ ہے خاص شکار گاہ اس کی ۔ کھیلو نہ یہاں شکار کوئی ۔ خادم

شِکایَت - [illegible] ۔ شکایت میں کمی کرائے دل ۔ اب یہ کسدن کیلئے تونے اٹھا رکھی ہے ۔ امیر

شِکَر - ف - [illegible] ۔ کیا لب ہے ترے تنگ دہن میں شکر ۔ دیکھیو مجھ کو بھی اے طفل حسین تھوڑی سی ۔ ناسخ

[illegible]

[illegible] ۔ ایک بیگم بلاتی ہیں چلئے ۔ شعور

شکریہ - مذکر ۔

شِکَست - ف - زک - ہزیمت - مونث ۔ نے راس وچپ کے غول نہ صف روبرو کی تھی ۔ اسکی ظفر شکست سپاہ عدو کی تھی ۔ مونس

شش جہت - ف - تمام دنیا - مونث - غم کدہ ہے یہ شش جہت دیکھی ، کسی پہلو یہان فراغ کہان - عشق

شط - ع - کنارہ دریا - طرف - مذکر[1] گڑین شہید ترے کس نمط زمین کے تلے ، جب انکے خون کا بہتا ہو شط زمین کے تلے - مصحفی

شطرنج - نام بازی - مونث -

شعار - ع - دستور - عادت - مذکر - کرون سو کیا آہ ناامیدی وہ ہوے کسطرح یار اپنا ، نہ گہر مین رہنا ہے شیوہ اسکا نہ ساتھ پہرنا شعار اپنا - سودا

شعاع - ع - کرن - مونث - شب مہتاب شب وصل میں درکار نہ تہی ، دہوپ نکلی تہی شعاع رخ دلدار نہ تہی - برق

شعبان - مذکر -

شعبدہ - مذکر -

شعبہ - مذکر -

شعر - ع - کلام موزون - مذکر - سراپا کہنچ گیا نقشہ قلم سے روئے جانانکا ، مشابہ ہوگیا تصویر سے ہر شعر دیوان کا - آباد

شعر - بال - مذکر -

شعر و سخن - مذکر -

شعلہ - مذکر -

شعور - دانش - مذکر -

شعیر - جو - مذکر -

شغال - ف - گیدڑ - مذکر - پہرا جاتا ہے اسی جانب خیال ، کیونکہ ہوتا ہے بڑا دانا شغال - شرف

شغب - ع - شور و غل - مذکر - رہتا ہے ذلیل و خوار رند میخوار ، ہے اسکا شغب برنگ گوسالہ خوار - شوکت

شغف - مذکر -

شغل - ع - کام کاج - مذکر - جو پوچھا ہم نے مجنون سے کہو کیا شغل رہتا ہے ، کہا مین ہون تمہیں اے مرشد کامل دعا دیتا - ظفر

شفا - ع - صحت - مونث - کیون نہ دنیا کو ہو خوشی غالب ، شاہ دیندار نے شفا پائی - غالب

شفاخانہ - مذکر -

شفاعت - ع - سفارش - مونث - اسیر گنہگار پر رحم کرنا ، کہ چاہتا ہے شفاعت تمہاری - اسیر

شفتالو - ف - آڑو - مذکر - طفل کے مانند اس پر رال ٹپکیگی مری ، باغ عالم میں مجہے شفتالو لب بہائیگا - آتش

شفعہ - مذکر -

نوٹ [1] مختلف فیہ ہے مگر تذکیر کا رواج زیادہ ہے ۱۲

شُرب۔ نوشیدن۔ مذکر۔

شَربَت۔ بہر معنی۔ مذکر۔

شِراکَت۔ ع۔ حصہ داری۔ مونث ؎ ہے اس میں محتشم کی بھی شراکت ٭ مگر کسی کام میں اسکے نہ محنت۔ صفا

شَرح۔ ع۔ اظہار۔ تفسیر۔ نرخ۔ سود۔ مونث ؎ لب جان بخش کے قریب وہ خط ٭ شرح ہے متن زندگانی کی۔ آتش

شَرَر۔ ع۔ اخگر۔ چنگاری۔ مذکر ؎ بے شرارت کوئی ہوتے ہیں بہم دو سنگدل ٭ دیکھو پتھر پر گرا پتھر شرر پیدا ہوا۔ ظفر

شَرط۔ ع۔ عہد۔ لازم۔ مونث ؎ غم سے بقائے دل ہے تو دل سے بقائے غم ٭ دونوں طرف ہے شرط برابر لگی ہوئی۔ امیر

شَرط۔ ع۔ باد موافق۔ مونث ؎ شرط آئی تو ہو گئے سب شاد ٭ کہ بر آئی ہمارے دل کی مراد۔ حرم

شَرع۔ ع۔ قانون۔ مذہب۔ مونث ؎ جبر بے کس پہ کرتا ہے کوئی ٭ شرع میں کیا تمہاری ہے یوں ہی۔ فرخ

شَرَف۔ ع۔ برتری۔ مذکر ؎ ڈھونڈھتی ہیں آنکھیں اس محبوب کا نقش قدم ٭ چاہتا ہے دل کرے حاصل شرف پابوس کا۔ آتش

شَرق۔ ع۔ مشرق۔ مذکر ؎ شرق اس کا ہے جانب صحرا ٭ غرب اس کا ہے جانب دریا۔ سعد

شِرک۔ مذکر۔

شِرکَت۔ ع۔ حصہ داری۔ ساجھا۔ مونث ؎ دل میں تب کافر کے محبت نہیں ہوتی ٭ ظلمت میں کبھی نور کی شرکت نہیں ہوتی۔ بحر

شَرم۔ ف۔ حیا۔ مونث ؎ مار ڈالا سر محفل مجھے غمزہ کر کے ٭ رحم آیا نہ تمہیں شرم تو آئی ہوتی۔ جلیل

شَرنگ۔ نام اسپ۔ مذکر۔

شُرُوع۔ مذکر۔

شِریان۔ مونث۔

شَرَن۔ ہ۔ پناہ۔ مذکر ؎ آج ہی میرا نکالدیگا شرن ٭ میں کبھی چھوڑوں گا نہ تیرے چرن۔ مہر

شَرِیر۔ جسم۔ مذکر۔

شَرِیعَت۔ ع۔ دینی قانون۔ مونث ؎ حق پسندی نے لیا کام ترے دفتر کا ٭ مہر کرنے ترے حکموں پہ شریعت آئی۔ امیر

شَرِیفہ۔ مذکر۔

شَست۔ بہر معنی۔ مونث۔

شَشتَر۔ س۔ حربہ۔ مذکر ؎ مل گیا آج ہم کو وہ غستر ٭ اب تو ہاشم کی جان کو ہے خطر۔ مجبور

شُست و شُو۔ ف۔ نہانا۔ دھونا۔ مونث ؎ تن کو کیا دھوتا ہے دل کو پاک کر ٭ اے منعم یہ شست و شو اچھی نہیں۔ صبا

شُش۔ ف۔ پھیپھڑا۔ مذکر ؎ حیف ہے سڑ گیا ہے شش اس کا ٭ حال اس کے جگر کا بھی ہے برا۔ ادب

شَشْ۔ پنج۔ مذکر۔

شتاکنگ۔ پاشنہ۔ مونث۔

شُتُر۔ ف۔ اونٹ۔ مذکر۔ ہر مسافر کو سبکساری سفر میں چاہیئے + کیون شتر بنتا ہے منعم خیمہ و خرگاہ کا۔ بحر

شُتُر غمزہ۔ مذکر۔

شُتُر گربہ۔ مذکر۔

شُتُر گاؤ۔ ف۔ زرافہ۔ مذکر۔ اک شترگاؤ ہم نے وان دیکھا + اک شتر مرغ بھی وہان تھا بڑا۔ کرم

شُتُر مُرغ۔ ف۔ نام ایک مشہور پرند کا۔ مذکر۔ اک شترگاؤ ہم نے وان دیکھا + اک شترمرغ بھی وہان تھا بڑا۔ کرم

شَتم۔ ع۔ دشنام۔ گالی۔ مونث۔ شتم اس بدزبان نے دی ہے مجھے + دیکھو بدلہ میں لیتا ہون اس سے۔ صاحب

شُجاعَت۔ ع۔ دلیری۔ مونث۔ شرافت اسکی مسلم شہامت اسکی بڑی + شجاعت اسکی ہے مشہور یہ ہے بڑا وہ جری۔ کمال

شَجَر۔ ع۔ درخت۔ مذکر۔ دفن ہے جس جا پہ کشتہ سرو قدی کا تری + بیشتر ہوتا ہے پیدا وان شجر کافور کا۔ ذوق

شَجَرہ۔ نسب نامہ۔ مذکر۔

شجاعت۔ مونث۔

شَحم۔ مونث۔

شَخص۔ ع۔ آدمی۔ انسان۔ مذکر۔ خدا نے کیا ہم میں اک شخص پیدا + مسلمانون کی قوم کا دل سے شیدا۔ نذیر احمد خان

شَخصیَّت۔ ع۔ ذات۔ عزت۔ مونث۔ ہمکو معلوم ہے تری حالت + کام آئیگی یہ نہ شخصیت۔ اوج

شُد بُد۔ ف۔ حرف شناسی۔ مونث۔ ان کو اُردو میں ہے شد بد ہوگئی + اب پڑہائینگے انہیں ہم فارسی۔ قمر

شِدَّت۔ مونث۔

شَدّ و مد۔ ع۔ دہوم دھام۔ مونث۔ بڑی شد و مد سے نکل کر وہ گھر سے + ہمارے یہان میہمان آرہے ہیں۔ ساقی

شَر۔ ع۔ بدی۔ عداوت۔ مذکر[1]۔ غیرون سے اشارے مرے آگے سر محفل + پہر آپ کہینگے کہ مجھے شر نہیں آتا۔ امیر

شَراب۔ مونث۔

شَرارَت۔ ع۔ بدی۔ شوخی۔ مونث۔ بچپن کے ایک جانے سے وہ کیون اداس ہون + شوخی نہیں رہی کہ شرارت نہیں رہی۔ جلیل

شَرار۔ ع۔ اخگر۔ چنگاری (واحد) مذکر۔ کبھی نہ قطرہ دیا تونے ساقیا مجھ کو + ادہر نہ آتش مے کا کوئی شرار آیا۔ ناسخ

شَرارہ۔ اخگر (واحد) مذکر۔

شَرافَت۔ ع۔ بزرگی۔ مونث۔ شرافت اسکی مسلم شہامت اسکی بڑی + شجاعت اسکی ہے مشہور یہ ہے بڑا وہ جری۔ کمال

نوٹ۔ [1] مختلف فیہ ہے مگر تذکیر کا رواج غالب ہے ۱۲

شاہد۔ ع۔ معشوق۔ مذکر۔ اپنا شاہد سب حسینوں سے نرالا ہے فقیر ٭ کس پہ دل آیا ہے دل آنے پہ ہم کو ناز ہے۔ فقیر

شاہرہ۔ ف۔ بڑی سڑک۔ مونث۔ ہے شاہرہ ہدایت کی مضطرب سیدھی ٭ ہیں شوم بخت جو اس راہ سے بھٹکتے ہیں۔ مضطرب

شاہین۔ بہر معنی۔ مذکر۔

شائبہ۔ مذکر۔

شب۔ ف۔ رات لیل۔ مونث۔ بلا اس سیہ روز کو بزم میں ٭ شب عیش اے مہ جبین ہو چکی۔ مومن

شباب۔ ع۔ جوانی۔ مذکر۔ نہ پوچھ عیش جوانی کا ہم سے پیری میں ٭ ملی تھی خواب میں وہ سلطنت شباب نہ تھا۔ امیر

شباہت۔ ع۔ مشابہت۔ صورت۔ حسن یوسف کو بہت آنکھ جا کر دیکھا ٭ پوری تصویر تمہاری ہے شباہت کیسی۔ امیر

شباہنگ۔ ف۔ بلبل۔ مونث۔ شباہنگ گلبن پہ ہے چہچہاتی ٭ زبس عشق گل میں وہ ہے نغمہ گاتی۔ سرور

شب برات۔ ف۔ نام ایک تہوار کا۔ مونث۔ اس کے ملنے کی جب کہ رات آئی ٭ اپنے حق میں شب برات آئی۔ قائم

شبخون۔ مذکر۔

شبد۔ س۔ آواز۔ صدا۔ مذکر۔ آتی شبد ہے آتی کہاں سے ٭ گر رہو نہ کوئی اپنی جان سے۔ شرار

شبدیز۔ ف۔ مشکی گھوڑا۔ مذکر۔ کوڑے نالوں کے اٹھاتا ہوں قدم اٹھتا نہیں ٭ کیا ہی شبدیز شب فرقت بھی اڑیل ہو گیا۔ ناسخ

شبدیگ۔ مونث۔

شبر۔ وجب۔ مذکر۔

شبرنگ۔ ف۔ مشکی رنگ کا گھوڑا۔ مذکر۔ خوبصورت وہ ایسا تھا شبرنگ ٭ دیکھکر اسکو ہوتے تھے شب دنگ۔ نجم

شبستان۔ ف۔ خلوت خانہ۔ مذکر۔ غیر کے گھر میں گو شمع شب افروز ہو تم ٭ تم سے روشن ہے تمہیں دیکھو شبستان کسکا۔ ناظم

شب قدر۔ ف۔ عظمت و جلال کی رات۔ مونث۔ آئی شب قدر قدر کیجئے ٭ اجر حسنات حق سے لیجئے۔ فنا

شبنم۔ ف۔ اوس۔ مونث۔ کیا باغ میں دیکھتی ہے شبنم ٭ جو گل کی ہنسی پہ رو رہی ہے۔ امیر

شببو۔ ف (شب بو) نام ایک پھول کا۔ مونث۔ وہ آئی ساتھ نسرین دشمن کے ٭ تھی شب ہاتھ میں اس گلبدن کے۔ حسن

شبہہ۔ ع۔ شک۔ گمان۔ مذکر۔ دل چرایا ہے آپ بھری محفل میں ٭ اور کہتے ہیں کہ ہے شبہہ تمہارا کس پر۔ داغ

شبیہ۔ ع۔ شباہت۔ صورت۔ شکل۔ مونث۔ چاند سورج کو تمہاری شکل سے نسبت ہے کیا ٭ کچھ شبیہ او غیرت شمس و قمر ملتی نہیں۔ رند

شپرک۔ شپر۔ مونث۔

شپرہ۔ شپر۔ مذکر۔

شتا۔ موسم سرما۔ مذکر۔

شتابہ۔ مذکر۔

شاخ۔ ف۔ ٹہنی۔ مونث ۔ ہمارے نالۂ دل سے گرم نالہ ہر بلبل ، نہیں کس گلستاں میں شاخ اپنے نخل ماتم کی۔ امیر

شہاخانہ۔ مذکر۔

شادیانہ۔ مذکر۔

شارع۔ ع۔ راہ۔ مذکر ۔ شارع عام ہے یہی سیدھا ، یہی شارع بوار تک ہے گیا۔ ناجی

شارع عام۔ ع۔ عام راستہ۔ مذکر ۔ شارع عام ہے یہی سیدھا ، یہی شارع بوار تک ہے گیا۔ ناجی

شارک۔ مونث۔

شاستر۔ کتاب شرع۔ مونث۔

شافہ۔ مذکر۔

شال۔ مونث۔

شالباف۔ نام قماش۔ مونث۔

شاماک۔ مونث۔

شام۔ ہ۔ حلقہ آہن۔ مونث ۔ دستگیری کر رہی ہے تیرہ بختی آجکل ، خود بخود میری چھڑی کی شام گیسو ہو گئی۔ منیر

شام۔ ف۔ وقت غروب۔ آفتاب۔ مونث ۔ عذار یار پہ زلف سیاہ شام نہیں ، مگر یہ حشر کا دن ہے کہ جسکی شام نہیں۔ وزیر

شام۔ ف۔ نام ملک۔ مذکر ۔ مصر دیکھا ہے یہ ملک جانفزا ، شام دیکھا ہے یہ شہر دلکشا۔ حریف

شامامہ۔ ہ۔ نام ایک چڑیا کا۔ مونث ۔ جا کے سایہ میں دم تھا کچھ ہی لیا ، آکے بیٹھی درخت پر شاماما۔ رضا

شامت۔ ع۔ بدبختی۔ مونث ۔ ہاتھ میں نے جو بڑھایا کبھی گیسو کی طرف ، بولے جھنجھلا کے ہے شاید تیری شامت آئی۔ امیر

شام گلیان۔ مذکر۔

شامیانہ۔ مذکر۔

شان۔ ف۔ زنبور کا چھتہ۔ مذکر ۔ شاہ سایہ میں جس کے تھا بیٹھا ، شان زنبور اس شجر پہ تھا۔ عنا

شان۔ ہ۔ آوازہ تیر و بان۔ مونث ۔ چمکتے ہوئے باؤلے کے نشان ، سواروں کے غٹ اور باتوں کی شان۔ میر حسن

شان و شوکت۔ ع۔ جاہ و جلال۔ مونث ۔ شان و شوکت کب ہے رہنے والی ابر ، ہے بہار باغ دولت چار دن۔ ابر

شانت۔ مذکر۔

شانہ۔ بہر معنی۔ مذکر۔

شاہباز۔ ف۔ شاہین۔ مذکر ۔ تو لے زلفوں کو الجھ پڑنے سے منڈھایا جو یار ، شاہباز حسن نے بازو نظر آیا مجھے۔ آتش

شاہ بلوط۔ ف۔ نام ایک درخت کا۔ مذکر ۔ ہوگا جب اس راہ سے تیرا گزر ، شاہ بلوط آئیگا پہلے نظر۔ توفیق

سَیلان۔ مذکر۔

سیلن۔ رطوبت۔ مونث۔

سِیم۔ ف۔ نقرہ۔ چاندی۔ مونث۔ ہے میری آنکھ کا تِل نظارے میں کسوٹی ۔ سیم جمال تیری اس سے کھری ہوئی ہے۔ قدر

سیم۔ نام ترکاری۔ مونث۔

سِیما۔ ع۔ پیشانی۔ مونث۔ اسکی سیما تھی چاندسی تابان ۔ اور رخ مثل مہر نور افشان۔ حسن

سِیماب۔ ف۔ پارہ۔ مذکر۔ ذکر دنیا نفس مردہ کو ہوا مار الحیات ۔ مرکے یہ سیماب زندہ پھر دوبارا ہوگیا۔ ذوق

سِیمُرغ۔ ف۔ نام ایک پرند کا۔ مذکر۔ ڈرتے ہیں ترے ناوک مژگان سے یہ طائر ۔ سیمرغ ملک قاف سے باہر نہیں آتا۔ اسیر

سیمیا۔ مونث۔

سِین۔ ن۔ نظارہ۔ سمان۔ مذکر۔ چارہ گر سے کوئی پوچھے اسکی بیتابی کا سین ۔ جسکے دل میں درد سو سو مرتبہ تھم کر اٹھا۔ محشر

سیبل۔ مذکر۔

سیند۔ مونث۔

سِیندُور۔ ہ۔ نام ایک سرخ دھات کا۔ مذکر۔ کیوں نہیں بولتے سحر کے طیور ۔ کیا شفق نے کھلا دیا سیندور۔ ذوق

سِینک۔ ہ۔ کاڑی۔ تیلی۔ مونث۔ قوم کی قوم آتی ہے بے کس نظر ۔ جاتی ہیں جھاڑو کی سی سینکیں بکھر۔ حالی

سِینگ۔ ہ۔ شاخ حیوان۔ قرن۔ مذکر۔ لیٹے جو ہم تو پھر نہ چھوٹے ۔ بارہ سنگوں کے سینگ ٹوٹے۔ انشا

سینہ۔ چھاتی۔ مذکر۔

سینہ بند۔ مذکر۔

سیو۔ مذکر۔

سیوا۔ س۔ خدمت۔ نوکری۔ مونث۔ اُسی دین کی کرتے سیوا ہیں ہم بھی ۔ اسی شخص کے نام لیوا ہیں ہم بھی۔ نذیر احمد خان

شِین۔ ع۔ حروف تہجی کا تیرھواں حرف۔ مذکر۔ کسطرح تو ام لڑائی میں نہ ہو فتح و شکست ۔ شین ہے مفتوح بھی مکسور بھی شمشیر کا۔ امیر

شَابَاش۔ ف۔ کلمۂ تحسین۔ مونث۔ سرخرو رکھا اُسے ایجاد نے ۔ دیکھکر شاباش دی استاد نے۔ سرور

شَاپ۔ ان۔ دکان۔ مونث۔ شاپ تھی اک وہاں بھلے کو قریب ۔ ورنہ ہوتا خفیف پیش حبیب۔ مقبول

سِیتابھل۔ ہ۔ شریفہ۔ مذکر ؎ یون ہی چل نکلے سوئے بحر آکل، جاکے وان کھائے خوب سیتابھل۔ وارد

سِیتَلا۔ ہ۔ چیچک۔ مونث ؎ راہ میں بچے کے نکلی سیتلا، ہوگئے سب رنج وغم میں مبتلا۔ قریب

سیٹ۔ ن۔ مذکر۔

سیٹھن۔ مونث۔

سیج۔ بستر۔ مونث۔

سیجول۔ مذکر۔

سیخ۔ مونث۔

سیدھ۔ مونث۔

سیر۔ ہسن۔ مذکر۔

سیر۔ کاشت۔ مونث۔

سیر۔ وزن۔ مذکر۔

سَیر۔ ع۔ تفریح۔ گشت۔ سیاحت۔ مونث[1] ؎ سیر منظور ہے اس ماہ کو بازارونکی، اب چمک جائیگی تقدیر خریدارونکی۔ امیر

سِیرَت۔ ع۔ خصلت۔ مونث ؎ امیر اس سرور عالم کی کیا توصیف ہو مجھ سے، خدا کی شان ہے سیرت ملک کی شکل آدم کی۔ امیر

سپرغم۔ ریحان۔ مونث۔

سَیرگاہ۔ ف۔ جائے تفریح۔ مونث ؎ دیکھو یہ ہے سیرگاہ اس کی، اب آتی ہی ہوگی شاہزادی۔ قمر

سیس۔ سر۔ مذکر۔

سیس پھول۔ مذکر۔

سیسہ۔ انگریزی۔ مذکر۔

سَیف۔ ع۔ شمشیر۔ تلوار۔ مونث ؎ ابرو کی تیرے ضرب و دوستی چل گئی، جتنی کسائی سیف یہ کستی چلی گئی۔ منیر

سَیفہ۔ مذکر۔

سَیل۔ ع۔ سیلاب۔ مونث[2] ؎ کہتے تو کہتا ہیں انھیں حاتم پہ کیا کہوں، اک سیل بہ گئی عرق انفعال کی۔ سالک

سَیلاب۔ ف۔ طغیانی۔ مذکر ؎ میرے اشکوں کا فلک پر موجزن سیلاب تھا، ہالہ مہ کی جگہ حلقہ گرداب تھا۔ ناسخ

نوٹ [1] مختلف فیہ ہے مگر تانیث کا رواج غالب ہے ۱۲

[2] مختلف فیہ۔ مذکر۔ مثال ؎ نے دل رہا بجا ہے نہ صبر و حواس و ہوش، آیا جو سیل عشق سب اسباب لے گیا۔ میر۔ لیکن تانیث کو ترجیح ہے ۱۲

سُوہانُ۔ ف۔ سوہن ریتی۔ مذکر۔ ٹوٹتی دست جنون سے گر نہیں زنجیر پا، لو مری قسمت سے کیا سوہان بھی جاتا رہا۔ ظفر
سوہن۔ مذکر۔
سویا۔ مذکر۔
سویمبر۔ انتخاب شوہر۔ مذکر۔
سُہا۔ نام ستارا۔ مذکر۔
سہاب۔ مذکر۔
سُہاگ۔ ہ۔ خوش نصیبی۔ مذکر۔ شاید سہاگ ان کا کسی سے نیا ہوا، وہ عطر جو سہاگ کا ملا رات کو گئے۔ ظفر
سُہاگہ۔ ٹنکا۔ مذکر۔
سہال۔ مذکر۔
رَسل۔ مذکر۔

رَسْم۔ ع۔ دستور۔ مونث[1] ؎ پوچھو نہ اس زمانے میں الفت کا حال کچھ + اک رسم تھی قدیم سو موقوف ہو گئی۔ امیر

رَسم و راہ۔ ف۔ میل جول۔ مونث ؎ ہم ان سے مانگتے بوسہ بھی نقد دل دیکر + جو لین دین کی کچھ رسم و راہ پڑ جاتی۔ ظفر

رَسُوب۔ مذکر۔

رَسوت۔ مونث۔

رُسُوم۔ ع۔ (جمع رسم) عادات۔ مذکر[2] ؎ سبحان ربنا کی صلاتیں علی الرسوم + جاری تھے وہ جو ان کی عادت کے تھے رسوم۔ انیس

رُسُوخ۔ ع۔ اعتماد۔ مذکر ؎ ہے وہاں تو رسوخ اسکا جا کچھ کیجئے بہتر ہے اب نہ کچھ ہوگا۔ لطیف

رَسَن۔ ف۔ رسی۔ مونث ؎ گیسو ہوئے سپید مگر ناز رہ گیا + بل تا کمک وہی ہے رسن گو کر جل گئی۔ امیر

رَسید۔ ف۔ خط الوصول۔ مونث ؎ برسوں گلی میں یار کی تا نسد پڑا رہا + نکلا جو خط تو خط کی عنایت رسید کی۔ امیر

رِشتہ۔ بہر معنی۔ مذکر۔

رُشد۔ مذکر۔

رَشک۔ ف۔ حسد۔ مذکر ؎ کیا رشک عرشیوں کی مجھے پائگاہ کا + زائر ہوں آستان حبیب آلہ کا۔ سالک

رِشوت۔ ع۔ استحصال ناجائز۔ مونث ؎ خوار کرتی بشر کو ہے رشوت + اور برستی خدا کی ہے لعنت۔ مدید

رَصاص۔ مذکر۔

رَصَد۔ مونث۔

رِضَا۔ خوشنودی۔ مونث ؎ جنان میں تو ہمیں لیجائے یا جہنم میں + وہی رضا ہے ہماری جو ہے رضا تیری۔ امیر

رَضَاعت۔ ع۔ شیر خواری۔ مونث ؎ ابھی تو ہیں اس کی رضاعت کے دن + کرینگے تامل جو بڑھ جائے۔ فقیر

رُطب۔ مذکر۔

نوٹ [1] اگرچہ یہ مختلف فیہ ہے مگر اب باتفاق مونث ہے ۱۲ [2] مختلف فیہ ہے مگر تذکیر کو ترجیح ہے ۱۲

رَخت ۔ ف ۔ اسباب ۔ مذکر ۔ پہنادیا ہے خلعت زر اسکو نور نے ٭ رخت سیاہ دور شب تار نے کیا ۔ ناسخ

رُخسار ۔ ف ۔ گال ۔ مذکر ۔ پوچھ مت رسوائی انداز استغنائے حسن ٭ دست مرہون حنا رخسارہ رہن غازہ تھا ۔ غالب

رَخش ۔ ف ۔ گھوڑا ۔ مذکر ۔ پیدا ہوا جس سے رخش گردی شہسوار کا ٭ آنکھوں کو انتظار رہا اس غبار کا ۔ رند

رُخصت ۔ ع ۔ اجازت ۔ مونث ۔ آئی جان پر قیامت ہے ٭ آج پہلو سے دل کی رخصت ہے ۔ امیر

رَخنہ ۔ مذکر ۔

رَدّ ۔ ع ۔ واپسی ۔ مذکر[۱] ۔ رد تحفہ ناگوار از بس ہوا ٭ جو بداروں پر ہوا از حد خفا ۔ قدرت

رِدا ۔ ع ۔ چادر ۔ مونث ۔ شب فراق میں میں نے جو منہ لپیٹا ہے ٭ خیال وصل میں پہروں نہیں ردا اُلٹی ۔ آتش

رَدّ و بَدل ۔ ع ۔ تغیر و تبدل ۔ مونث ۔ ہاں بعد علی کم ہوئی جنگ و جدال ایسی ٭ غل تھا کبھی دیکھی نہیں رد و بدل ایسی ۔ انیس

رَدّ و قَدَح ۔ ع ۔ بحث و مباحثہ ۔ مونث ۔ ذکر وصلت پر اگرچہ کی بڑی رد و قدح ٭ ہجر ہی پر فیصلا آخر کیا دلدار نے ۔ قہر

ردی ۔ مونث ۔

رَدیف ۔ سوار ۔ مذکر ۔

رَدِیف ۔ ع ۔ اصطلاح ۔ عروض ۔ مونث ۔ بدل کے قافیہ لکھو غزل اک اور ظفر ٭ مگر ردیف ہو ساری یونہیں برابر کی ۔ ظفر

رَذالت ۔ ع ۔ نالائقی ۔ کمینہ پن ۔ مونث ۔ عیاں ہوگی رذیلوں کی رذالت ٭ کہ ہوگا فعل ہی سے علم نیت ۔ کافی

رَز ۔ درخت انگور ۔ مذکر ۔

رِزق ۔ ع ۔ روزی ۔ مذکر ۔ داغ کھایا کبھی لالہ سے کبھی پھول سے زخم ٭ لے گیا بخت جہاں رزق مقرر پایا ۔ اسیر

رَزم ۔ ف ۔ جنگ ۔ پیکار ۔ مونث ۔ رزم کیسی کہ یہاں بزم بھی سنسان ہے اب ٭ ان ریفوں کے نگر ہاتھ میں میدان ہے اب ۔ شفق

رَزمگاہ ۔ ف ۔ جنگاہ (جنگ گاہ) ۔ مونث ۔ تشریف جب جہاں میں لائے شہ عرب ٭ جو رزمگاہ تھی وہ بنی منزل طرب ۔ بیدم

رزولیشن ۔ مذکر ۔

رَس ۔ ہ ۔ عرق نتیجہ ۔ مذکر ۔ گلشن میں ترے لبوں نے گویا ٭ رس چوس لیا کلی کلی کا ۔ داغ

رِسالت ۔ مونث ۔

رِسالہ ۔ بہر معنی ۔ مذکر ۔

رَساول ۔ مونث ۔

رَسائی ۔ مونث ۔

نوٹ [۱] مختلف فیہ ہے مگر رواج غالب تذکیر کا ہے ۔ ۱۲

رَج۔ شہوت۔ مونث۔

رَجَا۔ ع۔ امید۔ مونث ؎ آپ سے وابستہ ہے میری رَجا، رَدّ نہ ہرگز کیجئے میری التجا۔ کمال

رَجَب۔ مذکر۔

رَجَت۔ بیم۔ مذکر۔

رَجَز۔ مونث۔

رُجحان۔ ع۔ جھکنا۔ میل۔ مذکر ؎ اڑی پھر رہی ہیں تجارت کی ریلین، ہے صنعت کی جانب بھی لوگون کا رجحان۔ محمد اسمٰعیل

رَجِسٹر۔ ن۔ دفتر کی کتاب۔ مذکر ؎ رجسٹر غور سے ہر اک دیکھا، نہ نکلا نام ان کا پر نہ نکلا۔ تراب

رَجعَت۔ ع۔ بازگشت۔ مونث ؎ وہ پھر پھرے راہ سے کیون آہ کو سنکر، بے معجزہ خورشید کو رجعت نہیں ہوتی۔ عاشق

رَجَم۔ مذکر۔

رَجمِنٹ۔ ن۔ پلٹن۔ مونث ؎ پھر جو رجمنٹ دوسری آئی، یہ بھی دل میں فساد بھر لائی۔ شریف

رُجُوع۔ ع۔ توجہ۔ اعادہ۔ مونث[1] ؎ دل اس صنم سے دم نزع پھر گیا اے برق، رجوع اور سے کی جب مرض کو طول ہوا۔ برق

رُجُولِیَّت۔ ع۔ قوت مردمی۔ مونث ؎ نہیں تم میں تھی گر رجولیت، کس بھروسے پہ تم نے کی عورت۔ کلام

رُچ۔ لذت۔ مونث۔

رُچاوَٹ۔ مونث۔

رَحَل۔ مونث۔

رِحلَت۔ کوچ۔ مونث۔

رَحِم۔ بچہ دان۔ مذکر۔

رُحم۔ بہر معنی۔ مذکر۔

رَحمَت۔ ع۔ کرم۔ مہر۔ مونث ؎ یہ شامیانہ خاص ہے رندون کے واسطے، چھائی ہوئی مزار پہ رحمت خدا کی ہے۔ جلیل

رَحِیق۔ ع۔ خالص شراب۔ مونث ؎ دی مجھے ساقی نے اپنے جام نرگس کی رحیق، پھر نہ ہوش آیا مجھے بیخود میں ایسا ہو گیا۔ خورشید

رَحی۔ مونث۔

رُخ۔ ف۔ چہرہ۔ طرف۔ مذکر ؎ زلف کے سایہ تلے وہ رُخ اگر چھپ جائیگا، رات کے پردے میں پھر روے سحر چھپ جائیگا۔ ظفر

رخار۔ مذکر۔

نوٹ۔ [1] مختلف فیہ ہے۔ مثلاً مذکر ؎ ایسا طبیب کون ہے اے گل کہ بار ہا، تجھ سے رجوع نرگس بیمار نے کیا ۱۲ (ناسخ) مگر تانیث کا رواج غالب ہے ۱۲

رائحہ۔ مذکر۔

رُب۔ عرق منجمد۔ مذکر۔

ربا۔ مذکر۔

رائفل۔ ن۔ طمنچہ۔ بندوق۔ مونث ــ نکالی کرسے جو ہیں رائفل ٭ گیا دیکھتے ہی دل اس کا دہل۔ نصر

رَباب۔ ع۔ ایک قسم کی سارنگی۔ مذکر ــ خوشی سے پلا مجھ کو ساقی شراب ٭ کوئی دن میں بجتا ہے جنگ و رباب۔ حسن

رِباط۔ ع۔ مسافر خانہ۔ سرا۔ مذکر ــ دیکھ کر اک رباط اچھا سا ٭ اپنا اسباب لیکے جا اترا۔ قاسم

رُباعی۔ مونث۔

رَبر۔ انگریزی۔ مذکر۔

رَبَڑ۔ ہ۔ مسافت۔ مشقت۔ مونث ــ چلے آہ اگلون کے قافلے رہے اب جنون کے ہم ارتلے ٭ پڑے اپنے پانوں میں آبلے تو بھلا ہوا کہ ربڑ گئی۔ انشا

رَبط۔ ع۔ لگاؤ۔ تعلق۔ مذکر ــ بہر نظارہ کیا تھا انکے دربانون سے ربط ٭ در کے آگے پردہ دیوار حائل گھر میں ہے۔ داغ

رَبط ضَبط۔ ع۔ میل۔ ملاپ۔ مذکر ــ خصم سے ربط ضبط بڑھتا ہے ٭ گھٹتی جاتی ہمین سے الفت ہے۔ خرام

رُبع۔ مذکر۔

رُبعِ مَسکُون۔ ع۔ دنیا کا آباد حصہ۔ مذکر ــ بادشاہی یا گدائی جو بن آئی کر چلے ٭ ربع مسکون چارون اپنا بھی مسکن ہو گیا۔ بحر

رَبیع۔ مونث۔

رُپ رُپ۔ ہ۔ جوتے وغیرہ کی آواز۔ مونث ــ پھولے نہیں سماتے جوتون کی سنکے رپ رپ ٭ کرتے ہیں ل کے گٹ پٹ یا جھونپڑی گٹ پٹ۔ گشت

رَپَٹ۔ ہ۔ لغزش۔ پھسلن۔ مونث ــ شہر لفون نے رپٹ لکھوائی ہے جا جا کے تھانے میں ٭ کہ اکبر ذکر کرتا ہے خدا کا اس زمانہ میں۔ اکبر

رَپَٹ۔ ن۔ اطلاع۔ مونث ــ حریفون نے رپٹ لکھوائی ہے جا جا کے تھانے میں ٭ کہ اکبر ذکر کرتا ہے خدا کا اس زمانہ میں۔ اکبر

رِپورٹ۔ ن۔ رپٹ۔ اطلاع۔ مونث ــ میں نے سچ سچ رپورٹ لکھوا دی ٭ آج ہی ہو گی اس کی بربادی۔ نجم

رَتالو۔ شکر قند۔ مذکر۔

رُتبہ۔ مرتبہ۔ مذکر۔

رُت۔ ہ۔ فصل۔ سما۔ مونث ــ رت آم کی آئی اور نہیں یار ٭ جی اپنا ہے ایسی رت سے بیزار۔ حالی

رتھ۔ گردون۔ مونث۔ (مختلف فیہ)

رَتن۔ س۔ گوہر۔ مذکر ــ نو رتن تھے تاج میں نو آفتاب ٭ دیکھ کر دشمن جلا مثل کباب۔ خاطر

رَٹ۔ ہ۔ تکرار۔ مونث ــ تو جس کا نام بھی کبھی لیتا نہیں ہے ٭ رٹ تیرے نام کی ہے برابر لگی ہوئی۔ امیر

رُٹھ۔ مونث۔

راستی۔ مونث۔

راسو۔ ف۔ نیولا۔ مذکر۔ ہم نے بھی راسو ایک پالا ہے + جینے کا یہ ڈھب نکالا ہے۔ اشتیاق

راتبن۔ ن۔ راتب۔ مذکر۔ راتبن اب کم اسکا کرنا چاہیئے + تنگ آیا ہون میں اسکی طرز سے۔ سنا

راغ۔ ف۔ جنگل۔ بیابان۔ مذکر۔ اے جنون تیرے واسطے سب ہیں + باغ کس کا ہے راغ کس کا ہے۔ صبا

راغنون۔ مذکر

رافت۔ ع۔ رحمت۔ مہربانی۔ مونث۔ راز و نیاز اسکا ہے خصم سے زیادہ + ہم پر نہیں رافت اس ترک جانستان کی۔ حسن

راکھ۔ ہ۔ خاکستر۔ مونث۔ موتی کی وہ راکھ چہرے پر تھی + یا گرد بیٹھی گہر تھی۔ اختر

راکشش۔ ہ۔ عفریت۔ مذکر۔ ہر اک راکشش اشک ریزان ہوا + کہ اقبال لنکا گریزان ہوا۔ لا اسلم

راگ۔ سرود۔ مذکر۔

راگ رنگ۔ ہ۔ عیش و عشرت۔ مذکر۔ اب تو وان راگ رنگ ہوتا ہے + دیکھتا جو ہے دنگ ہوتا ہے۔ رحمت

راگ مالا۔ ہ۔ نام ایک باجے کا۔ مونث۔ خوشی میں تھے مصروف خورد و کلان + بجی رات بھر راگ مالا وہان۔ آرزم

رال۔ ہ۔ لعاب دہن۔ ایک قسم کا گوند۔ مونث۔ عین برف پہ نتین ٹپکتی + فالودہ پہ رال تھی ٹپکتی۔ حالی

رام۔ نام اوتار۔ مذکر۔

رامائین۔ س۔ ہنود کی ایک متبرک کتاب۔ مونث۔ یہ رامائن انکو بہت یاد تھی + وہ پوتھی اکثر کی ایجاد تھی۔ شایان

رام لیلا۔ مونث۔

ران۔ فخذ۔ مونث۔

رانڈ۔ زن بیوہ۔ مونث۔

رانگ ارزیر۔ مذکر۔

راہ۔ ف۔ رستہ۔ مو۔ مونث۔ آئے مزار پر ہوئی خفت غذاب کی + مدت کے بعد راہ چلے وہ غواب کی۔ امیر

راہ و ربط۔ ف۔ میل جول۔ مونث۔ ان سے اپنی اب کہان کی راہ و ربط + وہ عدو کے اپنے وہ دشمن ہوئے۔ قیصر

راہگذر۔ ف۔ (راہگذر) رستہ۔ مونث۔ بیٹھے ہیں دل کے بیچنے والے ہزار ہا + گزری ہے ان کی راہ گزر پر لگی ہوئی۔ ذوق

راہوار۔ ف۔ گھوڑا۔ مذکر۔ دفعتہً قابو سے باہر ہو کے بھاگا راہوار + اور گرا سوار صدر زین سے بالائے زمین۔ حالی

رائے۔ ف۔ تجویز۔ مونث۔ جو رائے ہے بجا ہے شہ نامدار کی + بچے ہو قدر کیا تمہیں ماموں کے پیار کی۔ مونس

رایت۔ ع۔ علم جھنڈا نشان۔ مذکر۔ ہو مبارک تا صد وسی سال چتر سلطنت + سایہ افگن ہو سدا رایت علم برادر کی۔ ناسخ

ذہول۔ مذکر۔

ذِہنْ۔ ع۔ سمجھ۔ قوت مدرکہ۔ مذکر۔ انسان سے بیان ہو کیونکر صفات ذات، ایسا کہاں ہے ذہن ظلوم وجہول کا۔ داغ

ذیابیطس۔ مذکر۔

ذیل۔ بہر معنی۔ مذکر۔

باب رائے مہملہ

ر۔ مونث۔

راب۔ رُب۔ مونث۔

رابطہ۔ مذکر۔

رات۔ شب۔ مونث۔

راتِب۔ ع۔ روزینہ۔ مذکر۔ راتب اب کم اس کا کرنا چاہیئے، تنگ آیا ہوں میں اس کی طرز سے۔ سنا

رَاتْ دِنْ۔ ہ۔ شب و روز۔ مذکر۔ جیسے گزرے ہیں رات دن اپنے، کس زبان سے کہیں کہیں کس سے۔ عظیم

رَاجْ۔ س۔ سلطنت۔ مذکر۔ معتدل نام ہے جس کا وہ مزاج اپنا ہے، بھاگ اس ملک کے جسمیں راج اپنا ہے۔ حالی

راج ہنس۔ مذکر۔

راچھسْ۔ س۔ عفریت۔ مذکر۔ آیا جو راچھس وہ مارا ہی گیا، ضرب سے اس کی نہ کوئی بھی بچا۔ سریر

رَاحْ۔ ع۔ شراب۔ مونث۔ راح جیسی پلا دے ساقیا، راحت دل تا کہ ہو مجھ کو ذرا۔ فرخ

راحَت۔ ع۔ آسایش۔ آرام۔ مونث۔ یہی حالت ہے جو اپنے دل کی، مر کے بھی خاک نہ راحت ہوگی۔ امیر

رَادْ۔ ہ۔ پیپ۔ مونث۔ راد بہتی ہے زخم سے اسکے، سخت زحمت میں ہے کئی دن سے۔ ناجی

رَازْ۔ ف۔ سر بھید۔ مذکر۔ باتیں کریں میں تمہیں نیند چلی آتی ہے، راز آنکھوں سے کھلا رات کی بیداری کا۔ آباد

راس۔ سر۔ مذکر۔

راس۔ س۔ آسمان کے بارہ برجوں کا نام۔ برج۔ طالع۔ مونث۔ کنیا تھی غرض کہ راس اسکی، پوری نہ ہوئی یہ اس اسکی۔ نسیم

رَاسُ المال۔ ع۔ سرمایۂ تجارت۔ مذکر۔ کسقدر تھوڑا سا راس المال تھا، رفتہ رفتہ کسقدر اب بڑھ گیا۔ دلیر

راستہ۔ مذکر۔

ذات ۔ درو۔ مونث۔
ذاتُ الجَنب ۔ مذکر۔
ذاتُ الصَّدر ۔ مذکر۔
ذائِقہ ۔ مذکر۔
ذَبح ۔ مذکر۔
ذَبیحہ ۔ مذکر۔
ذَخائِر ۔ مذکر۔
ذَخیرہ ۔ ع۔ گودام۔ مذکر ے یارکو لکھا جانے کا وتیرہ ہوگیا + دعوت لب خون ناحق کا ذخیرہ ہوگیا۔ منیر
ذَرّہ ۔ ع۔ ریزہ۔ ٹکڑا۔ مذکر ے یک ذرہ زمین نہیں بیکار باغ کا + یان جادہ بھی فتیلہ ہے لالے کے داغ کا۔ غالب
ذُرِّیت ۔ ع۔ بال بچے۔ آل اولاد۔ مونث ے پھر بہت پھیلی انکی ذریت + سنئے اب پوری ان کی کیفیت۔ حمید
ذَریعہ ۔ مذکر۔
ذَقن ۔ زنخدان۔ مذکر۔
ذَکاوَت ۔ ع۔ ذہانت۔ مونث ے ذکاوت کا ہماری وہ ہے قائل + نہ چلنے دی عدو کی ایک بھی بات۔ حسن
ذِکر ۔ ع۔ تذکرہ۔ بیان۔ یاد۔ مذکر ے مذکور تری بزم میں کس کا نہیں آتا + پر ذکر ہمارا نہیں آتا نہیں آتا۔ ذوق
ذَکَر ۔ آلہ تناسل۔ مذکر۔
ذُکور ۔ مذکر۔
ذِلَّت ۔ ع۔ خواری۔ مونث ے رسوا ہوئے آبرو گنوائی + ذلت ہم جنسوں میں اٹھائی۔ اختر
ذَم ۔ ع۔ نکوہش۔ ہجو۔ مونث ے چھوڑکر مدح یارا اے راشد + ذم عدو ہی کی اب تو کرتے ہیں۔ راشد
ذِمّہ ۔ مذکر۔
ذَنب ۔ ع۔ گناہ۔ مذکر ے خدا معاف کرے ذنب اپنا اے سالم + نہ روسیاہ اُٹھیں روز حشر مرقد سے۔ سالم
ذُوالفقار ۔ ع۔ نام ایک تلوار کا۔ مونث ے ہے میری تیغ زبان شاطر علی کی ذوالفقار + اور عصائے موسوی ہے خامہ سحر نگار۔ شاطر
ذو ذنب ۔ مذکر۔
ذَوق ۔ ع۔ لذت۔ شوق۔ مذکر ے گیہوں جو فروش کرتے تھے گندم نمایاں + خود ذوق تھا جناب کو نان شعیر کا۔ ناسخ
ذِہانت ۔ مونث۔
ذَہب ۔ مذکر۔

ڈھلت۔ مونث۔

ڈہنگ۔ طور۔ مذکر۔

ڈھول۔ ہ۔ طبل۔ تنبور۔ مذکر۔ شعر۔ ایسے کبھی نہ ہونگے فرشتے بھی نور کے ، حوروں کے شور ڈھول سمجھتے ہیں دور کے۔ برق

ڈھولک۔ ہ۔ طبلک۔ مونث۔ شعر۔ ڈھولکیں رات بھر بجاتی رہیں ، الغرض ساری رات گاتی رہیں۔ نعیم

ڈھونڈ۔ ہ۔ تلاش۔ جستجو۔ مونث۔ شعر۔ محشر میں تیرے چاہنے والوں کی ڈھونڈ تھی ، ہم نے کہا کہ با دل ناشاد ہم بھی ہیں۔ آزاد

ڈھنی۔ مقام۔ مونث۔

ڈھیر۔ ہ۔ انبار۔ تودہ۔ مذکر۔ شعر۔ امیر رہتا تھا جس جگہ پر وہاں کل اک ڈھیر راکھ کا تھا ، وہ خاک چھانی تو ریزہ ریزہ جلی سی کچھ ہڈیاں ملی ہیں۔ امیر

ڈھیل۔ ہ۔ درنگ۔ سستی۔ جھول۔ مونث۔ شعر۔ چل ہٹ لا وہ پتنگ اڑتا ہے ، ابھی آنے میں اس کے ڈھیل سی ہے۔ مصحفی

ڈھینک۔ پراگندہ۔ مونث۔

ڈیپوٹیشن۔ مذکر۔

ڈیڈیکیٹ۔ ن۔ معنون کرنا۔ مذکر۔ شعر۔ دیکھیں گر ڈیڈیکیٹ آپ اسکا ، ہوگا پھر سارا حال آئینا۔ حسن

ڈیکینسی۔ ن۔ بند۔ مونث۔ شعر۔ وہ ڈیکینسی تھی بس ٹورملی نور نکالا ہے کو رہتی پردے میں مستور۔ اسمٰعیل

ڈیل۔ ہ۔ جسم۔ قد۔ مذکر۔ شعر۔ تھا ڈیل اسکا موزون وہ محبوب تھا ، غرض ڈیل ڈول اسکا مرغوب تھا۔ ناجی

ڈیل ڈول۔ ہ۔ قد و قامت۔ مذکر۔ شعر۔ تھا ڈیل اسکا موزون و محبوب تھا ، غرض ڈیل ڈول اسکا مرغوب تھا۔ ناجی

ڈیلی۔ بلور خرد۔ مذکر۔

ڈینگ۔ شیخی۔ مونث۔

ڈیوٹ۔ ہ۔ چراغدان۔ مذکر۔ شعر۔ ایک ڈیوٹ تھا ٹمٹماتا ہوا ، اور وہاں ایک جوگی بیٹھا تھا۔ منیر

ذرہ۔ مونث۔

ذات۔ قوم۔ مونث۔

ملنوٹ: ۔۔ مختلف فیہ ہے مگر تذکیر کو ترجیح ہے ۱۲

ڈکار۔ آروغ۔ مونث۔

ڈکشنری۔ لغت۔ مونث۔

ڈاک۔ کام۔ مذکر۔

ڈگن۔ ہ۔ لمبی پتلی چھڑ۔ مونث ؎ دل مردمان آب کے ہو جائینگے شکار ٭ جبدن ترے مژہ کی ڈگن دلربا لگی۔ بحر

ڈلاؤ۔ ہ۔ غلاظت پڑنے کی جگہ۔ مزبلہ۔ مذکر ؎ پڑتے تھے ڈلاؤ جس زمین پر ٭ واں سبزۂ گل ہیں جلوہ گستر۔ حالی

ڈلک۔ درخشانی۔ مونث۔

ڈلیا۔ مونث۔

ڈنٹھل۔ ہ۔ ساق درخت۔ مذکر ؎ تونے اے فصل خریف آکے کھلائے وہ گل ٭ کہ نظر آتے ہیں سر سبز کنول کے ڈنٹھل۔ شاکر

ڈنڈا۔ بہر معنی۔ مذکر۔

ڈنڈ۔ ہ۔ خشک درخت۔ بازو۔ مذکر ؎ شیروں نے بھی خوب ڈنڈ پیلے ٭ ہونے لگے یکدگر میں ریلے۔ انشار

ڈنڈوت۔ س۔ سجدہ۔ سلام۔ مونث ؎ ادا کی ڈنڈوت فرط ادب سے ٭ ہوئی گوہر فشاں نیاں لب سے۔ فرحت

ڈنک۔ ہ۔ نیش۔ مذکر ؎ تمیز اسفل و اعلیٰ نہیں ہوتی ہے موذی کو ٭ برابر نیک و بد کے واسطے ہے ڈنک بچھو کا۔ اسیر

ڈوب۔ غوطہ۔ مذکر۔

ڈوب۔ رنگنا۔ مذکر۔

ڈور۔ رسمان۔ مونث۔

ڈوریا۔ بہر معنی۔ مذکر۔

ڈول۔ دلو۔ مذکر۔

ڈویژن۔ انگریزی۔ مذکر۔

ڈویا۔ مذکر۔

ڈھارس۔ ہ۔ تسلی۔ ہمت۔ مونث۔ بہت مایوس تھے ہم درد دل سے ٭ تمہارے خط سے کچھ ڈھارس بندھی ہے۔ اختر

ڈھاک۔ نام درخت۔ مونث۔

ڈھال۔ نشیب۔ مذکر۔

ڈھانچ۔ مذکر۔

ڈھب۔ وضع۔ مذکر۔

ڈھچر۔ مذکر۔

ڈانس۔ مذکر۔

ڈانک۔ خود۔ مونث۔

ڈانگ۔ ہ۔ پہاڑ کی اونچی چوٹی۔ مونث ۔ ساقیا اور دے صاف نہیں بیٹھ گئی، شرتی ڈانگ تھی یہ زیر نگین بیٹھ گئی۔ ایسر

ڈاہ۔ ہ۔ حسد۔ عداوت۔ [illegible] ڈاہ سوتن کی ایک آفت تھی، بہن ملتا نہ اس کو دم بھر بھی۔ کینہ

ڈائن۔ مونث۔

ڈب۔ ہ۔ جیب۔ [illegible]۔ مونث ۔ کہتا ہے دو سرا کہ گیا ہو کے منفعل، سائل کی ڈب میں میں نے دیا مال جب دکھا۔ حالی

ڈبل۔ مذکر۔

ڈبیا۔ مونث۔

ڈپٹ۔ ہ۔ حملہ، دھمکی۔ گھرکی۔ ڈانٹ۔ مونث ۔ ڈپٹ سے میری عدو ہو گیا سراسیمہ، وہ اب نہ آئیگا منہ میرے بزم جاناں [illegible]

ڈپازٹ۔ ن۔ امانت۔ ڈیپوزٹ۔ مونث ۔ ڈپازٹ تھی جو کچھ میں نے رکھا دی، نہیں واپس ملی ہے مجھ کو وہ بھی۔ ناصر

ڈپلو۔ مذکر۔

ڈیپوٹیشن۔ ن۔ [illegible] مذکر ۔ بول اٹھے سب جہان پہونچا ڈیپوٹیشن میرا، کھائیے دعوت ڈنر کی لیکے چندا جائے۔ محب

ڈر۔ ہ۔ بیم۔ خوف۔ مذکر ۔ جو وہاں پھر چلو تو ڈر کس کا، ہوش رکھتے ہیں بے خبر کس کا۔ مومن

ڈراپ۔ مذکر۔

ڈرائنگ روم۔ ن۔ ملاقات کا کمرہ۔ مذکر ۔ دیکھئے تو ڈرائنگ روم ان کا، اک تماشے کی ہے جگہ گویا۔ کمتر

ڈرائنگ ہال۔ ن۔ نقشہ [illegible] اور تماویر کا کمرہ۔ مذکر ۔ جو دیکھا میں نے وہاں جاکے وہ ڈرائنگ ہال، تو آنکھیں کھل گئیں میں کیا کہوں [illegible]

ڈریس۔ مذکر۔

ڈزائن۔ مذکر۔

ڈسنٹ۔ ن۔ [illegible]۔ مذکر ۔ [illegible] تن کو چھوڑ دم تو عدم کو روانہ ہوا، کس درجہ روح جسم میں ڈسنٹ ہو گیا۔ مسعر

ڈس انفکشن۔ ن۔ صفائی۔ مذکر ۔ خود وہاں میں نے جاکے اسکو دیکھا ہے، ہے ڈس انفکشن اس کا بکہ اچھا۔ نزہت

ڈسمبر۔ ن۔ انگریزی بارہواں مہینا۔ مذکر ۔ جون کی طرح ڈسمبر بھی خوشی لایا ہے، کامرانی کا ذرا دور و تسلسل دیکھو۔ فارذتی

ڈک۔ مذکر۔

ڈک۔ گھونسا۔ مذکر۔

نوٹ ۱ہ مختلف فیہ ہے مگر تانیث کا رواج غالب ہے۔ ۱۲

دیوٹ۔ ہ۔ چراغپا۔ مونث ؎ دیکھ لی جس نے کہ شمع کافور، تھا وہ چیکٹ بھری دیوٹ ہے۔ نفوہ۔ حالی

دیوستھان۔ س۔ بتکدہ۔ مذکر ؎ یہ دیوستھان ہے ازبس پرانا، نہیں ہے ہند میں تو دیوں ایسا۔ باقی

دیول۔ س۔ بتکدہ۔ مذکر ؎ یہ دیوستھان ہے ازبس پرانا، نہیں ہے ہند میں تو دیول ایسا۔ باقی

دیہہ۔ س جسم۔ بدن۔ مونث ؎ دیہہ اسکی ہوئی ہے علالت سے زار، کسی پہلو اس کو نہیں ہے قرار۔ جمیل

دیہات۔ ف۔ قریہ جات۔ مذکر ؎ چھوٹے چھوٹے ہیں راہ میں دیہات، کہیں پڑ رہنا ہوگئی گزرات۔ سید

دیہیم۔ مذکر۔

باب دال ہندی

ڈاب۔ ہ۔ حمائل۔ پرتلا۔ نام ایک گھاس کا۔ مونث ؎ کمر سے جو لپٹی ہوئی داب تھی، وہ پڑی اس میں اک تیغ خوش آب تھی۔ تسلیم

ڈ۔ مونث۔

ڈاک۔ ہ چٹھی ڈالنے کی جگہ۔ علی الاتصال آمد و رفت۔ نیز بہر معنی[1] ؎ شاید اسیطرف سے قیامت بھی آئیگی، بیٹھی ہوئی جو ڈاک ترے نقش پا کی ہے۔ جلیل

ڈابر۔ جھیل۔ مذکر۔

ڈاٹ۔ مونث۔

ڈاڑ۔ مونث۔

ڈاڑھ۔ دندان۔ مونث۔

ڈال۔ ہ۔ شاخ۔ تلوار کا پھل۔ مونث ؎ تھے جو طائر اس کی ہر اک ڈال پر، غور سے کی اس نے ہر اک پر نظر۔ زار

ڈانٹ۔ ہ۔ دھمکی۔ تخویف۔ مونث ؎ ڈانٹ دربان کی ہلا دیتی ہے دل اے محتشم، پاؤں پڑتے بھی تو اس ظالم سے بن آتی نہیں۔ محتشم

ڈانٹ ڈپٹ۔ ہ۔ زجر و توبیخ۔ مونث ؎ کی ڈانٹ ڈپٹ بہت کچھ اس نے، پھر تب بھی ہلا گیا نہ اس سے۔ کلیم

ڈانڈ۔ ہ۔ چوب۔ ملاح۔ مونث[2] ؎ لٹو ہوتا ہوں ترے حسن پہ اے شاہسوار، دانڈ نیزے کی عجب شان سے لٹکائی ہے۔ اختر

ڈانڈ۔ ہ۔ تاوان۔ مذکر ؎ ہو جو نقصان تو ڈانڈ دو اس کا، ورنہ کہہ دو جو دل کا ہو منشا۔ جدید

نوٹ۔ [1] گینہ کی ڈاک کی معنی میں مختلف فیہ ہے لیکن تانیث کو ترجیح ہے مذکر مثلاً ؎ اڑا یا پان کی تحریر نے اور اسکے دانتوں کو، نگین کا رنگ چمکا دے مقرر ڈانک تدن کا آتش [2] مختلف فیہ ہے۔ مگر تانیث کو ترجیح ہے۔

دیپک۔ ہ۔ روشنی۔ نام ایک راگ کا۔ مونث ؎ دیپ روشن خدا کرے تیرا ٭ دیپک اس کی رہے جہان میں سدا۔ قہر

دِیت۔ ع۔ خون بہا۔ فدیہ۔ مونث ؎ یہ نہ دینار اور درم لینگے ٭ دیت اس کی ضرور ہم لینگے۔ وسیع

دِیَت۔ س۔ شیطان ۔ مذکر ؎ دیت اک خواب میں نظر آیا ٭ دیکھکر اس کو سخت گھبرایا۔ فرید

دِید۔ ف۔ نظارہ۔ نگاہ۔ مونث ؎ دید قاتل دیر تک کی گو ہوئی ایذا مجھے ٭ ہوں بہت ممنون احسان خنجر بے آب کا۔ ناسخ

دیدار۔ ف۔ جلوہ۔ درشن۔ مذکر ؎ عمر بھر کی جو تمنا تھی سو وہ برآئی ٭ مرتے دم شکر ہے دیدار تمہارا دیکھا۔ رند

دِیدبان۔ مذکر۔

دِیدہ۔ چشم۔ مذکر۔

دَیر۔ ف۔ بتکدہ۔ مندر۔ مذکر ؎ دیر کی تحقیر کراتنی نہ اے شیخ حرم ٭ آج کعبہ بن گیا کل تک یہی بت خانہ تھا۔ امیر

دِیر۔ ف۔ درنگ۔ وقفہ۔ مونث ؎ آتا نہیں مہ طلعت کیا دیر لگائی ہے ٭ کھینچ اے کشش الفت کیا دیر لگائی ہے۔ ذوق

دیرہ۔ مذکر۔

دیس۔ بہر معنی۔ مذکر۔

دیکھ بھال۔ ہ۔ جستجو۔ تلاش۔ مونث ؎ حیف میں ان کا آئینہ نہ ہوا ٭ خوب بھی دیکھ بھال کی ہوتی۔ صبا

دیگ۔ ف۔ دیغ۔ بڑی پتیلی۔ مونث ؎ سوزش دل میں دہن سے میرے نکلے گی نہ اف ٭ آنچ ہو لاکھ کڑی دیگ ابلنے کی نہیں۔ نیر

دِیمک۔ ف۔ کشمیر۔ دیوچہ۔ مونث ؎ ہے طبیعت نہایت اپنی اچاٹ ٭ کر گئی ہے کتب کو دیمک چاٹ۔ فرخ

دین۔ دہش۔ مونث۔

دین۔ قرض۔ مذکر۔

دین۔ ع۔ ملت۔ مذہب کیش۔ مذکر ؎ ساتھ دل کے کھو دیا دین بھی ٭ نذر اس بت کے کیا کیا دین بھی۔ مومن

دین لین۔ ہ۔ داد و ستد۔ مذکر ؎ دین لین ان میں ہم میں اب نہ رہا ٭ نہیں ان کا معاملہ اچھا۔ صفا

دینار۔ ع۔ اشرفی۔ مذکر ؎ دفینہ بھی جو نکلے گا تو بد قسمت کو کیا حاصل ٭ کہ ہر دینار اسکے ساتھ بچھو بن کے نکلے گا۔ جرأت

دیو۔ بیائے مجہول۔ مذکر۔

دِیوار۔ ف۔ جدار۔ پردہ۔ مونث ؎ کہاں تک روؤں اسکے خیمہ کے پیچھے قیامت ہے ٭ میری قسمت میں یارب کیا نہ تھی دیوار پتھر کی۔ غنا

دیوارگیر۔ مذکر۔

دِیوان۔ ف۔ کتاب۔ غزلیات۔ کچہری۔ مذکر ؎ نالۂ دل نے دیئے اوراق لخت دل بباد ٭ یادگار نالہ اک دیوان بے شیرازہ تھا۔ غالب

دیوانہ پن۔ ا۔ دیوانگی۔ جنون۔ مذکر ؎ وحشی کے تیرے اسلئے باندھے کفن میں ہاتھ ٭ یعنی نہ بعد مرگ بھی دیوانہ پن گیا۔ جرأت

دیوتا۔ مذکر۔

دھنیا۔ مذکر۔

دُہنیت۔ ہ۔ چھنائی۔ مونث ۔ آگئی کبھی اس میں دہنیت + اسکی کیون ایسی ہوگئی حالت۔ قاسم

دُھواں۔ ہ۔ دخان۔ مذکر ۔ آنسو ادہر روان ہیں ادہر پھنک رہا ہے دل + نالہ میرا دہوان ہے سمند رکے پار کا۔ امیر

دُھوپ۔ ہ۔ حرارت آفتاب۔ مونث ۔ ہے تیرے ضعف کا روز جدائی میں اثر + شام ہے اور دہوپ چڑھ سکتی نہیں دیوار پر۔ ناسخ

دھوپ۔ مذکر۔

دھوتر۔ مونث۔

دُہول۔ ہ۔ گرد خاک۔ مونث ۔ اب وہان دہول اڑ رہی ہے بیان + جس جگہ تھے محل عالیشان۔ بیان

دُھول۔ ہ۔ سر جنگ۔ دھپا۔ مونث ۔ فتنہ سرکش ہے جبھی تک نہ تری آنکھ لڑے + دست مژگان سے کوئی دہول جڑی خوب نہیں۔ ذوق

دُھوم۔ ہ۔ شور و غل۔ شہرت۔ مونث گلشن میں جو ابر ہے دہان بار بار ہے میخوار و نکی دہوم ہو رہی ہے۔ امیر

دُہوم دھام۔ ہ۔ شان و شوکت۔ طمطراق۔ مونث ۔ زلفون نے تیری آنکھ کا رتبہ بڑھا دیا + نافہ سے دہوم دھام غزال ختن کی ہے۔ برق

دھونس۔ حملہ۔ مونث۔

دِھون۔ مونث۔

دھونک۔ دم زدن۔ مونث۔

دَہی۔ مذکر۔

دَھووَن۔ ہ۔ دہلی ہوئی چیز کا پانی۔ مذکر ۔ عمر خضر ہے اسکی زیادہ ہو زندگی + دہوون پئے جو یار کی زلف دراز کا۔ آتش

دِھیان۔ س۔ خیال۔ توجہ۔ تصور۔ مذکر ۔ بن تیرے عجب حال میری جان ہے میرا + بیٹھا ہون کہین اور کہین دہیان ہے میرا۔ ظفر

دِھیرج۔ س۔ تحمل۔ جرأت۔ مذکر ۔ دہیر وان تیر اکام پر آیا + دہیرج اس وقت تیرا اچھا تھا۔ صادق

دِھیرج۔ س۔ تحمل۔ صبر۔ دلیری۔ مذکر ۔ ڈہیر وان تیر اکام پر آیا + دہیرج اس وقت تیرا اچھا تھا۔ صادق

د۔ ۔ ۔ مونث۔

دِیا۔ ہ۔ چراغ۔ مذکر ۔ جھٹ پٹا وقت گھر سے ایک مٹی کا دیا + ایک بڑھیا نے سر رہ لاکے روشن کر دیا۔ حالی

دَیا۔ س۔ مہربانی۔ عنایت۔ مونث ۔ خاطر میری کیا کہون کہ کیا کی + ناچیز پہ آپ نے دیا کی۔ اختر

دِیار۔ ع۔ ملک (واحد) مذکر ۔ نکلو ہو آباد جیسے نکلانہ پوچھ اس سے کو دکھ ہمارا + یہ درد بن اس رئیس سے ٹک جو لٹتے دیکھے دیار اپنا۔ سودا

دِیانت۔ ع۔ ایمانداری۔ امانت۔ مونث ۔ دل دیا جس نے امانت نہ ملا پھر اسکو + عشقبازوں میں ہے مشہور دیانت تیری۔ درد

دیباچہ۔ دیباچہ۔ مذکر۔

دِیپ۔ س۔ جزیرہ۔ چراغ۔ مذکر ۔ دیپ روشن خدا کرے تیرا + دیپک اس کی رہے جہان میں سدا۔ مہر

دہر پکڑ۔ مونث۔

دہرم۔ عدل۔ مذکر۔

دہروہر۔ تحویل۔ مونث۔

دُھڑ۔ ہ۔ جسم۔ مذکر ۔ پیچھے ہٹانہ کوچہ قاتل سے اپنا پاؤں، سر ہے تڑپکے پا، قدم آگے دھڑ گیا۔ آتش

دہڑا دہڑ۔ مونث۔

دُھڑک۔ ہ۔ تڑپ۔ بیم۔ مونث ۔ کچھ اک خوف سے ہول کھاتی ہوئی، دھڑک اپنے دل کی سناتی ہوئی۔ میرحسن

دھڑکن۔ ہ۔ تڑپ۔ بیقراری۔ مونث ۔ ہمارے دلکی دھڑکن پر وہ یہ پھبتی اڑاتے ہیں، دل نہ ٹھہرا آپ کا کوئی گھڑی ٹھہری۔ روشن

دُھس۔ ہ۔ تعلہ۔ پشتہ۔ مذکر ۔ ساتھ اپنے ہے فوج آتی کم، دھس ہے اس کا بہت ہی مستحکم۔ اوجؔ

دہشت۔ خوف۔ مونث۔

دہک۔ ا۔ بہر معنی۔ مونث۔

دہکار۔ س۔ نفرین۔ مذکر ۔ کیا دہکار نے بھی کچھ نہ اثر، نہیں میری دہل کچھ اسکو نگر۔ باطن

دُھکڑ پکڑ۔ ہ۔ بیقراری۔ ڈھڑکن۔ مونث ۔ دیکھہ آکے پکڑ دھکڑ ہماری، ہے تجھ کو نہیں میری خبر کیا۔ مصحفی

دَہل۔ ہ۔ خوف۔ ڈر۔ مونث ۔ کیا دہکار نے بھی کچھ نہ اثر، نہیں میری دہل کچھ اسکو نگر۔ باطن

دُہل۔ طبل۔ مذکر ۔

دہلیز۔ ف۔ چوکھٹ۔ مونث ۔ کہا بوسہ داستان پر بہ طنز، نہیں ہے یہ دہلیز درگاہ کی۔ داغ

دَہم دُھم۔ ہ۔ آواز کوفتن۔ مونث ۔ دہم دہم اوپر یہ آتی ہے کسکی، اور نیچے دہما دہم اب کیسی۔ فارغ

دَھما دہم۔ ہ۔ دہم دہم۔ مونث ۔ دہم دہم اوپر یہ آتی ہے کسکی، اور نیچے دہما دہم اب کیسی۔ فارغ

دھمال۔ بہر معنی۔ مونث۔

دَہمک۔ ہ۔ آواز صدمہ۔ مونث ۔ اس نزاکت پہ سنے کیا وہ ہماری فریاد، غنچہ چٹکے تو کچھ سر میں دھمک ہوتی ہے۔ داغ

دَہمکاہٹ۔ ہ۔ تہدید۔ مونث ۔ تیری دہمکاہٹ میں ہم آتے ہیں کب، دین اپنا بیچکے ہم جائینگے اب۔ قاضی

دَہن۔ ف۔ منہ۔ مذکر ۔ لوٹ ہو جس پہ تبسم وہ دہن کسکا ہے، باتیں منہ چومیں وہ انداز سخن کس کا ہے۔

دُھن۔ ہ۔ آواز۔ سُر۔ تصور۔ مونث ۔ تحریک سدیشی پہ مجھے وجد ہے اکبر، کیا خوب یہ نغمہ ہے چھیڑا دیس کی دھن میں۔ اکبر

دَھن۔ دولت۔ کمال۔ مونث۔

دھند۔ مذکر۔

دھنک۔ قوس۔ مونث۔

دَولت سَرا۔ مونث۔
دومنزلہ۔ مذکر۔
دُوہتھڑ۔ ہ۔ ضرب دودستہ۔ مذکر ؎ کبھی آنکھون پہ رکھے ہاتھ وہ پیارے پیارے ✦ کبھی منہ دیکھکے چھاتی پہ دوہتھڑ مارے۔ نفیس
دوہر۔ مونث۔
دویپ۔ جزیرہ۔ مذکر۔
دَویش۔ س۔ دشمنی۔ مذکر ؎ دویش اس سے ناحق ہی تم نے کیا ✦ وہ تھا قاتل دوستی آشنا۔ فخر
دِہ۔ ف۔ قریہ۔ گاؤن۔ مذکر ؎ وان سے بالکل قریب اک دہ تھا ✦ جاکے لوگون کو یہ بلالایا۔ ناظر
دِہ۔ س۔ جسم۔ بدن۔ مونث ؎ وہ اس کی ہوئی ہے علالت سے زار ✦ کسی پہلو اسکو نہیں ہے قرار۔ جمیل
دھاپ۔ مونث۔
دھات۔ بہر معنی۔ مونث۔
دَھار۔ ہ۔ خط۔ لکیر۔ بہاؤ۔ فوارہ۔ دم شمشیر۔ مونث ؎ دریا کا گھاٹ ہجر میں تلوار کا ہے گھاٹ ✦ پانی کی دھار کم نہیں خنجر کی دھار سے۔ وزیر
دَھاڑ۔ ہ۔ انبوہ۔ چیخ۔ اضطراب۔ مونث ؎ زور سے اک اس نے ماری دھاڑ ✦ چیخ سے اسکی گونج اٹھا پہاڑ۔ غمگین۔
ڈھاک۔ مونث۔
دَھان۔ ہ۔ شالی۔ مذکر ؎ زلفون نے خط سبز کا ستھراؤ کر دیا ✦ مدت ہوئی کہ کھیت رہے دھان آپ کے۔ منیر
دَہان۔ ف۔ دہن۔ منہ۔ مذکر ؎ یار سے رہتی ہیں باتین پر نظر آتا نہیں ✦ دیکھنا اب آنکھ سے بہتر وہان ہوجائیگا۔ وزیر
دَھاندھل۔ ہ۔ عربدہ۔ شرارت۔ مونث ؎ کیسی دھاندھل پہر مچائی ہے ✦ ابھی بدخو نے مار کھائی ہے۔ جابر
دہانس۔ مونث۔
دہانہ۔ مذکر۔
دَہپ۔ ہ۔ طمانچہ۔ تھپڑ۔ مونث ؎ سنکے یہ دہپ لگائی ایک اس نے ✦ پہر تحمل ہوا نہ غانم سے۔ نجم
دَہت۔ ہ۔ لت۔ دہن۔ ہاتھی چلانیکی آواز۔ مونث ؎ ہاتھی تھے تو ستیون کی دھت تہی ✦ گھوڑے تہے تو چابکون کی لت تہی۔ نسیم
دَھج۔ ہ۔ شکل۔ طرز۔ روش۔ مونث ؎ نئی دھج اس نے مقتل میں دکھائی نیم جانونکو ✦ لگایا بانکپن پر اور طرہ کج ادائی کا۔ امیر
دَہر۔ ع۔ زمانہ۔ وقت۔ مذکر ؎ دہر اک حال پر نہیں رہتا ✦ کبھی عیش اور کبھی الم دیکھا۔ نقی
دَہر۔ کنارہ۔ مذکر۔
دُھراؤ۔ ا۔ اعادہ۔ مذکر ؎ ابھی جو تم نے کیا پہر دہراؤ اس کا کرو ✦ یہ کیا کہ اسلح الزام تم کسی پہ دہرو۔ کمین
دہرپد۔ نام ترانہ۔ مونث۔

دُود۔ ف۔ دھواں۔ مذکر۔ دعویٰ خون کس سے کرتا میں کہ روز باز پرس ٭ چھپ رہا قاتل یہ دود نالہ ہائے دل اُٹھا۔ امیرؔ

دُودمان۔ ف۔ خاندان۔ مذکر۔ دودمان اس کا زبس عالی ہے بدر ٭ ہوگی واں حد سے نسب کی خوب قدر۔ کیفیؔ

دُودھ۔ ہ۔ دودھ۔ شیر۔ لبن۔ مذکر۔ بھینسوں کے لہو نہ تھا بدن میں ٭ اور دودھ نہ تھا گیہ کے تھن میں۔ حالیؔ

دُودہ۔ خاندان۔ مذکر۔

دَور۔ ع۔ گردش۔ مذکر۔ ہجر میں مے سے بجائے نشہ ہوتا ہے خمار ٭ باعث دورانِ سر ہے دور میرے جام کا۔ ناسخؔ

دُور۔ ف۔ بعید۔ مونث۔ یاں سے ہے وہ دیار نجفی دور ٭ ہر نفس تھا وہ قریب حضور۔ قلقؔ

دَوران۔ ف۔ گردش۔ زمانہ۔ مذکر۔ بادۂ گلگون میں افیون کا اثر ہو جائیگا ٭ دور مے سے یا زمن دوران سر ہو جائیگا۔ رندؔ

دوراہہ۔ ف۔ دوراہ۔ مذکر۔ اے خضر راہ راست ہدایت کا وقت ہے ٭ درپیش ہے دوراہہ ثواب و عذاب کا۔ بحرؔ

دُورباش۔ مونث۔

دُوربین۔ ف۔ سیکرس کوپ۔ مونث۔ ہر طرح محروم نظارہ سے رہ جاتے ہیں ہم ٭ بام پر آتے ہیں وہ تو دوربین ملتی نہیں۔ امیرؔ

دُور دُور۔ انکار۔ مونث۔

دَورہ۔ بہر معنی۔ مذکر۔

دَوڑ۔ ہ۔ تاخت۔ دوش۔ دھاوا۔ مونث۔ دوڑ اتنی بڑھ گئی ہے عقل کے رہوار کی ٭ دم میں لاتے ہیں خبر ساتوں سمندر پار کی۔ شفقؔ

دَوڑ دھوپ۔ ہ۔ سعی۔ کوشش۔ مونث۔ جیسی کچھ دوڑ دھوپ کی میں نے ٭ اس کا اظہار کیا کروں تم سے۔ نگارؔ

دوزخ۔ جہنم۔ مذکر۔

دوش۔ س (دوش) الزام۔ قصور۔ مذکر۔ غیر کا دوس اس میں کچھہ مطلق نہیں ہے ٭ قصور اپنا سمن رخ بالیقین۔ راقمؔ

دوست۔ بمعنی معشوق۔ مذکر۔

دُوش۔ ف۔ کندھا۔ شانہ۔ مذکر۔ اے سلیمان جہان صورت بوئے گل تر ٭ تخت جم تیرے لئے دوش صبا ہوتا ہے۔ برقؔ

دوشاب۔ مذکر۔

دوشالہ۔ مذکر۔

دوغ۔ ف۔ مٹھا۔ دہی۔ مذکر۔ چاہتے ہیں سبھی فروغ اپنا ٭ کون کہتا ہے ترش دوغ اپنا۔ کمینؔ

دوگانہ۔ دو رکعت نماز۔ مذکر۔

دولاب۔ مذکر۔

دُلار۔ ہ۔ پیار۔ لاڈ۔ مذکر۔ ہو بچوں کا ماں باپ پر جب دلار ٭ تو ہو جائینگے وہ بڑے ہو کے خوار۔ شرمؔ

دَولت۔ ع۔ مال۔ زر۔ دھن۔ مونث۔ ذرے عکس رخ روشن سے تھے ریزہ ریزہ ٭ خود بدولت میرے گھر آئے کہ دولت آئی۔ امیرؔ

دُنْبہ۔ دستا دان۔ مذکر۔ ہو جو نقصان تو ڈھونڈو اس کا۔ ورنہ کہدو جو دل کا ہو منشا۔ بدیع

دُنڈوت۔ تسلیم۔ مونث۔

دُنگل۔ ف۔ اکھاڑا۔ مذکر۔ تیرے دیوانہ کا ہے عرس کیا جلسے ہیں۔ ہر قدم پر۔ اکھاڑا راجہ اندر کا پریرویوں کا دنگل ہے۔ عاشق

دُنیا۔ ع۔ عالم۔ جہان۔ مونث۔ اہل رغبت سے کرتی ہے نفرت۔ بڑی پرہیزگار ہے دنیا۔ امیر

دَوَا۔ ع۔ دارو۔ دوائی۔ علاج۔ مونث۔ نمک افشاں جو ہوا زخم پہ وہ ہنس ہنسکر۔ میں یہ سمجھا کوئی قاتل نے دوا کی ہے۔ امیر

دوآ۔ طاس کا پتا۔ مذکر۔

دِوَا۔ چراغ۔ مذکر۔

دواب۔ مذکر۔

دوآبہ۔ انتربید۔ مذکر

دَوَات۔ ع۔ سیاہی دان۔ مونث۔ میں وصف زلف دم گریہ لکھ نہیں سکتا۔ شمول اشک سے پھیکی دوات اتنی ہے۔ امیر

دُوَادَارُو۔ ا۔ علاج معالجہ۔ مونث۔ کیا دوادارو ہوتی اور دن سے۔ کی دوادہن اس کی میں ہی نے۔ سعد

دَوَادَہن۔ ا۔ علاج معالجہ۔ مونث۔ کیا دوادارو ہوتی اور دن سے۔ کی دوادہن اس کی میں ہی نے۔ سعد

دَوَادَوش۔ ف۔ سعی۔ کوشش۔ جستجو۔ مونث۔ وحشت میں کمی ہوئی نہ کچھ بھی۔ یاروں نے بہت دوادوش کی۔ تسلیم

دُوَار۔ س۔ دروازہ۔ وسیلہ۔ مذکر۔ رام کا جب ہو گیا ہم کو دوار۔ اے سخنور کیوں نہ ہو پھر بیڑا پار۔ سخنور

دُوَال۔ تسمہ۔ مونث۔

دَوَالین۔ ا۔ انگیا کا نیچا حصہ۔ مونث۔ پست یاں دونوں طرف کی ہیں دوالین ہرے۔ ٹوپی اوڑھی ہے ہر اک اسکی دہری مغلانی۔ رنگین

دَوَام۔ ع۔ ہمیشگی۔ مذکر۔ یوں ہی سمجھو دوام خلقت کا۔ محض بہتان ہے قیامت کا۔ ناسخ

دَوَاوِین۔ ع۔ جمع دیوان۔ مذکر۔ دیکھے ہیں بیسیوں دواوین پر۔ ایسا دیوان اک نہ آیا نظر۔ توحید

دُوب۔ ہ۔ نام گیاہ۔ مونث۔ ہری دوب کوسوں نظر آرہی ہے۔ جہاں تک نگہ جائے لہرا رہی ہے۔ عرشی

دوپہر۔ ساعت معینہ۔ (واحد) مونث۔

دُوت۔ ڈنک۔ مونث۔

دوتہڑ۔ مونث۔

دُوج۔ دوم۔ مونث۔

دوجہان۔ ف۔ دارین۔ دین۔ دنیا (واحد) مذکر۔ یاں بھی واں بھی ہے تو ہی بندوں کا۔ رب اکبر ہے دوجہان تیرا۔ اظہر

دوخت۔ مونث۔

دلیا۔ مذکر۔

دلیل۔ ع۔ حجت۔ سبب وجہ۔ مونث ۔ شبیر ہا جو لہو بہا ہے یہ شفق ۔ ادنے ہے دلیل مرتبہ اعلی کی۔ ناسخ۔

دُلہن۔ ہ۔ عروس۔ مونث ۔ دلہن وہ جو بیٹھی تھی زیرین باہی ۔ بنات اسکی چنّنی بنے کو پڑی۔ میر حسن

دَم۔ بہر معنی۔ مذکر۔

دُم۔ ف۔ ذنب۔ پونچھ۔ مونث ۔ اُٹھایا بار کتب خوب شیخ صاحب نے ۔ پر ایک دم نہ ہی ایک یہ کہ سم ہوئے۔ لااعلم

دماغ۔ بہر معنی مذکر۔

دماہیل۔ مذکر۔

دمامہ۔ مذکر۔

دم بخت۔ مذکر۔

دمدمہ۔ مذکر۔

دَم خم۔ ا۔ تاب و طاقت۔ مذکر ۔ اب کسے اپنی جوانی پہ ہے غرہ عاشق ۔ دیکھا اب تو جواب عشق میں دم خم اپنا۔ عاشق

دَمع۔ ع۔ اشک۔ آنسو۔ مذکر ۔ تھے رواں دمع دیدوں سے اسکے ۔ ہو گیا راز حال تھا غم ہے۔ جنون

دَمک۔ ہ۔ چمک۔ تمتماہٹ۔ مونث ۔ عارض پہ حسن خط سے دمک کیا ہے نور کی ۔ یہ دود اڑ رہا ہے تجلی سے طور کی۔ سودا

دُمل۔ ف۔ پھوڑا۔ مذکر ۔ دُمل ایسا ہوا ہے مبرز پہ ۔ جس سے ہے بیٹھنا بھی مشکل تر۔ سلیم

دمن۔ مذکر۔

دمہ۔ مذکر۔

دِن۔ س۔ روز۔ یوم۔ مذکر ۔ روز سیاہ ہجر میں میرے جلے چراغ ۔ پروانوں کو نصیب ہوا دن چراغ کا۔ آتش

دَنائت۔ ع۔ نالائقی۔ کنجوسی۔ پست ہمتی۔ مونث ۔ تمہیں یہ خوار گردیگی دنائت ۔ وہ ہے انسان جو عالی جسکی ہمت۔ نادر

دنبال۔ مذکر۔

دنبالہ۔ مذکر۔

دُنبل۔ ف۔ دُمل۔ مذکر ۔ دنبل ایسا ہوا ہے مبرز پہ ۔ جس سے ہے بیٹھنا ہی مشکل تر۔ سلیم

دنبہ۔ مذکر۔

دُند۔ س۔ طبل۔ نقارہ۔ مذکر ۔ فتح کا دند اس نے بجوایا ۔ عیش کا منعقد کیا جلسا۔ نشتر

دَندان۔ ف۔ دانت۔ مذکر ۔ خندہ بے محل انسان کا ہے باعث نقص ۔ بدنما ہے جو لبوں سے رہے دندان نکل۔ صبا

دندانہ۔ بہر معنی۔ مذکر۔

دُفینہ۔ مذکر۔

دَفن۔ ع۔ زمین میں گاڑنا۔ مذکر ۔ دفن عاشق کا نہیں اب تک ہوا ۔ خیر کے ساتھ ان کو سوجھی سیر کی۔ منور

دُفینہ۔ مذکر۔

دِق۔ ع۔ تپ کہنہ۔ مونث ۔ کیسی کم بخت یہ تری دق ہے ۔ حال کیا تیرا ہو گیا ہے ہے۔ نواز

دِقت۔ ع۔ صعوبت۔ تکلیف۔ مونث ۔ ذہن میں آیا بڑی دقت سے مضمون دہن ۔ اس معنے کے سمجھنے میں بڑی دقت ہوئی۔ امیر

دقیقہ۔ مذکر۔

دکان۔ مونث۔

دَکن۔ ہ۔ (دکھن) جنوب۔ مذکر ۔ اپنے دکن کو آپ روانہ شتاب ہو ۔ پر اس چمن کو چھوڑ کے ہم کیون خراب ہون۔ آزاد

دُکھ۔ ضد سکھ۔ مذکر۔

دِکھلاؤ۔ ہ۔ نمود۔ ظاہر داری۔ مذکر ۔ جو دیکھا آپ نے دکھلاؤ دان کا ۔ دکھاوٹ یان کی بھی کیجئے تماشا۔ محبوب

دِکھاوٹ۔ ہ۔ ظاہر داری۔ مونث ۔ جو دیکھا آپ نے دکھلاؤ دان کا ۔ دکھاوٹ یان کی بھی کیجئے تماشا۔ محبوب

دُکھ سکھ۔ ہ۔ رنج و راحت۔ مذکر ۔ اپنے دکھ سکھ کا کون ہے پرسان ۔ اپنا ہمدرد اب رہا ہے کہان۔ شاطر

دَکھن۔ جنوب۔ مذکر۔

دِل۔ ف۔ قلب۔ خاطر۔ مذکر ۔ راہ میں کعبہ بھی ہے بتخانہ بھی ۔ دیکھئے لیکر کدھر جاتا ہے دل۔ داغ

دُلار۔ ہ۔ محبت۔ پیار۔ لاڈ۔ مذکر ۔ لڑکیون کا لاڈ پیار اچھا نہیں ۔ جان صاحب یہ دلار اچھا نہیں۔ جانصاحب

دِلارام۔ ف۔ بمعنی معشوق۔ مذکر ۔ عشق میں اسکے کبھی دل کو نہ آرام ملا ۔ واہ قسمت سے ملا خوب دلارام ہمیں۔ ہجر

دِلاسا۔ مذکر۔

دَلائل۔ ع۔ (جمع دلیل) مونث ۔ دلائل کین بیان کیا کیا نہ میں نے ۔ پہ کیا کر سکتا اگر کوئی نہ مانے۔ عاقل

دُلبا دل۔ بہر معنی۔ مذکر۔

دَلِدّر۔ س۔ افلاس۔ نحوس۔ مذکر ۔ مری ہے کوئی قسمت باور ۔ یہ اپنا دور کب ہوگا دلدر۔ واتی

دُلدُل۔ ع۔ سپیدی مائل سیاہ خچر۔ مذکر ۔ نبات النعش ہوتا بوت وہ سامان کرون غم کا ۔ بناؤن ابلق ایام کو دلدل محرم کا۔ امیر

دَلدَل۔ ہ۔ گل ولائے۔ کیچڑ۔ مونث ۔ بندھے ہیں کسقدر مضمون صفائی تیغ قاتل کے ۔ زمین شعر میں دلدل ہوئی ہے آب آہن کی۔ انا

دَلدَلاہٹ۔ ہ۔ زلزلہ۔ مونث ۔ تپ سے گویا کانپ اٹھتی تھی زمین ۔ دلدلاہٹ ایسی تو دیکھی نہیں۔ اد ئی

دَلق۔ ع۔ گدڑی۔ مذکر ۔ چاہیئے درویش کو کیا بادشاہانہ لباس ۔ چھوڑ کر دلق اپنا کیون پہنے وہ بیگانہ لباس۔ ظفر

دَلو۔ مذکر۔

دُستک۔ ف۔ تالی و نیز بہر معنی۔ مونث ؎ مہتمم کر کے ظفر کو پوچھے ہے غیر و لیسے وہ + کس نے میرے در پہ دی دستک بتاؤ کون ہے۔ ظفر

دُستگاہ۔ ف۔ قدرت۔ طاقت۔ مونث ؎ یہ ضعف اب ہے کہ ہلنا گران ہے قدموں کو + سبکروی میں کبھی انکو دستگاہیں تھیں۔ امیر

دَستمال۔ ف۔ جیبی رومال۔ مذکر ؎ گر پڑا رستہ میں میرا دستمال + یا اڑانے میں کیا اس نے کمال۔ ناز

دُستور۔ ف۔ رسم۔ طریقہ۔ مذکر ؎ ہوا تھا کبھی سر قلم قاصدوں کا + یہ تیرے زمانے میں دستور نکلا۔ داغ

دُستور العمل۔ ف۔ قانون۔ قاعدہ۔ ضابطہ۔ مذکر ؎ کیوں کسی استاد کے دیوان کو دیکھیں وقت فکر + حاکم مُردہ کا دستور العمل پایا تو کیا۔ امیر

دَستہ۔ بہر معنی۔ مذکر۔

دستی۔ بہر معنی۔ مونث۔

دِسمبر۔ ن۔ نام ایک انگریزی مہینے کا۔ مذکر ؎ پھر آخر ہوا سال خورشید خاور + کہ ہو چکنے پر آیا ماہ دسمبر۔ نذیر احمد خان

دَشت۔ ف۔ صحرا۔ جنگل۔ مذکر ؎ ہو گیا وحشی گہر دیکھے جو وہ موتی سے دانت + بڑھ گئی گردیتیمی دشت پیدا ہو گیا۔ وزیر

دُشنام۔ ف۔ گالی۔ مونث[1] ؎ کسی نے جو حیدر کو دشنام دی + تو گویا پیمبر کو دشنام دی۔ ناسخ

دُشنہ۔ مذکر۔

دُعا۔ مونث۔

دَعوت۔ ع۔ ضیافت۔ مونث ؎ ہچکیوں کی ملک الموت نے بتلائی ہے ڈاک + موت کے گھر میں ہے دعوت ترے بیماروں کی۔ امیر

دَعویٰ۔ ع۔ نالش۔ استغاثہ۔ مذکر ؎ الٰہی کیا قیامت میں نہ بنیگی دادخواہوں پر + وہ فرماتے ہیں کہ دعویٰ پہ دعویٰ ہو نہیں سکتا۔ داغ

دَغا۔ ف۔ فریب۔ چھل۔ مونث ؎ دل مرا لیکے مری جان دغا تم نے کی + تھی مجھے چشم وفا تم سے جفا تم نے تو کی۔ داغ

دُغدغہ۔ مذکر۔

دَغل۔ ع۔ مکر۔ فریب۔ مذکر ؎ تو نے اے بے وفا کیا ہے دغل + آتی ہے میری باری اب تو سنبھل۔ مسرت

دُف۔ مذکر۔

دَفاتر۔ مذکر۔

دَفائن۔ مذکر۔

دفتر۔ بہر معنی۔ مذکر۔

دَفع۔ ع۔ دوری۔ دفان۔ مذکر ؎ اس کا اب دفع ہے بہت مشکل + اب تو ہونا پڑیگا تم کو خجل۔ برتر

دَفعہ۔ مونث۔

نوٹ [1] مختلف فیہ ہے مگر تانیث کو ترجیح ہے ۱۲

دُرّہ۔ تازیانہ۔ مذکر۔

دَریا۔ ف۔ بحر۔ رود۔ مذکر[1] ۔ عاشقوں سے عشق چھپتا ہے کہیں ۔ پھوٹ کر جب روئے دریا بہ گیا۔ داغ

دَریافت۔ ف۔ تحقیق۔ تفتیش۔ مونث ۔ مجھ کو آتا دریغ ہے سنکے ۔ کی نہ دریافت آج تک تم نے۔ سخنور

دریچہ۔ مذکر۔

دریغ۔ ف۔ افسوس۔ کمی۔ مذکر ۔ مجھ کو آتا دریغ ہے سنکے ۔ کی نہ دریافت آج تک تم نے۔ سخنور

دریوزہ۔ مذکر۔

دَڑاڑ۔ ہ۔ درز۔ شگاف۔ مونث ۔ ہے وہاں آبریز نام پہاڑ ۔ ایک اس کی بہت بڑی ہے دڑاڑ۔ کلیم

دسا۔ قسمت۔ مونث۔

دساسول۔ روزبخش۔ مذکر۔

دساور۔ یار غریب۔ مونث۔

دست۔ بہر معنی۔ مذکر۔

دَستار۔ ف۔ پگڑی۔ عمامہ۔ مونث ۔ آج اک پگڑی ہوئی تھی میکدے میں رہن مے ۔ ذوق وہ تیری ہی دستار فضیلت ہو تو ہو۔ ذوق

دستانہ۔ مذکر۔

دَستاویز۔ ف۔ تمسک۔ وثیقہ۔ مونث ۔ بدلیکی انگوٹھی ڈھیلی پائی ۔ دستاویز اس کے ہاتھ آئی۔ نسیم

دَستبرد۔ ف۔ تغلب۔ غارت۔ مونث ۔ خاتم تھی نام کی نشانی ۔ انسان کی دستبرد جانی۔ نسیم

دست نرنجن۔ مذکر۔

دست بقچہ۔ مذکر۔

دست بند۔ مذکر۔

دست پاک۔ ف۔ رومال۔ تولیہ۔ مذکر ۔ جو دیکھا تھی منہ پہ ہے گرد و خاک ۔ دیا پونچھنے کے لئے دست پاک۔ بلیغ

دَستخط۔ ف۔ ہاتھ کی علامت۔ مذکر[2] ۔ دستخط اس پہ کر دیا اس نے ۔ کہا دو خط یہ ا۔ کو لیجا کے۔ ناریخ

دَسترخوان۔ ا۔ سفرہ۔ مذکر ۔ تھا چنا اک وسیع دسترخوان ۔ جس سے ظاہر تھی اس کی عظمت و شان۔ ضامن

دَسترس۔ ف۔ رسائی۔ طاقت[2] ۔ دامن زلف اک دسترس شانہ نہ تھا ۔ آئینہ پر تو عارض سے پریخانہ نہ تھا۔ امیر

نوٹ [1] اگرچہ یہ لفظ بوجہ الف ہونیکے لکھنے کے قابل نہیں۔ مگر دہر استعمال ا[illegible] کرتے ہیں، اسلیئے قایم کیا گیا ہے ۱۲

[2] مختلف فیہ۔ مگر تذکیر کو ترجیح ہے ۲ ۱۲ مختلف فیہ ہے۔ مگر تذکیر کا رواج غالب ہے ۱۲

درستی۔ مونث

درشن۔ ملاقات۔ مذکر۔

درشٹ۔ نظر۔ مونث۔

درشٹانت۔ نظیر۔ مذکر۔

درع۔ ع۔ (زرہ) اگر۔ مذکر ؎ تن پروروں کی تیغ زبان سے نہ تھی پناہ، جو پہنے تھے وہ درع نفس تھی یہ زنان۔ ناسخ

درفش۔ ف۔ جھنڈا۔ علم۔ مذکر ؎ درفش اپنا کیا اس جائے قائم، کہا یونہی رہے قائم بدائم۔ مخفی

درک۔ مذکر۔

درگاہ۔ مونث۔

درگت۔ س۔ بدانجام ۲، مونث ؎ اسکی درگت سے سب ہوں غیرت گیر، دیکھو ایسی بدوں کی ہو تعزیر۔ رنج

درگزر۔ ف۔ ڈھیل۔ تعویق۔ مونث ؎ کمی کی نہ تھی شوق نے قتل میں، اُدھر ہی سے کچھ درگزر ہو گئی۔ داغ

درم۔ ف۔ نام سکہ۔ فلوس۔ مذکر ؎ عشق ہے شرط زلیخا تو وہ یوسف ہے غلام، داغ دل کھوٹا نہ ہوگا تو درم ہو جائیگا۔ بحر

درمان۔ ف۔ علاج۔ چارہ ۲، مذکر ؎ درد بے جانکے عوض ہر رگ و پے میں ساری، چارہ گر ہم نہیں ہونیکے جو درمان ہوگا۔ مومن

درماہہ۔ تنخواہ۔ مذکر۔

درمٹ۔ مذکر۔

درمن۔ ا۔ مختلف درمان۔ مذکر ؎ یہاں کرتا نہیں گر میرا درمن، تو پکڑوں گی وہاں میں تیرا دامن۔ سلیم

درمیان۔ ف۔ وسط۔ بیچ۔ مذکر ؎ اب جدائی ہی رہیگی اسکے اپنے درمیان، وہ عدو کا کیا ہوا گویا عدو اپنا ہوا۔ حسن

درنگ۔ مونث۔

دروازہ۔ مذکر۔

درون۔ ف۔ اندر۔ بطون۔ مذکر ؎ کیجئے ظاہر پہ نظر کیا ہے درون اسکا خراب، ہے منافق جو عدو خلق سے پیش آتا ہے۔ کاتب

درود۔ ف۔ صلوٰۃ۔ مذکر[1] ؎ سوتے میں شغل طاعت رب ودود تھا، دل میں خدا کی یاد تھی لب پہ درود تھا۔ انیس

دروغ۔ ف۔ کذب۔ جھوٹ۔ مذکر ؎ تمہارا تو کھل جائیگا یہ دروغ، کہ ہوتا نہیں جھوٹ کو تو فروغ

درویش۔ مذکر۔

درہ۔ گھاٹی

نوٹ [1] مختلف فیہ۔ مونث مثلاً ؎ کیا قبر فاتحہ کی تری بے نمود ہے، افسوس فاتحہ ہے نہ جس کی درود ہے۔ ۱۲ داغ، لیکن مذکر کا رواج غالب ہے۔ ۱۲

دَر۔ ف۔ دروازہ۔ مذکر۔ شب ہوئی پھر انجم رخشندہ کا منظر کھلا + اس تکلف سے کہ گویا بتکدے کا در کھلا۔ غالب

دُرا گھنٹی۔ مذکر

دُرّاج۔ ع۔ تیتر۔ مذکر۔ ہوا پامال تیری چال پر صیاد میں بے پر + غبث دام بلا میں تو نے یہ دراج کھینچا ہے۔ اختر

دَراڑ۔ ہ۔ درز۔ شگاف۔ مونث۔ جھانکنے کیلئے ہوں جس میں دراڑیں رخنے + اے پریرو ہے مجھے ایسی ہی دیوار پسند۔ ناسخ

دَرآمد۔ ف۔ امپورٹ۔ مونث۔ غلغلک کی درآمد کا ہوا شور جو برپا + آزادوں کے چہرے پہ لگی اڑنے ہوائی۔ احقر

دَراز۔ مونث۔

درازگوش۔ مذکر۔

دِرایت۔ ع۔ عقل۔ دانائی۔ مونث۔ جان سکتا ہی نہیں کوئی بھی حکمت اسکی + عام کی فہم سے باہر ہے درایت اسکی۔ ماہر

دُربا۔ دولت۔ مونث۔

دَربار۔ ف۔ درگاہ۔ جشن ۱۲ مذکر۔ سمجھے کہ عرض حال کریگا ضرور آمیر + دربار اس کے آتے ہی برخاست کر دیا۔ امیر

دَربند۔ ف۔ قلعہ۔ حصار۔ مذکر۔ ہے مستحکم بہت دربند اس کا + بہت مشکل ہے اسکا فتح کرنا۔ دور

دربہشت۔ نام حلوا۔ مونث۔

دَرپن۔ س۔ آئینہ۔ شیشہ۔ مذکر۔ جسمیں امید کا چہرہ نظر آیا ہمکو + تیرے ہی حسن دل افروز کا تھا وہ درپن۔ سرور

دُرج۔ مذکر۔

دَرج۔ مذکر۔

دَرجات۔ مذکر

دَرجن۔ ن۔ بارہ۔ مذکر۔ لیا کس نے یہیں تو تھا رکھا + درجن اک پورا گھنڈیوں کا تھا۔ نازنہ

دَرجہ۔ بہر معنی۔ مذکر۔

دَرخت۔ ف۔ شجر۔ پیڑ۔ مذکر۔ وہ کون ہے جسے نعم البدل نہیں ملتا + درخت میں نہ رہے گل تو میوہ دار ہوا۔ امیر

دَرخواست۔ ف۔ عرضی۔ خواہش۔ مونث۔ مدت سے پے وصل ہے یاں گریہ وزاری + منظور کبھی ہوگی بھی درخواست ہماری۔ مرزا

دَرد۔ ف۔ تکلیف۔ مذکر۔ رکھیو غالب مجھے اس تلخ نوائی میں معاف + آج کچھ درد میرے دل میں سوا ہوتا ہے۔ غالب

دُرد۔ ف۔ تلچھٹ۔ مذکر۔ کہتے ہیں جسکو عطر یہ مردم گلاب کا + اے ترک درد ہے تری جھوٹی شراب کا۔ آتش

دَرز۔ مونث۔

دَرس۔ ع۔ سبق۔ مذکر۔ عبوراللہ نے اسکو دیا ہے علم باطن پر + لیا ہر چند ظاہر میں نہ درس اک حرف ابجد کا۔ ناسخ

دَرس وتدریس۔ ع۔ پڑھنا۔ پڑھانا۔ مذکر۔ ہے جاری ان کا اب تک درس وتدریس + ہے انکے نام سے گھبراتا ابلیس۔ سعد

دانگ۔ مذکر۔

دانہ۔ مذکر۔

دانہ پانی۔ مذکر۔

دَاؤ۔ ہ۔ قابو۔ مذکر ۔ ہم جان پر بھی کھیل کے جیتے نہ یار سے ۔ ہم نے یہ داؤ بڑے کے لگایا تھا ہر گیا۔ بحر

دَاؤن۔ ہ۔ قابو۔ پیچ۔ بازی۔ مذکر ۔ بازی لگا دے عشق کی چوسر میں شوق سے ۔ پو بارہ ہیں ظفر جو کوئی داؤن پڑ گیا۔ ظفر

دَاؤن پیچ۔ ۔ مکر و فریب۔ ڈہنگ۔ مذکر ۔ داؤن پیچ اس کا چل گیا اس پر ۔ بس میں رہتا اسی سے ہون مضطر۔ نیاز

دائرہ۔ بہ ہر معنی۔ مذکر۔

دَایان۔ ہ۔ راست۔ دہنا۔ مذکر ۔ ارے تو نے یہ کیا کیا ہیہات ۔ توڑ ہی ڈالا اس کا دایان ہات۔ صدر

دَایہ۔ ف۔ انا۔ کھلائی۔ خادمہ۔ مونث ۔ اسی باعث سے دایہ طفل کو افیون دیتی ہے ۔ کہ تا ہو جائے لذت آشنا تلخی دوران سے۔ ذوق

دِباغت۔ مونث۔

دَباؤ۔ ہ۔ زور۔ سختی۔ مذکر ۔ اٹھے جاتے ہیں میرے پہلو سے ۔ پڑ رہا ہے دباؤ دشمن کا۔ اختر

دَبدبہ۔ مذکر۔

دُبدُھا۔ س۔ شک۔ شبہہ۔ مونث ۔ ہو گئی اس سے ہے مجھے دبدھا ۔ نہیں زنہار یہ شگون اچھا۔ خفی

دَبستان۔ ف۔ مکتب۔ مذکر ۔ خود فراموشی دبستان کا سبق ہوتا ہے ۔ اے جنون سب سے نرالا ہے دبستان اپنا۔ شعور

دُت۔ ہ۔ دتکار۔ زجر۔ مونث ۔ میری دتکار سے وہ سہم گیا ۔ دُت کی جا کر ہوا وہ دور کھڑا۔ ہاشمی

دُتکار۔ ہ۔ زجر۔ دت۔ مونث ۔ میری دتکار سے وہ سہم گیا ۔ دت کی جا کر ہوا وہ دور کھڑا۔ ہاشمی

دَتُون۔ مسواک۔ مونث۔

دَچھن۔ جنوب۔ مذکر۔

دُخان۔ ع۔ بخار۔ دہوان۔ مذکر ۔ دخان آہ مرا خالی جائیگا نہ یونہیں ۔ فلک سے لیکے اتر آئے رقیب آتا ہے۔ عاشق

دَخل۔ ع۔ آمدنی۔ رسائی۔ قبضہ۔ مذکر ۔ کیا پائے کنہ ذات کو اسکی کوئی ظفر ۔ وان عقل کا نہ دخل نہ ہرگز دلیل کا۔ ظفر

دُخول۔ مذکر۔

دَخیل۔ مذکر۔

دَد۔ مذکر۔

دُر۔ گوہر۔ موتی۔ مذکر ۔ وہ شعر تر میں ہمعف دُر گوش میں پڑھون ۔ سیپی اتار دے مجھے دُر اپنے گوش کا۔ اسیر

دَر۔ ہ۔ نرخ۔ قیمت۔ مونث ۔ خوب کی تو نے پیش ہے یہ نئے ۔ اس در بے بہا کی کیا دَر ہے۔ اسیر

دَارُو۔ ف۔ علاج۔ دوا۔ مونث ۔ دارُو اتنی وہ پی گیا کم بخت ، کہ خراب اسکی حالت اب ہے سخت۔ سعد

دَار وگیر۔ ف۔ شور وغل۔ پکڑ دھکڑ۔ مونث ۔ چلا ہے گیسو دلبر کو دل مرا خوش خوش ، خبر نہیں کہ وہاں دار وگیر ہوتی ہے۔ اختر

دَار ومَدار۔ ف۔ قرار داد۔ انحصار۔ مذکر ۔ چل رہا تھی کا یہ الف اعتبار تھا ، اس پہ ہمارے اوج کا دار و مدار تھا۔ دبیر

داڑھ۔ دندان۔ مونث ۔

داس۔ مذکر ۔

دَاستان۔ ف۔ قصہ۔ حکایت۔ مونث ۔ کہا جگر نے کہ اب چھیڑئے مرا قصہ ، جو خاتمہ پہ کبھی دل کی داستان آئی۔ امیر

داشت۔ مونث۔

داغ۔ بہر معنی۔ مذکر۔

دَاعِیہ۔ ع۔ استغاثہ۔ مذکر ۔ پیش تو کرو داعیہ اپنا ، دیکھو تو ہوتا تصفیہ ہے کیا۔ نجم

دَاغ بیل۔ ا۔ نشانِ عمارت۔ مونث ۔ داغ بیل اس کی جہان ڈالی گئی ، وقت نصب سنگ جمع اک خلق تھی۔ صفا

داکھ۔ انگور خشک۔ مونث۔

دَال۔ ہ۔ دلے ہوئے چنے۔ مونگ وغیرہ۔ مونث ۔ بھیجی ہے جو مجھکو شہ جمجاہ نے دال ، ہے لطف و عنایات شہنشاہ پہ دال۔ غالب

دَالَان۔ ا۔ بڑا کمرہ۔ مذکر ۔ ہم بھی مر رہنے کو ڈھونڈھینگے کوئی قبر کہیں ، آپ بھی سوئیں مبارک رہے دالان نیا۔ سحر

دال موٹھ۔ مونث۔

دَام۔ ا۔ قیمت۔ جبہ۔ مذکر ۔ گردش چشم ہے تیری تو وہ آشوب جہان ، جس نے نظروں میں کئے گردش ایام کے دام۔ ہاشم

دَامَاد۔ ف۔ جنوائی۔ مذکر ۔ نہ کیونکہ دونوں گھر آباد تجھ سے ہوں کہ ہے تو ، خدا کے گھر کا چراغ اور رسول کا داماد۔ آزاد

دامان۔ مذکر۔

دَامَن۔ ف۔ ذیل۔ آنچل ۲۔ اند کرہ ۔ ہوسکے آلودہ دامن پاکدامن کسطرح ، اے زلیخا چھوڑ دامن یوسف کنعان کا۔ ذوق

دان۔ خیرات۔ مذکر۔

دَان پُن۔ ہ۔ داد و دہش۔ خیرات۔ مذکر ۔ دان ہی وقت بد ہے کام آتا ، دان پن کر لو ہوسکے جتنا۔ رشید

دانت۔ دندان۔ مذکر۔

دِانتا کلکل۔ ہ۔ ستیزہ۔ جھگڑا۔ مونث ۔ دانتا کلکل سے تیری ہم تو اب ، سہتے رہتے ہیں بسکہ رنج و تعب۔ واصل

داتن۔ مسواک۔ مونث۔

دَانِست۔ ف۔ ادراک۔ سمجھ۔ مونث ۔ بولا جو آپ کا مصاحب ہے ، میری دانست میں مناسب ہے۔ تنویر

دانش۔ مونث۔

باب دال مہملہ

د ۔ ع ۔ حروف تہجی کا ۱۲ نواں حرف ۱۲ مذکر[1] خلف وہ ہے کرے جو نام روشن جدامجد کا ۔ الف احمد کا میم احمد کا دال آدم میں احمد کا ۔ امیر

دَاب ۔ ہ ۔ دباؤ ۔ گھماؤ ۔ ۱۲ مذکر ۔ تراوہ رعب کہ لرزاں ہے خوف سے مریخ ۔ تراوہ داب کہ دب جائے نالہ ناقوس ۔ حسرت

داب ۔ ع ۔ طور ۔ رعب ۔ خصلت ۱۲ مذکر ۔ تری محفل میں عدو کیا آئے ۔ داب محفل اسے آتا ہی نہیں ۔ نوازش

داد ۔ ہ ۔ نام ایک مرض کا ۱۲ مذکر ۔ داد آپ کو ہو گیا ہے کیسا ۔ دیکھا نہیں ہم نے صاحب ایسا ۔ ثروت

داد ۔ ف ۔ عدل ۔ آفرین ۔ مونث ۔ ہے روز جزا کے آنے کی دیر ۔ اب کون دے داد اس ستم کی ۔ مومن

دادبیداد ۔ ف ۔ فریاد ۔ واویلا ۔ مونث ۔ دادبیداد کوئی اپنی نہیں سنتا عزم ۔ واہ رے بخت کہ منصف ہی وہ ظالم ٹھہرا ۔ عزم

دادودہش ۔ ف ۔ خیر و خیرات ۱۲ مونث ۔ جو تہیدست نظر آتا ہے بھر دیتے ہیں ۔ دیکھے حاتم تو ذرا داد و دہش آصف کی ۔ اختر

دادوستد ۔ ف ۔ لین دین ۔ مونث ۔ رہے داد و ستد گر اسطرح کی ۔ تو آپس میں نہ آخر کو بنیگی ۔ ایجاد

دار ۔ ف ۔ سولی ۔ مونث ۔ دل کو اس زلف چلیپا میں جو اٹکا دیکھا ۔ نظر آیا مجھے منصور نیا دار نئی ۔ ناسخ

دار ۔ ع ۔ گھر ۔ جگہ ۔ مقام ۔ مذکر ۔ اس کا کوچہ ہے اپنا دار سرور ۔ جی بہلنے کا خوب مسکن ہے ۔ اسیمہ

دَارُالاَمن ۔ ع ۔ مقام محفوظ ۔ مذکر ۔ نہیں دنیا میں دارالامن اپنا ۔ کہ ہے دارالمحن کم بخت دنیا ۔ صارم

دَارُالحَرب ۔ ع ۔ مقام جنگ ۔ مذکر ۔ جب ہے آزادی اور امن ایسا ۔ کہیئے دارالحرب یہ کیسا ہوا ۔ غریب

دَارُالخِلافہ ۔ ع ۔ راجدھانی ۔ مذکر ۔ کیا جب فراغ تمام اس نے حاصل ۔ ہوا اپنے دارالخلافہ میں داخل ۔ ارشد

دَارُالسَلطَنَۃ ۔ ع ۔ دارالخلافہ ۔ مذکر ۔ اپنے دارالسلطنۃ کو وہ چلا ۔ اپنے دارالملک میں یہ آگیا ۔ ضیا

دَارُالضَرب ۔ مذکر ۔

دَارُالعُلُوم ۔ ع ۔ بیت العلوم ۔ بڑا مدرسہ ۔ مذکر ۔ یاد آیا ہے کہ تھی کشمیر کی عالم میں دھوم ۔ جانتے تھے لوگ اسکو ہند کا دارالعلوم ۔ فوق

دَارُالقَرار ۔ ع ۔ جنت ۔ مذکر ۔ رہروان جادہ الفت کا تو دارالقرار ۔ تشنہ کامان محبت کے لئے تو آبشار ۔ بدر

دَارُالمُکَافات ۔ ع ۔ دنیا ۔ مذکر ۔ یہیں ہوجائیگی ہونی ہے جو بات ۔ کہ سب کا ہے یہیں دارالمکافات ۔ مخزون

دَارُالمُلک ۔ ع ۔ راجدھانی ۔ مذکر ۔ اپنے دارالسلطنۃ کو وہ چلا ۔ اپنے دارالملک میں یہ آگیا ۔ ضیا

دَارُالبَجت ۔ مونث ۔

نوٹ [1] مختلف فیہ ہے مگر تذکیر کو ترجیح ہے ۱۲

خُود۔ ف۔ کلاہ آہن ۱۲۔ مذکر = میدان سے پانون ہٹ گیا ہے اور خود گر گیا + مارا طپانچہ خوف نے منہ اس کا پھر گیا۔ دہر

خور و بُرد۔ ف۔ غبن۔ تغلب۔ مونث = خورد برد اس نے کی ہے اسمیں اگر + تو سزا دینے میں تو اسکے نہ ڈر۔ کیف

خُورِش۔ ف۔ خوراک۔ غذا ۱۲۔ مونث = ہر ایک کی روزی ہے علے قدر مراتب + کانون کی خورش راگ اور آنکھونکی غذا رقص۔ بحر

خورشید۔ ف۔ آفتاب۔ سورج۔ مذکر = کرتے جو مجھے یاد شب وصل عدو تم + کیا صبح کہ خورشید نہ تا شام نکلتا۔ مومن

خوشامد۔ ف۔ چاپلوسی۔ مونث = کچھ عار نہیں تیری خوشامد سے پرائے یار + مجبور ہون میں اس سے کہ آتی نہیں مجھ کو۔ امیر

خُوشبُو۔ ف۔ مہک۔ مونث = ہم سوختہ دلون کے معطر ہوئے دماغ + خوشبو جو پھیلی آپ کے حقہ کے دود کی۔ رند

خوض۔ ع۔ غور۔ مذکر = خوض اس میں بہت کچھ ان نے کیا + نہ کھلا کچھ بھی اس کا راز ذرا۔ اقتقر

خُوفِ خدا۔ ع۔ دہشت۔ ڈر۔ مذکر = کیا بری شے ہے جوانی رات دن ہے تاک جھانک + ڈر تو سنا اک طرف خوف خدا جاتا رہا۔ امیر

خُون۔ ف۔ لہو۔ دم۔ قتل۔ مذکر = دم بھی نکلا ساتھ جب آنکھون سے جاری خون ہوا + شہسوار روح کو خون رواں گلگون ہوا۔ ذر

خُونناب۔ ف۔ خون کے آنسو ۱۲۔ مذکر = یہ رنگ آمیزیان کیسی ہیں کسکا ڈر ہے دیکھو تو + مجھے تو کچھ نظر آتا ہے یہ خونناب اپنا سا۔ مومن

خیابان۔ ف۔ باغ۔ گلشن۔ مذکر = ہر گلی میں ہے پری کا رنگ روپ + جو خیابان تھا پرستان ہو گیا۔ سرور

خیال۔ ع۔ وہم۔ گمان۔ تصور۔ مذکر = ہمکو معلوم ہے جنت کی حقیقت لیکن + دل کے خوش رکھنے کو غالب یہ خیال اچھا ہے۔ غالب

خیانت۔ ع۔ بددیانتی۔ مونث = جی چراتا ہون میں جب ناز اٹھانے سے امیر + کہتے ہیں دیکھو امانت میں خیانت کیسی۔ امیر

خیرات۔ ع۔ (جمع خیر) دان پن (واحد) مونث = وہی ہے آسمان پر گنج انجم + ملی تھی جو تیری خیرات تھوڑی۔ امیر

خیرباد۔ ف۔ کلمہ۔ رخصت ۱۲۔ مونث = واسطہ ان سے نہ ہے دل سے + ہم نے دونون کو خیرباد کہی۔ اختر

خیر مقدم۔ ع۔ خوش آمدید۔ مذکر = ہو کے خوش خیر مقدم اس کا کہا + لایا مہمانداری اس کی بجا۔ منور

خیر و عافیت۔ ع۔ خیریت۔ تندرستی۔ مونث = چاہتے ہیں تیری خیر و عافیت + او مطلب خط کے لکھنے سے نہیں۔ حسن

خَیل۔ ع۔ گروہ۔ جماعت۔ مذکر = غضب کر گئے جبر نواب کے + اڑا لے گئے خیل سرخاب کے۔ میر

خیل و حشم۔ ع۔ گھوڑے۔ خادم لوگ۔ مذکر = رستے میں گر نہ ٹھہرے تو تم بھی جا ملوگے + گو را ابھی ہے یان سے خیل و حشم تمہارا۔ حالی

خیَم۔ ع۔ خیمہ کی جمع۔ مذکر = خیم قائم کئے ہیں کس نے اس جا + ذرا سرور تو وان جا کے پوچھ آ۔ ہلال

خیمہ گاہ۔ ف۔ کیمپ۔ خرگاہ۔ مونث [1] = ہے عالی حشم و سخی بادشاہ + یہان سے قریب اس کی ہے خیمہ گاہ۔ عابد

نوٹ [1] مختلف فیہ ہے مگر تانیث کو ترجیح ہے ۱۲

خُلع۔ ع۔ نکالنا۔ طلاق دینا ۲۔ مذکر۔ خلع اس کا جاہتے ہو تم اگر ✦ اپنی امانت پر کرو پہلے نظر۔ جرأت

خَلَف۔ ع۔ پسر۔ بیٹا۔ مذکر۔ کیسے کیسے گزرے ہیں ان کے سلف ✦ حیف کیسوں کے یہ کیسے ہیں خلف۔ عابد

خُلق۔ ع۔ مروت۔ خوے نیک۔ مذکر۔ یار نے تیغ سے پانی کا پلایا پانی ✦ لطف کہتے ہیں اسے خلق حسن ایسا ہو۔ امیر

خَلق۔ ع۔ آفرینش۔ دنیا۔ مونث۔ سجدے کو برہمن کے نہ چھوڑی کہیں جگہ ✦ کیوں بتکدے میں خلق خدا آکے بھر گئی۔ داغ

خَلَل۔ ع۔ رخنہ۔ نقصان ۲۔ مذکر۔ بلبل کے کاروبار پہ ہیں خندہ ہائے گل ✦ کہتے ہیں جسکو عشق خلل ہے دماغ کا۔ غالب

خُلُو۔ ع۔ خالی۔ مذکر۔ خانۂ دل ہے خالی از برہے ✦ فلسفی کیوں خلو محال ہوا۔ عاشق

خَلوَت۔ ع۔ تنہائی۔ مونث۔ کہتے ہیں وصل میں پوری تو نہ خلوت ہوگی ✦ ساتھ کھیلی ہوئی ہمدم میری غنیمت ہوگی۔ امیر

خُلُود۔ ع۔ ہمیشگی۔ مذکر۔ قیام کا نہیں دنیا میں جب خلود حزین ✦ تو اس جہان کو پھر نہ کیوں ہم سرا سمجھیں۔ حزین

خُلُوص۔ ع۔ صفائی۔ دوستی۔ مذکر۔ وارفتگی کا میری سبب اور کیا ہوا ✦ یہ خلق آپ کا یہ خلوص آپ کا ہوا۔ تسلیم

خُم۔ ف۔ شراب کا مٹکا۔ مذکر۔ ساقی کے ہاتھ سے جو گرا شیشہ شراب ✦ سمجھا میں بادہ کش کہ خم آسمان گرا۔ ناسخ

خُمار۔ ع۔ نشہ۔ غنودگی۔ مذکر۔ جب نہیں غفلت کا اترا خمار ✦ ہوش میں آتے نہیں وہ زینہار۔ حالی

خَمر۔ ع۔ شراب ۱۔ مونث۔ رسوائی تذلیل بشر کرتی ہے ✦ کیا کیا نہ فساد یہ خمر کرتی ہے۔ انس

خُمس۔ ع۔ پانچواں حصہ۔ مذکر۔ جو ملے نقد دیجیے خمس اسکا ✦ میری محنت کا بس یہ ہوگا صلا۔ قدیم

خُمول۔ ع۔ گمنامی۔ مذکر۔ ہوتی ہے جب کمال میں خامی ✦ ہے بس اچھا خمول گمنامی۔ طاہر

خَنّاس۔ ع۔ دیو بد ۲۔ مذکر۔ جب تلک اسلاف پر ہے انکو اپنے فخر و ناز ✦ جب تلک انکے دماغوں میں بھرا خناس۔ نذیر احمد خان

خُو۔ ف۔ عادت۔ خصلت ۲۔ مونث۔ پہلوؤں میں اگر ہے بو تمہاری ✦ کانٹوں میں بھی ہوگی خو تمہاری۔ امیر

خواب۔ ف۔ رویا۔ نیند ۲۔ مذکر۔ رات دن گیسوے محبوب کا رہتا ہے خیال ✦ خواب آنکھوں میں میری آکے پریشان ہوگا۔ امیر

خوابگاہ۔ ف۔ (خوابگہ) سونے کا کمرہ۔ مونث۔ چار بالشت عمارت جائے آسائش نہیں ✦ چار تختوں کے تلے ہے خوابگہ تیمور کی۔ بحر

خَوارِق۔ ع۔ خارق کی جمع ۲۔ کرامات۔ مذکر۔ خوارق ان کے ہیں مشہور دوران ✦ کئے ہیں دین کے کار نمایاں۔ فہیم

خَواص۔ ع۔ خاصہ (واحد) مذکر۔ ظالم تری نگہ میں ہے گر تیر کا خواص ✦ رکھتا ہے دل ہمارا بھی نخچیر کا خواص۔ ظفر

خَوّاص۔ ع۔ مصاحب۔ خدمتگار۔ مذکر۔ جو خواص اس کے ساتھ تھے اس دم ✦ ہوا ان کو نہایت اس کا الم۔ رضی

خوان پوش۔ ف۔ خوان۔ ڈھکنے کا کپڑا ۲۔ مذکر۔ خوان پر سے جب اٹھایا خوان پوش ✦ اڑ گئے اسکے وہیں بس عقل و ہوش۔ کمتر

خواہر۔ ف۔ ہمشیر۔ مونث۔ کہا اس نے یہ ہے میری خواہر ✦ آپ سے بھیجد یجئے اندر۔ عاقل

خواہش۔ ف۔ آرزو۔ مراد ۲۔ مونث۔ یعنی بیتابی دل اور بڑھی ✦ خواہش صبر گسل اور بڑھی۔ مومن

خُوبُو۔ ا۔ عادت۔ خصلت۔ مونث۔ اسمیں خو بو ہے ماہ پاروں کی ✦ چلتی ہے چھانوں میں وہ تاروں کی۔ سلام

خشوع و خضوع ـ ع ـ انکسار و فروتنی ـ مذکر ـ غرور دیتہ و کبر و عجب انسان کو نہیں زیبا ✦ پسند رب اکبر ہے خشوع اپنا خضوع اپنا ـ صہبا

خصال ـ ع ـ خصلت کی جمع ـ عادات ـ مونث[1] ـ مجھے خوب معلوم ہے انکا حال ✦ ہیں سلطان مرزا کی اچھی خصال ـ فاضل

خصائل ـ ع ـ جمع خصلت ـ عادات ـ مذکر ـ تمہارے ہوں اگر عمدہ خصائل ✦ تو سمجھینگے تمہیں سب لوگ قابل ـ امین

خصم ـ ع ـ دشمن ـ شوہر ـ مذکر ـ اب کسے ہم بنائیں اپنا دوست ✦ خصم اپنا جو دل ہی اپنا ہے ـ کاتب

خصلت ـ ع ـ عادت ـ خو ـ مونث ـ خدا یوں جسکو چاہیے دے سعادت ✦ وگرنہ سگ میں خصلت ہے ہما کی ـ وزیر

خصوصیت ـ ع ـ ربط و اتحاد ـ مونث ـ اس میں ایسی ہے کیا خصوصیت ✦ آپ اپنی جو کرتے ہیں شفقت ـ طالب

خصومت ـ ع ـ دشمنی ـ فساد ۱۲ مونث ـ تھا جبھی لطف شکایت جب تلک تھی دوستی ✦ اب کریں انکا گلہ کیا جب خصومت ہوگئی ـ کاتب

خضوع ـ ع ـ خشوع ـ عاجزی ـ مذکر ـ غرور دیتہ و کبر و عجب انسان کو نہیں زیبا ✦ پسند رب اکبر ہے خشوع اپنا خضوع اپنا ـ صہبا

خضاب ـ ع ـ معنی معروف ۱۲ مذکر ـ وہ بادہ نوش تھے پیری میں بھی نہ توبہ کی ✦ شراب خم میں رہی شیشے میں خضاب رہا ـ صبا

خط ـ ع ـ نوشت ـ نوشتہ ـ آغاز ریش ۱۲ لکیر ۱۲ مذکر ـ پڑھنے دیا نہ دل کی تڑپ نے مجھے امیر ✦ ایسے ہجوم شوق میں آیا ادھر سے خط ـ امیر

خطر ـ ع ـ اندیشہ ـ خوف ـ مذکر ـ وہ رشک حور بحر اشک سے کب خوف کرتا ہے ✦ خطر کیا ساکنان گلشن جنت کو طوفاں کا ـ برق

خط و کتابت ـ ع ـ مراسلت ۱۲ مونث ـ نہ تھا منظور اگر قطع محبت ✦ بھلا کی بند کیوں خط و کتابت ـ آزاد

خطرہ ـ ع ـ اندیشہ ـ ڈر ۱۲ مذکر ـ جس دن سے رند ساقی کوثر ہوئے سحر ✦ خوف حساب و خطرۂ عصیاں نکل گیا ـ سحر

خفاش ـ ع ـ چمگادڑ ـ مذکر ـ دنیا کے پیڑ نیم ہیں حنظل ہیں اس کے پھل ✦ خفاش میوے باغ کے کھاکر احل چلے ـ بحر

خفت ـ ع ـ خجالت ـ سبکی ۱۲ مونث ـ بزم اغیار کا ظاہر ہے اثر آنکھوں پر ✦ مہرباں آپ کی خفت میرے سر آنکھوں پر ـ داغ

خلا ـ ع ـ خالی ـ جوف ۱۲ مذکر[3] ـ ہے یوں ہی ترک ہوا ہم کو اگر اے فلسفی ✦ ثابت اپنے عالم دل میں خلا ہوجائیگا ـ ناسخ

خلاص ـ ع ـ مخلصی ـ چھٹکارا ۱۲ مذکر ـ کیسی آفت میں پھنس گیا ہوں خدا ✦ اس بلا سے خلاص کب ہو میرا ـ ناصر

خلافت ـ ع ـ نیابت ـ جانشینی ۱۲ مونث ـ بہت اچھی ان کی خلافت رہی ✦ بہت شاد ان سے رعیت رہی ـ خرد

خلخال ـ ع ـ پابرنجن ـ پازیب ۱۲ مونث ـ اے قلم نے لکھکے ترے گیسوؤں کا وصف ✦ خلخال پہنی حلقۂ مار سیاہ کی ـ امیر

خلد ـ ع ـ جنت ـ بہشت ۱۲ مذکر[4] ـ خانہ آل عبا ظلم سے برباد ہوا ✦ اجڑا یہ شہر و مکان خلد جو آباد ہوا ـ اختر

خلش ـ ف ـ کھٹک ـ ۱۲ مونث[5] ـ مہر کے دل میں خلش رہتی نہ کیونکر ہر گھڑی ✦ اے خدنگ درد الفت دل نشیں تو کب نہ تھا ـ مہر

نوٹ [1] مختلف فیہ ہے ۱۲ [2] مختلف فیہ ہے ۱۲

[3] اگرچہ یہ مختلف فیہ ہے لیکن زیادہ استعمال تذکیر کا ہے ۱۲ [4] فرہنگ آصفیہ میں مونث درج ہے مگر کوئی سند نہیں ۱۲

[5] خواجہ آتش اور شعرائے قدیم نے مذکر باندھا ہے مگر اب متفق علیہ مونث ہے ۱۲

خَرْبُوزَہ ۔ ف ۔ خربزہ ۔ بطیخ ۔ مذکر ۔ یہ منگوائے ہیں خربوزے کہاں سے ۔ نہایت بامزہ ہیں اور میٹھے ۔ فاتح

خَرَج ۔ ع ۔ خرچ ۔ مذکر ۔ خرج آمد سے بڑھ گیے سب ۔ ہوگا چین اس کو نصیب کب ہوگا ۔ لااعلم

خَرْچ ۔ ا ۔ صرف ۔ لاگت ۔ مذکر ۔ مانع بار دگر مجھے دہیر ۔ ناحق واعظ خرچ کیا ہوتا ہے ان خلق کے دربانوں کا ۔ امیر

خِرَد ۔ ف ۔ عقل ۔ دانش ۔ مونث ۔ خرد کس نے بنائی اور توت کس نے پیدا کی ۔ کوئی مخزن تھا انکا یا کہ قدرت سے ہویدا کی ۔ احمدی

خُرْدْبِین ۔ ف ۔ دوربین ۔ مونث ۔ خردبین ایک پاس ایک تھی ۔ غور سے اس نے پھر وہ شئے دیکھی ۔ اعجاز

خُرْخُس ۔ ف ۔ ریچھ ۔ مذکر ۔ پھر دو آگے بڑھا تو خرس ملا ۔ کیا اس پر بھی دفعۃً حملہ ۔ جودت

خُرْطُوم ۔ ع ۔ سونڈ ۔ مونث ۔ قرنا جو ایک دیو نے منہ سے لگائی تھی ۔ خرطوم فیل مست نے گویا اٹھائی تھی ۔ امیر

خَرْق ۔ ع ۔ پھاڑنا ۔ خلاف عادت ۔ مذکر[1] ۔ تو سمجھ ہوا خرق عادت محقق ۔ گو جانو لگا بہنے الٹا سمندر ۔ نذیر احمد خان

خُرُوش ۔ ف ۔ شور و غل ۔ مذکر ۔ دن حشر کا غربت نے مجھے دکھلایا ۔ نالوں نے خروش صور کا سنوایا ۔ ناسخ

خَرِید و فَروخْت ۔ ف ۔ بیع و شرا ۔ مونث ۔ وان نہ اس کی چلی خرید و فروخت ۔ ہوگیا یہ حریص جلکر سوخت ۔ فصیح

خِزاں ۔ ف ۔ موسم پت جھڑ کا ۔ مونث ۔ بہار جوش پہ ہے شور ہے ہیں پھولوں میں ۔ ذلیل ہوگی جواب باغ میں خزاں ہوگی ۔ امیر

خَزائِن ۔ ع ۔ جمع خزانہ ۔ مذکر ۔ بے حد اس شاہ کے خزائن ہیں ۔ ملک میں اس کے کئی معادن ہیں ۔ خاور

خَرْگاہ ۔ ف ۔ اسباب ۔ مذکر ۔ سیج اس کے خرگاہ کا پارہ دوز ۔ تجلی طور اس کی مشغل نیروز ۔ حسن

خَرْگوش ۔ ف ۔ نام ایک مشہور جانور کا ۔ مذکر ۔ لومڑی کا دشمن اک خرگوش تھا ۔ پر بہت بے عقل اور بے ہوش تھا ۔ رنگین

خِرْمَن ۔ ف ۔ انبار غلہ ۔ مذکر ۔ فروغ جلوۂ توحید کو وہ برق جولان کر ۔ کہ خرمن پھونکدیوے ہستی اہل ضلالت کا ۔ مومن

خُرُوج ۔ ع ۔ نکاس ۔ مذکر ۔ ہو گیا ہے مشتہر اس کا خروج ۔ زائل اس کا ہوگیا سارا عروج ۔ ناظم

خَس ۔ ف ۔ گھاس ۔ خشک ۔ مذکر ۔ آنکھوں کے گرد میری مژگان کی ہے یہ صورت ۔ جیسے کنار دریا خس بہکے آرہا ہے ۔ سودا

خَس و خاشاک ۔ ف ۔ کوڑا کرکٹ ۔ مذکر ۔ سخن بد نہ کبھی فائدہ بخشے ہرگز ۔ خس و خاشاک کبھی سنبل و ریحان نہ ہوا ۔ گویا

خُشْکَہ ۔ ف ۔ بھات ۔ مذکر ۔ غذا اپنی ہے نان خشک و آچار ۔ نہیں بھاتا ہمیں خشکہ تو زنہار ۔ رد لاور

خَشْم ۔ ف ۔ غصہ ۔ مذکر ۔ ہمیں پر ہے نہایت خشم ان کا ۔ محبت رکھتے ہیں دل میں عدو کی ۔ عاشق

خُشُوع ۔ ع ۔ عاجزی ۔ مذکر ۔ غرور و تیہ و کبر و عجب انسان کو نہیں زیبا ۔ پسند رب اکبر ہے خشوع اپنا خضوع اپنا ۔ صہبا

نوٹ [1] مختلف فیہ ۔ مونث ۔ مثلاً ۔ کوئی قائل ہو میری خرق عادت کا کرامت کا ۔ کوئی گر دیدہ رمز و عاد مرہمت ہو ۔ نذیر احمد خان ۔ لیکن تذکیر کو ترجیح ہے ۱۲

[2] مولف فرہنگ آصفیہ نے مونث قائم کیا ہے جو صریح غلطی ہے ۱۲

خارش۔ ف۔ خارشت۔ مونث ؎ مجھے خارش بہت ہے اب ستاتی + طبیعت اس سے از حد تنگ آئی۔ حزؔ

خارشت۔ ف۔ کھجلی۔ مونث ؎ ایسی خارشت ہو گئی ہے مجھے + کہ ہوں معذور کام کرنے سے۔ رعدؔ

خاصدان۔ ا۔ گلوری دان ۱۲ مذکر ؎ خاصدان اس طرف سے آتا تھا + تحفہ اکثر ادہر سے جاتا تھا۔ شوقؔ

خاطر۔ ع۔ دل۔ مرضی۔ خوشی۔ تواضع۔ مونث ؎ ہمہ تن فکر ہوں میں فکر غزل کیا ہو امیرؔ + شعر گوئی نہیں خاطر ہے فقط یاروں کی۔ امیرؔ

خاک۔ ف۔ مٹی ۱۲ مونث ؎ اے صبا اور میں کیا دوں قبر مجنوں کیلئے + خاک تھوڑی سی چڑہا دینا مری چھانی ہوئی۔ جلیلؔ

خاکستر۔ ف۔ راکھ۔ مونث ؎ میری خاکستر اڑی تھی جس سے گردوں سب بنے + اسمیں کچھہ اخگر جو باقی تھے سو وہ کوکب بنے۔ ذوقؔ

خاکِ شفا۔ ف۔ کربلا کی مٹی۔ مونث ؎ آسکتے ہیں لحد میں فرشتے عذاب کے + دیکھیں گے جب کفن میں ہے خاک شفا لگی۔ رندؔ

خاندان۔ ف۔ دودمان۔ نسل گھرانا ۱۲ مذکر ؎ گو خاکسار خلق ہیں رتبا بلند ہے + سیّد ہیں خاندان ہمارا بلند ہے۔ رندؔ

خانہ باغ۔ ف۔ گھر کا باغ۔ مذکر ؎ دل پرداغ کی یہی ہے بہار + دیکھئے خانہ باغ کسکا ہے۔ صباؔ

خباثت۔ ع۔ بدباطنی ۱۲ مونث ؎ میری آنکھوں سے مروت نہ گئی + غیر کے دل سے خباثت نہ گئی۔ سرورؔ

خبث۔ ع۔ بدباطنی۔ مذکر ؎ دشمن تبار رہا ہے جو مجھہ کو حبیب کا + بندہ نواز خبث ہے یہ بھی رقیب کا۔ ناصرؔ

خبر۔ ع۔ اطلاع۔ پیام ۱۲ مونث ؎ اک ذرا پاؤں اٹھائے ہوئے اے توسن عمر + مدتوں سے خبر آئی نہیں کچھہ یاروں کی۔ امیرؔ

خبط۔ ع۔ سودا۔ دیوانگی ۱۲ مذکر ؎ دو مہینے میں تم کو خبط ہوا + سال دو سال بھی نہ ضبط ہوا۔ شوقؔ

خبیث۔ ع۔ جن۔ دیو۔ بھوت ۱۲ مذکر ؎ خواب میں اک خبیث آیا نظر + دیکھتے ہی اسے گیا میں ڈر۔ زعمؔ

ختم۔ ع۔ تمام۔ اخیر ۱۲ مذکر ؎ صبح کو ہوگا ختم قرآن کا + بعد ازیں وعظ نو بجے ہوگا۔ عاصیؔ

خجالت۔ ع۔ شرمندگی مونث ؎ بیخودی شیشہ نہ ٹوٹے کوئی + مجھ کو ساقی سے ندامت ہوگی۔ امیرؔ

خجلت۔ ع۔ شرمندگی ۱۲ مونث ؎ خجلت سے گناہوں کی یہ دنیا میں ہے عالم + اک دوزخ جاوید میں رہتا ہوں پھنسا میں۔ مجروحؔ

خچر۔ ہ۔ اشتر ۱۲ مذکر ؎ واپس آیا جب تو واں خچر نہ تھا + جس جگہ پر باندھ کے وہ تھا گیا۔ صفیرؔ

خد۔ ع۔ چہرہ۔ رخسار ۱۲ مذکر ؎ خد اس کا گل ہے اور قد سرو آسا + عجب ہے سرو پر کیا گل کھلے ہیں۔ انورؔ

خدع۔ ع۔ مکر۔ فریب۔ مذکر ؎ وہ ہو جائینگے تم سے سخت نافر + تمہارا خدع ہو جائیگا ظاہر۔ شہرتؔ

خدم۔ ع۔ خادم کی اسم جمع۔ مذکر ؎ ہیں خدم اس شاہ کے ازبس کثیر + آج دنیا میں ہے کون اس کا نظیر۔ یاورؔ

خدنگ۔ ف۔ تیر ۱۲ مذکر ؎ میں نہ سمجھا تھا کہ دل توڑیگی یوں اسکی نظر + پار سینے سے خدنگ بے کمان ہو جائیگا۔ اسیرؔ

خر۔ ف۔ گدھا۔ مذکر ؎ زور سے زیر کیا چاہیئے نفس بد کو + آپ سے خر تو کبھی مائل پالان نہ ہوا۔ گویاؔ

خراج۔ ع۔ باج۔ محاصل ۱۲ مذکر ؎ وہ میرے دل کا آئینہ توڑا ہے آپنے + بیعانہ جسکا آج خراج حلب نہ تھا۔ بحرؔ

خرام۔ ف۔ رفتار ناز ۱۲ مذکر ؎ زندہ عیسے کا نام کرنا تھا + اس طرف بھی خرام کرنا تھا۔ داغؔ

حَمْل ۔ ع ۔ بار شکم ۔ بوجھ ۔ مذکر ۔ حسن ترقی پہ جو مائل ہوا، ماہ نہم میں مہ کامل ہوا ۔ قدر

حمیّت ۔ ع ۔ غیرت ۱۲ مونث ۔ جنون عشق میں ہر چند کچھ عزت نہیں لیکن ، جو کوئی لعن کرتا ہے حمیت آہی جاتی ہے ۔ بحر

حِنا ۔ ع ۔ مہندی ۔ مونث ۔ پس گیا چشم سیہ پر سرمہ ، پاے رنگین پہ حنا لوٹ گئی ۔ امیر

حَنظل ۔ ع ۔ اندراین کا پھل ۱۲ مذکر ۔ دیکھنے کو تو بہت ہوتا ہے اچھا حنظل ، اور چکھیے اگر اسکو تو یہ ہے کڑوا پھل ۔ برکت

حَوادِث ۔ ع ۔ جمع حادثہ ۱۲ مذکر ۔ گزرے ہیں گو بہت سے حوادث جہانمیں ، جب سے ہوئی ہے عالم و آدم کی ابتدا ۔ عزیز

حَوَاس ۔ ع ۔ قواے مدرکہ ۔ مذکر ۔ شغل طفلانہ دل کے پاس گئے ، ہوش کے آتے ہی حواس گئے ۔ مومن

حَوَالات ۔ ع ۔ نگرانی ۔ قید ۔ (واحد) مونث ۔ نکلا تھا گھر سے کوچہ دلبر کی سیر کو ، سنتا ہوں میں کہ دل کو حوالات ہوگئی ۔ تسلیم

حَوَائج ۔ ع ۔ حاجت کی جمع ۱۲ مذکر ۔ خدا کو سونپ دو اپنے حوائج ، وہی حاجت بر ارانس و جان ہے ۔ عزم

حُوت ۔ ع ۔ ماہی مچھلی ۔ مونث ۔ ایک ہی آج ہاتھ آئی حوت ، یہی اہل و عیال کا ہے قوت ۔ مغموم

حُور ۔ ع ۔ پری خوبصورت عورت ۱۲ مونث ۔ حور اک خواب میں میرے آئی ، سیب اک ساتھ تحفہ لائی ۔ جنون

حَوض ۔ ع ۔ آبدان ۱۲ مذکر ۔ صیاد نے تسلی بلبل کے واسطے ، کنج قفس میں حوض بھرا ہے گلاب کا ۔ آتش

حَیا ۔ ع ۔ شرم ۔ غیرت ۔ ۱۲ مونث ۔ اونچی چوٹی کے ادا گر دپھری ، نیچی نظروں پہ حیا لوٹ گئی ۔ امیر

حَیات ۔ ع ۔ زیست ۔ زندگی ۔ مونث ۔ کہنے کو ہے حیات بشر پانچ روز کی ، نے ایک روز کی نہ خبر پانچ روز کی ۔ ظفر

حَیرت ۔ ع ۔ تعجب ۱۲ مونث ۔ مہمان سے کبھی خالی نہ ہوا گھر میرا ، یاس رخصت جو ہوئی دل سے تو حیرت آئی ۔ امیر

حَیِّز ۔ ع ۔ جگہ ۔ مکان ۔ مذکر ۔ امکان کے حیز میں نہیں دخل کچھ اسکا ، پیش آیا وہی اپنی جو قسمت میں لکھا تھا ۔ منت

حَیص بَیص ۔ ع ۔ رد و قدح ۱۲ مونث ۔ کی بہت حیص بیص بھی میں نے ، پیش میری گئی نہ کچھ ان کے ۔ قسیم

حَیف ۔ ع ۔ افسوس ۱۲ مذکر ۔ کھیل بچوں کا سمجھتے تھے محبت کے تئیں ، ہے بڑا حیف ہمیں اپنی بھی نادانی کا ۔ میر

حَیوان ۔ ع ۔ بہائم ۱۲ مذکر ۔ عدو میرے آگے گریزاں ہوا ، مقابل نہ انسان سے حیوان ہوا ۔ تسلیم

باب خائے معجمہ

خَاتَم ۔ ع ۔ انگوٹھی مہر ۱۲ مونث ۔ جس ہاتھ میں خاتم لعل کی ہے گراسمیں زلف سرکش ہو ، پھر زلف نے وہ دست موسیٰ جسمیں انگشتری ہو ۔ ذوق

خَار ۔ ف ۔ کانٹا ۔ مذکر ۔ صحرا سے بھی میں جاؤں نکل تنگ ہوں اتنا ، پر خار نہیں چھوڑتا دامان ہے میرا ۔ ظفر

خَارج قسمت ۔ ع ۔ حاصل تقسیم ۱۲ مذکر ۔ اس کا نکلے جو خارج قسمت ، وہی لاریب ہے سن ہجرت ۔ فرید

حَقَارَت ۔ ع ۔ ذلت خواری ۔ مونث ۔ اور سے میری محبت کی جو شہرت ہوگی ۔ مہ جبینوں میں تمہاری ہی حقارت ہوگی ۔ سالک

حَقَائِق ۔ ع ۔ حقیقت کی جمع ۔ مذکر ۔ سمجھ میں آتے ہیں جتنے حقائق اشیا ۔ اسی سے سمجھا ہے انسان کہ میں ہوں اک دانا ۔ ناجی

حُقُوق ۔ ع ۔ جمع حق ۱۲ مذکر ۔ دیکھو کیا ہیں حقوق نسوان کے ۔ ان کو سمجھو نہ مثل حیوان کے ۔ عزیز

حَقِیقَت ۔ ع ۔ حقداری ۱۲ مونث ۔ جانتے ہیں تمہاری حقیت ۔ ہوگا سب کچھ موافق نصفت ۔ قرار

حِکَایَت ۔ ع ۔ کہانی ۔ داستان ۔ مونث ۔ وہ عاشق [illegible] پڑھی جس دم گلستان میں نے طفلی میں ۔ پسند آئی نہایت ہر حکایت باب پنجم کی ۔ امیر

حُکْم ۔ ع ۔ فرمان ۔ فیصلہ ۔ مذکر ۔ آہی کون سے مجرم کی آمد [illegible] قیامت میں ۔ ہوا ہے حکم جنت کو یہ کس کی پیشوائی کا ۔ امیر

حُکُومَت ۔ ع ۔ گورنمنٹ ۔ حکمرانی ۔ مونث ۔ کشور دل میں ہو پریوں کے بھی شاہی تیری ۔ قاف تا قاف حکومت کو الٰہی تیری ۔ امیر

حَل ۔ ع ۔ کشایش ۔ تحلیل ۔ مذکر ۔ اگر عقدہ سراپا ہے برنگ اشک کیا غم ہے ۔ مری افتادگی کے ہاتھ حل ہونا ہے مشکل کا ۔ وزیر

حَلَاوَت ۔ ع ۔ شیرینی ۔ ذائقہ ۔ مونث ۔ کنایہ ہے کہ [illegible] تم پہ نثار ہیں ۔ تلخی [illegible] حلاوت شکر کی ہے ۔ بینظیر

حَلَف ۔ ع ۔ پیمان ۔ سوگند ۔ مذکر ۔ ناصح خیال مصحف عارض [illegible] دوں ۔ اس پر حلف [illegible] سے اٹھایا نہ جائیگا ۔ تسلیم

حُلْقُوم ۔ ع ۔ نرخرہ ۱۲ مذکر ۔ دم بسمل نزاکت چومتی تھی ہاتھ قاتل [illegible] بڑی مشکل ہے کٹا تیغ نے حلقوم بسمل کا ۔ شعور

حِلْم ۔ ع ۔ بردباری ۔ مذکر ۔ جو کچھ چاہو کہہ لو مجھے واعظو ۔ بڑا [illegible] ہے میرے اللہ کا ۔ تسلیم

حُلْوَان ۔ ع ۔ بھیڑ کا بچہ ۱۲ مذکر ۔ ابھی پھر رلیاں جو [illegible] افسوس اسے بھیڑیا کھا گیا ۔ جمیل

حُلُول ۔ ع ۔ اترنا ۔ پہونچنا ۱۲ مذکر ۔ پی کے اغیار [illegible] ہیں ۔ [illegible] شیطان نے حلول کیا ۔ سرور

حِمَار ۔ ع ۔ گدھا ۔ مذکر ۔ کیا [illegible] مسکین ہوتا ہے حمار [illegible] ہے ان کی انکسار ۔ شعلہ

حَمَاقَت ۔ ع ۔ بیوقوفی ۔ مونث ۔ بدبختی پڑ کے مشکل [illegible] ہوا ۔ جانصاحب کی آپ دیکھو حماقت نہ گئی ۔ جانصاحب

حَمَّام ۔ ع ۔ غسل خانہ ۔ مذکر ۔ بیگم یہ ٹھنڈی سانسیں [illegible] واسطے ۔ خسخانہ سے سوا جو یہ حمام ہوگیا ۔ جانصاحب

حِمَایَت ۔ ع ۔ طرفداری ۔ مدد ۔ مونث ۔ ہے اعدا سے [illegible] علی کی ۔ پناہ خدا ہے حمایت علی کی ۔ صبا

حَمَائِل ۔ ع ۔ پرتلا ۔ جھوٹی تقطیع کا کلام مجید ۔ مونث [1] ۔ [illegible] ان کی کمر کا دینا ہے گلے میں حمائل پڑیگی ۔ رند

حَمْد ۔ ع ۔ تعریف خداوند تعالیٰ ۱۲ مونث ۔ پہلے لکھی حمد کبریائی ۔ پھر نعت رقم کی مصطفےٰ کی ۔ اختر

حُمْرَت ۔ ع ۔ سرخی ۱۲ مونث ۔ لے اڑے پھول بہا خون جو قربانی کا ۔ لالے کیطرح چہلی بھی حمرت آئی ۔ امیر

حُمْق ۔ ع ۔ بیوقوفی ۔ ۱۲ مذکر ۔ علم اسرار کا گو دعوی تھا ۔ تو بھی اس درجہ حمق اس کا تھا ۔ ناسخ

نوٹ [1] مختلف فیہ ۔ مذکر ۔ مثلاً ۔ کشتی کے کی ضرورت نہیں کافی ہے یہی ۔ مری گردن کا حمائل [illegible] سفینا ساقی (رشک)
لیکن تانیث کو ترجیح ہے ۱۲

حُسَام ۔ ع ۔ تلوار ۔ مونث ؎ بجلی خدا کے قہر کی تھی یا حسام تھی ۔ پہلے ہی وار میں صفِ اول تمام تھی ۔ انیس

حَسَب ۔ ع ۔ ضدِ نسب ۔ لیاقت ذاتی ۔ مذکر ؎ حسب عالی ہے اس کا وہ ہے لائق ۔ ملے گا پھر شریف ایسا نہ فایق ۔ فہم

حَسَد ۔ ع ۔ رشک ۔ کینہ ۔ مذکر ؎ بات کرتے ہیں جو روا اچھا نہیں ۔ کہہ دو غیروں سے حسد اچھا نہیں ۔ نوازش

حَسْرَت ۔ ع ۔ افسوس ۔ پشمانی ۔ مونث ؎ پی گیا میں اگر آنسو تو ہوا اور بھی جوش ۔ میری آنکھوں سے ٹپکنے لگی حسرت میری ۔ جلیل

حُسْن ۔ ع ۔ خوبصورتی ۔ مذکر ؎ پریزادوں نے منہ اپنا چھپایا مارے غیرت کے ۔ اسے سوچو ذرا کیا حسن ہے اولادِ آدم کا ۔ ناسخ

حَسَنات ۔ ع ۔ حسنہ کی جمع ۔ نیکیاں ۔ مذکر ؎ آتے ہیں حسنات کام انسان کے ۔ خیر کر لے دم میں جب تک دم رہے ۔ مجذ

حُسْنِ مَطْلَع ۔ ع ۔ مطلع کے بعد کا شعر ۔ مذکر ؎ حسن مطلع اس کا کیا اچھا کہا ۔ آفریں صد آفریں صد مرحبا ۔ اظہر

حَشْر ۔ ع ۔ قیامت ۔ مذکر ؎ صور تھی منقار مرغ صبح پہلو سے مرے ۔ وہ قیامت قد جو اٹھا حشر برپا ہو گیا ۔ مومن

حَشَم ۔ ع ۔ نوکر چاکر ۔ مذکر ؎ چرخ زبرجدی پے تسلیم خم ہوا ۔ نیچے یہ سات بار تصدق حشم ہوا ۔ انیس

حَشْمَت ۔ ع ۔ عظمت ۔ شوکت ۔ مونث ؎ منہ شجاعت نے جو موڑا کوئی وقعت نہ رہی ۔ وہ حکومت نہ رہی اور وہ حشمت نہ رہی ۔ تسلیم

حَشْو ۔ ع ۔ بھرتی ۔ زائد ۔ مذکر ؎ حشو اس میں نظر نہ کچھ آیا ۔ لفظ سارے فصیح و با معنے ۔ خاور

حِصَار ۔ ع ۔ قلعہ ۔ احاطہ ۔ چار دیواری ۔ مذکر ؎ شاد ہے دل قیدی زلف بہت بے پیر کا ۔ ہاتھ آیا ہے حصار عافیت زنجیر کا ۔ امیر

حَصْر ۔ ع ۔ محدود ۔ انحصار ۔ مذکر ؎ بس نہیں چلتا جوان و پیر کا ۔ حصر ہے تقدیر پر تدبیر کا ۔ شعور

حِصْن ۔ ع ۔ قلعہ ۔ مذکر ؎ حصن اس کا اگر ہے مستحکم ۔ ہے حصین اپنا کب نہیں محکم ۔ خیال

حُصُول ۔ ع ۔ نتیجہ ۔ فائدہ ۔ مذکر ؎ دل ہوا اگر ملول ہوا ۔ یہ کہو تم کو کیا حصول ہوا ۔ اختر

حَصِیر ۔ ع ۔ بوریا چٹائی ۔ مذکر ؎ بلند و پست عالم ایک ہے چشم حقیقت میں ۔ حصیر فقر ہمسایہ بنا قصر فریدوں کا ۔ صبا

حَصِین ۔ ع ۔ قلعہ ۔ پناہ ۔ مذکر ؎ حصن اس کا اگر ہے مستحکم ۔ ہے حصین اپنا کب نہیں محکم ۔ خیال

حَضْرَت ۔ ع ۔ حضور ۔ درگاہ ۔ خدمت ۱۲ مذکر ؎ حضرت انکا بزرگ و عالی ہے ۔ منزل فیض لایزالی ہے ۔ حقیر

حَضِیض ۔ ع ۔ پستی ۔ نشیب ۔ مونث ؎ نہ ہو گا اوج میسر حضیض کو اپنی ۔ کچھ اور دن یہی حالت اگر جاری رہی ۔ مشرق

حظ ۔ ع ۔ لطف ۔ خوشی ۔ مزہ ۱۲ مذکر ؎ حظ اٹھاؤ ذرا جوانی کے ۔ کچھ مزے دیکھو زندگانی کے ۔ مومن

حِفَاظَت ۔ ع ۔ نگرانی ۔ مونث ؎ اب ترا اے دل بیتاب خدا حافظ ہے ۔ کر چکے ہم تو محبت میں حفاظت تیری ۔ داغ

حِفْظ ۔ ع ۔ یاد ۔ حفاظت ۔ مذکر ؎ اے زبان راز محبت کا چھپانا ہے ضرور ۔ کان اپنے نہ سنیں حفظ سخن ایسا ہو ۔ امیر

حَق ۔ ع ۔ حصہ ۔ راست ۔ سزاوار ۔ مذکر ؎ گھر تو چھوڑا ہی تھا حق چھوڑ دیا کیوں اپنا ۔ چٹکیاں لینے بھی آتے نہیں اب تو دل میں ۔ جلیل

اُہ صٹ ۔ لہ مختلف فیہ ہے مگر تذکیر کو ترجیح ہے ۱۲

حُدُود۔ ع۔ جمع حد۔ مونث ۔ کہیں تو تھا حدود ان کی تعیین یاں تک + حد و لبت آپ کا یاں سے ہے بے شک۔ اثر

حَذَر۔ ع۔ پرہیز۔ انکار۔ مذکر ۔ ظلم کس کس غریب پر نہ کیا + تم نے اس کام سے حذر نہ کیا۔ داغ

حذاقت۔ ع۔ کمال۔ مہارت ۲۔ مونث ۔ حذاقت اس کی تھی مشہور عالم + ہے اسکی موت سے عالم میں ماتم۔ سعد

حراست۔ ع۔ نگرانی۔ حوالات۔ مونث ۔ کوئی خواہان وصل ان تک بھلا پہونچے تو کیا پہونچے + حراست میں رہا کرتی ہیں وہ اپنی نزاکت کی۔ نوازش

حَرب۔ ع۔ لڑائی۔ مونث ۔ ہے قہر خدا سے دو جہان حرب ہماری + رکتی نہیں دشمن سے کبھی ضرب ہماری۔ انیس

حَرب ضَرب۔ ع۔ مارکٹائی۔ مونث ۔ ہوئی حرب ضرب اس طرح کی بہم + قلم کا الجھتا ہے لکھنے میں دم۔ شایان

حَرَج۔ ع۔ تنگی۔ نقصان۔ مذکر ۔ آپ کا ہے حرج ہی اس میں کیا + ایک کا ہو رہا ہے اس میں بھلا۔ نادم

حِرص۔ ع۔ لالچ۔ طمع۔ ہوس۔ مونث ۔ لے گئی ہند سے تا شام اسیر + ہم کو اس زلف سیہ فام کی حرص۔ امیر

حَرف۔ ع۔ بات۔ عیب۔ ابجد۔ مذکر ۔ وہ بت کرے خدائی کی باتیں خدا کی شان + جو حرف پڑھ سکے نہ کلام مجید کا۔ داغ

حِرفت۔ ع۔ کاریگری۔ پیشہ۔ ہنر۔ مونث ۔ ہیں حرفتیں بھری مری رگ رگ میں کوٹ کر + رنگین تری طرح سے رنگیلی نہیں ہوں میں۔ رنگین

حُرقت۔ ع۔ گرمی۔ سوزش۔ مونث ۔ بول میں کیونکر آئی یہ حرقت + کی نہ اس کی بیان کچھ علت۔ عرش

حرکات۔ ع۔ جمع حرکت۔ مونث ۔ حرکات اسکی جی جلانے کی + فیلہائی تھی اک زمانے کی۔ لاعلم

حَرَم۔ ع۔ کعبہ کی چار دیواری۔ مذکر ۔ ہر جگہ جلوہ صنم تیرا ہے + دیر تیرا ہے حرم تیرا ہے۔ تسلیم

حَرَم۔ ع۔ اہل خانہ۔ منکوحہ۔ مونث ۔ جلد ہشتر کے ہمراہ تھی جو حرم + ہر اک شخص چھوتا تھا اس کے قدم۔ شایان

حرمان۔ ع۔ محرومی۔ مذکر ۔ ہر روز گھر ہمارے وہ مہمان ہی رہا + اغیار کے نصیب میں حرمان ہی رہا۔ تسلیم

حُرمت۔ ع۔ عزت۔ آبرو۔ مند جلت۔ مونث ۔ صد شکر کہ مو میرے گنہ حشر میں ہوئے + حرمت گدا کی مجلس شاہی میں رہ گئی۔ امیر

حُروف۔ ع۔ جمع حرف۔ مذکر ۔ رکھو آخر کے سالم اس کے حروف + تاکہ حاصل تمہیں ہو اس سے وقوف۔ راز

حَریر۔ ع۔ پارچہ ریشم۔ مذکر ۔ میرے مردے پہ میرا شمع پہ جو کفن ہوگا + حریر شعلہ پروانے کی میت کا کفن ہوگا۔ قلق

حَریم۔ ع۔ گھر کے چاروں طرف کی دیوار۔ مذکر ۔ سب دل کا طواف کر رہے ہیں + یہ گھر ہے حریم ناز کس کا۔ نسیم

حِس۔ ع۔ احساس۔ حرکت۔ مونث[۱] ۔ بت بنایا آئینہ رونے مجھے + دیکھکر صورت کو حس جاتی رہی۔ تسلیم

حِساب۔ ع۔ علم ریاضی۔ شمار۔ قاعدہ۔ مذکر ۔ آیا جو موسم گل تو یہ حساب ہوگا + ہم ہونگے یار ہوگا جام شراب ہوگا۔ صبا

حِساب کِتاب۔ ع۔ محاسبہ۔ مواخذہ ۲۔ مذکر ۔ اندیشہ حساب قیامت بھی چاہیئے + اے دل نہ پھنس بتان کے حساب کتاب میں۔ ذوق

نوٹ [۱] مختلف فیہ۔ مذکر۔ مثلاً ۔ حس خرابی کا نہیں باقی رہا تم کیا کریں + مرگ دل سے ہو گئی تسکین ماتم کیا کریں۔
(اکبر) مگر تانیث کو ترجیح ہے ॥

چینیدہ۔ ہ۔ حق تلفی۔ بد معاملگی۔ مونث ۔ بازی عشق میں دل دے کے گئے لینے جان، خیر لیجائے پر چینیدہ یہ سرکار نے کی۔ معروف

باب حائے مہملہ

حاجت۔ ع۔ ضرورت۔ خواہش۔ مونث ۔ صورت چاک قفس اچھے نہ ہونگے پاک دل، کچھ ہمیں حاجت نہیں ہے مرہم کافور کی۔ برق

حاصل۔ ع۔ نتیجہ۔ فائدہ۔ مذکر ۔ عرق ریزی ہے ناحق مثل باران بلغ دنیا میں، کہ غیر از خار و خس آخر کو کچھ حاصل نہ ٹھہریگا۔ داغ

حال۔ ع۔ حالت۔ کیفیت۔ مذکر ۔ اے داغ عشق آفت جان ہے ذرا سنبھل، دو دن میں کیا سے کیا یہ ترا حال ہو گیا۔ داغ

حال و قال۔ ع۔ ظاہر۔ باطن۔ مذکر ۔ پیش قیامت ہے آہ محشر نہ پھول بلبل پہ اے گل تر، کہ تو نے دیکھا سنا نہیں ہے جو غم میں ہے حال قال دل کا۔ قدر

حالت۔ ع۔ کیفیت۔ طور۔ مونث ۔ وصل میں شام سے یہ خوف رہا، صبح کو کیا میری حالت ہوگی۔ امیر

حب۔ ع۔ گولی۔ دانہ۔ مونث[1] ۔ ہم مریضوں سے کوئی پوچھے حقیقت حال کی، نام ہے حب شفا اسکا مگر ملتی نہیں۔ بحر

حباب۔ ع۔ بلبلہ۔ مذکر ۔ بے ثبات اپنی بزم عیش جو ہے، شیشۂ مے کی جا حباب ملا۔ ناسخ

حبس۔ ع۔ قید۔ مذکر ۔ یا الٰہی یہ حبس کیسا ہے، کون اس سے کہے کہ بے جا ہے۔ سخن

حبل۔ ع۔ رسی۔ مونث ۔ ہر گنہ سے پاک کر دیتی ہے حب اہل بیت، اس سے بہتر خلق کو حبل المتین ملتی نہیں۔ اسیر

حبل المتین۔ ع۔ مضبوط۔ رسی۔ مونث ۔ ہر گنہ سے پاک کر دیتی ہے حب اہل بیت، اس سے بہتر خلق کو حبل المتین ملتی نہیں۔ اسیر

حج۔ ع۔ زیارت کعبہ۔ مذکر ۔ ہزار شکر ہمیں داغ ہمیں نصیب ہوا۔ قصور وار گئے بے قصور ہم آئے۔ داغ

حجاب۔ ع۔ پردہ۔ شرم۔ مذکر ۔ کہا جو میں نے کہ یوسف کو یہ حجاب نہ تھا، تو ہنس کے بولے کہ وہ منہ قابل نقاب نہ تھا۔ امیر

حجامت۔ ع۔ سر مونڈھنا۔ مونث ۔ دیکھیے داڑھی کی کیا گت ہو گئی، شیخ صاحب کی حجامت ہو گئی۔ داغ

حجر۔ ع۔ سنگ۔ پتھر۔ مذکر ۔ بوسہ صنم کی آنکھ کا لیتے ہی جان دی، مومن کو یاد کیا حجر الاسود آگیا۔ مومن

حجر الاسود۔ ع۔ سیاہ پتھر۔ مذکر ۔ بوسہ صنم کی آنکھ کا لیتے ہی جان دی، مومن کو یاد کیا حجر الاسود آگیا۔ مومن

حجم۔ ع۔ جسامت۔ مذکر ۔ حجم اس کا اگرچہ ہے تھوڑا، مختصر ہے مفید یہ قصا۔ ناطق

حد۔ ع۔ کنارہ۔ افق۔ انتہا۔ سزا۔ مونث ۔ حد نہیں کچھ میرے یوسف کے خریدار و نکی، پھونک دے شہر نہ گرمی کہیں بازار و نکی۔ امیر

حد و لبت۔ ف۔ حد و بندی۔ مذکر ۔ ہیں ڈرتا حدود ان کی تھیں یاں تک، حد و بت آپکا یاں سے ہے بیشک۔ اثر

حد و پایان۔ ف۔ انتہا و انجام۔ مذکر ۔ دریائے محبت کا نہ پوچھو حد و پایاں، جی ڈوب گیا جب مجھے ساحل نظر آیا۔ درخشاں

حدوث۔ ع۔ نئی بات ہونا۔ مذکر ۔ مانتے ہیں حدوث عالم کا، یا تیں کوئی قدم کی کیا جانے۔ واثق

نوٹ [1] مؤلف فرہنگ آصفیہ نے مذکر لکھا ہے جو بے سند ہے ۱۲

چھلانگ۔ ہ۔ جست۔ زغند۔ مونث ؎ تھی غضب کی چھلانگ ابلق کی ✦ ایک ہی دن میں وہ وہان پہونچی۔ قمر

چہل پہل۔ ہ۔ رونق۔ آبادی۔ مونث ؎ چیز جو دیکھی بے بدل دیکھی ✦ ہر طرف اک چہل پہل دیکھی۔ منیر

چھلک۔ ہ۔ میلان۔ مونث ؎ چھلک اس کی نہیں ہے اپنی جانب ✦ سنائیں غیر کو کیا حال اپنا۔ ضمیر

چہلم۔ وہ رسم جو میت کے چالیسویں دن ادا کیجاتی ہے۔ مذکر ؎ ہو چکا عاشق کا چہلم بھی مگر ✦ حکم ہے برسوں یونہی ماتم رہے۔ داغ

چھن۔ ہ۔ لحظہ۔ لمحہ۔ ثانیہ۔ مذکر[1] ؎ گھڑی اچھی لگن اچھی دن اچھا ✦ ننھ اچھی ساعت اچھی ہے چھن اچھا۔ فرحت

چھند۔ ہ۔ شعر۔ نظم۔ مذکر ؎ چھند ایسا تھا دل گداز اس کا ✦ سب نے سنکر بہت پسند کیا۔ قمر

چھوٹ۔ ہ۔ فرو گزاشت۔ آزادی۔ مونث ؎ چھٹتی ہیں فقرونکی آتشبازیان ✦ جب کبھی آپس میں ہو جاتی ہے چھوٹ۔ لا اعلم

چھور۔ ہ۔ کنارہ ۱۲ مذکر ؎ اور اس کا نہ چھور اس کا ہے ✦ یا الٰہی یہ کیسا دریا ہے۔ واقف

چھینٹ۔ ہ۔ بوند۔ قطرہ۔ ریزش۔ مونث ؎ تزئین جو دی وفا نے تو میرے لہو کی چھینٹ ✦ بوٹی سی اک دامن قاتل پہ بنگئی۔ ظفر

چھید۔ ہ۔ سوراخ۔ روزن ۱۲ مذکر ؎ وہ چلا جب میرے گھر سے میں ہی کیا رونے لگا ✦ چھید جو دیوار میں تھا چشم گریان ہو گیا۔ ناسخ

چھیڑ۔ ہ۔ مذاق۔ دل لگی۔ فساد۔ مونث ؎ لاش پر بھی وہ چھڑکتا ہے نمک ہنس ہنسکر ✦ چھیڑ ابتک میرے زخمون سے چلی جاتی ہے۔ امیر

چھیڑ چھاڑ۔ ہ۔ ہنسی۔ مذاق۔ مونث ؎ ہر چند کہ بولتے نہیں وہ ✦ باہم پھر چھیڑ چھاڑ سی ہے۔ انشار

چھینٹ۔ ہ۔ نام ایک کپڑے کا ۱۲ مونث ؎ اس مہر و وفا کی نہیں بلی پہ پڑی چھینٹ ✦ کتے نے ہے جسکا کہ سبق ہم کو پڑھایا۔ حالی

چھینک۔ ہ۔ عطسہ۔ مونث ؎ لوگ کیا اونکا جھینکنا جھینکیں ✦ بات کب کرتے دیتی ہیں چھینکیں۔ جرات

چیت۔ ہ۔ نام ماہ ہندی۔ مذکر ؎ ہائے ابتک نہ گھر سے آیا یار ✦ چیت آخر ہوا لگا بیساکھ۔ تراب

چیچک۔ ہ۔ سیتلا۔ مونث ؎ ترے گلگشت کی گرمی نے بگاڑی یہ فصل ✦ چیچک اوراق گل تر کو سراپا نکلی۔ رشک

چیخ۔ ا۔ نعرہ۔ شور و غل۔ مونث ؎ گل گران گوش سنگدل صیاد ✦ کون سنتا ہے چیخ بلبل کی۔ تسلیم

چیر پھاڑ۔ ہ۔ کاٹ کوٹ۔ مونث ؎ شاید کہ ہوئی سرایت عشق ✦ کچھ سینے میں چیر پھاڑ سی ہے۔ انشار

چیز۔ ف۔ شئے۔ مونث ؎ نہ دکھاتے ہیں کمر کو نہ دہن کو یہ بت ✦ اچھی جو چیز تھی وہ آپ اُڑا رکھی ہے۔ امیر

چیستان۔ ف۔ معما۔ پہیلی۔ مونث ؎ دل میں جو کچھ ہے صاف صاف کہیں ✦ کون سمجھے یہ چیستان انکی۔ تسلیم

چیل۔ ہ۔ زغن۔ غلیواز۔ مونث ؎ کیسے ہے العطش آتش میں قفس ✦ زمین پر چیل انڈا چھوڑتی ہے۔ نکہت

چین۔ ہ۔ آرام۔ راحت۔ سکھ ۱۲ مذکر ؎ اے ظفر دیکھیے عقبیٰ میں ہو کیا حال اپنا ✦ چین دنیا میں تو اک دم نہ ہوا پر نہ ہوا۔ ظفر

چین۔ ف۔ شکن۔ بل۔ مونث ؎ یاد آتی ہے وہ چین جبین دیکھکے موج ✦ لہر سی دل میں ہمارے لب جو آتی ہے۔ داغ

نوٹ [1] اگرچہ مختلف فیہ ہے مگر تذکیر کا رواج غالب ہے ۱۲

چُبھن۔ ہ۔ خار۔ نوک۔ مونث ۔ مری ہڈی میں ہے وہ سوز پنہاں، کہ جس سے چبھن جل جائے ہما کی۔ ناظم

چُون چُوان۔ ہ۔ چڑیوں کی آواز۔ مونث ۔ یہ تم سنتے ہو جو چڑیوں کی ہوتی ہے چون۔ وہ کرتی ہیں سراسر حمد بیچون۔ حسن

چُون و چَرا۔ ف۔ جرح و قدح۔ مونث ۔ وفا کی اس نے اے دل یا جفا کی۔ نہ منھ سے ہو گا کچھ چون و چرا کی۔ اختر

چَہ۔ ف۔ مخفف چاہ۔ کنواں۔ مذکر ۔ کھودا چہ بھائی کے لئے جس نے، چاہ آگے ہی ہے بس اوس کے۔ صفدر

چھاپا۔ ہ۔ طبع۔ مونث ۔ چھاپ ہو جس کسی کتاب کی خوب، کیوں نہ پھر گی پڑھائی ہو مرغوب۔ حالی

چھاچھ۔ ہ۔ دوغ۔ مٹھا۔ مونث ۔ دودھ کا تھا جلا وہ آ سائی، اس نے چھاچھ بھی پھونک پھونک کے پی۔ نادر

چھاگل۔ ہ۔ شنگرف۔ خلخال۔ مونث ۔ حشر اٹھاتی ہے رفتار ہے چھاگل اسکی، سوتے فتنوں کو جگا دیتی ہے چھل بل اسکی۔ تسلیم

چھال۔ ہ۔ پوست۔ مونث ۔ میں وہ غم دوست ہوں تجویز کی غم سے دوا غم کی، جو آیا نہ چھالی چھال میں نے نخل ماتم کی۔ امیر

چھالیا۔ ہ۔ (چھالیا) سپاری۔ مونث ۔ تعریف اسکی چرب زبانی کی کیا کروں، کھالی جو چھالیا تھی تو چکنی ڈلی ہوئی۔ اسیر

چھاؤں۔ ہ۔ سایہ۔ ظل۔ مونث ۔ دیکھو فدا اسکوت تم اپنی شبیہ کا، چھاؤں یہ بھی دے رہی ہے تمہارے غرور کی۔ جلیل

چھان بین۔ ہ۔ تحقیق۔ مونث ۔ برا جوڑا اچھا ہے کردو بیاہ۔ بوا چھان بین اس میں اچھی نہیں۔ جان صاحب

چھان نبان۔ ہ۔ تحقیق۔ مونث ۔ اب چھان نبان ہوگی اس کی، کھل جائیگی حالت اس کی ساری۔ تسلیم

چھان پھٹک۔ چھان بین۔ تحقیق۔ مونث ۔ دل اندھا دھندہی آتا ہے ہمیشہ اسے داغ، چھان ہیں اسمیں نہ کچھ چھان پھٹک ہوتی ہے۔ داغ

چھانٹ۔ ہ۔ تراش۔ قطع و برید۔ مونث ۔ چھانٹ اسکی ہمیں نہیں بھاتی، قطع یہ خوشنما ہمیں نہیں آتی۔ ناز

چھاؤں۔ ہ۔ (چھانوں) ظل سایہ۔ پرتو۔ مونث ۔ گھوڑوں کے نہ آئے اٹھتے نہیں پاؤں، ملتی نہیں کہیں بور دکھ کی چھاؤں۔ حالی

چھایا۔ ہ۔ سایا۔ پرتو۔ ظل۔ مونث ۔ کیوں دل دولت میں لگایا ہے سچ کہتا ہوں جو ڈھلی چھایا ہے، سب جاتی پھرتی چھایا ہے کیا اعتبار اسکا پایا۔ مہر

چھب۔ ہ۔ شکل۔ زیب۔ انداز۔ مونث ۔ تختی تیری اگر بھلی ہے، تو سانچے میں چھب مری ڈھلی ہے۔ رنگین

چھپاؤ۔ ہ۔ پوشیدگی۔ مذکر ۔ عشق کا کس سے ہوا اخفا چھپاؤ، ہم چھپائیں اس کی الفت کس طرح۔ قمر

چھپر۔ ہ۔ سقف گاہ۔ مذکر ۔ جب ہوائے میکشی میں ریش زاہد ہنس گئی، میکدے میں غل مچا آندھی سے چھپر اڑ گیا۔ رشک

چھپر کھٹ۔ ہ۔ مسہری۔ مذکر ۔ جو ترے کوچہ میں سویا خاک پر آرام سے، ترک اس نے اپنے سونیکا چھپر کھٹ کر دیا۔ ظفر

چھت۔ ہ۔ سقف۔ مونث ۔ طلب آرام کی بے جا ہے گرفتاری میں، کب بھلا خانۂ زنجیر میں چھت پٹتی ہے۔ آتش

چھچھوندر۔ ہ۔ موشک کور۔ ایک قسم کی آتشبازی۔ مونث ۔ کوئی چھچھوندر اب اس پہ روتی ہے، کہ تری لاش خوار ہوتی ہے۔ میر

چھڑکاؤ۔ ہ۔ آبپاشی۔ مذکر ۔ رونا خوشی کا روتی ہے بلبل بہار میں، چھڑکاؤ ہو رہا ہے چمن میں گلاب کا۔ جلیل

چھل۔ ہ۔ مکر و فریب۔ مذکر ۔ ظاہر اس کا ہو گیا چھل آخرش، ہو گئی ناراض اس سے ماہوش۔ کمال

چھَل۔ ہ۔ ظرافت۔ مذاق۔ ہنسی۔ مونث ۔ برق کیطرح نہ بھولے ہیں نہ بھولینگے کبھی، چھلیں یاد آتی ہیں اے ماہ لقا ساون کی صبا

چَنگ ۔ ہ ۔ ایک قسم کی بٹیر ۔ مذکر[1] ۔ چنگ یہ آج ہم نے دیکھا ہے ، خوب تو یہ بیڑا لایا ہے ۔ عزیزؔ

چَنگ ۔ ف ۔ نام ایک باجہ کا ۔ مونث[2] ۔ چنگ رکھی کہاں ہے دو تو بتا ، دل ہے مضطر ذرا تو لیں بہلا ۔ فاخرؔ

چَنگال ۔ ف ۔ پنجہ ۔ مٹھی ۔ مذکر ۔ اس کے چنگال میں جو پھنس جائے ، جان کی وہ امان کب پائے ۔ زائرؔ

چَنگُل ۔ ف ۔ (مخفف چنگال) پنجہ ۔ مٹھی ۔ مذکر ۔ ہجران یار میں تن خاکی سے تنگ ہوں ، ایذائے مرغ روح کو چنگل ہے باز کا ۔ آتشؔ

چِنگھاڑ ۔ ہ ۔ آواز فیل ۔ مونث ۔ اے خدا یہ چنگھاڑ ہے کیسی ، ہے یہ بے شک چنگھاڑ ہاتھی کی ۔ بازغؔ

چَنگیر ۔ ہ ۔ گلدان ۔ مونث ۔ کیا ہوئی جو چنگیر تھی اس جا ، ارے پھولوں کا جس میں زیور تھا ۔ نافذؔ

چَنوَر ۔ ہ ۔ مورچل ۔ مذکر ۔ ہو گئے تیمور پائے حرص جب توڑا وزیر ، ہاتھ اٹھایا جاہ سے سر پہ چنور ہونے لگا ۔ وزیرؔ

چوب ۔ ف ۔ لکڑی ۔ مونث ۔ کسکو مار کسکا سر پھوڑا بتاؤ تو سہی ، تم نے لوہو میں یہ کیونکر چوب دستی ہے بھری ۔ ظفرؔ

چوب دست ۔ ف ۔ لاٹھی ۔ مونث ۔ لا مری چوب دست جلدی سے ، تاکہ ماروں سرین پر اس کے ۔ فناؔ

چوپال ۔ ہ ۔ نشست گاہ ۔ مونث ۔ ٹھہر جاؤ یہی ہے ان کی چوپال ، وہ جب آئیں کہوں ان سے سب احوال ۔ حسنؔ

چوپڑ ۔ ہ ۔ تختہ نرد ۔ مونث ۔ دہرا اک طرف گنجفہ خوش تماش ، دہری چوپڑ اک طرف کو غم تراش ۔ میر حسنؔ

چُوتڑ ۔ ہ ۔ سرین ۔ مذکر ۔ لا مری چوب دست جلدی سے ، تاکہ ماروں سرین پر اس کے ۔ فضاؔ

چَوتھ ۔ ہ ۔ ربع تاریخ ۔ چوتھا حصہ ۔ مونث ۔ چوتھ ملتی ہے اسکی آمد کی ، نہیں اس کے سوا معاش کوئی ۔ امیدؔ

چوٹ ۔ ہ ۔ ضرب ۔ طعن ۔ وار ۔ جوڑ ۔ مونث ۔ وار پورا ہی پڑا اس کا دل عاشق پر ، چوٹ تیغ نگہ یار کی خالی نہ گئی ۔ داغؔ

چَورَنگ ۔ س ۔ ضرب شمشیر کی ایک قسم ۔ نشانہ ۔ مذکر ۔ مجھی پر دمبدم پڑتی ہے محفل میں جو اے ناسخ ، مگر تیغ نگاہ یار نے چورنگ ٹھہرایا ۔ ناسخؔ

چوڑان ۔ ہ ۔ عرض ۔ چوڑائی ۔ مونث ۔ یہ تو میں کہہ چکا جو ہے لمبان ، اور اک میل اسکی ہے چوڑان ۔ طالبؔ

چوڑاؤ ۔ ہ ۔ چوڑائی ۔ مذکر ۔ تمہاری چھاتیاں ملنے کو صانع نے بنائی ہیں ، نہیں ہاتھوں نے پھر چوڑاؤ کیوں پایا ہے محرم کا ۔ رشکؔ

چَوسَر ۔ ہ ۔ نام ایک کھیل کا ۔ مونث ۔ مل گئے خاک میں یہ حال تو ہم دیکھ چکے ، اور چوسر کی عالم میں بچھائی ہوتی ۔ برقؔ

چوغہ ۔ ت ۔ نام ایک قسم کے لباس کا ۔ مذکر ۔ جسم پر اس جوان کے چوغہ تھا ، اک عمامہ سر پہ اس کے بندھا ۔ فریدؔ

چُوک ۔ ہ ۔ بھول ۔ خطا ۔ سہو ۔ مونث ۔ اسے باوفا جانکر دل دیا ، جو سچ پوچھیے چوک ہم سے ہوئی ۔ مسرورؔ

چوگان ۔ ف ۔ گیند بلا ۔ مذکر ۔ تری پوشاک اتاری وصل کی شب دست بازی میں ، ہمارا ہاتھ چوگان بن گیا گوئے گریباں کا ۔ میرؔ

چَومُکھ ۔ ہ ۔ چار بتی کا چراغ ۔ مونث ۔ بخت سیہ سے آنکھیں نہ اس سے ہوئیں دوچار ، چومکھ چمک چمک کے سیاہی میں رہ گئی ۔ امیرؔ

نوٹ ۔ [1] دلی میں مونث اور لکھنؤ میں مذکر مستعمل ہے ۱۲

[2] مختلف فیہ ۔ مذکر ۔ خوشی سے پلا مجھ کو ساقی شراب ، کوئی دن میں بجتا ہے چنگ و رباب ۔ (حسن) ، لیکن تانیث کو ترجیح ہے ۔

چلپاسہ. ف. چھپکلی. مونث = چارپائی جب اس میں بچھوائی، پہلے چلپاسہ ہی نظر آئی. میر

چَل بِچلاؤ. ہ. ہنفت. مذکر = ساقیا یہاں لگ رہا ہے چل چلاؤ، جب تلک بس چلسکے ساغر چلے. درد

چِلَم. ہ. سر قلیان. مونث = سوز دل سے کسطرح خالی ہوا یہ کون شخص، ہم نشین کیں مدتوں چلمیں بھریں اُستاد کی. امیر

چِلمَن. ہ. چلون، چق. مونث = ہوا سے اڑگئی ہوئی لڑ ایسا ہو جانا ہے، ابا ہے تونے کب چلمن اٹھائی دیکھنے والے. داغ

چلن. ہ. روِیہ. طریقہ. رفتار. چال ۲ مذکر = بدن میں روح کو آنے سے کام کیا تھا آمیز، چلن دکھانیکو آئی تھی بے وفائی کا. امیر

چلو. ہ. مقدار کف دست. مذکر = جام اگر ٹوٹ گیا کیا ہے تردد ساقی، حاجت جام نہیں جام ہے چلو اپنا. امیر

چلِوَان. ہ. (چلمن) چق. مونث = وہ نہ آئیگا نظر ہوگا تو رسوا اے دل، جانہ اس سمت کہ دلچسپ ہے چلون اس کی. حسن

چَمَاق. ت. گرز آہنین. موٹی لاٹھی. مونث = زر ریں ہے وہ شہرہ آفاق، رہتی اک اس کے ہاتھ میں ہے چماق. نظیر

چمتکار. س. تحیر. مذکر = اگر اس کے تہور کا اب اظہار، کریں ہم تو نہیں ہوگا چمتکار. قریب

چَمَک. ہ. روشنی ۲ ٹیس. مونث = فرقت میں ہے یقین کہ شب زندگی ہو صبح، پیدا ہے درد دل میں چمک آفتاب کی. امیر

چَمَک دَمَک. ہ. زیب و زینت. مونث = لڑی لڑی یہ دعا مانگتی ہے سہرا ہو، چمک دمک رہے پروردگار سہرے کی. امیر

چَمَن. ف. باغچہ. مذکر = دیکھکر خط ترے گالوں پہ یہ کہتی ہے بہار، کانٹے ہو بن سے ہیں نازک یہ چمن کس کا ہے. امیر

چُنَاؤ. ہ. بناؤ. آرائش. مذکر = چناؤ ان کا غضب کا ہے سخنور، جو دیکھا اس کا شیدا ہوگیا دل. سخنور

چُنَاوَٹ. ہ. شکن. مونث = پڑگئی ہیں چناوٹیں اس میں، رکھا تھا اس ڈوپٹے کو کس میں. بہار

چَنبَر. ف. سرپوش. حلقہ گردن. مذکر = رشک سنبھال پر ہے کیا اسکو، رنگ بدلا جو تیرے چنبر کا. ناسخ

چَنبُو. ہ. مشربہ. مذکر = جام بلور کی خواہش کسکو، کام سب آتا ہے چنبو اپنا. احقر

چُنَّت. ہ. چین. سلوٹ. مونث = ساری کی چنتوں نے بڑہائی ہے شان حسن، ہر سطر ہر شکن میں رقم داستان حسن. محوی.

چِنتَا. س. سوچ. فکر. مونث = کس بات کی چنتا ہے ہمیں بھی تو ہو معلوم، راز اپنا چھپاتا دل دانا ہی ہمیں سے. بیکس

چَنچَلاہَٹ. ہ. شوخی ۲ مونث = چنچلاہٹ نہ جائیگی اس کی، بن بڑہیگا تو شوخ ہوگا اور. کاتب

چَندَن ہار. ہ. (چندن ہار) نام ایک زیور کا. مذکر = آج پہنا ہے اس نے چندن ہار، جان اپنی نہ کیوں نثار کروں. شمس

چَندَہ. ہ. حصہ. تقسیم. مذکر = خدا کا یہ بھی ہے اک نیک بندہ، دیا اس نے بھی ہے معقول چندہ. سلیم

چَندِیَا. ہ. کھوپری. مونث = دہول اک ماری اس کی چندیا پر، گرپڑا اس کھاکے وہ چکر. عفو

چَندُو. ہ. نام ایک نشہ کا. مذکر = چنڈو تم کو خراب کردیگا، دیکھو تم نشہ یہ نہیں اچھا. غربت

چَنڈُول. ہ. نام ایک پرند کا. محافہ. کھلونا. مذکر = وہاں بیٹھا ہوا تھا یہ مکدر، نظر چنڈول آیا اک شجر پر. فاقم.

چَنگ. ا. ایک قسم کا کنکوا. مذکر = کہیل میں تری تعلی وتجلی دیکھی، بنگیا چودہویں کا چاند اگر چنگ اڑا. منیر

نوٹ: اسنے تحقیق نسبہ. مونث. شنگ = ہوا بلند فلک پہ ہے میر شعلہ آہ، ہوا پہ چنگ نہیں ایسے یہ چراغ اڑی دفعتاً مگر مذکر کا رواج غالب ہے.

چسک۔ ہ۔ میٹھا درد۔ گوٹے کی باریک تحریر ۱۲ مونث ؎ خار غم کی کھٹک نہیں جاتی، درد دل کی چسک نہیں جاتی۔ داغ

چشک۔ ا۔ بادرچیون کا کھانا ۱۲ مونث ؎ لکھ بھیجی کسکو سخت زبانی مرے سوا، کیوں گالیون کے کھانے سے پہلے چشک گئی۔ غیر

چشم۔ ف۔ آنکھ۔ امید ۱۲ مونث ؎ فراق یار میں چشم اسقدر پر آب ہوئی، طناب عمر ہماری رگ سحاب ہوئی۔ صبا

چشمداشت۔ ف۔ امید ۱۲ مونث ؎ چشمداشت ایسی آپ سے تو نہ تھی، آس افسوس اب تو ٹوٹ گئی۔ انجم

چشمک۔ ف۔ اشارہ۔ رنجش ۱۲ مونث ؎ خون ہوگا ارے علی کا یہ چشمک شفق نے کی، تجدید یان وضو کی امام نجی نے کی۔ مونس

چشمہ۔ ف۔ تالاب۔ عینک۔ منبع۔ مذکر ؎ بہر نام سکندر آئینہ، چشمہ ہے آب زندگانی کا۔ امیر

چغد۔ ف۔ اُلو۔ بوم۔ مذکر ؎ غیر جس گھر میں دخل پاتا ہے، چغد اس گھر میں بول جاتا ہے۔ سرور

چغل۔ ف۔ شکایت۔ مونث ؎ تمہاری سراسر ہے بے جا چغل، ہے مقصد کہ ہو دوستی میں خلل۔ ریاض

چقاچاق۔ ف۔ تلوار یا کسی اور ہتیار کے چلنے کی آواز ۱۲ مونث ؎ چقاچاق خنجر کی آنے لگی، تماشے اجل بھی دکھانے لگی۔ شایان

چغز۔ ف۔ چشمہ۔ جوہڑ۔ مذکر ؎ کانٹوں میں لوٹتا ہوں میں دیوانہ دشت میں، پانی کی جا لہو سے ہیں چغز بھرے ہوئے۔ صبا

چک۔ ہ۔ لچک۔ درد کمر ۱۲ مونث ؎ کبھی آمار کے رکھا جو بار غم میں نے، اسیر چک کمر کو ہسار میں آئی۔ اسیر

چک۔ ہ۔ قسم پارچہ ۱۲ پٹی۔ قطعہ زمین ۱۲ مذکر ؎ چک یہ اچھا چکن یہ اچھی ہے، لیجیے جو پسند آئے شے۔ شاطر

چکاچوند۔ ہ۔ خیرگی نگاہ۔ مونث ؎ دریا کے دلمیں تھی جو کدورت وہ دہو گئی، آنکھوں میں مچھلیوں کی چکاچوند ہو گئی۔ انیس

چکر۔ ہ۔ حلقہ۔ غشی۔ دورہ۔ مذکر ؎ کب آنکھ اٹھاتا ہوں کہ آتے نہیں تیور، کب بیٹھکے اُٹھتا ہوں کہ چکر نہیں آتا۔ امیر

چکن۔ ف۔ بیل بوٹے دار کپڑا ۱۲ مونث ؎ چک یہ اچھا چکن یہ اچھی ہے، لیجیے جو پسند آئے شے۔ شاطر

چکور۔ ہ۔ کبک۔ مذکر ؎ ہوا ہے یار میں کیا دلکو اضطراب رہا، چکور چاند کی خاطر بہت خراب رہا۔ صبا

چل۔ ہ۔ رفتار ۱۲ مونث ؎ اب قیامت کا ڈر نہیں ہم کو، دیکھ لی چال تری قیامت ہے۔ عاشق

چل۔ ہ۔ خارش۔ شہوت ۱۲ مونث ؎ اگر بے سبب ٹوٹ آتی ہے خلقت، تو کیا ان کے پیر دن میں ناحق کی چل ہے۔ نذیر احمد خان

چلاؤ۔ ہ۔ ایک قسم کا پلاؤ ۱۲ مذکر ؎ بہت دفعہ تو کھایا ہوگا پلاؤ، اسے کھاؤ تو یہ ہے اچھا چلاؤ۔ نجم

چلاؤ۔ ہ۔ رواج ۱۲ مذکر ؎ اس جگہ تو نہیں چلاؤ اسکا، لے لو واپس یہ روپیہ اپنا۔ برتر

چلاہٹ۔ ہ۔ نعرہ ۱۲ مونث ؎ اسکی چلاہٹ سے گونج اٹھا مکان، بول اٹھے سب لو وہ پہونچا پہلوان۔ قادر

چلبلاپن۔ ہ۔ شوخی۔ مذکر ؎ حیا بولی ابھرا جو جوبن کسی کا، مٹا دون گا میں چلبلاپن کسی کا۔ امیر

چلت۔ ہ۔ رفتار۔ جنبش۔ مونث۔ چلت زمانہ کی کیا رنگ لاتی ہے دیکھو، یہ گردش فلک کیا دکھاتی ہے دیکھو۔ کاتب

چلت پھرت۔ ہ۔ رفتار۔ جنبش ۱۲ مونث ؎ کچھ عجب سے چلت پھرت اسکی، فہم میں بات نہیں آتی۔ نگار

چلتر۔ س۔ ا چرتر ا مکر فریب۔ خصلت ۱۲ مذکر ؎ چلتر اس عورت کا تم نے سنا، کہ آخر اسے لے گئی وہ بھگا۔ رنگین

چچھاڑ۔ ہ۔ خرابی۔ درگت۔ مونث ؎ ہو چلا ہے موافق اپنا یار ۔ اب نہ ہوگی چچھاڑ دشمن کی۔ حسن

چٹان۔ ہ۔ تختہ سنگ۔ ۱۲ مونث ؎ اک بڑی سی چٹان آئی نظر ۔ چلے بس لگے سبھے کے سب یہ اُدھر۔ نواز

چٹ چٹ۔ ہ۔ الجلیونکے چٹکنے یا کسی چیز کے جلنے کی آواز مونث ؎ تری بلائیں مری طرح یہ بھی لیتا ہے ۔ نہ کیونکر آگ میں اسپند کی یہ چٹ پٹ ہو۔ ناسخ

چٹک۔ ہ۔ ٹوٹنے کی آواز ۱۲ پھرتی مونث ؎ ہے کیا دخل آواز دے جو گدا ۔ چٹک کی کلی کی نہ ہووے صدا۔ حسن

چٹیا۔ ہ۔ چوٹی کی تصغیر بالتحقیر ۱۲ مونث ؎ کہا کچھ تو انہیں پکارونگی۔ تیری چٹیا پکڑ کے مارون گی۔ قرار۔

چٹیک۔ ہ۔ چاٹ۔ شوق۔ ۱۲ مونث ؎ غم کی چٹیک نہ ہووے جس دل میں ۔ سنگ اسے یار خام کیا کہئے۔ قائم

چخ۔ ف۔ خصومت۔ جھگڑا ۔ ۱۲ مونث ؎ ہوتے ہوتے یون ہی پھر چخ بڑھ گئی ۔ آخرش دونوں کی رسوائی ہوئی۔ آزاد

چراغ۔ ف۔ شمع۔ مذکر ؎ روشنی اس کی ہے شب بھر ہے یہ روشن رات دن ۔ کیا چراغ داغ دل کا ہوگا ہم پہلو چراغ۔ امیر

چراغدان۔ ف۔ فتیل سوز۔ مذکر ؎ نہ آئینہ ہے نہ فانوس باجی کب دی ۔ چراغدان ہونے دیا نہ گھونگھٹ کا۔ جانصاحب

چراگاہ۔ ف۔ رمنہ۔ سبزہ زار۔ ۱۲ مونث ؎ تھی چراگاہ پاس ہی گھر کے ۔ گوسفند اس کے تھے وہاں چرتے۔ کرم

چرائند۔ ہ۔ چراہند ۔ بوے بد۔ مونث ؎ کیسی ناخوش چرائند آتی ہے۔ جاکے دیکھو آگ جلتی ہے کیا تنئے ۔ ناز

چراہند۔ ہ۔ چرائند ۔ بوئے بد۔ مونث ؎ کیسی ناخوش چراہند آتی ہے۔ جاکے دیکھو آگ جلتی ہے کیا تنئے ۔ ناز

چرتر۔ س۔ دحلہ ۔ ا قصہ۔ فساد ۱۲ مذکر ؎ چرتر اس عورت کا تم نے سنا ۔ کہ آخر اسے لے گئی وہ بھگا۔ رنگین

چرٹ۔ ن۔ سگار۔ حقہ۔ پائپ ۱۲ مذکر ؎ کیا برے وقت آپنے مانگا ۔ کہ مرے پاس اک چرٹ نہ رہا۔ اطہر

چرخ۔ ف۔ آسمان ۱۲ گردش۔ نیز بمعنی مذکر ؎ گلرنگ ہو اگر یہ خون ہے مرے دامن ۔ کیا اب بھی خجل چرخ سیہ فام نہ ہوگا۔ مومن

چرس۔ ہ۔ شکن۔ مونث ؎ چرسین آس کی تہبر دلکش ۔ دل نینون کی سلوٹون پہ ہے غش۔ اختر

چرک۔ ف۔ ریم بنیپ۔ غلاظت ۱۲ مذکر ؎ زخم سے اس کے چرک ہے بہتا ۔ اندمال اس کا اب تلک نہ ہوا۔ شرر۔

چرم۔ ف۔ پوست ۱۲ چمڑا کھال ۱۲ مذکر ؎ چرم میرا جو کام آئے حضور ۔ جوتے بنوائیں آپ اس کے ضرور۔ فدا

چرن۔ س۔ قدم۔ پاؤں مذکر ؎ تو اس انداز و ادا سے جو زمین پر اُتری۔ دیکھنے والون نے جھک جھک کیلئے تیرے چرن۔ سرور

چرند۔ ف۔ چرنے والا جانور ۱۲ مذکر ؎ دور سے ایک چرند آیا نظر ۔ سر کی بندوق تاک کر اس پر۔ ناشر

چڑ۔ ہ۔ کراہت ۱۲ مونث ؎ آپ کی چڑ کی ہے کوئی حد بھی۔ باتون باتون میں یہ غضب کیسا۔ ارم

چڑھ۔ ہ۔ نفرت۔ ناخوشی مونث ؎ کہتے ہیں اب لوٹ ہے شکوون کی ۔ چڑھ ہماری ہوئی گلا نہ ہوا۔ امیر

چڑھاؤ۔ ہ۔ بہر معنی۔ مذکر ؎ چڑھاؤ اس کا ہے اب بہت زور پر ۔ نہیں قصد جانے کا اب ہے اُدھر۔ فیاض

چڑیا۔ ہ۔ پرند۔ کنجشک مادہ ۱۲ مونث ؎ شکر ہے یار کی انگیا پہ پڑا خواب میں ہاتھ ۔ بخت بیدار ہوئے سونے کی چڑیا پائی۔ ناسخ

چڑیل۔ ہ۔ خبیثہ۔ مونث ؎ آئی کیون اے چڑیل تو اس جا ۔ ہے یہ بہتر ابھی یہان سے جا۔ قمر

چَال چَلِن۔ ہ۔ روِیہ۔ طریقہ۔ مذکر ؎ ہر سخن سے یہی اے جان سخن اچھا ہے ٭ آپ اچھے ہیں اگر چال چلن اچھا ہے۔ تسلیم

چَال ڈَھال۔ ہ۔ طور۔ طریقہ۔ مونث ؎ حاجت نہ اسکو ڈھال کی وقت جدال تھی ٭ شمشیر آبدار کی کیا چال ڈھال تھی۔ دبیر

چَالِیسوَاں۔ ہ۔ چہلم۔ مذکر ؎ پوچھتے ہو جن کو تم وہ ہیں کہاں ٭ مر گئے آج ان کا ہے چالیسواں۔ زائر

چَانپ۔ ہ۔ بندوق کا گھوڑا۔ ۱۲ مونث ؎ سوال بوسہ جو چپکے سے بھی کیا تو کہا ٭ ٹھہر سنگائی ہیں چانپیں تری زبان کے لئے۔ امیر

چَانْد۔ ہ۔ قمر۔ ماہ۔ نام ایک زیور کا ۱۲ مذکر ؎ کہیں فلک پہ نہ چڑھ جائے چاند جھومر کا ٭ کہ دور آپ کو کھینچے ہے تیرے سر چڑھ کر۔ ذوق

چَانْد۔ ہ۔ کاسۂ سر۔ کھوپری۔ ۱۲ مونث ؎ کرنے جاتا ہے چاروں سے تو جوتی پیزار ٭ چاند خان آج تیری چاند ہے کھجائی کیا۔ راحت

چَانْد گہن۔ ہ۔ خسوف۔ چندر گرہن۔ ۱۲ مذکر ؎ تیرے منہ پہ جو رکھا گیسو فام نے منہ ٭ مجھ کو اے رشک قمر چاند گہن یاد آیا۔ امانت

چَاؤ۔ ہ۔ حسرت۔ لاڈ۔ تمنا۔ مذکر ؎ دکھانا وہ بن بن کے اپنا بناؤ ٭ وہ آپس کی رسمیں وہ آپس کے چاؤ۔ میر حسن

چَاہ۔ ف۔ کنواں۔ مذکر ؎ جان شیریں سے بھرے دل کو تمنا ہے یہی ٭ آب شیریں کے عوض چاہ زنخدان تیرا۔ آتش

چَاہ۔ ہ۔ محبت۔ خواہش ۱۲ مونث ؎ کسی کی چاہ بھی دل میں ہے اے نازنین نکلی ٭ ترے تیروں نے گھر بھر کی تلاشی لی کہیں نکلی۔ امیر

چَاہ پیار۔ ہ۔ محبت۔ انس ۱۲ مذکر ؎ یار برسوں عدو کا یار رہا ٭ خوب دونوں میں چاہ پیار رہا۔ سرور

چَاہَت۔ ہ۔ خواہش۔ محبت۔ الفت ۱۲ مونث ؎ تڑپتے ہیں انہیں غیروں کی چاہت ایسی ہوتی ہے ٭ خدا کی شان ہے اپنوں کی حالت ایسی ہوتی ہے۔ داغ

چَائے۔ ف۔ نام ایک پتی کا جسکو انگریزی میں "ٹی" کہتے ہیں ۱۲ مونث ؎ مرغ سالم کے جو پر پرزے نہ چھوڑے ہند میں ٭ انکو دیتی ہے فقط

چُپ۔ ہ۔ خاموشی ۱۲ مونث ؎ تبوں کی ایک چپ اے داغ لاکھوں کو ہرا تی ہے ٭ جسے سمجھے ہو خاموشی وہ عیاروں کی باتیں ہیں۔ داغ

چَپَت۔ ہ۔ طمانچہ ۱۲ مونث[1] ؎ دل لگی میں چپت لگائی جب ٭ ہوگئی اور بھی یہ وجہ غضب۔ خسرو

چَپَراس۔ سپاہی کا تمغہ۔ مونث ؎ لالہ بھائی کوئی ڈپٹی ہوں کوئی صدر الصدور ٭ انکو کیا جنکے مقدر میں لکھی چپراس ہے۔ نذیر احمد خان

چَپقَلِش۔ ت۔ ازدحام۔ ہجوم۔ انبوہ ۱۲ مونث ؎ ہوئی لوگوں کی چپقلش کیا کیا ٭ رہی آپس میں کشمکش کیا کیا۔ داغ

چَپَّل۔ ہ۔ نوعے از کفش ۱۲ مذکر ؎ ہم کہیں اس کو منہ لگاتے ہیں ٭ اپنا چپل ہے فرق دنیا پر۔ گوہر

چَپیٹ۔ ہ۔ صدمہ ۱۲ مونث ؎ تم نے گھوڑا نہیں جو دوڑایا ٭ کس کی پھر وہ چپیٹ میں آیا۔ نجم

چِت۔ ہ۔ دھیان۔ خیال مونث ؎ اس کی چت دل میں اپنے رکھ ہر دم ٭ پھر نہ چلیگا پاس رنج و الم۔ شعور

چِتا۔ س۔ لکڑیوں کا وہ ڈھیر جس میں مردوں کو جلاتے ہیں مونث ؎ اف ری شوہر کی چتا پہ شعلہ افروزی تری ٭ جیتے جی سوز محبت میں

چَتر۔ چھتری۔ مذکر۔ جنون نے سلطنت دی کشور صحرا کی مجنوں کو ٭ بگولے کا جما چتر اسکے سر پہ اے ظفر پھرتا۔ ظفر

چِتوَن۔ ہ۔ نگاہ۔ نظر ۱۲ مونث ؎ تری چتون تو اے بیداد گر کچھ اور کہتی ہے ٭ زبان کچھ اور کہتی ہے نظر کچھ اور کہتی ہے۔ جلیل

نوٹ [1] مولف فرہنگ آصفیہ نے مذکر لکھا ہے جو نادرست ہے ۱۲

جھیل ۔ ہ ۔ آبگیر ۔ غدیر ۔ تالاب ۱۲ مونث ؎ سطح زمین میں دریں تہی ۔ نہ دریاچہ تھانے کوئی جھیل تہی ۔ میتر

جہنم ۔ ع ۔ دوزخ کا ایک طبقہ ۱۲ مذکر ؎ اس کی جنت جہیم ہے اس کا ۔ اسکی مرضی میں دخل کرسکا ہے ۔ متین ۔

جھینگر ۔ ہ ۔ جر غد ۔ مذکر ؎ بان جھینگر تمام چاٹ گئے ۔ بھیک کر بانس پھاٹ پھاٹ گئے ۔ میر

جے ۔ س ۔ فتح ۔ ظفر ۔ جیت ۱۲ مونث ؎ ہوگی جے تیری کہ دیا بابا ۔ کام آتا ہے لبس دیا بابا ۔ جہتر

جیت ۔ ہ ۔ ظفر ۔ فتح ۱۲ مونث ؎ بوسہ بازی میں شرط ایسی ہے ۔ ہارنے میں بھی جیت اپنی ہے ۔ اختر

جیحون ۔ نام ایک دریا کا ۔ مذکر ؎ پھرتے پھرتے جستجو گوہر مقصود میں ۔ بیٹھکر رو دیا گھڑی بھر میں جہان جیحون ہوا ۔ آتش ۔

جیش ۔ ع ۔ لشکر ۔ مذکر ؎ جیش شہزادہ کا تھا بسکہ بڑا ۔ بیکران جند تھا قمر رخ کا ۔ ناقی

جیل ۔ ن ۔ قید خانہ ۱۲ مذکر ؎ جیل معلوم کسکو ہوا اچھا ۔ کیون ہے دلچسپی اتنی دینا سے ۔ عاجل ۔

جیمال ۔ س ۔ تسبیح ۱۲ مونث ؎ جانکی جی کی عیان خوبی اقبال ہوئی ۔ رام کے زیب گلو ہاتھ کی جیمال ہوئی ۔ افق

جیوٹ ۔ ہ ۔ شجاعت ۱۲ مونث ؎ جیوٹ اسکی جہان میں ہے مشہور ۔ دیکھنی جنگ اس کی ہے منظور ۔ خلیق

باب جیم فارسی

چابک ۔ ف ۔ تازیانہ ۱۲ کوڑا مذکر ؎ سختیاں ساری ہیں کاہل کے لئے ۔ اسپ چابک لے نہ چابک کھایا ۔ تسنیم

چاپ ۔ ہ ۔ پانو کی آہٹ ۱۲ مونث ؎ تمہاری چال سے سب فتنہ خوابیدہ جاگ اٹھے ۔ صدا چھاگل کی ہوئی چاپ ہو ہائے قیامت کی ۔ ناصر

چاٹ ۔ ہ ۔ ذائقہ ۔ عادت ۱۲ مونث ؎ چاٹے بغیر خون کوئی رہتی ہے تیری تیغ ۔ ہے یہ تو اسکو چاٹ ستمگر لگی ہوئی ۔ ذوقی

چادر ۔ ف ۔ ردا ۔ دوپٹا پانی کی دہار ۱۲ مونث ؎ گریان وہ ہون کہ جب مری تربت پہ آگیا ۔ چادر چڑہائی ابر نے رو رو کے آب کی ۔ اثیر

چارباغ ۔ ف ۔ ایک قسم کا شالی رومال ۱۲ مذکر ؎ چار عنصر کے سب تماشے ہیں ۔ واہ یہ چارباغ کس کا ہے ۔ صبا

چارج ۔ ن ۔ جایزہ ۔ مذکر ؎ جو ایڈورڈ نے چھوڑا شاہی کا چارج ۔ ہوئے جلوہ آرا شہنشاہ جارج ۔ اکبر

چاقو ۔ ت ۔ کارد قلم تراش ۔ مذکر ؎ اگر تم بوسۂ سیب ذقن سے ہو گئے قاتل ۔ گلے پر پھیر دیجے میرے چاقو میوہ خوری کا ۔ تعلق

چاک ۔ چرخی ۔ درز ۱۲ مذکر ؎ مرا سینہ ہے مشرق آفتاب داغ ہجران کا ۔ طلوع صبح محشر چاک ہے میرے گریبان کا ۔ ناسخ ۔

چاکو ۔ ہ ۔ دچاقو) کارد ۔ قلم تراش ۱۲ مذکر ؎ کارخانہ کا یہ راجس کے کبھی چاکو نہ لین ۔ اسکا ہو بیچارہ ہندی بیچنے والا اگر ۔ حالی

چال ۔ ہ ۔ رفتار ۔ طرز ۔ گھات ۱۲ مونث ؎ پہونچے جو اس گلی میں وہیں کیون نہ سو رہے ۔ یہ چال میرے پانوں سے ہیہات رہ گئی ۔ ایسر

چالان ۔ ہ ۔ بیجک ۔ رسید ۔ ارسال زر ۔ مذکر ؎ سمجھے اپنا نہ نفع یا نقصان ۔ فوجداری میں ہوگیا چالان ۔ گہر

جہد۔ ع۔ کوشش۔ سعی۔ مونث ۔ جہل کی ہے جہد اپنی ہو ترقی کسطرح + علم کی جانب توجہ ہو تو ہو عز و وقار۔ صمیم

جھُرمُٹ۔ ہ۔ گروہ۔ انبوہ۔ بھیڑ ۱۲ مذکر[1] جبین منور پہ افشاں نہیں + فلک پر یہ جھرمٹ ستارون کا ہے۔ تسلیم

جھَڑ۔ ہ۔ باران۔ قفل کا پردہ۔ مونث ۔ کیسے برس رہے ہیں سوال وصال پر + اک جھڑ ہے گالیوں کی برابر لگی ہوئی۔ سرور

جھُکاؤ۔ ہ۔ خمیدگی۔ مذکر ۔ تھا نہ دینداروں کو غیروں سے لگاؤ + ایک ہی سمت تھا رحمت کا جھکاؤ۔ حالی

جھَک۔ ہ۔ بک۔ مونث ۔ باقی ہے ابھی اثر جنون کا + سودا تو گیا ہے جھک رہی ہے ۱۲ رند

جھَک جھَک۔ ہ۔ بک بک۔ تکرار۔ مونث ۔ فرق نہ آیا اسکی جھک جھک میں + دوپہر ہونے آئی بک بک میں۔ لا اعلم

جھَلک۔ ہ۔ تجلی۔ رونق۔ چمک ۱۲ مونث ۔ آنکھیں کٹورا سی وہ ستم گردن ہے صراحی دار غضب + اور اسمیں شراب سرخی پان رہتی ہے جھلک پہ دیسی ہی۔ ظفر

جھَلم۔ ہ۔ نام زرہ کیطرح کی ایک نقاب کا ۱۲ مونث ۔ ہتھیار سجے او جھلم زیب بدن کی + گھوڑے کو تہ ران کیا اور راہ لی رن کی۔ انیس

جھَمک۔ ہ۔ جھلک۔ مونث ۔ زمین پر تھی اس طور سے کی جھمک + ستارون کی جیسی فلک پر چمک۔ حسن

جھنجھٹ۔ ہ۔ تشویش۔ فساد۔ جھگڑا ۱۲ مذکر[2] کیسے جھنجھٹ میں ہون اب میں پھنس گیا + دے نجات اس سے مجھے تو اے خدا۔ تمنا

جھُنڈ۔ ہ۔ انبوہ۔ گروہ۔ مذکر ۔ جہان نغمہ خوان جھنڈ تھے طائروں کے + پڑے ہیں وہان منتشر مشک پر۔ نذیر احمد خان

جھنکار۔ ہ۔ آواز زنگولہ و نوبت وغیرہ۔ مونث ۔ تعجب کیا جو کوسوں دشمن رو بہ غش بھاگے + کہ نعرہ شیر کا جھنکار ہے شمشیر قاتل کی۔ امیر

جہنّم۔ ع۔ دوزخ۔ نرک ۱۲ مذکر ۔ نہیں ہوتی کسیکو بھی گوارا اپنی ناکامی + جسے تو بخشتا ہے جہنم اس سے جلتا ہے۔ امیر

جھُوٹ۔ ہ۔ دروغ۔ کذب۔ مذکر ۔ میرے ہوتے غیر چل سکتا نہیں + سچ کے آگے جھوٹ چل سکتا نہیں۔ سرور

جھُوٹ مُوٹ۔ ہ۔ غلط سلط۔ مذکر ۔ جھوٹ موٹ اس نے کہا بھی تو ہوا باور نہیں + ہم جو کچھ کہتے ہیں تو تمکو یقین آتا نہیں۔ جوہر

جھُوڑ۔ ہ۔ لڑائی۔ تکرار۔ مونث ۔ ہو گئی جھوڑ باتوں باتوں میں + جلد وان تک ذرا حضور چلیں۔ سفیر

جھُوک۔ ہ۔ (جھونک) خم۔ جھکاؤ۔ مونث[3] وہ آنکھوں کی مستی وہ مژگاں کی نوک + کرن پھول کی اور بالے کی جھوک۔ میر حسن

جھول۔ ہ۔ ڈھیلا پن۔ مذکر ۔ مٹتے نہیں دیکھی ہے شکن ہم نے جبین کی + جب فرش پر اسکے کہیں کچھ جھول رہا ہے۔ قلق

جھُومر۔ ہ۔ نام ماتھے کے ایک زیور کا۔ مذکر ۔ چرخ پر پھیری ترے عقد ثریا کی چمک + جبکہ ماتھے پہ ترے رات کو جھومر چمکا۔ ظفر

جھونک۔ ہ۔ (جھونکا) جنبش۔ خم۔ جھکاؤ ۱۲ مونث[4] پھول بالوں میں پرو دے تو نے کیون اے نازنین + گوش نازک سے سنبھلنے

جہیز۔ ع۔ شادی کا اسباب ۱۲ مذکر ۔ صدقے تم پر جہیز سارا ہے + میں تمہاری ہون گھر تمہارا ہے۔ میر

نوٹ [1] فرہنگ آصفیہ میں مونث درج ہے مگر مذکر کو ترجیح ہے ۱۲

[3] ملاحظہ ہو نوٹ لفظ جھونک ۱۲

[4] بحر نے خلاف جمہور مذکر باندھا ہے۔

جُوں۔ ن۔ نام ماہ انگریزی۔ مذکر ۔ جون بھی ختم ہونے کو آیا ، پہونچا پرچہ نہ اب تلک مے کا۔ سعد۔

جونک۔ ہ۔ ژلو۔ دیوچہ ۱۲ مونث ۔ آج اس کے لگائیں جونکیں بھی ، نہ ہوا حیف فائدہ کوئی۔ ناجی

جوہر۔ ع۔ ست۔ اصل۔ لیاقت ۱۲ مذکر ۔ خدا نے اِن تو نکو کچھ نئی طینت عنایت کی ، خمیر انکا بنا ہے کھینچکے جوہر بیوفائی کا۔ امیر

جُوہڑ۔ ہ۔ جھیل۔ تالاب۔ مذکر ۔ ایک جوہڑ وسیع وہاں دیکھا ، تھی بہت خوشگوار اس کی فضا۔ نظر

جہات۔ ع۔ جہت کی جمع۔ مونث ۔ جہات ستہ اس عالم کی دیواریں ہیں محبس کی ، کوئی اس قید سے جائے نکلکر عمر بھر کیونکر۔ فراغ

جہاد۔ ع۔ بقائے مذہب کیلئے اسلامی جنگ۔ مذکر ۔ کمال کچھ نہیں تیغ و سنان کے منہ چڑھنا ، جہاد نفس کیا جس نے وہ بہادر ہے۔ امیر

جھاڑ۔ ہ۔ جھاڑی۔ درخت۔ بڑا لمپ۔ مذکر ۔ روشن تھے جنکے قصر میں سو بتیوں کے جھاڑ ، محتاج ہیں وہ ایک چراغ مزار کے۔ امیر

جھاڑپونچھ۔ ہ۔ صفائی۔ مونث ۔ جھاڑپونچھ اس کی آج کرلو خوب ، وقت شب آئیگا مرا محبوب۔ رنگین۔

جھاڑپھونک۔ ہ۔ منتر جنتر۔ مونث ۔ فائدہ جھاڑ پھونک سے ہے کیا ، وہی ہوگا ہبن جو چاہے خدا۔ مجروح۔

جھاڑو۔ ہ۔ جاروب۔ مونث ۔ آتے ہی باد خزاں نے ایسی جھاڑو پھیر دی ، جائے گل تنہا چمن میں باغبان رکھتا نہیں۔ صبا

جہاز۔ ع۔ بڑی کشتی ۱۲ مذکر ۔ ہوائے مے میں ہوں محو ایسا چمن میں گھر کر جو ابر آیا ، سیاہ مستی میں ہیں یہ سمجھا جہاز ہے آب آتشیں کا۔ امیر

جھاگ۔ ہ۔ کف۔ پھین مذکر ۔ جھاگ منہ سے نکلتا تھا اس کے ، دیکھکر حال سب یہ روتے تھے۔ اختر

جہالت۔ ع۔ نادانی۔ مونث ۔ میخانہ کی حرمت کو نہ سمجھا کبھی واعظ ، سچ کہتے ہیں پڑھنے سے جہالت نہیں جاتی۔ سرور

جھالر۔ ہ۔ فراویز۔ آنچل کرن۔ مونث ۔ اجلی کرنیں ہیں کہ مقیش کی جھالر ہے کوئی ، یا چمکتی ہوئی یہ نور کی چادر ہے کوئی۔ شاکر

جہان۔ ف۔ دنیا۔ مذکر ۔ جب چراغ گل چمن میں یک بیک گل ہو گیا ، چشم بلبل میں جہان تاریک بالکل ہو گیا۔ ظفر

جھانجھ۔ ہ۔ (جھانج) نام ایک قسم کے بڑے مجیرے کا ۱۲ مذکر[ف] ۔ سنکر دل کے شور کلیجے دہلتے تھے ، تھراکے جھانج بھی کف افسوس ملتے تھے۔ انیس

جھانجھ۔ ہ۔ تیزی۔ غصہ ۱۲ مونث ۔ جھانجھ میں جس بھوک کی بھولے نہ تو ، بھوک ہے وہ شیر مادر سے لذیذ۔ حالی

جھانجھن۔ ہ۔ پائل ۱۲ مونث ۔ جھانجھنیں پہنی ہیں کم سن ہے ابھی ، جھانج پہنے تو قیامت آئیگی۔ صریر

جھانک تاک۔ ہ۔ نظربازی۔ مونث ۔ دیکھنا یہ جھانک تاک اچھی نہیں ، عشق یہ کردیگا رسوا ایک دن۔ مجید

جھپّان۔ ہ۔ ایک قسم کی پالکی ۱۲ مذکر ۔ نظر آجائے گر آج اس کا جھپان ، تڑپکر بس وہیں دیدوں گا میں جان۔ حشر

جھپٹ۔ ہ۔ جلدی۔ زود۔ مونث ۔ جھپٹ میں اس کی یہ آیا مقرر ، علاج اس کا کراؤ جلد بہتر۔ فائز

جہت۔ ع۔ طرف۔ سمت۔ مونث ۔ ہر جہت اس شش جہت کی نور سے معمور ہے ، وہ بہت نزدیک ہے کہتے ہیں اسکو دور ہے۔ واسط

جھجک۔ ہ۔ وحشت۔ شرم ۱۲ مونث ۔ ہو جائیگا رم رفتہ رفتہ ، وحشت تو گئی جھجک رہی ہے۔ رند

نوٹ[ف]۔ مختلف فیہ ہے۔ مثلاً ۔ سنی جھانج نے جو خوشی کی نوا ، تھرکنے لگا نالیوں کو بجا۔ (حسن) مگر مذکر کو ترجیح ہے ۱۲

جُوار ۔ ہ۔ نام ایک غلہ کا ۱۲ اجزر۔ مونث ؎ جو اچھے ہیں جوار اچھی ہے بابا + ہیں بھاتا نہیں زنہار خشکہ ۔ کاظم

جُوارِش ۔ مع۔ معجون مرکب ۱۲ مونث ؎ جوارش ہون لایا بڑی قیمتی + اسے آپ کھائیں ذرا سی اچھی ۔ ادب

جَواز ۔ ع۔ جایز ہونا ۱۲ مذکر ؎ لب یار کے چوم لے اگر جام + ہو جائے جواز میکشی کا ۔ صریر

جُوالا مُکھی ۔ س۔ آتش فشان پہاڑ ۔ ۱۲ مذکر ؎ اک جوالا مکھی نظر آیا + دیکھکر اس کو سخت گھبرایا ۔ شیخ

جَوانب ۔ ع۔ جانب کی جمع۔ اطراف۔ مونث ؎ اگر جائیگا تو اس کی جوانب + دکھائی دینگی پھر چیزیں عجائب ۔ شرق

جَواہِر ۔ ع۔ معدنی پتھر ۱۲ (واحد) مذکر ؎ ملبوس زرنگار ہے اوپر دہرا ہوا + نیچے ہے کشتیوں میں جواہر بھرا ہوا ۔ امانت

جُوت ۔ س۔ قلبہ رانی۔ روشنی ۱۲ مونث ؎ نظر آئی تری صورت میں عجب حسن کی جوت + تو نے دیوی ہمیں اپنے جو دکھائی درشن ۔ سرود

جُوتِش ۔ س۔ علم نجوم ۱۲ مونث ؎ اسی کی اب تو جوتش کا ہے ٹھہرا + اسی سے کام نکلے گا تمہارا ۔ فنا

جُوتی پَیزار ۔ ا۔ مارپیٹ ۱۲ مونث ؎ جوتی پیزار ان میں خوب ہوئی + ان کے دروازے پہ ہے بھیڑ لگی ۔ ساقی

جُوٹ ۔ ہ۔ سن۔ مذکر ؎ بے ہنر ہاتھوں میں ہیں بیکار سے + مالوے کی روئی بنگالے کا جوٹ ۔ محمد اسمٰعیل

جُود ۔ ع۔ بخشش ۱۲ مذکر ؎ بخل جتنا ہے زیادہ جود اتنا کم ہوا + آج تک پیدا نہ کوئی دوسرا حاتم ہوا ۔ ظفر

جَوْدَت ۔ ع۔ ذکاوت۔ مونث ؎ دکھادے آج اے اختر کہ جودت ایسی ہوتی ہے + سخنور اسکو کہتے ہیں طبیعت ایسی ہوتی ہے ۔ اختر

جَور ۔ ع۔ ظلم جبر۔ مذکر ؎ واقعی سجدہ درِ لیلیٰ ہی تقصیر ہے اب جور جو بندے پہ ہوتا ہے بجا ہوتا ہے ۔ مومن

جوڑ توڑ ۔ ہ۔ داؤں پیچ ۱۲ مذکر ؎ مجھ سے جدا ہوا تو رقیبوں سے مل گیا + یہ جوڑ توڑ سب اسی خاطر شکن کے ہیں ۔ برق

جوش ۔ ف۔ تیزی۔ ابھار مذکر ؎ بعد مردن بھی جو ہے نرگس میگون کا خیال + گنبد قبر میں ہے جوش خم صہبا کا ۔ ناسخ

جوشش ۔ ف۔ جوش۔ مونث ؎ ناتوانی سے نہیں قوت رفتار مگر + جوشش شوق مجھے کھینچ لئے جاتی ہے ۔ صریر

جوش و خروش ۔ ف۔ شور و غل۔ تیزی۔ مذکر ؎ دیکھکر مرد کا یہ جوش و خروش + زن خوش خلق ہوگئی خاموش ۔ لااعلم

جُوع ۔ ع۔ بھوک۔ مونث ؎ لاکھوں کئے شکار پر اب تک بھرا نہ پیٹ + ہر روز تیری جوع بقر کو دو فو ہے ۔ ضامن

جَوف ۔ ع۔ خلو۔ غار ۱۲ مذکر ؎ نکلنے لگی خواہش مدعا + یہ جوف اب ہوا ہے کہ سچ مچ بھرا ۔ مومن

جَوق ۔ ت۔ انبوہ۔ گروہ۔ مذکر ؎ پہنایا ہے اسے جولان اور طوق + وہاں مخلوق کا از بسکہ ہے جوق ۔ شمس محمد اسمٰعیل

جَوکھون ۔ ہ۔ جوکھم از زبان خطرہ۔ خدشہ۔ مونث ؎ یہ جنگ نہیں توپ کی یا تیغ و تبر کی + اس جنگ میں نے جانی جوکھون ہے نہ زر کی

جوگن ۔ ہ۔ بیراگن۔ مونث ؎ وہ جوگی وہ دھونی اور وہ آسن + دکھلایا تو تھی اسی کی جوگن ۔ نسیم

جَولان ۔ ف۔ زنجیر۔ بیڑی ۱۲ مذکر ؎ پہنایا ہے اسے جولان اور طوق + وہاں مخلوق کا از بسکہ ہے جوق ۔ شمس

جَوْلان ۔ ع۔ کود پھاند۔ مذکر ؎ ابلق خامہ کی جولان تو دیکھے کوئی + دیدنی کیون نہ ہو یہ شان تو دیکھے کوئی ۔ عاشق

جُون ۔ ہ۔ سپس ۱۲ مونث ؎ دور کر بالون کو سر پر سے کہے ہے لیلیٰ + یہ نہیں کان یہ مجنون کے ذرا جون چلتی ۔ ذوق

جَنتر - س - قربیتی - تعوید - منتر - مذکر ؎ نہ منتر پڑھا اور نہ جنتر دیا ٭ بس اک پہونک میں اسکو اچھا کیا - آرام

جَنجال - آفت - مذکر

جُنند - ع - لشکر - مذکر ؎ جیش شہزادہ کا نہایت بڑا ٭ بیکراں جند تھا قمر رخ کا - ناسخ

جِنس - ع - اسباب نوع مونث ؎ ہوتی ہے جنس مہر وفا چار سو پسند ٭ آگے ترے پسند کرے جسکو تو پسند - داغ

جَنکشن - ن - مرکز - اتصال - مذکر ؎ الہ آباد کا جنکشن جو دیکھا ٭ تو بس آیا نظر نادر تماشا - رونق

جِنکھاڑ - مونث

جَنگ - بمعنی مذکر

جَنگ - ف - لڑائی - مونث ؎ صلحنامہ جو لکھا تیرے خط شکیں نے ٭ نہ رہی جنگ جو کچھ میرے اور اغیار کی تھی - ناسخ

جَنگاہ - مونث

جَنگ - س - محویت - ذہن - مونث ؎ ہم کب شہر کیا ہے ہیں ہٹ بنا کے جنگ میں ٭ وہ اپنے رنگ میں ہیں ہم اپنی ترنگ میں - اکبر

جَنگل - ف - صحرا - مذکر ؎ ہوں وہ سرگشتہ جنوں میں کہ بگولے کی طرح ٭ اے ظفر دیکھئے چکر مجھے جنگل کہانا - ظفر

جَنگ و جَدَل - ف - قتال و جدال - مونث ؎ ہوئی گرم جب انمیں جنگ و جدل ٭ کہا نانک نے گیا نسے بہاگ چل - تہر

جَنَم - س - ولادت - پیدائش - مذکر ؎ دنیا ہی میں نتیجہ ظلم و ستم ہوا ٭ پتھر کے بن گئے یہ بتوں کا جنم ہوا - بحر

جَنُوب - ع - دکن - مذکر ؎ جا و اسکے جنوب کے جانب ٭ ہاں نہ جانا کبھی کسی جانب - نادر

جُنود - ع - لشکر - مذکر ؎ دور سے آیا نظر اسکا جنود ٭ اور گئے گھبرا نے بے حد سب ہنود - کلام ؟

جُنوں - ع - دیوانگی - مذکر ؎ کہوئے ہوئے ہیں شاہد معنی کی دہن میں ہم ٭ یہ بھی جلیل ایک جنوں ہے شباب کا - جلیل

جَنین - مذکر -

جَنیو - س - زنار - مذکر ؎ دہاگا دیا بتوں نے خفا دیکھکر مجھے ٭ اٹھا جو میں جنیو کمر سے لپٹ گیا - بحر

جَو - ف - نام ایک غلہ کا - مذکر ؎ جوا چہے ہیں جو اراچھی ہے بابا ٭ ہمیں بھاتا نہیں نہار جسکہ - کاظم

جُو - ف - ندی - مونث ؎ کرم حق سے گلزار توکل سرسبز ٭ کٹ کے دریا سے مرے باغ میں جو آتی ہے - آتش

جَواب - ع - ضد سوال - جواز مذکر ؎ دماغ بحث تھا کسکو وگرنہ اے ناصح ٭ دہن نہ تھا کہ دہن میں مرے جواب نہ تھا - امیر

نوٹ [۱] فرہنگ آصفیہ میں بلا تحقیق وسند مذکر درج ہے -
[۲] فرہنگ آصفیہ میں مونث لکھا ہے مگر مذکر زیادہ مستعمل ہے -

جُمال ۔ ع۔ خوبصورتی۔ مونث ؎ خوب دیکھا تو جوانی ہے سارا جوبن ۔ من پریوں کا نہ حوروں کا جمال اچھا ہے۔ امیر
جَماؤ ۔ مذکر
جماوٹ ۔ بہر معنی۔ مونث
جُمعرات ۔ اپنجشنبہ۔ مونث ؎ نہیں آیا وہ گل آئی جمعرات ۔ کریں کیا ہے بری تقدیر ہیہات ۔ قاسم
جُمدَھر ۔ مذکر۔ نام حربہ۔
جُمعیت ۔ ع۔ فوج۔ انبوہ۔ طمانیت۔ مونث ؎ تنگی غم دل کو آخر باعث راحت ہوی ۔ اسقدر سمٹی پریشانی کہ جمعیت ہوی۔ امیر
جَمع ۔ ۔ مونث
جُمگَھٹ ۔ ہ۔ انبوہ۔ بھیڑ۔ مذکر ؎ یا رب اکیلے رہنے کی عادت نہیں مجھے ۔ جمگھٹ رہے مزار میں غلمان و حور کا۔ امیر
جُمہور ۔ مذکر
جمع وخرچ ۔ مذکر
جَم غفیر ۔ مذکر
جُمل ۔ مذکر
جُملہ ۔ ع۔ فقرا۔ تمام۔ مذکر ؎ تخفیف درد دل کا کروں گا جو میں سوال ۔ نکلے گا جملہ جھڑ میں ہل من مزید کا۔ امیر
جَمنا ۔ ہ۔ دریائے جمن۔ مونث ؎ ہوا دونوں انکھوں سے یہ جوش اشک ۔ کہ گنگا سے جمنا مقابل ہوی۔ امیر
جَنّت ۔ ع۔ بہشت۔ مونث ؎ گرچہ از حد ہوں گنہگار مسلمان تو ہوں ۔ پیچھے پیچھے میرے دوزخ میں ہی جنت آئی۔ داغ
جِنّ ۔ ع۔ دیو۔ پری۔ پریت۔ مذکر ؎ حسن وحشت خیز ہے ایسا تو کیسا آدمی ۔ اے پری ہر جن ہی کتا باولا ہو جائیگا۔ ناسخ
جَناب ۔ ع۔ درگاہ۔ حضرت۔ آپ۔ مونث ؎ جو تھی شاہ ہدا کی جناب میں ۔ وہ التجا ہے عین خدا کی جناب کی۔ تسلیم
جَنابَت ۔ ع۔ نجاست۔ مونث ؎ نہیں غسل میں تو اب تک کیا ۔ تو ہوگی جنابت بھلا رفع کیا۔ فریاد
جِنّات ۔ جمع۔ جن۔ مذکر ؎ میں نے دیکھے وہاں کئی جنات ۔ اسلئے کی نہ اس سے کوئی بات۔ فتح
جَناح ۔ ع۔ پر۔ بازو۔ مذکر ؎ بیٹھا مہرخ جناح پر لئے ۔ وہ لگا لینے اسکو بس اڑنے۔ تسلی۔
جَنازَہ ۔ لاش۔ مذکر۔
جِنان ۔ ع جمع۔ جنت۔ مذکر ؎ جناں کا کہہ آراستہ ہو مگر ۔ مدینہ کے گلشن کو پاتا نہیں۔ امیر
جُنبش ۔ ف۔ حرکت۔ مونث ؎ نوجوان رعشہ پیری کا مزا کیا جانے ۔ عضو تن وجد میں جنبش سر کبھی ہے۔ امیر

نوٹ اہل لکھنو مذکر کہتے ہیں

جَل ۔ س ۔ پانی ۔ مذکر ۔ جس جگہ کل تک نظر آتے تھے عالیشان محل ۔ آج آتا ہے نظر اس سرزمیں پر جل ہی جل ۔ حامد

جُل ۔ ہ ۔ مکر ۔ فریب ۔ دغا ۔ مذکر ۔ کیا فریب آپ سے کیا میں نے ۔ کونسا تمکو جل دیا میں نے ۔ شوق

جِلا ۔ ع ۔ صیقل ۔ صفائی ۔ رونق ۔ مونث ۔ کس نے چمکایا انہیں حمد و ثنا کرنے کی ۔ دولت ہیرے تھے حقیقت میں جلا کرنے کی ۔ عاشق

جُلّاب ۔ ا ۔ مسہل ۔ مذکر ۔ بہکے جو ہم مست آگئے سو بار مسجد سے اٹھا ۔ واعظ کو مارے خوف کے کل لگ گیا جلاب سا ۔ میر

جَلاجِل ۔ ع ۔ جھانجھ ۔ تال ۔ دف ۔ مذکر ۔ بجی جلترنگ اور جلاجل بجے ۔ غرض عیش شب بھر مناتے رہے ۔ کثر

جَلّاد ۔ ع ۔ بمعنی معشوق ۔ مذکر ۔ یہی بس وقت استقلال کا ہے ۔ سنبھل اے دل کہ وہ جلاد آیا ۔ کاتب

جَلالَت ۔ ع ۔ بزرگی ۔ عظمت ۔ مونث ۔ تجھکو دیکھا جو دم قہر و جلال ۔ مہر گردوں کی جلالت نہ رہی ۔ نوازش

جَلال ۔ ع ۔ عظمت ۔ بزرگی ۔ شکوہ ۔ مذکر ۔ دیکھا جو دو پہر کو جلال آفتاب کا ۔ آیا وہیں خیال کسیکے نقاب کا ۔ ناسخ

جَلَب ۔ ع ۔ تحصیل ۔ وصول ۔ کشش ۔ مذکر ۔ کیا جلب منافع کس نے اب تک ۔ ہماری بات میں کرتے ہو کیوں شک ۔ ناظم

جَلتَرنگ ۔ نام باجہ ۔ مونث

جَل تھَل ۔ ہ ۔ بحر و بر ۔ مذکر ۔ ایسے مرے مژہ کے ہیں یار دل بھرے ہوئے ۔ پل مارتے ہی دیکھے ہیں جل تھل بھرے ہوئے ۔ ناسخ

جَھلّاہَٹ ۔ غضب ۔ مونث ۔ جھلاہٹ تھی کیوں مجھ پر تری ۔ ہم تو عاشق ہو کے رسوا ہو گئے ۔ نازش

جِلد ۔ بہر معنی ۔ مونث

جَلسہ ۔ مذکر

جُلق ۔ مذکر

جَلَن ۔ ہ ۔ سوزش ۔ حسد ۔ مونث ۔ یوں داغ عدو کا شکوہ اے دل ۔ بے شرم تجھے جلن نہ آئی ۔ مومن

جَلَندَر ۔ استسقاء ۔ مذکر ۔ ذبیح

جَلُوَت ۔ ع ۔ ہمراہی ۔ طمطراق ۔ مونث ۔ قضا ہی ہر گھڑی جسکے جلو میں ساتھ رہتی ہے وہی آ پھر گیے میری سمت تو سب بھاگ جائے

جَلوَہ خانہ ۔ مذکر

جُلوس ۔ ع ۔ تخت نشینی ۔ امرا کی سواری کا حشم ۔ مذکر ۔ مفلسی میں نام حضرت کا لیا دولت ملی ۔ کیا گدائی میں جلوس بادشاہی ہو گیا ۔ امیر

جَلوَہ ۔ مذکر

جَم ۔ نام فرشتہ ۔ مذکر

جَماد ۔ بہر معنی ۔ مذکر

جِماع ۔ ع ۔ مباشرت ۔ مذکر ۔ اس زور تو جماع نہیں اچھا ۔ دیکھو تم کام کرتے ہو یہ برا ۔ کاتب

جَماعَت ۔ ع ۔ گروہ ۔ مونث ۔ ہے اعدائے دین جماعت علی کی ۔ پناہ خدا ہے حمایت علی کی ۔ صبا

جَسامت۔ ع۔ موٹائی۔ پیمائش۔ مونث ۔ دست و بازو سے نہیں مردانگی ٭ دیکھنے کی ہے جسامت فیل کی۔ شعور
جَست۔ ف۔ چھلانگ۔ زقند۔ مونث ۔ دشت میں اپنا ساتھ نہ سایہ بھی دیگا ٭ دیوانے جہاں سے ہو گئے باہر وہ جست کی۔ اختر
جَست۔ بخت۔ مذکر۔
جُستجو۔ ف۔ تفحص۔ تجسس۔ تلاش۔ مونث ۔ گردش میں ہے ہر دم مہ کی تابش ٭ انکو بھی ہے جستجو تمہاری۔ امیر
جَست و خیز۔ ف۔ دوڑ دھوپ۔ مونث ۔ شوخی دکھا کے اس نے میری اپنی جالگی ٭ آنکھوں سے جست و خیز کرا دی غزال کی۔ ناصر
جَسَد۔ ع۔ جسم۔ بدن۔ مذکر ۔ جسد اک دن یہ مٹی میں ملیگا ٭ ہے تن پرور ترا آرام کب تک۔ رفیق
جِسم۔ ع۔ بدن۔ مذکر ۔ کھل گیا ہے پیرہن میں جسم مجھ مایوس کا ٭ ایک عالم کو گماں ہے شمع اور فانوس کا۔ ناسخ
جَشن۔ ف۔ جلسہ۔ شادی۔ مذکر ۔ خلعت مسندنشینی کا یہ جشن ٭ جشن جمشید سے بھی کچھ بڑھ گیا۔ سالک
جَعد۔ ع۔ زلف۔ مونث ۔ یاد جب وہ جعد مشکیں آگئی ٭ دل پہ اک ناگن تھی جو لہرا گئی۔ نوازش
جَعل۔ ع۔ مکر۔ تلبیس۔ مذکر ۔ پھر بھلا اس پر اسکی کیا تقصیر ٭ جعل کیا جانتا تھا وہ دلگیر۔ قلق
جُغرات۔ مذکر
جُغرافیہ۔ مذکر
جَفا۔ ف۔ ستم۔ ظلم۔ سختی۔ مونث ۔ دل ہر ایک سے مری جان دغا تو نے کی ٭ تھی مجھے چشم وفا تم سے جفا تم نے تو کی۔ داغ
جُفت۔ ف۔ جوڑا۔ زوج۔ مذکر ۔ جفت اسکا شجر پہ آبیٹھا ٭ جن کو صحرا میں اس نے دیکھا تھا۔ فانی
جُفتہ۔ مذکر
جَفر۔ مذکر
جُگ۔ بہر معنی۔ مذکر
جَگ۔ بہر معنی۔ مذکر
جُگت۔ تلازمہ۔ مونث
جَگت۔ بہر معنی۔ ع
جِگر۔ کلیجہ۔ مذکر
جگمگاہٹ۔ ہ۔ روشنی۔ چمک۔ دمک۔ رونق۔ مونث ۔ فیل کی جھل کی جگمگاہٹ سے ٭ سب تماشائی بن کے حیراں تھے۔ ناظر
جُگنو۔ بہر معنی۔ مذکر۔
جَگہ۔ ہ۔ جائے محل۔ مونث ۔ وسعت آباد جہاں تنگ ہوا زیر فلک ٭ چاہئے مجھکو جگہ زیر زمیں تھوڑی سی۔ ناسخ
جُل۔ جھول۔ مونث۔

جِرْم ۔ ع جسم ۔ مذکر ؎ عکس لپسر بدن میں بدن کا پیرہن تھا تھی وہ سپہ کہ جرم نمایاں قمر میں تھا ۔ انیس

جُرم ۔ بہر معنی ۔ مذکر

جُرمانہ ۔ مذکر

جُرعہ ۔ مذکر

جَرَیان ۔ ع ۔ بہاو ۔ مرض ۔ جریان منی ۔ مذکر ؎ ہو گیا عرصہ سے اسے جریان ٭ زردی اب رخ پہ ہو چلی ہے عیاں ۔ نار

جَرِیب ۔ ی ۔ زمین ناپنے کا پیمانہ ۔ مونث ؎ جریب کاہکشاں تو نے ضعف پیری میں کبھی نہ اے فلک پیر ہاتھ سے پھینکی ۔

جَرِیدہ ۔ مذکر

جَڑ ۔ ہ ۔ بنا ۔ بیخ ۔ مونث ۔ ؎ ٹھہاکے غیر کو قایم نہ کر فساد کی جڑ ٭ نکال اس کو ہے کہ یہ بشر فساد کی جڑ ۔ ظفر

جُڑاو ۔ ترصیع ۔ مذکر ''

جَڑاوَل ۔ ہ ۔ جاڑے کے کپڑے ۔ مونث ؎ کرے کون یاد انکی وقت ضیافت ٭ کرے کون انکی جڑاول کا ساماں ۔ محمد اسمعیل

جَڑ پیڑ ۔ ہ ۔ بنا ۔ بیخ و بنیاد ۔ مونث ؎ اسکی جڑ پیڑ سے میں واقف ہوں ٭ ڈر ہے کسکو رقیب بدخو کا ۔ حسن

جُز ۔ ع ۔ حصہ ۔ سودا ۔ مذکر ؎ پارس وہ سنگ ہے جسے ٹھکرا کے تو چلے ٭ اکسیر جزو ہے ترے قدم کے غبار کا ۔ ذوق

جَزا ۔ مونث ۔

جَزائر ۔ جمع جزیرہ ۔ مذکر

جُزائر ۔ قسم تفنگ ۔ مونث

جُزدان ۔ مذکر

جَزر و مد ۔ ع ۔ جوار بھاٹا ۔ مذکر ؎ دریا قہر حق نہیں کہنا نہ ہوا ٭ مولا گھٹے بڑھے ہے تو عجب جزر و مد ہوا ۔ انیس

جَزَع ۔ ع ۔ بے صبری ۔ مونث ؎ جزع پر اسکی کچھ نہ رحم آیا ٭ جرح کی جرح دل پہ پہونچایا ۔ امین

جَزَع و فزع ۔ ع ۔ گریہ وزاری ۔ مونث ؎ تو ہی اب مقبول یا رب کر ہماری جزع و فزع ۔ کون سنتا ہے بجز تیرے غریبوں کی پکار ۔ منور

جَزْم ۔ ع ۔ مضبوط ۔ استقلال ۔ قطع ۔ سکون اعراب ۔ مذکر ؎ عزم اسکا ہے قابل تعریف ٭ جزم اسکا ہے لایق توصیف ۔ کاتب

جزو ۔ ع ۔ ٹکڑا

جَزِیرہ ۔ ع ۔ مذکر

جِزیہ ۔ ع ۔ مذکر

جَس ۔ مذکر

جَسارت ۔ ع ۔ دلیری ۔ مونث ؎ کعبۂ دل کو مٹانے کا خیال ٭ اللہ اللہ یہ جسارت آپکی ۔ اختر

جِدال ۔ ع ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔ مونث[1] ؎ دل نہ میری سنے نہیں لگی ۔ روز باہم جدال رہتی ہے ۔ اختر

اینٹھ۔ ہ۔ اکڑ ۱۲ مونث ؎ پیری میں کب رہیگی جوانی کی اینٹھ + کب تک ترا رہیگا یہ موسم شباب کا۔ بشیر

اینٹھن۔ ہ۔ کھنچاؤ۔ مروڑ ۱۲ مونث ؎ بل کی اب تک لئے جاتا ہے مرادل مجھ سے + جل گیا پر بھی تو کم بخت کی اینٹھن نہ گئی۔ اختر

اینچ۔ ہ۔ کشش ۱۲ مونث ؎ اینچ من کی ترے ہر کام میں کام آئیگی + یہی ہر تک تجھے ہر کام میں پہونچائیگی۔ واصف۔

ایوان۔ ف۔ محل ۱۲ مذکر ؎ گلشنِ فردوس اس کوٹھی کا پائین باغ ہے + پست تر تہ خانے سے ایوان ہے مغفور کا۔ لا اعلم

ایہام۔ ع۔ مبہم ۱۲ مذکر ؎ از بس کہ ہم نے حرف دوئی کا مٹا دیا + اے درد اپنے وقت میں ایہام رہ گیا۔ درد

ایندھن۔ ہ۔ ہیزم۔ مذکر[لہ] ؎ یہ تعلیم ہے دین و مذہب کی دشمن + دیا اور بنے نار دوزخ کے ایندھن۔ نذیر احمد خان

باب بائے عربی

ب۔ ع۔ مونث ۱۲ **باب**۔ ع۔ بہر معنی۔ مذکر۔

بابت۔ مونث

بابر۔ ہ۔ ایک قسم کی گھانس ۱۲ مونث ؎ کس طرح اگ گئی یہاں بابر + خوشنما کیا ہی آرہی ہے نظر۔ سیماب

بابَرلوٹ۔ ہ۔ ایک قسم کپڑے کا ۱۲ مذکر ؎ ہوتا ہے مضبوط بابرلوٹ کا + خادموں کو جوڑ دیں اس کا دیا۔ فرید

بابَرنگ۔ ف۔ نام ایک دوا کا ۱۲ مونث ؎ بابرنگ اچھی ہے بچے کے لئے + کر علاج اس کا مرض بڑھنے نہ دے۔ صفا

بابل۔ ہ۔ پدر۔ باپ ۱۲ مذکر ؎ بابل اس کا جو آگیا ناگاہ + سمجھی یہ ہوگئی بس اب میں تباہ۔ صفیر

بابَن۔ ن۔ باریک فیتہ ۱۲ مونث ؎ جب کہ کرتے پہ ٹک گئی بابن + لائی نازک ادا کی ہاں سوسن۔ مہر

بابن نٹ۔ ن۔ ایک قسم کا باریک کپڑا ۱۲ مونث ؎ یہ بابن نٹ ہے مضبوط اور اچھی + بنا دیجئے دوپٹہ اسکا بی۔ سخن

بابونہ۔ ف۔ مذکر۔

بات۔ ہ۔ گفتگو۔ قول۔ آن ۱۲ مونث ؎ غیر کے ساتھ وفا کرکے وہ مجھ سے بولے + یہ وہی بات ہے جو تم نے بنا رکھی ہے۔ امیر

[لہ] مختلف فیہ مونث مثلاً۔ نہ لکڑی ہاتھ آئی ہے نہ ایندھن + جدھر دیکھو ہے پانی پہ نہیں آن۔ میر حسن۔ مگر تذکیر کو ترجیح ہے۔

اہمال۔ ع۔ چھوڑنا ۱۲ مذکر ؎ اس کا اہمال و ترک ہے بہتر + ہے بُری چیز بادۂ احمر۔ وفا
اہنکار۔ ہ۔ غرور۔ مذکر ؎ یہ پانچ ہیا بہوت اہنگار چھوٹا + بدھی اودکیت جب کی یہ وہاں کہا۔ قہر
ایاب وذہاب۔ ع۔ آمد و رفت۔ آنا جانا ۱۲ مذکر ؎ ہوا بند جب دم ایاب وذہاب + تو کہا یا [illegible] نے ہیچ وتاب سمندر
ایاغ۔ ف۔ پیالہ ۱۲ مذکر ؎ مے سے روشن رہے ایاغ اپنا + گل نہ ہوسا قیا چراغ اپنا۔ ناسخ۔
ایال۔ یال۔ مؤنث ؎ یال اس کی صراحی مینا + بسکہ خوش وضع اور تھی زیبا۔ عاشق
ایام۔ ع۔ (جمع یوم) مذکر ایثار۔ ع۔ مذکر۔
ایجاب۔ ع۔ قبول۔ جواب دینا ۱۲ مذکر ؎ دمِ سحر کی کی تھی فریاد خالی کیا جاتی + دعا اودھر سے تو ایجاب اس طرف سے ہوا۔ نظر
ایجاد۔ ع۔ اختراع مذکر ؎ تبر پر آلے ہیں دینے کو مبارکباد مرگ + یہ نیا ایجاد ہے میرے ستم ایجاد کا۔ نسیم
ایجنٹ۔ ن۔ گماشتہ۔ نائب ۱۲ مذکر ؎ اے ہمدموں ذرا میری ہمت کو دیکھنا + قانون پاس کرکے میں ایجنٹ ہوگیا۔ ستر
ایجیٹیشن۔ ن۔ تحریک۔ مؤنث ؎ ہے چندے کی اب اس لیے ایجیٹیشن + کہ اچھی ہو اطفال کی ایجوکیشن۔ احقر
ایجوکیشن۔ ن۔ تعلیم۔ مؤنث ؎ ہے چندے کی اب اس لیے ایجیٹیشن + کہ اچھی ہو اطفال کی ایجوکیشن۔ احقر
ایڈریس۔ ن۔ سپاس نامہ۔ پتہ ۱۲ مذکر ؎ ایڈریس ہی نہیں لکھا ہے خط میں + پھر خط کا جواب خاک لکھیں۔ بجم
ایڈیشن۔ ن۔ دفعہ۔ بار ۱۲ مذکر ؎ اسی زمانے میں نکلے ہزاروں ایڈیشن + اسی صدی نے ہے الٹا سنہرا تیج اسکا۔ عزیز
ایذا۔ ع۔ دُکھ۔ اذیت، مصیبت ۱۲ مؤنث ؎ نالہ کیا آہ نہیں کی + کیا کچھ تجھ بن ایذا گزری۔ زند
ایراد۔ ع۔ لانا۔ اعتراض کرنا ۱۲ مذکر ؎ جس سخنور کی پڑی آنکھ وہ اک صاد ہوا + مصرعِ قد پہ نہ تیرے کبھی ایراد ہوا۔ اختر
ایران۔ ف۔ مذکر ایرپھیر۔ ہ۔ مذکر
ایروپلین۔ ن۔ ہوائی جہاز ۱۲ مذکر ؎ ہنروروں کی توجہ سے بن گیا انجن + بیلون تھا ہوا طرۂ اڑا ایروپلین۔ عزیز
ایڑی۔ ہ۔ پاشنہ۔ مؤنث۔
ایزاد۔ ع۔ بڑھانا ۱۲ مذکر ؎ ظلم کا ایزاد اس نے کردیا ہے اب شروع [illegible] دل پھر خاک ظالم سے کہیں اب کیا کریں۔ فرید
ایزد۔ ف۔ مذکر۔
ایصال۔ ع۔ پہونچانا ۱۲ مذکر ؎ دفن عاشق کو روندا کیا + اس نے ایصالِ ثواب اچھا کیا۔ سرور
ایقان۔ ع۔ یقین کرنا ۱۲ مذکر ؎ ان کا ایقان ہے نہایت جبت + ہیں عقائد بھی اودیا کہ درست۔ ساقی
ایلاق۔ [illegible] مذکر ؎ ایلاق اس مکاں کی ہیں تو ہے ناگوار + کیا ٹھہرں خاک یاں کہ نہیں دل کو ہے قرار۔ ماہ
ایلچی۔ ف۔ قاصد۔ نامہ بر ۱۲ مذکر ؎ گیا ایلچی لیکے نامہ ادھر + اڑی ہر طرف یہ خوشی کی خبر۔ میر حسن

[illegible] مثلاً جواہر کی ہوئی ایجاد جب کان + نکلے کان جواہر کے تھے تب کان ۱۲ (میر حسن) اگر تذکیر کو ترجیح ہے ۱۲ یہ لفظ جہلا کی گھڑت ہے

اوگھد۔ ہ۔ (اوک) چلو۔ مؤنث[1] ۔ ترے قدح کی منائیں گے خیر تیرے مست + ہماری اوکھ تو ساقی شراب سے بھر دے۔ فدا

اوکھد۔ ہ۔ (راد شدہ) دوا۔ مؤنث ۔ ہوتی ہے مفید اوکھد کڑوی + اچھی یہ دوا طبیب نے دی۔ ادیب

اوگال۔ ہ۔ پان کا تھوک ۱۲ مذکر ۔ کھینچ مارا کسی پہ ہنسکے اوگال + رنج سے منہ کسی کا ہوگیا لال۔ تملق

اُول۔ ہ۔ نام ایک ترکاری کا ۱۲ مذکر ۔ اول ہوتا ہے خوب بالذت + اس کا سالن تو کھائے حضرت۔ ناز

اُول۔ ہ۔ کسی کی ضمانت میں دینا۔ یرغمال۔ عوض۔ بدلہ معاوضہ مذکر ۔ ول اسکا نہ ہو سکا ہم سے + اسکے احسان کے ہوگئے بندے۔ منیر

اولا۔ ہ۔ ژالہ۔ مذکر۔

اَولَاد۔ ع۔ لڑکے بالے ۱۲ مؤنث ۔ مضمون سے پس مرگ مرا نام ہے زندہ + کچھ کام نہیں کام جو اولاد نہ آئی۔ امیر

اُون۔ پشم۔ ۱۲ مؤنث ۔ اُون ہوتی ہے گرم اور ارزاں + شال کی اب رہی وہ قدر کہاں۔ اعظم

اونٹ۔ ہ۔ شتر ۱۲ مذکر ۔ چکنی باتوں پہ غیر یوں پھسلا + جیسے کیچڑ میں اونٹ گرتا ہے۔ داغ

اونچ۔ ہ۔ بلندی ۱۲ مؤنث ۔ اونچ طالع کی بڑھ گئی میرے + پھر میرے بخت نے رسائی کی۔ قدیم

اونچاس۔ ہ۔ مؤنث۔

اونچ نیچ نشیب وفراز ۱۲ مؤنث ۔ بہت ہی سیدھے ہیں نام خدا میاں مسرور + کچھ اونچ نیچ سمجھتے نہیں زمانے کی۔ مسرور

اوند۔ ہ۔ (بواو مجہول) مؤنث۔

اونس۔ ن۔ ڈھائی تولہ کا وزن ۱۲ مذکر ۔ اونس ہوتا ہی ہے بھلا کتنا + کیا ہوا ہی جو اتنی کڑوی دوا۔ کمال

اونگھ۔ ہ۔ غنودگی ۱۲ مؤنث ۔ اونگھ ہے یہ تری کہالت سے + کھولدے آنکھ جاگ غفلت سے۔ شرر

اوہام۔ ع۔ (جمع وہم) مذکر ۔ دین کے عوض تعصب کے اوہام رہ گئے + دیندار اہل مرگئے بدنام رہ گئے۔ نذیر احمد خاں

اہالی۔ ع۔ اہل کی جمع ۱۲ ارباب ۱۲ مذکر ۔ اہالی ہوئے جمع سب گاؤں کے + لگے اس عجب چیز کو دیکھنے۔ فقیر۔

اہانت۔ ع۔ بے عزتی ۱۲ مؤنث ۔ امتحان غیر کا لینے میں قباحت ہوگی + اسکے ساتھ آپ کی بھی مفت اہانت ہوگی۔ تسلیم

اہتمام۔ ع۔ بندوبست ۱۲ مذکر ۔ میر باقر کے گھر قیام ہوا + خوب دعوت کا اہتمام ہوا۔ داغ

اہرمن۔ ف۔ مذکر

اَہرَن۔ ہ۔ سندان ۱۲ مذکر ۔ غم کی سل سینہ پہ ہے سینہ ہے مثل آہن + کوفت غم سے نہ ٹوٹے گا یہ مضبوط اہرن۔ حسن

اہلاک۔ ع۔ مذکر۔

اہل و عیال۔ ع۔ جورو بچے۔ مذکر ۔ کروگے تم نہ جو تحصیل علم فضل وکمال + تو فاقہ کش نہ رہیں کیوں تمہارے اہل وعیال۔ حسن

اہلیت۔ ع۔ قابلیت ۱۲ مؤنث ۔ حیف ہم میں نہیں کچھ اہلیت + کس طرح پھر ہماری ہو عزت۔ صفدر

---

[1] ملاحظہ ہو لفظ (اوک) باب ہذا۔ ۱۲

اوجھ۔ ہ۔ معامعدہ ۱۲ مذکر ؎ مردوے ایک پانو کم ہے تو + اوجھ کیوں اتنا بڑھا رکھا ہے۔ جانصاحب

اوجھڑ۔ ہ۔ ضرب۔ مؤنث۔

اوجھل۔ ہ۔ خلوت۔ آڑ۔ سایہ ۱۲ مؤنث ؎ نظر بازمیں کی جما کسے پڑی + ہوئی جاودرختوں کی اوجھل کھڑی۔ میرحسن

اوداہٹ۔ ا۔ اوداپن ۱۲ مؤنث ؎ لبوں کی اوداہٹ یہی کہہ رہی ہے + کہ جہاں کل ہم تھے گھر میں عدو کے۔ قدیر

اودبلاؤ۔ ہ۔ سگِ آبی۔ ۱۲ مذکر ؎ تم نے دیکھا کبھی ہے اودبلاؤ + جس کے خصیے ہیں چند بید ستر۔ ظریف۔

اُوَدراج۔ ہ۔ نام ایک زیور کا ۱۲ مذکر ؎ ماہ پیکر نے ہے پہنا اودراج + حسن اس کا دید کے قابل ہے آج۔ نیر

اُوَدہم۔ ہ۔ شور۔ فساد ۱۲ مذکر[1] ؎ گرم کچھ ہنگامہ یہ بھی کم نہ تھا + اس روش کی دہوم کا اودہم نہ تھا۔ میر

اوراد۔ ع۔ (جمع ورد) مذکر۔ اَوراق۔ ع۔ (جمع وَرَق) مذکر۔

اُورچھور۔ ہ۔ ابتدا۔ انتہا ۱۲ احد ۱۲ مذکر ؎ زبان کھلتے ہی دریا سا بہنے لگتا ہے + کچھ اورچھور نہیں یار تیری باتوں کا۔ اختر

اورنگ۔ ف۔ تخت ۱۲ مذکر ؎ میں ہوں کیا چیز ولا تاک نشین مورِ ضعیف + کر دیا موت نے اورنگ سلیماں خالی۔ ناسخ

اوڑھنا۔ ہ۔ لحاف۔ پچھوڑی ۱۲ مذکر ؎ قال ترا اور حال نشہ وحدت میں چور + اوڑھنا تیرا خدا اور بچھونا ترا۔ حالی۔

اوزار۔ ع۔ آلات ۱۲ (واحد) مذکر ؎ یورپ میں بن رہا ہے اونار کا آمد + یورپ کی ہو رہی ہے افزوں اسی سے آمد۔ حمید

اوزان۔ ع۔ (جمع وَزن) مذکر اَوس۔ ہ۔ شبنم۔ مؤنث۔

اوسان۔ ہ۔ ہوش و حواس ۱۲ مذکر ؎ آنکھیں ہی میں نے کھولدیں نظارے کے لئے + ہنگام قتل یہ مجھے اوسان آگیا۔ آسیر

اُوسر۔ ہ۔ زمین شور۔ جواں گائے ۱۲ مؤنث ؎ اوسکی آوسر خرید لینگے ہم + وہ جو مانگے گا ہم سے دینگے درم۔ آتشی

اَوسَر۔ ہ۔ موسم۔ موقع ۱۲ مذکر ؎ بازی ہے اور بہار کا اوسر + مے بھی ہے کھیلیں آؤ اب چوسر۔ آتشی۔

اوسط۔ ع۔ درمیانی۔ ۱۲ مذکر ؎ اس کا اوسط تو دیکھ لینا تھا + کہدیا یونہی کچھ نہیں سوچا۔ تدبیر

اَوشَدہ۔ س۔ دوا ۱۲ مؤنث ؎ ہوتی ہے مفید اوشدہ کڑوی + اچھی یہ دوا طبیب نے دی۔ ادیب

اوصاف۔ ع۔ جمع وصف ۱۲ مذکر ؎ سنے ہوں گر اوصاف جنت کے تم نے + اسی کا نمونہ تھا روی زمین پر۔ نذیر احمد خاں

اَوضاع۔ ع۔ جمع وضع۔ مؤنث۔

اَوقات۔ ع۔ (جمع وقت) ۱۲ جمع مذکر ؎ منقسم کام پر ہوے اوقات + کون سے وقت ان سے ہوگی بات۔ شرف

اَوقات۔ ا۔ گزران۔ حالت (واحد) مؤنث۔ اَوقاف۔ ع۔ (جمع وَقف) مذکر۔

اوک۔ ہ۔ چلو ۱۲ مؤنث[2] ؎ ترسے قدح کی ہنائینگے خیر ترے مست + ہماری اوک تو ساقی شراب سے بھر دے۔ فدا

اوکاش۔ ہ۔ فرصت۔ مذکر

---

[1] مختلف فیہ ہے۔ گر تذکیر کا رواج غالب ہے ۱۲ [2] مختلف فیہ ہے گر رواج تانیث کا ہے ۱۲

انگل۔ ا۔ مذکر۔

انگلش۔ ا۔ پنشن۔ انگریزی زبان ۱۲ مؤنث ؎ ہو رنٹے والد نے لی جہد لیکن + نہ آئی تھی انگلش نہ آنی حسن کو۔ لا اعلم

انگلیشٹ۔ ہ۔ جیتہ ۱۲ مؤنث ؎ کوئی پوشاک بدن پر نہیں پھبتی باجی + فوج انگلیش ہوا ایسی بھی کسی کی باجی۔ جان صاحب

انگور۔ ف۔ عنب ۱۲ زر ۱۲ مذکر ؎ مجھ بادہ کش کے سینے پہ زاہد نے بعد مرگ + انگور رکھدیا ہے نشانی کے واسطے۔ داغ۔

انگیا۔ ہ۔ چولی۔ شاماخچہ ۱۲ مؤنث ؎ یاں گرہ کسنے کی دل الجھا وہ انگیا مسکی۔ لب نازک سے صدا آنے لگی بس بس کی + امانت

انگیکار۔ س۔ اقبال ۱۲ مذکر ؎ کیا جب جرم کا اس نے انگیکار + تو اس کا ٹھکانہ پھر کوئی طرفدار۔ منہا۔

ان مان۔ س۔ گمان ۱۲ شبہ ۱۲ مذکر ؎ جس کا ان مان تھا پش آگئی وہ بات + اب اس سے دیکھئے ہمیں کب ملتی ہے نجات۔ آہ

انناس۔ ا۔ مذکر الوان۔ ہ۔ مذکر۔

انوپان۔ س۔ بدرقہ ۱۲ مذکر ؎ یہی بس ہے اچھا انوپان اس کا + فراموش ہرگز تم اس کو نہ کرنا۔ صفی۔

انوٹ۔ ہ۔ انداز۔ نام ایک زیور کا ۱۲ مذکر ؎ وہ حسن وہ انداز وہ پھر بانکپن اسکا + چھل بل ہے قیامت کی تو انوٹ ہے غضب کی۔ داغ

انہار۔ ع۔ مؤنث۔

انہدام۔ ع۔ بربادی ۱۲ مسماری ۱۲ مذکر ؎ یہ خدا کا گھر ہے اے کافر تو + انہدام قصر دل اچھا نہیں۔ اختر

انہماک۔ ع۔ بیصرونی مستغرق رہنا ۱۲ مذکر ؎ کوئی مرے کہ جئے ان کو ہو خبر کیونکر + کہ دلبری میں انہیں انہماک رہتا ہے۔ تسلیم

ان ہوت۔ ہ۔ افلاس ۱۲ مؤنث ؎ کردیا ان ہوت نے ہم کو تباہ + اب علاج اپنے کئے کا کیا کریں۔ کاتب

انیلاپن۔ ہ۔ سادگی ۱۲ مذکر ؎ انیلاپن اس کا مجھے بھا گیا + کہوں کیا دل اس پر مرا آگیا۔ شوق۔

اوائل۔ ع۔ ابتدا ۱۲ آغاز ۱۲ مذکر ؎ اوائل ہے ان کی جوانی کا ہادی + وہ عاشق پہ کیا کیا جفا کر رہے ہیں۔ ہادی

اوپ۔ ہ۔ صیقل۔ جلا ۱۲ مؤنث ؎ رونق جہاں میں ابروخمدار سے ہوئی + قاتل کی ساری اوپ اسی تلوار سے ہوئی۔ سرور

اوپچ۔ ہ۔ ایجاد نئی بات ۱۲ مؤنث ؎ غور سے دیکھے کوئی ان کی اوپچ + ہم کو اپنی بات کی ناحق ہے پچ۔ کاتب

اوتاد۔ ع۔ اولیا کا ایک فرقہ ۱۲ مذکر ؎ اوتاد ہیں گزرے کیسے کیسے + اقطاب بھی کیسے کیسے گزرے۔ وارث

اوتار۔ س۔ دیوتا ۱۲ مذکر ؎ کون کہتا ہے کہ وہ تحمل کا اوتار ہے کون کہتا ہی نہیں ہے داغدار اس مہ کا رنگ۔ کیفی۔

اوٹ۔ ہ۔ سایہ ۱۲ آڑ۔ پردہ ۱۲ مؤنث[1] ؎ کی جو شرما کے اوٹ تکئے کی + لگ گئی ان کو چوٹ تکئے کی۔ انشاء

اوٹ پٹانگ۔ ا۔ بیہودگی۔ مذکر ۱۲ اوج۔ ف۔ بلندی۔ مذکر ۱۲۔

اوجاع۔ ع۔ (جمع وجع) درد با۔ مذکر ۱۲

اوج موج۔ ا۔ خوشحالی ۱۲ مؤنث ؎ اوج موج ان کی اب نہیں وہ رہی + کیا کریں ہو گیا جو کیسہ تہی۔ ضمیم

---

[1] رشک نے مذکر باندھا ہے مثلاً ؎ ہم اگر چاہیں تصور کر کے دیکھیں بیحجاب + پھر یہ کس سے شرم کا پردہ حیا کا اوٹ ہے۔ مگر غلبہ آراتانیث پر ہے

انعقاد۔ ع۔ مذکر۔ الانعکاس۔ ع۔ مذکر۔

انفاس۔ ع مذکر۔

انفاق۔ ع۔ خرچ کرنا ۱۲ مذکر ؎ فائدہ پچتائے سے اب قبر میں + فرض تھا انفاق تجھ پر اے بخیل۔ شوق

انفراغ۔ ع۔ فراغت ۱۲ مذکر ؎ جب تک نہ محبت میں فنا دل ہوگا + دنیا سے نہ انفراغ حاصل ہوگا۔ اختر۔

انفرمیشن۔ ن۔ اطلاع ۱۲ مذکر ؎ نہیں خرچ اور دخل کا انفرمیشن + سمجھنا یہ بس ہے کہ ہیں نوٹیفیشن۔ نادر

انفصال۔ طے ہونا۔ فیصلہ ۱۲ مذکر ؎ مرے دل کا اور میرا وہی بس چکا تے جھگڑا + جو کچھ انفصال ہوتا وہیں انفصال ہوا۔ جلال

انفعال۔ ع۔ شرمندگی۔ شرم ۱۲ مذکر ؎ نگاہِ تیر ہے ڈر ہے تمہارے وید سے سے + شہید کرکے مجھے انفعال کچھ نہ ہوا۔ سحر

انفکاک۔ ع۔ الگ ہونا ۱۲ مذکر ؎ اب سر ساقی ہے اور دستارِ شیخ + انفکاک رہن ہو سکتا نہیں۔ داغ۔

انفلوئنزا۔ ان۔ مذکر۔

انقباض۔ ع۔ قبض ہونا۔ سکڑنا ۱۲ مذکر ؎ شگفتہ ہو کے جو ایک دن ملے نہ تم مجھ سے + مہینوں غنچۂ خاطر کو انقباض رہا۔ صریر

انقراض۔ ع۔ کٹنا۔ منہدم ہونا ۱۲ مذکر ؎ دشمنوں کے کہنے سننے سے ہم + انقراض رشتۂ الفت ہوا۔ شوق۔

انقسام۔ ع۔ تقسیم ہونا ۱۲ مذکر ؎ باری باری دونوں زلفوں میں رہیگا دل مرا + بندہ پرور انقسامِ بانداد اچھا نہیں۔ اختر

انقطاع۔ ع۔ کٹنا ۱۲ مذکر ؎ مزے سے کاٹتے ہم اپنی زندگی ہمدم + عدو سے ان سے اگر انقطاع ہو جاتا۔ تسلیم

انقلاب۔ ع۔ گردش ۱۲ تغیر تبدل ۱۲ مذکر ؎ شبِ فراق میں کیوں یارب انقلاب نہ تھا + یہ آسماں نہ تھا یا یہ آفتاب نہ تھا۔ امیر

انقیاد۔ ع۔ مذکر

انکار۔ ع۔ نفی۔ نہ ماننا ۱۲ مذکر ؎ نئے انداز کا ہے دامِ بلا طرۂ یار + ترا اقرار نیا ہے ترا انکار نیا۔ ظفر

انکس۔ ہ۔ کجک۔ پیل ۱۲ مذکر ؎ آخرا ٹوٹ ہی گیا انکس + پھر نہ ہاتھی پہ چل سکا کچھ بس۔ سخن

انکسار۔ ع۔ عاجزی ۱۲ مذکر ؎ زمین سے سوگردوں مرا فخار بڑھا + بلند رتبہ ہوا جتنا انکسار بڑھا۔ صریر

انکشاف۔ ع۔ اظہار ۱۲ مذکر ؎ چیر کر سینہ اس نے دل دیکھا + تیغ سے انکشافِ حال کیا۔ ناصر۔

انگشت۔ ف۔ کوئلہ ۱۲ مذکر ؎ سونا چاندی تو کیا انگشت بھی کام آتا ہے + کام ہیں سب سے وہ جن کو کوئی کام آتا ہے۔ مجدد

انگشت۔ ف۔ انگلی ۱۲ مؤنث ؎ دعوی خون ہمیں درکار ہے کیا حشر کے دن + سرخ مہندی سے ہے انگشتِ شہادت تیری۔ امیر

انکم ٹکس۔ ن۔ آمدنی کا محصول ۱۲ مذکر ؎ لٹ رہا تھا یوں بھی سب ہندوستان + اور انکم ٹکس بھی جاری ہوا۔ شوق۔

انگ۔ ہ۔ جسم۔ بدن ۱۲ مذکر ؎ اللہ ری آفتاب کی حدت کی گرمیاں + تھوڑی سی دیر میں مرا سب انگ جل گیا۔ لاز علم

انگبین۔ ف۔ مذکر انگشتانہ۔ ف۔ مذکر

انگشتری۔ ف۔ انگشتری ۱۲ مؤنث ؎ جو دہن ہے نقش ہے اس میں تمہارا نام پاک + کوئی انگشتر جہاں میں بے نگیں ملتی نہیں۔ اسیر

اندوہ۔ ف۔ فکر غم ۱۲ مذکر ۔ گر نہ اندوہِ شب فرقت بیان ہو جائیگا + بے تکلف داغ مہ مہرِ دہاں ہو جائیگا۔ غالب

اندھا دھند۔ ہ۔ کثرت ۱۲ مذکر ۔ گیسوئے یار نے جس دن سے چڑھائی کی ہے + کشورِ دل میں اندھا دھند رہا کرتا ہے۔ تسلیم

اندھن۔ ہ۔ ہیزم ۱۲ مذکر ۔ ہو الم بخت وہ دوزخ کا اندھن + نہیں وارث میں اب اس کا مانن۔ تمنا۔

اندھیر۔ ہ۔ ظلم سختی۔ بد معاملگی مذکر ۔ مسجد میں گئے وہ بال کھولے + اندھیر کیا خدا کے گھر میں۔ اسیر

اندیشہ۔ ف۔ سوچ فکر ۱۲ مذکر ۔ آیہ لا تقنطوا اتری تو عاصی بول اٹھے + آج سب اندیشہ روزِ جزا جاتا رہا۔ اسیر۔

انزال۔ ع۔ اترنا۔ خروج منی ۱۲ مذکر ۔ آتشک سوزاک کا یارب برا ہو ہائے + آگ لگجاتی ہے جب انزال ہوتا ہے مجھے۔ لاعلم

انزجار۔ ع۔ تنغص ۱۲ مذکر ۔ غیر کے ساتھ دیکھکر اس کو + کیا طبیعت کو انزجار ہوا۔ مصحفی۔

اُنس۔ ع۔ دوستی ۱۲ محبت پیار مذکر ۔ کیا ہوا میں نے کیا اپنے اگر جاناں سے اُنس + رکھتا ہے انسان جہاں میں تا صحا انسان سے اُنس۔ ظفر۔

انس۔ س۔ قوت جان۔ نطفہ کرہ ۱۲ مذکر ۔ گرمی کا لگا ہوا تھا بھپکا + اور انس نکل رہا تھا سب کا۔ حالی۔

انسان۔ ع۔ بشر۔ مذکر۔ انسانیت۔ ع۔ آدمیت۔ مؤنث۔

انسٹیٹیوٹ۔ ن۔ علمی مجلس ۱۲ مؤنث۔ یہ علمی انجمن ہے جیسی کچھ بھی + انسٹیٹیوٹ ایسی کس نے دیکھی۔ شوق

انسٹی ٹیوشن۔ ن۔ مدرسہ۔ علمی مجلس ۱۲ مذکر ۔ وہاں کا دید کے قابل انسٹی ٹیوشن ہے + کہ علم و فضل کا معدن ہنر کا مخزن ہے۔ شیدائی

انسداد۔ ع۔ روک تھام مزاحمت ۱۲ مذکر ۔ آہیں رک سکتی ہیں روکے سے مگر + انسداد اشکوں کا ہو سکتا نہیں۔ تسلیم

انش۔ س۔ جزو حصہ ۱۲ مؤنث ۔ ظاہر میں چاہے گوپ گوالوں کی انش ہو + تم گوپیاں تمام اسی راد ہا کی انش ہو۔ شیدا

انشا۔ ع۔ تحریر۔ صنائع بدائع ۱۲ مؤنث ۔ انشا ہے صحیح اس کی نہ املا ہے صحیح اسکا + ہیرِ خدا غیر سے لکھوا کے بھیجا نامہ بر یہ کیا۔ داغ

انشراح۔ ع۔ مذکر

انشقاق۔ ع۔ پھٹنا ۱۲ مذکر ۔ پانی پانی ہو گئے طبقات زمین + ہو گا جس دم انشقاق آسماں۔ شوق۔

انصاف۔ ع۔ عدل ۱۲ مذکر ۔ وائے گر میرا ترا انصاف محشر میں نہ ہو + اب تلک تو یہ توقع ہے کہ واں ہو جائیگا۔ غالب

انصباب۔ ع۔ مذکر۔

انصرام۔ ع۔ بند و بست ۱۲۔ انجام ۱۲ مذکر ۔ کام کا خوب انصرام کیا + حق یہ ہے کہ اس نے نام کیا۔ مسرور۔

انضباط۔ ع۔ تعین۔ ضابطہ ۱۲ مذکر ۔ اشکباری دن کو ہے شب کو فغاں + ہے یہاں خوب انضباط اوقات کا۔ نوازش

انضمام۔ ع۔ ملنا ۱۲ مذکر ۔ کیوں ہو افلاس کا اسلام میں یوں انضمام + پائیں کیوں کر مسلموں کے کاروبار انصرام۔ عزم

انطباع۔ ع۔ طبع ہونا ۱۲ مذکر ۔ قدر امید سے سوا ہو گی + اس لغت کا جو انطباع ہوا۔ شوق

انعام۔ ع۔ مذکر۔ انعامات۔ جمع مذکر

ا؎ مختلف فیہ ہے۔ مگر تذکیر کو ترجیح ہے ۱۲

اَن جل۔ س۔ اکل و شرب ۲ا مذکر ے اَن جل آتا ہے زندگی کے کام + ورنہ انسان ہے مشتِ خاک کا نام۔ ناظر

انجم۔ مذکر۔

انجاد۔ ع۔ بستگی۔ جماد ۱۲ مذکر ے ہیں دن کے علاج سے حاصل + ہوگیا انجاد خاطر خواہ۔ لاَاَعلم

انجمن۔ ہ۔ جلسہ۔ مجلس۔ بزم۔ مؤنث[ل] ے ارباب بزم انجم گردون بھی کہتے ہیں + اے رشک مہر تجھکو عجب انجمن ملی۔ رشک

انجن۔ ہ۔ کحل کا جل ۱۲ مذکر ے لگاتا ہے کبھی ظلمت کا چشم نور میں انجن + چھپاتی ہی چراغِ نور کہ ظلمت نہ دامن۔ آحدی

اِنجن۔ ا۔ مذکر۔

انجیر۔ مشہور میوہ۔ مذکر۔

انجیل۔ ع۔ نام کتاب سماوی۔ مؤنث۔

اِنچ۔ ن۔ ایک فٹ کا بارہواں حصہ ۱۲ مذکر ے تیسرا حصہ ہی فٹ اک وار کا + فٹ سے بارہ حصے چھوٹا انچ ہے۔ لاَاَعلم

انچان۔ ہ۔ بلندی ۱۲ مؤنث ے دیکھو تو سر اٹھا کر انچان اس مکان کی + پھر اس کے بعد دیکھو انچاہٹ آسماں کی۔ ادب

انچاہٹ۔ ہ۔ بلندی ۱۲ مؤنث ے دیکھو تو سر اٹھا کر انچان اس مکان کی + پھر اس کے بعد دیکھو انچاہٹ آسماں کی۔ ادب

انچل۔ ہ۔ کنارہ۔ مذکر ے ہٹاؤ دوپٹے کا انچل تو رخ سے + کہ مشتاق دیدار ٹھہرے ہوے ہیں۔ اختر

انچھر۔ ہ۔ حرف۔ جادو ۱۲ مذکر ے مجھ سے آآکے جو لڑتے ہیں میاں کے شاگرد + یہ تو انچھر ہیں پڑھا ہوے استاد کے۔ جانِ صاحب

انحراف۔ ع۔ روگردانی ۱۲ مخالفت ۱۲ مذکر ے عشق میں غیر کی شکایت کیا + دل نے بھی مجھ سے انحراف کیا۔ حریر

انحصار۔ ع۔ توقف ۱۲ منحصر ۱۲ مذکر ے کیا میرا اور کوئی یار نہ تھا + کچھ اسی پر تو انحصار نہ تھا۔ جانِ صاحب

انحطاط۔ ع۔ گھٹنا ۱۲ مذکر ے داغ دل مٹ چلا بڑھاپے میں + ماہِ کامل کو انحطاط ہوا۔ تسلیم

انداز۔ ف۔ طریقہ۔ تخمینہ۔ طرز ۱۲ مذکر ے برنگ گل جگر ہوتے ہیں سننے والوں کے + نیا انداز ہے بلبل ہمارے شیون و دل کا۔

اندازہ۔ ف۔ انداز۔ مقدار ۱۲ مذکر ے ہمیشہ دل نئے انداز سے بھاتے ہو۔ تمہارے ناز کا اندازہ ہو نہیں سکتا۔ اختر

اَندام۔ ف۔ بدن۔ جسم۔ مذکر ے آب و خاک و نار و ہوا میں تفرقہ + اس درجہ اضطراب میں اندام ہوگیا۔ وزیر

اِندراج۔ ع۔ مذکر۔

اندراس۔ ع۔ مٹنا ۱۲ مذکر ے خط تقدیر کا جبیں سے مری + جبہ سائی سے اندراس ہوا۔ شوق

اندرائن۔ ہ۔ حنظل ۱۲ مذکر ے اندرائن ہے ظاہراً اچھا + اور چکھیے مزہ تو ہے کڑوا۔ کاتب

اِندرجال۔ ہ۔ فریب۔ شعبدہ ۱۲ مذکر ے کوئی سمجھا نہ اندرجال اس کا + رہا اب تک چھپا سب حال اس کا۔ قضا

اِندرجو۔ ہ۔ لسان العصافیر۔ مذکر۔

اِندمال۔ ع۔ مذکر۔

اندوختہ۔ ف۔ ذخیرہ۔ مذکر۔

نوٹ[ل] مختلف فیہ ہی مذکر مثلاً ے جہاں دشمن کا کہنا ہو بلا جاؤ وہاں اپنی + ہمارا گھر بھلا ہی ہم نے ایسا انجمن چھوڑا (بیدم) مگر تانیث کو ترجیح ہے ۱۲

اَنْبُوہ۔ ف۔ ہجوم ۱۲ بھیڑ ۱۲ مذکر ؎ خلوت ہوئی نصیب نہ مرنے کے بعد بھی + چھوٹے جو حسرتوں سے تو انبوہ یاس تھا۔ نواب
اَنْبہ۔ ف۔ آم۔ مذکر۔
اَنبیاہ۔ ا۔ یکی ۱۲ مؤنث ؎ انبیاہ تو نکلی ہے شیریں + چکھتے ہیں کس مزے سے ہم رنگین۔ رنگین
اَن پان۔ ت۔ اکل و شرب ۱۲ مذکر ؎ وہی ان پان خوب ہوتا ہے + جس میں حرمت کی نہ کوئی تھے افسر
اَنْت۔ ت۔ انجام ۱۲ مذکر ؎ دل کسی سے نہ تو لگا پایا + پیت کا انت ہے برا پایا۔ صوفی۔
انتخاب۔ ع۔ چیدہ۔ خلاصہ ۱۲ مذکر ؎ چنے ہوئے ہیں جو دیوان کائنات میں تجر + مزاولت میں ہماری وہ انتخاب رہا۔ تجر۔
انتباہ۔ ع۔ آگہی۔ اطلاع۔ مذکر۔
انتزاع۔ ع۔ نکالنا ۱۲ مذکر ؎ آنکھیں اہل ہند کی اس دم کھلیں + انتزاعِ سلطنت جب ہو چکا۔ شوق۔
انتساب۔ ع۔ منسوب ہونا ۱۲ مذکر ؎ زاہد کا دختِ رز سے گر انتساب ہوتا + وہ بھی ہماری صورت آج آفتاب ہوتا۔ داغ۔
انتشار۔ ع۔ گھبراہٹ ۱۲ مذکر ؎ عشق میں حرف آیا دانش پر + انتشار حواسِ دل رہا۔ رشک۔
انتظار۔ ع۔ راہ دیکھنا ۱۲ مذکر ؎ یہ نہ تھی ہماری قسمت جو وصالِ یار ہوتا + اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا۔ غالب۔
انتظام۔ ع۔ بندوبست ۱۲ مذکر ؎ جا چکی دل کی اب پریشانی + پیشتر انتظام کرنا تھا۔ داغ
انتعاش۔ ع۔ مذکر۔
انتفاع۔ ع۔ فائدہ اٹھانا ۱۲ مذکر ؎ عوض دل اگر ملا بوسہ + ہم یہ سمجھے کہ انتفاع ہوا۔ اختر
انتقال۔ ع۔ مؤنث۔ کوچ۔ مذکر ؎ دوسری رات بھی وصال ہوا + روز فرقت کا انتقال ہوا۔ مومن
انتقام۔ ع۔ بدلہ ۱۲ مذکر ؎ تم نے ہم سے بے وفائی کی تو تم سے حسن نے + وہ بڑا ادل ہے دیکھا انتقام آخر ہوا۔ امیر۔
انتمام۔ ع۔ نکتہ چینی ۱۲ مذکر ؎ کیا دیکھیں عدو کا انتمام ابر + اچھوں کو برا بتا رہا ہے۔ ابر
انتہا۔ ع۔ اخیر انجام ۱۲ مؤنث ؎ مے نہ دینا اب تو بے دردی ہے مجکو ساقیا + ابتدا جاڑے کی ہے اور انتہا برسات کی۔ آتش
انتہاب۔ ع۔ غارت کرنا ۱۲ مذکر ؎ جان و دل بچنے نہ دیگا مہوشوں کا انتہاب + اسلئے ہم جان و دل سے ہاتھ ہیں دھوئے ہوئے نسیم
انٹروڈکشن۔ ان۔ دیباچہ ۱۲ مذکر ؎ دیکھے غور سے آپ اسکا جو انٹروڈکشن + منکشف ہوگا کہ کیسا ہے زمانہ روشن۔ شرر
انٹروڈیوس۔ ان۔ تقریب کرنا ۱۲ مذکر ؎ کیا مہذب ہے انکا انٹروڈیوس + ہے اس اخلاق سے ہر ایک مانوس بہار
انٹرنس۔ داخلہ ۱۲ درجہ ۱۲ مذکر ؎ انٹرنس ان کا سب سے اعلےٰ ہے + رتبہ ان کا بہت بالا ہے۔ بہار
انجاج۔ ع۔ کامیابی ۱۲ مذکر ؎ آپ کی چشم التفات پہ بس + میرا انجاح کار ہے موقوف۔ شوق۔
انجام۔ ف۔ مذکر۔
انجر پنجر۔ عضو عضو۔ مذکر ؎ اس کے انجر پنجر ابکر دو جدا + مستحق یہ ہے اسی تکلیف کا۔ ماہ

اَرَل۔ ہ۔ نشہ ۱۲ مذکر ؎ تجھے اب تو دہن کا چڑھا ہے اَرَل + نہیں یہ خبر سر پر ہے اجل۔ منور

اَرَل۔ ہ۔ اُمید ۱۲ مونث ؎ مجھے مٹے ہوئے مدت گزر گئی ہوتی + اسی ارل نے مگر زندہ اب تلک رکھا۔ شوق

اِملا۔ ع۔ تحریر ۱۲ مذکر[۱] ؎ نہ انشا ہے صحیح اس کی نہ املا ہے صحیح اسکا + میرا خط غیر سے لکھوا کے بھیجا نامہ بر یہ کیا۔ داغ

اَملاک۔ ع۔ جمع ملک ۱۲ مونث ؎ کیا فلک سے پاک اک ایک کو + عنایت کی املاک اک ایک کو۔ سحر

اَملتاس۔ ہ۔ خیار سنبر ۱۲ مذکر ؎ دوائیں یہ تیری سب اچھی ہیں ساری + املتاس لیکن پرانا بہت ہے۔ شوق

اُمم۔ ع (جمع امت) گروہ ہا۔ مؤنث۔

اَمن۔ ع۔ پناہ۔ آرام ۱۲ مذکر[۲] ؎ دور آصف میں امن ایسا ہے + فتنہ پھیلائے پاؤں سوتا ہے۔ اختر

اَمن و اَمان۔ ع۔ حفاظت۔ شگون ۱۲ مذکر ؎ گردوں کے جور و ظلم کا کیا کیجئے بیاں + اَمن و امان ہمیں تو نہ اس سے ملا کبھی۔ شوق

اُمنگ۔ ہ۔ ولولہ۔ جوش ۱۲ مونث ؎ کیا ہے مردہ فلک نے گرچہ دل زندہ + وہی امنگ ہے پیری میں نوجوانی کی۔ امیر

اَمواج۔ ع۔ (جمع موج) مونث۔ اَموال۔ ع (جمع مال) مذکر

اُمور۔ ع۔ (جمع امر) مذکر۔

اُمید۔ ف۔ آس۔ آرزو ۱۲ مؤنث ؎ نہیں امید جو اس بیوفا کے آنے کی + میں راہ دیکھ رہا ہوں قضا کے آنے کی۔ امیر

اَن۔ ہ۔ دانہ ۱۲ مذکر ؎ توانا بناتا ہے انسان کو ان + نہ ان ہو تو ہو مشکل کا ٹنے کے تن۔ قہر

اناج۔ ہ۔ غلہ ۱۲ مذکر ؎ کیسے شیطان بن گئے دہقان + کیوں نہ بہکائیں گرا اناج ہوا۔ اختر

اَنادر۔ ہ۔ استخفاف ۱۲ مذکر ؎ تمہاری طرف سے انادر ہوا + کہ ناحق دل اپنا مکدر ہوا۔ سرور

اَنار۔ ف۔ نام ایک میوے کا ۱۲ مذکر ؎ لب اسکے پستہ ذقن سیب آنکھیں ہیں بادام + کھلے جو دانت ہنسی میں نظر انار آیا۔ سحر

اَنار۔ ا۔ قسم آتشبازی ۱۲ مذکر ؎ پھلجھڑی سے نہ صرف پھول جھڑے + باغ پھولا انار جب چھوٹا۔ شوق

اناس۔ ع۔ مرد۔ لوگ۔ مذکر۔ انانیت۔ ع۔ غرور۔ مؤنث۔

اَنامل۔ ع۔ (جمع انملہ) انگلیاں مذکر۔

انبار۔ ف۔ ڈھیر ۱۲ مذکر ؎ آہ سے کسکی ہے یہ گل افشاں چراغ گور + پھولوں کا میری خاک پہ انبار ہو گیا۔ اسیر

انبساط۔ ع۔ خوشی۔ فرحت ۱۲ مونث[۳] ؎ ہر طرف سے یاس کے آثار ہیں + انبساط طبع بھی جاتی رہی۔ ناصر

اَن بن۔ ا۔ مؤنث۔

نوٹ [۱] بعض شعراء نے مؤنث باندھا ہے مگر مذکر صحیح ہے ۱۲ [۲] مختلف فیہ ہے بعض اصحاب مثلاً جلال وغیرہ نے مؤنث لکھا ہے مگر راقم کی رائے مذکر ہی درست ہے [۳] مختلف فیہ ہے مثلاً حالی اور جلال نے مذکر کہا ہے ؎ دن اب سے دل منقبض ہونے میں ہو چکا ہونا تھا جو کچھ انبساط۔ (حالی) لیکن امیر ناصر وغیرہ نے مونث استعمال کیا ہے ۱۲ مگر تانیث کا رواج غالب ہے ۱۲

اِمپورٹ ۔ ن ۔ درآمد ۱۲ مذکر ؎ یہ افیوں فروشوں سے معلوم ہوگا ✦ کہ ہوتا ہے امپورٹ اسکا کہاں سے ۔ شوق

اُمَّت ۔ ع ۔ قوم ۔ فرقہ ۱۲ مونث ؎ روکے ہوئے تھی نہر کو اُمّت رسول کی ✦ سبزہ ہرا تھا خشک تھی کھیتی بتول کی ۔ انیس

اِمتِثال ۔ ع ۔ حکم بجالانا ۱۲ مذکر ؎ حکم صاحب نے جو دیا جسکو ✦ اُس کا فوراً ہی امتثال ہوا ۔ شوق

اِمتِحان ۔ ع ۔ مذکر

اِمتداد ۔ ع ۔ درازی ۱۲ مذکر ؎ طول شام وصل کا اب وقت ہے ✦ امتداد روز ہجراں ہو چکا ۔ شوق

اِمتِزاج ۔ ع ۔ مزاج ملنا ۱۲ مذکر ؎ شراب کا یہ زمانے میں امتزاج ہوا ✦ کہ اب مزاج شراب اپنا بھی مزاج ہوا ۔ تسلیم

اِمتلا ۔ ع ۔ پُری ۔ بدہضمی ۱۲ مونث ؎ غم ہے وہ چیز کھاتے ہیں ہر روز ✦ اور کبھی امتلا نہیں ہوتی ۔ اختر

اِمتِناع ۔ ع ۔ روک ۔ ممانعت ۱۲ مذکر ؎ دشمنوں کا وہاں گزر ہو گیا ✦ دوستوں کا جو امتناع ہوا ۔ شوق

اِمتِنان ۔ ع ۔ شکرگزاری ۱۲ مذکر ؎ کیا ہو اس احساں کا مجھ سے امتنان ✦ نذر کرنے کے لئے حاضر ہے جاں ۔ سخا

اِمتِیاز ۔ ع ۔ تمیز ۔ فرق ۔ مذکر ؎ اس رخ پہ جیسا ہوں کہ اگر اسطرح ✦ ندو میں امتیاز نہو مہر و ماہ کا ۔ سالک

اِمثال ۔ ع ۔ (مثل کی جمع) مونث

اَمثِلہ ۔ ع ۔ (مثل کی جمع) مذکر

اَمچُور ۔ ہ ۔ تراشۂ انبہ ۱۲ مذکر ؎ خوب ہو لیموں کی ترشی ہو اگر ✦ مجھکو تو امچور کچھ بھاتا نہیں ۔ شوق

اِمداد ۔ ع ۔ مدد ۔ کمک ۱۲ مونث ؎ ہے الفت دشمن ہیں برا حال کسی کا ✦ اے حضرت دل کیجیے امداد کسی کی ۔ داغ

اَمر ۔ ع ۔ کام ۔ حکم ۔ بات ۱۲ مذکر ؎ للہ کوئی امر نہ جیسے ہوا اے بحر ✦ ناکام رہے کچھ نہ کیا کام خدا کا ۔ بحر

اِمرت ۔ س ۔ آبحیات ۱۲ مذکر ؎ امرت سا ہوا میں بھر دیا کچھ ✦ اک بات میں کچھ سے کر دیا کچھ ۔ حالی

اَمرس ۔ ہ ۔ معروف ۱۲ مذکر ؎ آج امرس جو میں نے چکھا تھا ✦ ہوا معلوم مجھکو کھٹ مٹھا ۔ شوق

اَمرُود ۔ مذکر

اِمروز فردا ۔ ف ۔ آج کل ۱۲ مونث ؎ عاشقوں کو دیکھ لینے کی تمنا ہی ہی ✦ روز محشر بھی وہاں امروز فردا ہی ہی ۔ مصحفی

اَمس ۔ مونث

اِمساک ۔ ع ۔ روکنا ۔ قحط ۔ مسک ووا ۱۲ مذکر ؎ بادل کو ادھر عارضہ حبس البول ✦ امساک ادھر آسمان نے کھایا ہے ۔ ہنر

اِمعان ۔ ع ۔ غور ۱۲ مذکر ؎ دنیا ہی کی فکر و نمیں پریشان ہوا ✦ عقبے کی طرف ہائے نہ امعان ہوا ۔ آدب

اِمکان ۔ ع ۔ ممکن ہونا ۔ طاقت ۱۲ مذکر ؎ دلکے جانیکا بڑا غم ہے ظفر ایسا رفیق ✦ جسکے جانیکا نہ تھا امکان بھی جاتا رہا ۔ ظفر

نوٹ ۔ فرہنگ آصفیہ میں مذکر لکھا ہوا ہے مگر اسکی کوئی سند نہیں ۱۲

اَلَکھ - س - زنگار ۱۲ مذکر ۵ پھرے تیری نگری میں ہم تیرے کارن + جگایا الکھ ہم نے دھونی رما کر - سرور

اَلَم - ع - رنج و غم ۱۲ مذکر ۵ رہگیا چھیڑ کے میں قصہ غم جب یہ سنا + داغ اس سر کی قسم مجھکو الم ہوتا ہے - داغ

اَلماس - ع - ہیرا ۱۲ مذکر ۵ دانتوں سے چبائی ہے جو پان کی گلوری + یاقوت سے رنگین ترے الماس ہوئے ہیں - منتظر

اَلَم غَلَم - ا - بیہودہ گوئی ۱۲ ۵ الم غلم کوئی ہمارا + دیوانہ ہوا ہے جو سینکا - فرید -

اَلَنگ - ہ - چار تالاب سمت - جانب ۱۲ مونث ۵ ہے یہ بہتر کہ گھر ترا آ دوست + خانۂ غیر کی النگ نہو - شوق

اُلّو - ہ - بوم - احمق ۱۲ مذکر ۵ رات کو سن کے صدا دشمن کی + کہہ اٹھے وہ کہیں آ تو بولا - مصحفی -

اَلواح - ع - مونث

اَلوانِ نعمت - ع - زنگا رنگ - آسایش ۱۲ مونث ۵ کروں کیا گیا ترا شکران نعمت + کرامت کی مجھے الوان نعمت - میر حسن

اُلوپ انجن - ہ - نام ایک کاجل کا ۱۲ مذکر ۵ الوپ انجن لگایا آنکھ میں جب + نظر آیا وہاں کا حال پھر سب - اختر

اَلوداع - ع - مونث -

اُلوہیت - ع - شان خداوندی ۱۲ مونث ۵ الوہیت تری زیبا تجھی کو خالق عالم + نہیں ہے دوسرا تجھسا تو واحد و یکتا ہے - ثابت

اَللہ - ع - اسم باریتعالیٰ ۱۲ مذکر ۵ مہربان اللہ جن بندوں پہ ہوتا ہے فدا + انکو درد عشق میں کرتا ہے اپنے مبتلا - فدا

اِلہام - ع - وحی ۱۲ مذکر ۵ وہ مشق رہی اور نہ وہ شوق ہے مومن + کیا شعر کہیں گے اگر الہام نہو گا - مومن

اَلہیا - ع - نام ایک راگ کا ۱۲ مونث ۵ الہی نے جب الہیا سنائی + طبیعت اور ہی کچھ رنگ لائی - بہار

اَلبیل - ہ - شوخی ۱۲ مونث ۵ گرچہ بوڑھا ہوا سمند فلک + ہے قیامت مگر الیل اسکی - تسلیم

اَمارت - ع - توانگری - امیری ۱۲ مونث ۵ گور میں خاک نشیں تخت نشیں یکساں ہیں + قصر و منظر ہی تلک ہے یہ امارت تیری - تسلیم

اَماکن - ع - مذکر

اُمّ الصِّبیان - ع - نام بچوں کے ایک مرض کا ۱۲ مونث ۵ نعش گر ہاپڑ ہے یہ کچھ دن + دفع ہو جائیگی ام الصبیان - شوق

اُمّ الکتاب - ع - سورۂ فاتحہ - قرآن مجید ۱۲ مونث ۵ سب میں کتب نبات ام الکتاب تیری + ہر لکھ بات بات ہے لاجواب تیری - سعید

اِمالہ - ع - بڑھانا ۱۲ مذکر ۵ خلقت اول میں سلالہ کیا + آب و گل سے امالہ کیا - قدر

اِمام - ع - پیشوا - تسبیح کا امام ۱۲ مذکر ۵ بجائے دانہ ہے ساقی جو دانہ انگور + ہم اپنے سبحہ میں ڈالیں امام شیشے کا - ناسخ

اِمامت - ع - پیشوائی - مقتدائی ۱۲ مونث ۵ صبا مہر و مہ کی طرح سے ہے روشن + نبوت نبی کی امامت علی کی - صبا -

اَمان - ع - حفاظت - امن ۱۲ مونث ۵ گرم فریاد کیا شکل نہالی نے مجھے + تب اماں ہجر میں دی برد لیالی نے مجھے - غالب

اَمانت - ع - سپردگی - ودیعت ۱۲ مونث ۵ حاضر ہے یہ جاں شوق سے جب چاہئے لے لے + کچھ مال نہیں اپنا امانت ہے پرائی - زند

اَماوس - ہ - بدی کی ۱۵ تاریخ ۱۲ مونث ۵ اماوس جو آئی ہوئی بیقرار + رہا سخت دن بھر اسے انتظار - منظر

اُلٹ پھیر ۔ ہ ۔ الٹ پلٹ ۱۲ مذکر ۔ ابھی رقیب کے شکوے ابھی غیب کا وصف ✦ یہ کون تجھے اُلٹ پھیر تیری باتوں کا ۔ تسلیم

اُلجھاؤ ۔ مذکر ۔

اُلجھن ۔ ہ ۔ پیچ ۔ تشویش ۱۲ مونث ۔ بڑھی قید غم دیکھ کر زلف یار ✦ مرے دل کی اُلجھن سلاسل ہوئی ۔ آمیر

اِلحاح ۔ ع ۔ عاجزی ۱۲ مونث ۔ خوشامد کی منت کی الحاح کی ✦ جب اس نے کہیں جاکے اصلاح کی ۔ نوازش

اِلحاقہ ۔ ع ۔ مذکر ۔

اِلحاق ۔ ع ۔ ملنا ۔ شمول ۱۲ مذکر ۔ تل مشک کا وہ دوکتابی پہ بناکر ✦ کہتے ہیں کہ مصحف میں یہ الحاق ہوا ہے ۔ امیر

اَلحان ۔ ع ۔ آواز ۔ سر ۱۲ مونث ۔ اسکی الحان دل لبھاتی تھی ✦ ولمیں آواز تری جاتی تھی ۔ مقصد

اَلحذر ۔ ع ۔ الامان ۱۲ مذکر ۔ دلکو دعوای تحمل تھا بہت ✦ الحذر آخر زباں پر آگیا ۔ شوق

اَلحمد ۔ ع ۔ سورۂ فاتحہ ۱۲ مونث ۔ دم کرکے پلایا جب تجھے تیغ کا پانی ✦ قاتل نے مری نزع میں الحمد پڑھی تھی ۔ ہمنی

اَلخالق ۔ ت ۔ قبا ۔ مونث ۔ پہنی الخالق اور چل نکلا ✦ پیچھے پیچھے بخیات اس کے چلا ۔ ساقی

اِلزام ۔ ع ۔ تہمت ۱۲ مذکر ۔ ناتوانی کی شکایت جو کبھی کی اسنے ✦ بیٹھتے اُٹھتے ہماری طرف الزام آیا ۔ ہلال

اَلسیٹ ۔ ہ ۔ فریب ۔ دغا بازی ۱۲ مونث ۔ کل رقیبوں کا بنگیا ہے جتھا ✦ ہوگئی ہے بہت بڑی السیٹ ۔ نعیم

اُلش ۔ ت ۔ پس خوردہ ۱۲ مذکر ۔ چھوڑا جو ہم نے کھاکے تو کھایا عدوئے غم ✦ تھوڑا سا وہ ہمارا الش تھا بچا ہوا ۔ داغ

اِلصاق ۔ ع ۔ چسپاں کرنا ۱۲ مذکر ۔ قصہ دشمن میں ذکر اپنا بھی ہے ✦ اچھے موقع پر ہوا الصاق آج ۔ شوق

اَلطاف ۔ ع ۔ مہربانیاں ۱۲ مذکر ۔ طعن یہ مذمت یہ نکر شیخ خدا لگتی بول ✦ اسکے الطاف بہت ہیں گئے گنہگار بہت ۔ سجر

اَلعبد ۔ ع ۔ فدوی ۔ دستخط ۱۲ مذکر ۔ پڑھا جاتا نہیں العبد اس کا ✦ یہ اس کا ہے کسی کا یا ہے لکھا ۔ رنگین

اَلعطش ۔ ع ۔ پیاس ۱۲ مذکر ۔ اور صبح سے شام تک برابر ✦ تھا العطش العطش زباں پر ۔ حالی

اَلغیاث ۔ ع ۔ پناہ ۱۲ مونث ۔ بلائیں آئی ہیں دولسنے تیرن بنکر ✦ تمام رات یہاں الغیاث رہتی ہے ۔ مصحفی

اَلِف بے ۔ حروف تہجی ۔ مونث ۔ قیس و فرہاد کو ہم طفل دبستاں سمجھے ✦ یاد تھی ہمکو الف بے جو قد و ابرو کی ۔ مصحفی

اُلفت ۔ ع ۔ دوستی ۔ محبت ۔ پیار ۔ مونث ۔ الفت اسکی مٹا مٹا کے مجھے ✦ اے امیر اپنا نام کرتی ہے ۔ آمیر

اَلقاب ۔ ع ۔ لقب ۔ خطاب ۱۲ (واحد) مذکر ۔ یار کو تمسے محبت نہیں تو آتش ✦ خط میں القاب یہ پھر مشفق من کسکا ہے ۔ آتش

اَلکشن ۔ ن ۔ انتخاب ۱۲ مذکر ۔ مسلمانوں کا بھر ممبری اب ✦ الکشن ہو رہا ہے شکر کیجے ۔ شوق

اَلَک ۔ جھلک ۔ چمک ۱۲ مونث ۔ خورشید درخشاں میں جھلک تیری ہے ✦ اور گوہر لامع میں الک تیری ہے ۔ شاکر

نوٹ ۔ اگرچہ مختلف فیہ ہے چنانچہ ۔ جو یاد مصحف رخ میں مرا دل نالے کرتا ہے ✦ وہ کہتے ہیں مزہ دیتا ہے کیا الحان قاری کا (مصحفی) مگر ترجیح تانیث کو ہے ۱۲

اگن بان۔ ہ۔ تیر ہوائی ۱۲ مذکر ہ خالی نہیں جاتا ہے اگن بان بھی انکا + ہر طور سے کرتے ہیں شکار دل عاشق۔ تمنا

اگن باو۔ ہ۔ آتشک ۱۲ مونث ہ اگن باو اب ہو گئی تجھکو ہے + تباہ اب تری مٹی دنیا میں بس ہے۔ صغیر

اگن بوٹ۔ ا۔ دخانی جہاز ۱۲ مذکر ہ فقط ایک انجن کا باعث ہے یہ + اگن بوٹ چلتا ہے آندھی کے مثل۔ نعیم

اگھن۔ س۔ نام ایک ہندی مہینے کا ۱۲ مذکر ہ تتے کیا پایا کل جھوٹ بنا کر مجھکو + پوس کا تھا یہ مہینا کوئی اگھن تو نہ تھا۔ مہر

اگیا بیتال۔ ہ۔ غول صحرائی ۱۲ مذکر ہ خوف آتا ہے باغبیں شب کو + اگیا بیتال آتے ہیں نظر۔ لاأعلم

الاپ۔ ہ۔ نغمہ کا اتار چڑھاو ۱۲ مونث ہ[1] کان کو اپنے بھی بھاتی تھی الاپ + سر دھنا کرتے تھے ہم آپ ہی آپ جالی

الاچی دانہ۔ مذکر۔

الاغ الاق۔ ت۔ قاصد۔ ڈاک کا گھوڑا ۱۲ مذکر ہ نہیں لوٹ کر آیا ابتک الاغ + اسے میں نے بھیجا ہے مہتاب باغ۔ اثیم

الامان۔ ع۔ پناہ بخدا ۱۲ مونث ہ جنوں میں جب مرے لب سے فغاں نکلتی ہے + زبان خار سے بھی الامان نکلتی ہے۔ داغ

الاؤ۔ ف۔ آگ اور کوڑے کا ڈھیر ۱۲ مذکر ہ سوز غم سے یہ حال ہے گویا + جل رہا ہے الاؤ سینے میں۔ شوق

اللونس۔ ا۔ ن۔ مذکر

البرز۔ ف۔ نام ایک پہاڑ کا ۱۲ مذکر ہ جینچا دیو مرگ کچھ اس ڈر سے + میں تو میں البرز بھی تھرا گیا۔ شوق

البم۔ ا۔ ن۔ مرقعہ تصاویر ۱۲ مذکر ہ مجھ سے البم تو پوچھا گیا ہے + کل اسی میز پر تو رکھا تھا۔ لاأعلم

الپین۔ ا۔ پن ۱۲ مونث ہ دفتری جا کے کہدے اور لائے + یہ بڑی الپن ہے چھوٹی چاہئے۔ برق

التباس۔ ع۔ شبہہ۔ ہم شکل ہونا ۱۲ مذکر ہ حور لکھا جو آپکو تمنے + حور کا اسپہ التباس ہوا۔ نوازش

التجا۔ ع۔ عرض معروض۔ آرزو ۱۲ مونث ہ دل جو واپس طلب کیا تو کہا + یہ نئی التجا نکالی ہے۔ داغ

التزام۔ ع۔ لزوم۔ لازم کرنا ۱۲ مذکر ہ گاہ ماہے مل لیا تو ہرج کیا + لیکن اسکا التزام اچھا نہیں۔ شوق

التفات۔ ع۔ توجہ۔ مہربانی ۱۲ مذکر ہ پہلے تو التفات انپہ کیا + حکم پھر بادشاہ نے یہ دیا۔ تیز

التماس۔ ع۔ درخواست ۱۲ مونث ہ ادا ہر طرح رسم آبرو کی + ادب سے التماس گفتگو کی۔ تسلیم

التہاب۔ ع۔ بھڑکنا ۱۲ مذکر ہ ہاتھ سینے پر مرے رکھئے تو کچھ معلوم ہو + التہاب شعلہ عشق آپنے دیکھا نہیں۔ تسلیم

التیام۔ ع۔ بھرنا۔ درستی ۱۲ مذکر ہ کبھی نہ اُنسے ملے ہم جدا ہوے جب سے + پھٹا دل ایسا کہ پھر التیام ہو نہ سکا۔ تجر

الٹ۔ ہ۔ پلٹ۔ توڑ ۱۲ مذکر ہ انھیں تباہ کریگی مقدمہ کی الٹ + معاملہ میں جو لیتے ہیں کر دو دے کام۔ آبر

الٹ پلٹ۔ ہ۔ تغیر۔ تبدل ۱۲ مونث ہ براہ عشق کا کاہے کو زندگی ہوگی + الٹ پلٹ جو رہیگی یہی طبیعت کی۔ جا لقا

---

[1] نوٹ ۔ بعض شعرا مثلاً امیر وغیرہ نے مونث باندھا ہے۔ مگر اتفاق مذکر ہی پر ہے ۱۲

اِکتِسَاب۔ ع کوشش سے حاصل کرنا ۱۲ مذکر ۔ آدمی بننے کو انساں کے لئے + اکتساب علم لازم ہو گیا۔ اختر
اِکتِفَا۔ ع کافی۔ بس ۱۲ مونث ۔ تمنا نے نہ اسپر اکتفا کی + بڑھی حسرت حصول مدعا کی۔ تسلیم
اکتوبر۔ نام ماہ۔ مذکر
اِکرَام۔ ع بخشش۔ تعظیم ۱۲ مذکر ۔ دلجوئی فقیر ونکی ہے خوشنودی معبود + تکریم غریبونکی ہے اکرام خدا کا۔ بحر
اِکرَاہ۔ ع نفرت۔ جبر ۱۲ مذکر ۔ ہو گیا جرم کونسا مجھ سے + بڑھ گیا ہے تمہارا کیوں اکراہ۔ نعیم
اَکَڑ۔ ہ شیخی۔ خمی ۔ ۱۲ مونث ۔ دکھاد چل کے قد اپنا چمن میں + اکڑ شمشاد کی جاتی نہیں ہے۔ اختر
اِکسِیر۔ ع کیمیا ۱۲ مونث ۔ کرامت ہے رخ زرد آپکے دل تفتہ کا ورنہ + کہیں غنچی سنی ہے آجتک اکسیر شیشہ کی۔ مومن
اَکل۔ ع کھانا ۱۲ مذکر ۔ فاقہ تھا تمونکا نہ پتا کیوں اسکا واعظ مرے نصیب میں اکل حلال تھا۔ تسلیم
اَکلِ حلال۔ ع۔ مذکر
اِکمَال۔ ع۔ مذکر
اَکل و شرب۔ ع کھانا پینا ۱۲ مذکر ۔ گزر گیا تھوڑی لالہ فام اڑتی ہے + بہت دنوں سے یہی اکل و شرب اپنا ہے۔ تسلیم
اِکلِیل۔ ع تاج ۱۲ مذکر ۔ اللہ رے نیرنگی عالم کے تماشے + مٹی میں ملا آج جو اکلیل ملک تھا۔ نعیم
اَکنَاف۔ ع کنف کی جمع ہے۔ کنارے ۱۲ مذکر ۔ تجھے اکناف اسکے روح افزا حیاباں + مہیا عیش کا سب ساز و ساماں۔ عابد
اَکنَا بِجَنس۔ مونث
اَکھَاڑ پَچھَاڑ۔ ہ تغیر تبدل ۱۲ مونث ۔ کبھی ہے رنگ جما غیر کا کبھی میرا + یہاں اکھاڑ پچھاڑ آئے دن رہا ہے یہ ہستی ہے۔ اختر
اُگَال۔ ہ۔ پان کا فضلہ ۱۲ مذکر ۔ سمجھیں اُسے ہم تو لعل و یاقوت + ملجائے اگر اگال تیرا۔ داغ
اُگَالدَان۔ ہ۔ تف دان ۱۲ مذکر ۔ فرش پر سرخ سرخ دھبے ہیں + گر گیا ہے اگالداں کس سے۔ لا اعلم
اَگَر۔ ہ۔ نام ایک خوشبودار لکڑی کا ۱۲ مذکر ۔ انکی محفل میں جلرہا ہے اگر + دلکو یاں پیچ و تاب ہے کیا کیا۔ کتاب
اَگَردَان ۱۰۔ اگرسوز ۱۲ مذکر ۔ ہم نے دیکھا نہ دوسرا ایسا + کل اگرداں جو ایک آیا تھا۔ نعیم
اَگَرسوز۔ ف۔ مذکر
اَگَر مَگَر۔ ہ حیص بیص ۱۲ مونث ۔ قرار آئے تو کیونکر کہ ہیں وہ خلاف + کہ دل کو کرتی ہے مضطر اگر مگر انکی۔ اختر
اَگَن۔ س۔ آگ۔ آتش ۱۲ مونث ۔ کسی تیر الم کی سل دھری تھی + اگن غم کی کسی دلمیں بھری تھی۔ بہار
اَگَن۔ ہ۔ نام ایک پرند کا ۱۲ مذکر ۔ نظر آیا اگن جو پہلے پہل + ہو گیا تیر سے وہ صید اجل۔ صفا

نوٹ مختلف فیہ ہے مگر تانیث کا رواج ہے ۔ بعض نے مونث کہا ہے جو درست نہیں ہے۔

اَفلاک۔ ع۔ مذکر

اَفواج۔ ع۔ مذکر

اَفواہ۔ ع۔ اڑتی ہوئی خبر (واحد) مونث[1] ؎ وہ نہ آئے ہیں ورنہ آئینگے + یونہی افواہ روز اڑتی ہے۔ تسلیم

اِفہام۔ ع۔ مذکر

اَفیم۔ ا۔ افیون ۱۲ مونث ؎ کچھ کہو تو سہی یہ حال ہے کیا + بھنگ پی ہے افیم کھائی ہے۔ جان صاحب

اَفیول۔ ع۔ مونث

اِقامت۔ ع۔ ٹھہرنا ۱۲ مونث ؎ یہ اقامت ہمیں پیغام سفر دیتی ہے + زندگی موت کے آنیکی خبر دیتی ہے۔ ذوق

اِقبال۔ ع۔ اقرار۔ خوش قسمتی ۱۲ مذکر ؎ خدمت آئینہ داری ہمیں کی اسنے عطا + واہ رے بخت کہ اقبال سکندر پایا۔ اسیر

اِقتباس۔ ع۔ انتخاب ۱۲ مذکر ؎ ترے عارض سے اسنے خوبی + مہر نے اقتباس نور کیا۔ اختر

اِقتدا۔ ع۔ پیروی ۱۲ مونث ؎ ہم آج امام فن ہیں مسترد + سب کرتے ہیں اقتدا ہماری۔ مسترد

اِقدام۔ ع۔ ارتکاب۔ پیشقدمی ۱۲ مذکر ؎ ہر آن پہ مرنا تھا تمھارے فراق میں + اقدام قتل تم نے کیا بھی تو کیا ہوا۔ تسلیم

اِقرار۔ ع۔ مذکر

اَقسام۔ ع۔ مذکر

اَقطاع۔ ع۔ مذکر

اَقلام۔ ع۔ مذکر

اِقلیم۔ ع۔ خشکی کا بڑا حصہ ملک ۱۲ مونث[2] ؎ ہے مزاج اہل عالم یہ قریب اعتدال + ساتوں اقلیمیں ہیں گویا اب بخط استوار۔ ذوق

اَقوال۔ ع۔ مذکر

اَقوام۔ ع۔ مونث

اَکال۔ ہ۔ قحط سالی ۱۲ مذکر ؎ لوگ فاقوں میں مبتلا ہیں سب + پڑ گیا ہند میں ہے سخت اکال۔ لا اعلم

اَکباد۔ ع۔ مذکر

اَگت۔ ہ۔ ادراک ۱۲ مونث ؎ تم اٹھے برسے تو دل بیٹھ گیا + بیٹھے بیٹھے یہ اگت کیسی لی۔ جرأت

نوٹ۔ [1] جلال لکھنوی نے مذکر لکھا ہے جو درست نہیں ہے۔

[2] ۔ مختلف فیہ مذکر مثلاً ؎ مرنے قبضہ میں ہے کئی اقلیم + بخشتا ہوں میں افسر دیہیم۔ ۱۲ (شیدا)
مگر تانیث کو ترجیح ہے ۱۲

اِفتراق ع علیحدگی ۱۲ مذکر ے تم جدا مجھ سے ہو تو جان لو + افتراقِ جسم و جاں ہو جائے گا۔ اختر

اَفراد ع جمع فرد ۱۲ مونث ے ہو جائیں اگر نیک سب افراد تمہاری + سن لیگا پھر اللہ بھی فریاد تمہاری۔ تبعد

افراط ع کثرت ۱۲ مونث ے تھا شور کہ افراط ہے یاں آب بقا کی + جنگل میں سے تعرضہ قدرت ہے خدا کی۔ انیس

اَفزائش ف بیشی اضافہ ۱۲ مونث ے واں تری زلفوں کی آرائش ہوئی + یاں پریشانی کی افزائش ہوئی۔ اختر

اَفزوں ف مونث

اَفسانہ ف فسانہ۔ حکایت ۱۲ مذکر ے وہ بت مہربان سنتے اپنا حال کہتے ہیں + لب خاموش تجھکو بھی کوئی افسانہ آتا ہے۔ آہ

اَفسوس ف رنج و قلق ۱۲ مذکر ے سراپا رہنِ عشق و ناگزیر الفت ہستی + عبادت برق کی کرتا ہوں و افسوس حاصل کا۔ غالب

اَفسوں ف منتر۔ جادو ۱۲ فریب مذکر ے وہ پری دختر رز دیکھ کر مجنوں ہوا + محتسب کو ٹوٹنا شیشے کا افسوں ہوا۔ وزیر

اِفشا ع مذکر

اِفشار ف۔ مذکر

اَفشاں ف مونث

اَفشردہ ف عصارہ۔ شربت ۱۲ مذکر ے کسقدر عمدہ بنا ہے افشردہ + کسقدر یہ بامزہ ہے افشردہ۔ لاأعلم

اَفضال ع جمع فضل ۱۲ مذکر ے بندوں پہ کیسے کیسے افضال ہیں خدا کے + وہاب ہے خدائی پروردگار اپنا۔ خدائی۔

اِفطار ع روزہ کشائی ۱۲ مذکر ے مے پینے کا غم کھاتے رہے ہم رمضاں میں + اور ونکا جو روزہ تھا تو افطار ہمارا۔ مسرور

اَفعال ع جمع فعل مذکر ے برے جب ہوں افعال مشہورِ عالم + تو ہوں کیوں نہ ہم لوگ مقہورِ عالم۔ ادیب

اَفعی ع۔ زہریلا سانپ مذکر ے گیسوئے یار سے کس کسکو گزندیں پہونچیں + اُڑکے کاٹا کیا یہ افعی رہزن کیسا۔ صبا

اَفغاں ف فغاں ۱۲ مونث[1] ے کوئی سنتا ہے کب فغاں ہماری + ہماری داستاں کیا اور زباں کیا۔ توید

اُفق ع کنارہ آسمان ۱۲ مذکر ے بحر اشک آج جو چڑھتا ہوا آتا ہے نظر + افق چرخ بھی ڈوبا ہوا آتا ہے نظر۔ نوازش

اَفکار ع جمع فکر ۱۲ مونث[2] ے رہا کرتی ہیں بس افکار دنیا کی سدا ہمکو + نہیں ہے فکر عقبیٰ بخشے پھر کیونکر خدا ہمکو۔ کبیر

اِفلاس ع غربت ۱۲ مذکر ے گھر میں تو خور و نوش کا ساماں نہیں کچھ بھی + کیا دیکھ کے مہمان ہوا افلاس ہمارا۔ منتظر

نوٹ۔ مختلف فیہ ہے مثلاً ے بے سبب کیونکہ لب زخم پہ افغاں ہوگا + شور محشر ہے بھر اس کا نمکداں ہوگا۔ مومن لیکن چونکہ افغاں فغاں کا مزید علیہ ہے۔ یا فغاں افغاں کا مخفف ہے اور فغاں مونث ہے۔ اس لئے راقم کی دانست میں مونث کا استعمال انسب ہے ۱۲

[2] مختلف فیہ ہے مگر تانیث کا رواج غالب ہے۔

اِعْرَاب ۔ ع علامت ۔ حرکات ۱۲ مذکر ۔ موئے خط رخ نتھے زیر و زبر + مصحف رخسار میں اعراب تھے ۔ نوازش

اَعْرَاف ع بہشت و دوزخ کے درمیان کا مقام ۱۲ مذکر ۔ کچھ غم ہجر تو کچھ وصلت دلبر کی خوشی + جنجال میں ہائے لئے اعراف ہا ۔ ناصر

اِعْرَاض ۔ ع چشم پوشی ۱۲ مذکر ۔ جو دلبر نے اغماض مجھ سے کیا + مرے دل نے اعراض مجھ سے کیا ۔ اختر

اِعْزَاز ع عزت تعظیم دینا ۱۲ مذکر ۔ پوچھا جو مجھے آپنے کی بندہ نوازی + نامہ جو لکھا آپنے اعزاز بڑھایا ۔ تسلیم

اِعْلَام ع اظہار ۱۲ مذکر ۔ ما ینطق ملحوظ بلا شک ہے ہر دلمیں + فرمودہ محبوب ہے اعلام خدا کا ۔ بحر

اِعْلَان ع ۔ اطلاع ۔ اظہار ۱۲ مذکر ۔ قتل مجھکو کیا اچھا کیا احسان ہوا + پر برا ہوگا ترے حق میں گر اعلان ہوا ۔ ناصر

اَعْمَال ۔ ع عمل کی جمع ۔ کام ۱۲ مذکر ۔ آئینگے اعمال اچھے کام قرآن کے محتشم + نیکیاں کر لے جہاں تک تجھسے ممکن ہو یہاں ۔ محتشم

اَعْنَاق ۔ ع جمع عنق ۔ گردنیں ۱۲ مونث ۔ اعناق جھکی ہوئی ہیں اپنی + ہم شاد ہیں جو خوشی ہو تیری ۔ سفیر

اَعْیَاد ع جمع عید ۱۲ مونث ۔ اعیاد بھی گزریں ملے تم تو قمر سے + مہجور یہ دیدار کو کبتک ترے ترسے ۔ قمر

اَعْیَان ۔ مذکر

اَغْرَاض ع مقاصد ۱۲ مذکر ۔ اغراض کب کسی سے ہوتے ہیں اپنے پورے + مقصود سب بشر کے ہوتے ہیں حق سے پورے ۔ عاجز

اِغْرَاق ع ڈوبنا ۔ مبالغہ ۱۲ مذکر ۔ لکھا ہے جو بستیٔ جانانکو جو بے عود + تقصیر جو بے خامہ ہے اغراق اگر ہوا ۔ رشک

اَغْلَاط ع غلطیاں ۱۲ مذکر ۔ اغلاط ہیں بھرے ہوئے یکسر کتاب میں + کیا کوئی لکھ سکیگا اب اسکے جواب میں ۔ صبا

اِغْلَاق ع پیچیدگی ۔ اشکال ۱۲ مذکر ۔ مرے روزمرہ پہ غش ہے فصاحت + سخن میں مرے کیونکر اغلاق ہوگا ۔ مصحفی

اَغْلَال ع غل کی جمع ۔ بیڑیاں ۱۲ مذکر ۔ وہ خرابات سے سب نکالے گئے + پھر اغلال پاؤں میں ڈالے گئے ۔ قمر

اِغْلَام ع لواطت ۱۲ مذکر ۔ ہائے کمبخت نے کیا اغلام + دین و دنیا میں ہوگیا بدنام ۔ شہاب

اِغْمَاز ع نخرا ۔ غمزہ ۱۲ مذکر ۔ کون ٹھہرے گا دیکھکر اسکو + کسقدر شوخ ہے ترا اغماز ۔ نعیم

اِفَادَہ ع مذکر

اِفَاقَہ ع رجوع صحت ۱۲ مذکر ۔ راحت سے شب و روز علاقہ مجھے ہوگا + فاقہ جو کرونگی تو افاقہ مجھے ہوگا ۔ انیس

اُفْتَاد ف سانحہ ۱۲ اتفاق ۱۲ مونث ۔ شوق دیدار میں افتاد جو پڑتی ہمپر + دیکھتے آپ کہ آنکھوں سے اٹھائی ہوتی ۔ جلیل

اِفْتِتَاح ع کھلنا ۔ آغاز ۱۲ مذکر ۔ پہلے مجھپر تیغ کھینچو میان سے + ہو مجھی سے افتتاح اس کام کا ۔ اختر

اِفْتِخَار ع فخر ۱۲ مذکر ۔ تمھیں ناز ہو نہ کیونکر کہ لیا ہے داغ کا دل + یہ رقم نہ ہاتھ لگتی نہ یہ افتخار ہوتا ۔ داغ

نوٹ ۔ ۱ مختلف فیہ ہے مگر زیادہ تر استعمال تانیث کا ہے ۱۲

اَطبَاع ۔ ع جمع طبع ۱۲ مونث ؎ انسان کی اطباع میں باہم ہے مخالف + گو ایک ہی جوہر سے ہے پیدائش انساں ۔ قمر
اَطرَاف ۔ ع کنارے ۱۲ مذکر ؎ وہ مجلس کے اطراف پھرتا رہا + کہ معلوم ہو حال آقا ذرا ۔ سخن
اِطرِیفَل ۔ ع نام ایک معجون کا ۱۲ مذکر ؎ میں نے اطریفل کیا تیار ہے + واسطے نزلے کے ہے اکسیر یہ ۔ لا اعلم
اَطفَال ۔ ع جمع طفل ۔ لڑکے ۱۲ مذکر ؎ بے تربیت اطفال تمہارے سب ہیں + اس حال پہ افسوس کہ بیار سب ہیں ۔ مبتسم
اِطلَاع ۔ ع آگاہی ۱۲ مونث ؎ چھپتی ہے کب چھپائے اہل کرم کی شان + ہوتی ہے خود بخود دل سائل کو اطلاع ۔ داغ
اِطلَاق ۔ ع ۔ جاری کرنا ۔ استعمال کرنا ۱۲ مذکر ؎ تو بھی گر ایسے خموشی میں نہ نکلے گا کہیں + مجھ پر آہ نہ اطلاق ہو گویائی کا ۔ سالک
اَطلَس ۔ ف نام ایک کپڑے کا ۱۲ مونث ؎ اس ستمگر کو قبا کی خاطر + اطلس سرخ پسند آتی ہے ۔ مسرور
اِطمِینَان ۔ ع دلجمعی ۱۲ مذکر ؎ مدتیں گزریں کہ اطمینان نکالا کر دیا + نالۂ بے سوز نے فریاد بے تاثیر نے ۔ نعیم
اَطوَار ۔ ع چال چلن ۱۲ ڈھنگ ۱۲ مذکر ؎ انکے اطوار نہ بدلے ہیں نہ بدلیں گے کبھی + آزمایا ہے انھیں اصغری سو بار ہمنے ۔ اصغری
اَظلَال ۔ ع ظل کی جمع ۱۲ مذکر ؎ کام میں اظلال کم علمی سے کیا کیا پڑ گئے + بر سر اوج اور ہی ہیں ہم زمیں میں گڑ گئے ۔ احسن
اِظہَار ۔ ع مذکر
اِعَادَہ ۔ ع مذکر
اِعَانَت ۔ ع مدد ۱۲ مونث ؎[1] تیرے تیر نے ضعف میں کی اعانت + عصا تھام کر دل سے ارمان نکلا ۔ منیر
اِعتِبَار ۔ ع بھروسا ۱۲ مذکر ؎ ترے وعدہ پہ جئے ہم تو یہ جان جھوٹ جانا + کہ خوشی سے مر نہ جاتے اگر اعتبار ہوتا ۔ غالب
اِعتِرَاض ۔ ع روکنا ۔ حائل ہونا ۱۲ مذکر ؎ ہوئی کلام کی اصلاح نکتہ چینی سے + بڑا سلوک کیا جس نے اعتراض کیا ۔ ناصر
اِعتِرَاف ۔ ع قبول کرنا ۱۲ مذکر ؎ زیب قصور خلد اگر ہو وہ رشک حور + ہو اعتراف حور کو اپنے قصور کا ۔ عاشق
اِعتِقَاد ۔ ع یقین ۔ اعتماد ۱۲ مذکر ؎ کروں میں شکر الہی کہاں تلک آتش + درون صاف دیا پاک اعتقاد دیا ۔ آتش
اِعتِکَاف ۔ ع گوشہ نشینی ۱۲ مذکر ؎ کسی پری کو ہے چھپ چھپکے دیکھنا منظور + اسی غرض سے ہے یہ اعتکاف زاہد کا ۔ تسلیم
اِعتِمَاد ۔ ع بھروسا ۱۲ مذکر ؎ کہوں جو حالت دل یار سے تو کہتا ہے + جو کچھ کہ تو نے کہا میں نے اعتماد کیا ۔ آتش
اِعتِنَا ۔ ع توجہ ۱۲ مونث ؎[2] نہ اٹھا نہ حضرت کی تعظیم کی + نہ کچھ اعتنا کی نہ تکریم کی ۔ اسیر
اِعجَاز ۔ ع معجزہ ۔ کرامت ۱۲ مذکر ؎ زندہ نہ مسیحا سے ہوا کشتۂ الفت + مردوں کو جلانا تو کچھ اعجاز نہیں تھا ۔ داغ
اَعدَاد ۔ ع عدد کی جمع ۱۲ مذکر ؎ اعداد علی اور نمک کے ہیں برابر + کیا اور ملاحت بھی ہے اس نام سے بڑھکر ۔ منتظر

نوٹ ؎[1] مختلف فیہ ہے مگر تانیث کو ترجیح ہے ۔ ۱۲
؎[2] مختلف فیہ ہے مگر زیادہ تر استعمال تانیث کا ہے ۱۲

اَصْحَاب۔ ع جمع صاحب ۱۲ مذکر ۵ سلام انپہ جو اُسکے اصحاب ہیں + وہ اصحاب کیسے کہ احباب ہیں۔ حسن

اِصْرَار۔ ع۔ ضد۔ ہٹ ۱۲ مذکر ۵ کیا مزہ کی تھی لڑائی وصل کی شب یار سے + اسطرف اصرار تو انکار اُدھر بڑھتا گیا۔ اختر

اِصْرَاف۔ ع۔ صرف۔ خرچ کرنا ۱۲ مذکر ۵ اصراف بجا ہو گر افلاس کا کیوں ہو ڈر + اسراف کہ بیجا ہے کر دیتا ہی مفلس بھی۔ علیم

اِصْطِبَاغ۔ ع رنگنا ۱۲ مذہب عیسائی میں لانیکی رسم ۱۲ مذکر ۵ ہو گیا آج وہ تو عیسائی + جاکے گرجا میں اصطباغ لیا۔ نعیم

اَصْطَبَل۔ ع طویلہ ۱۲ مذکر ۵ اصطبل واں تھا دلدل نبی کے سوار کا + جھولا پڑا ہوا تھا یہاں شیر خوار کا۔ دبیر

اُصْطُرْلَاب۔ مذکر

اِصْطِلَاح۔ ع معنی معروف ۱۲ مونث ۵ خدا نے دی ہے عجب تازگی سخن کو مرے + محاورے ہیں نئے اور اصطلاح نئی۔ تسلیم

اَصْل۔ ع بنیاد۔ وجہ واقعی ۱۲ مونث ۵ اب اسکی نگاہوں میں ہی قدر یہ میری + ہر بات پہ کہتا ہے وہ کیا اصل ہے تیری۔ جان صاحب

اِصْلَاح۔ ع درست کرنا ۱۲ مونث ۵ شاعر ہوں ہوئے سیب زنخداں ہو نسو نگھتا + اصلاح رہتی ہے مجھے اپنے دماغ کی۔ آتش

اَصْلِ اُصُول۔ ع خلاصہ اصل ۱۲ مذکر ۵ مانو یا نہ مانو تمھیں اختیار ہے + اصل اصول جو کہ تھا سب ہم نے کہدیا۔ نوازش

اَصْلُ السُّوس۔ مونث

اَصْلِیَّت۔ ع مونث

اَصْنَاف۔ ع صنف کی جمع۔ اقسام ۱۲ مونث ۵ شعر کی اصناف میں ماہر ہے وہ + اور ہر ایک صنف پر قادر ہے وہ۔ اشہر

اَصْنَام۔ ع جمع صنم ۱۲ بت ۱۲ مذکر ۵ انعام بھی کرتے ہیں اطاعت تیری + اصنام بھی کرتے ہیں عبادت تیری۔ ضمیر

اُصُول۔ ع بنیاد۔ علت (واحد) مذکر ۵ ہمارا پیچ چلنے کا نہیں ہے + اصول انکا بدلنے کا نہیں ہے۔ تسلیم

اِضَافَت۔ ع نسبت۔ علاقہ ۱۲ مونث ۵ لگی اچھی اضافت شاعری کی + ہوئی عالم میں شہرت شاعری کی۔ تسلیم

اِضَافَہ۔ مذکر۔

اَضْدَاد۔ ضد کی جمع ۱۲ مونث ۵ جمع اضداد کب ہوئیں یکجا + میل ہم سے عدو کا کیا ہوگا۔ اعظم

اِضْطِرَاب۔ ع۔ بیقراری ۱۲ مذکر ۵ لحاظ ہے اسے نہ قاتل کا ہو سکا دم ذبح + سنبھل سنبھل کے تڑپتے وہ اضطراب نہ تھا۔ امیر

اِضْطِرَار۔ ع بیقراری مجبوری۔ مذکر ۵ رشک ہوئے اکرم شعار اپنے کئے سے شرمسار + تجھ سے مٹے گا اضطرار تیرے گناہ گار کا۔ اشک

اَضْعَاف۔ ع ۱۲ دو گنا ۱۲ مذکر ۵ اضعاف ظلم کا ہے اُدھر ضعف ہے اِدھر + بربادی اپنی یار کے بس امتحان میں ہے۔ حزیں

اَضْلَاع۔ ع ضلع کی جمع حدود ۱۲ مذکر ۵ دکن کے سولہ ہیں اضلاع رکھہ یاد + ہے دار الملک اس کا حیدرآباد۔ قادر

اِضْمِحْلَال۔ ع پژمردگی سستی ۱۲ مذکر ۵ کچھ طبیعت کو جو اضمحلال تھا + کیا کہوں اس حور کا کیا حال تھا۔ ناصر

اِطَاعَت۔ ع تابعداری ۱۲ مونث ۵ کہتے ہیں سب کچھ ابھی ہے جو شب وصل آئے + پھر نہ آنکھوں میں مروت نہ اطاعت ہوگی۔ امیر

اِشتراک ع شرکت ۱۲ مذکر ــه یا تمھیں دل میں ہو یا غم رہے + بندہ پرور اشتراک اچھا نہیں - نوازش

اِشتعال ع شعلہ کا اٹھنا - لپٹ مارنا ۱۲ مذکر ــه سنی جو آہ تو غصہ بڑھا ستمگر کا + ہوا جو پا گئی آگ اور اشتعال ہوا - نواز

اِشتعالک ع ف تحریک - بھڑکانا ۱۲ مونث ــه خیالِ نوکِ مژہ نے وہ اشتعالک دی + شبِ فراق میں کھینچے رہا کٹار چراغ - ناسخ

اِشتغال ع مصروفی ۱۲ مذکر ــه لاکھ واعظ بیٹھے سر مارا کریں + اشتغال مے تو اب جاتا نہیں - ناصر

اِشتقاق ع نکلنا - شق ہونا ۱۲ مذکر ــه کھنچی پہلے تری تصویر ازل میں دست قدرت سے + ہوا لفظ خدا اشتقاق اول ترے خد کا - محسن

اِشتمال ع شمولیت ۱۲ مذکر ــه ہمارا ہجر سے کب ہوگا اشتمال وصال + پکاتے رہتے ہیں ہمیشہ وہم تو بس خیال - قادر

اِشتمام ع سونگھنا ۱۲ مذکر ــه تیرا ہے رنگ رنگِ گل میں + اور بو میں ہے اشتمام تیرا - مہر

اِشتہا ع بھوک ۱۲ مونث ــه کھا گئی مردے ہزاروں ہی زمیں + اشتہا لیکن نہ اسکی کم ہوئی - مصحفی

اِشتہار ع اعلان - نوٹس ۱۲ مذکر ــه داغ کیا دلکو اے نگار لگا + عشق کے گھر یہ اشتہار لگا - ظفر

اِشتیاق ع شوق - تمنا ۱۲ مذکر ــه رات مجھ کو تیرے آنے سے جو مایوسی ہوئی + انتظار مرگ تھا یا اشتیاق خواب تھا - ناسخ

اَشجار ع جمع شجر - درخت ۱۲ مذکر ــه تھے اشجار سب باغ میں باردار + وہاں دیکھنے کی تھی قابل بہار - منور

اِشراق ع چمکنا - وقت چاشت ۱۲ مذکر ــه گھر بیٹھے وہ سب جانتے ہیں حال ہمارا + الہام ہوا ہے انہیں اشراق ہمارا - امیر

اَشعار ع (جمع شعر) ۱۲ مذکر ــه اسکے سارے ہیں چلبلے اشعار + گل ہیں اشعار نظم ہے اشعار - منتظر

اِشعار ع - مذکر ــه عاشقانہ شعر کیوں محفل میں پڑھتے تھے وہ آج + کس کی جانب تھا اشارہ کس طرف اشعار تھا - تسلیم

اِشفاق ع مہربانیاں ۱۲ مذکر ــه ہم پہ اشفاق ہیں اللہ کے کیا کیا منعم + جان دی مال دیا گوہر ایماں یار - منعم

اَشک ف آنسو ۱۲ مذکر ــه نکل آنکھ سے اشک ٹھیرائے کیا + گہر ہو کبھی اس بنا گوش میں - امیر

اِشکال ع دشواری ۱۲ مذکر ــه رحمت خدا کی ہم پہ پھر گیا کہئے کس قدر تھی + آسان ہو گیا جو اشکال پیش آیا - ناصر

اَشکال ع جمع شکل ۱۲ مونث ــه منور تھیں اشکال مہ طلعتاں + وہاں تھیں جو حوریں تو محفل جناں - منیر

اَشلک ا تہمت ۱۲ مونث ــه گڑیاں جیسے تمھاری نہیں یہ بے تعلیم + شعلہ بیگم کی لگائی ہوئی اشلک ہوگی - جان صاحب

اَشلوک س شعر - نظم ۱۲ مذکر ــه دوہے کالیداس نے اچھے کہے + اور تلسی نے کہے اشلوک خوب - نعیم

اَشنان س غسل - نہانا ۱۲ مذکر ــه بستر راحت سے اٹھکر جلد جلد + صبحدم اشنان جوگی نے کیا - لا اعلم

اَشیا ع (جمع شئے) چیزیں ۱۲ مونث ــه اسمیں اشیا مفید ہیں ساری + دفع جلد اس سے ہوگی بیماری - محسن

اَصالت ع حقیقت - خاصیت ۱۲ مونث ــه بس بس اب ہنسے دیکھی نہ بہت مجھ سے لگا + مردود مجھکو ہے معلوم اصالت تیری - جان صاحب

نوٹ - دہلی میں مونث اور لکھنؤ میں مذکر مستعمل ہے مختلف فیہ ہے - مگر بالاتفاق تانیث کو ترجیح ہے ۱۲

اِسْلَام ع مسلمانوں کا مذہب ۱۲ مذکر ؎ کہتے ہیں شریعت جسے وہ راہ خدا ہے + یہ دین خدا کا ہے یہ اسلام خدا کا۔ بحر
اُسْلُوب۔ ع راہ۔ طریقہ ۱۲ مذکر ؎ بے لباسی میں بھی تلوار کا اسلوب ہے بحر + اپنے جوہر کو میں اپنے لئے زیور سمجھا۔ بحر
اِسْم ع نام لقب ۱۲ مذکر ؎ ہو گیا ہیں قتل اسکا نام لیکر پیار سے + مجھ کو سیفی یار کا اسم جمالی ہو گیا۔ صبا
اِسْمِ اَعْظَم ع ایک دعائیہ فقرہ ۱۲ مذکر ؎ دہن اس دی کتابی ہے پڑا پیدا + اسم اعظم وہی قرآن میں پنہاں ہے کہ جو تھا۔ آتش
اِسْنَاد۔ ع نسبت دینا ۱۲ مونث ؎ اُن سے اسناد تمہاری ہے سبب دنیا کا + تم سے اسناد ہوا تو سبب غیرت کا صفدر
اَسْنَاد۔ ع جمع سند ۱۲ مونث ؎ کیں جمع جو اسناد تو بیکار ہیں سب ہم + کچھ کام کرو کام کی غیرت جو ہوا ب کچھ۔ سخنور
اَسْنَان۔ س۔ غسل ۱۲ مذکر ؎ کیا اسنان اور مندر چلا پھر + جھکایا جا کے آگے دیبی کے سر۔ فنا
اِسْتنبول۔ مذکر
اِسْتِہْزاء۔ مذکر
اِسْٹام۔ مذکر
اِسْٹیٹ۔ مذکر
اِسْکُول۔ مذکر
اِسْہَال۔ ع پیچش ۱۲ مذکر ؎ تنگ اسہال نے کیا بیحد + دے شفا اب تو جلد رب صمد۔ مراد
اَسِیْس باد۔ س۔ دعائے خیر ۱۲ مونث ؎ اسیرباد فقیر دنگی لے انہیں ستا + ہے روشن اسکا دیا جس نے راہ حق میں پایا۔ کاتب
اَسِیْس۔ س۔ اسیرباد ۱۲ مونث ؎ نہ جائیگی خالی ہماری اسیس + لیا ہے نہیں ہم نے یوں ہی یہ بھیس۔ صہبا
اِشَارَہ ع۔ بہر معنی مذکر
اِشَارَات ع۔ جمع اشارات۔ مذکر
اَشَارَات ع۔ نام کتاب۔ مونث
اِشَاعَت ع پھیلنا ۱۲ مونث ؎ ہم پر آئی ہے طبیعت اُسکی + چاہتے ہیں اشاعت اسکی۔ شعور
اِشْبَاع ع حرکت کا بڑھنا ۱۲ مذکر ؎ جسمیں اشباع ہوتا ہے اسکو + کھینچکر اور دراز کرکے پڑھو۔ سخنور
اِشْتِبَاہ۔ ع شک و شبہہ ۱۲ مذکر ؎ اس ادا سے چمک کے وہ نکلے + سب کو بجلی کا اشتباہ ہوا۔ اختر
اِشْتِدَاد۔ ع سختی ۱۲ مذکر ؎ مرض عشق کی دوا گر کی + اور بھی اسمیں اشتداد ہوا۔ صریر
اُشْتُر۔ ع اونٹ ۱۲ مذکر ؎ دیکھ کر غیر کو کہے شیطاں + ہے یہ اشتر مری سواری کا۔ داغ

نوٹ۔ دہلی میں مونث اور لکھنؤ میں مذکر مستعمل ہے۔ ۱۲

اِسْتِہزا۔ مذکر۔

اِسْتِیصَال۔ ع۔ بیخ کنی ۱۲ مذکر۔ عشق کے ہاتھوں گئے دل سے صبر و قرار + ہو گیا دو دن میں استیصال اس اقلیم کا۔ تسلیم

اِسْٹَار۔ ن۔ ستارہ۔ اختر ۱۲ مذکر۔ کہنا بجا ہے اسکو اسٹار انڈیا کا + خورشید معدلت ہے ہر سمت اس کا چمکا۔ نظیر

اِسْٹَاف۔ ن مصاحبین۔ سررشتہ ۱۲ مذکر۔ پہونچے سرکار پہ سمجھے اُسدم + نظر آگے سے جو اسٹاف آیا۔ نعیم

اِسْٹَاک۔ ن۔ ذخیرہ۔ سامان ۱۲ مذکر۔ بے شمار اسٹاک موٹر کار کا + ملک سے یورپ کے یہاں آنے کو ہے۔ اسمٰعیل

اِسْٹَانڈ۔ ن۔ تپائی۔ گھڑونچی ۱۲ مذکر۔ اسٹانڈ بھی اِک رکھی ہوئی تھی + پائی جو اشارہ اسپہ بیٹھی۔ سخن

اِسْٹَام۔ ا۔ (اسٹامپ) مذکر۔ میں تو نالش کے لئے تیار ہوں + لیکن اسٹام آجکل ملتا نہیں۔ شوقؔ

اِسْٹَامپ۔ ن۔ (اسٹام) ٹکٹ مذکر۔ میں تو نالش کیلئے تیار ہوں + لیکن اسٹامپ آجکل ملتا نہیں۔ شوقؔ

اِسْٹُور۔ مذکر

اِسْٹیٹ۔ ن ریاست حالت۔ مونث۔ روئینگے کہہ کہکے سر عمر بھر + مفت میں اسٹیٹ اپنی لٹ گئی۔ شوقؔ

اِسْٹیج۔ ن۔ تماشا گاہ مذکر۔ الفرڈ نے کیا جس شان سے تیار اسے + ایسا اسٹیج کسی نے نہ بنایا ہوگا۔ شوقؔ

اِسْٹیچو۔ مذکر۔

اِسْٹیشن۔ ن۔ ریل کھڑے رہنے کی جگہہ ۱۲ مذکر۔ بعد ہوڑے کے ہند میں سچ ہے + بمبئی کا بڑا ہے اسٹیشن۔ نعیم

اِسْٹیم۔ ن۔ بخار۔ بھانپ ۱۲ مونث۔ زور وہ زور کہ اسٹیم بھی ٹھنڈی کر دی + روک موٹر کو لیا اتنی پر کٹیس تھی لاعلم

اِسْٹیمر۔ ن۔ دخانی کشتی ۱۲ مذکر۔ کس طرح ہوا وقوع اسکا + تھا جو اسٹیمر ایک ڈوب گیا۔ نعیم

اَسَد۔ ع۔ شیر ۱۲ مذکر۔ کس قہر کی ندی کو جری جھیل رہا تھا + ہر نوں سے ترائی میں اسد کھیل رہا تھا۔ مونس

اِسْرَار۔ ا۔ آسیب ۱۲ مذکر۔ سایہ ہے پری کا یہ کوئی کہتا ہے مجھہ کو + کہتا ہے کوئی ہے اسے اسرار نظر کا۔ مسرور

اَسْرَار۔ ع۔ (جمع سر) راز ہا) ۱۲ مذکر۔ اسکے اسرار کوئی جان ہی سکتا کب ہے + بن بھی رہتے ہی نئے بیں سبکا رہے۔ ترم

اِسْرَاف۔ ع۔ فضول خرچی ۱۲ مذکر۔ فضول اشک بہا کر ہوئیں خراب آنکھیں + لٹا وہ جس نے کہ اسراف اختیار کیا۔ نوازش

اِسْرَافیل۔ ع۔ نام ایک فرشتہ کا ۱۲ مذکر۔ خدا کے حکم سے پھونکینگے صور اسرافیل + تو حشر ہوگا بلا شک بغیر قال و قیل۔ تہیم

اُسْطُرلاب۔ ع۔ میزان الشمس (اصطرلاب) مذکر۔ اگلا اسطرلاب تھا کچھہ اور ہی + اب نیا ہے اور نئی ہے روشنی۔ ضمیر

اِسْفَنج۔ ع۔ ابر مردہ۔ ۱۲ مذکر۔ یہ تو کچھہ جذب ہی نہیں کرتا + کیسا اسفنج اب کے آیا ہے۔ شوقؔ

اِسْقَاط۔ ع۔ گرانا ۱۲ مذکر۔ جس ملک میں آوارگی ہوتی ہے نہایت + ہوتا ہے زیادہ وہاں اسقاط حمل کا۔ نعیم

اِسْکَنْدر۔ ع۔ نام ایک سفید رنگ کی جڑ کا۔ ۱۲ مذکر۔ ہے تو نسخہ بہت مفید مگر + اسمیں اسکندر اِک زیادہ ہے۔ لاعلم

اَسْلَاف۔ ع۔ اگلے لوگ۔ ۱۲ مذکر۔ سوچو کیسے تمہارے تھے اسلاف + تم خلف ایسے ہیں کہ انکے خلاف۔ نمایاں

اِستغناء۔ ع بے پروائی ۱۲ مونث لہ ۔ کام ہوئیں سارے ضائع ہر ساعت کی سماجت سے + استغنا کی جو گئی اُنسے جو جو میں ابرام کیا۔ میر

اِستفادہ۔ ع فائدہ چاہنا ۱۲ مذکر ۔ پوچھتے ہی پوچھتے پہونچے مکانِ یار تک + استشارہ کرتے کرتے استفادہ ہو گیا۔ رشک

اِستفاضہ۔ ع فیض قبول کرنا ۱۲ مذکر ۔ اللہ اللہ رے فیض حضرتِ عشق + مجھ سے مجنوں نے استفاضہ کیا۔ مسرور

اِستفراغ۔ ع قے۔ فارغ ہونا ۱۲ مذکر ۔ رقیبِ روسیہ کے حسن کی تعریف کیا کہنا + بس اب جانے بھی دو سننے سے استفراغ ہوتا ہے۔ داغ

اِستفسار۔ ع پوچھنا ۱۲ مذکر ۔ کچھ کسی نے کیا جو استفسار + خفقاں کا مرض کیا اظہار۔ قلق

اِستفہام۔ ع پوچھنا ۱۲ مذکر ۔ رہی ہے گفتگو برسوں مگر وہ ایسے بھولے ہیں + نہ استفسار ہی سمجھے نہ استفہام ہی سمجھے۔ نعیم

اِستقامت۔ ع مضبوطی۔ مونث ۔ ہم نے صدہا کوششیں کی ہیں مگر + استقامت کی تو بر آئی مراد۔ شوق

اِستقبال۔ ع پیشوائی ۱۲ مذکر ۔ وہ آتے ہیں مرے گھر کیوں نہ ہوں میں آپسے باہر + کہ صاحبخانہ کو لازم ہے استقبال مہماں کا۔ جلال

اِستقدام۔ ع پیشقدمی کرنا ۱۲ مذکر ۔ سب کے پیچھے چلو ہمیشہ تم + دیکھو اچھا نہیں ہے استقدام۔ نعیم

اِستقلال۔ ع استحکام مضبوطی تحمل ۱۲ مذکر ۔ مری توبہ میں دعدے ہیں تمھارے + مزہ ہوتا جو استقلال ہوتا۔ اختر

اِستکراہ۔ مذکر

اِستکمال۔ ع پورا کرنا ۱۲ مذکر ۔ جب نہ ہوا اک ہنر کا استکمال + دوسرے فن میں کس طرح ہو کمال۔ محب

آسنی۔ ہ۔ ہنود کی عبادت کا چھوٹا سا بستر۔ مذکر ؎ گرد کا یہ ہے آسنی بیٹھ جا + وہ جبتک نہ آئے یہاں سے نہ جا۔ مست

آسیا۔ ف۔ چکی۔ مونث ؎ گردش ایام سے جاتی رہی حرص و ہوا + آسیائے آسماں سنگ قناعت ہو گئی۔ برق

آسیب۔ ف۔ صدمہ۔ بھوت پریت کا خلل۔ مذکر ؎ عشق کا آسیب جب سر پر چڑھا + کٹ گئی مت اور بھی سودا بڑھا۔ سوز

آش۔ حریرا۔ غذا۔ مونث ؎ مجھ کو بادہ پیتے یہ دہراتے ہیں + رہ تری آش کیا پکاتے ہیں۔ سودا۔

آش جو۔ معنی معروف۔ مذکر ؎ آش جو تھا جو پی لیا میں نے + زہر کا علم ہوا ہے مجھے۔ ادیب

آشرم۔ س۔ مسکین۔ مذکر ؎ جی فرائض سے ہٹا اور آشرم بگڑے سبھی + امر حق ہر اک کے دل سے محو یکسر ہو گیا۔ کیفی

آشوب۔ ف۔ آنکھ کی سرخی۔ رمد۔ مذکر ؎ گرہن نہیں ہے باعث زردی رشتنی + آشوب چشم ہو گیا ہے آفتاب کو۔ نعیم

آشیان۔ ف۔ آشیانہ گھونسلا۔ مذکر ؎ دیکھ کر اس سرو کو گلشن میں یوں لا باغباں + اس شجر پر مرغ دل کا آشیاں ہو جائیگا۔ وزیر

آشیانہ۔ مذکر۔

آشیرباد۔ س۔ دعا۔ مونث[۳] ؎ لے فقیروں کی تو اب آشیرباد + تیری با با عمر و دولت ہو زیاد۔ عاشق

نوٹ۔ [۱] مختلف فیہ ہے مگر تانیث کو ترجیح ہے [۲] مختلف فیہ مگر رواج غالب مذکر کا ہے۔ [۳] مختلف فیہ مگر تانیث کو ترجیح ہے۔ ۱۲

آرام جان - ف - چھوٹا پاندان - مذکر ؎ ہمنے جو پان مانگا باتوں میں زہر گھولا + اور آگیا جو دشمن آرام جان کھولا - نعیم

آرام دان - چھوٹا پاندان - مذکر ؎ دہرا تھا اک آرام داں نقرئی + بیاں وصف اُسکا کرے کیا کوئی - حمید

آرائش - ف - بناؤ سنگار - مونث ؎ تصور خال کا آیا تو رونق بڑھ گئی دلکی + نگاہ قیس میں لیلیٰ سے آرائش ہے محفل کی - امیر

آرٹ - ن - ہنر - فن - مذکر ؎ آپ کا آرٹ کام کیا آئے + وہ پرانا یہ روشنی ہے نئی - صادق

آرٹیکل - ن - مضمون - مذکر ؎ ہم نے تو پُر زور مضمون اور بھی دیکھے مگر + اس غضب کا آرٹیکل آجتک دیکھا نہیں - شوق

آرجار - ہ - آمدورفت - مونث ؎ آرجار اپنی اب وہاں ہے بند + ہو گئے ہم بھی وضع کے پابند - ادیب

آرد - ف - آٹا - مذکر ؎ خضر کا دلیہ لب دریا نہ بانٹا ہے بخیل + کیا ترے گھر پا دُبھر بھی آرد گندم نہ تھا - شوق

آرڈر - ن - حکم - مذکر ؎ یہ یکا یک کوچ کی تیاریاں کیونکر ہوئیں + شام تک ایسا تو کوئی آرڈر آیا نہ تھا - شوق

آرزو - ف - امید - خواہش - تمنا - مونث ؎ اس دلپہ ہزار جان صدقے + جس دل میں ہے آرزو تمھاری - امیر

آرگن - نام ایک باجہ کا مجازاً ذریعہ آواز - مذکر ؎ قدر کے قابل ہے روزانہ مشیر + ہے دکن کا اک زبردست آرگن - شوق

آروغ - ف - ڈکار - مونث[1] ؎ کوہ سے کوہ بہم لڑنے لگے + گونج اٹھا دشت جو آروغ لیا - شوق -

آرمبھ - س - آغاز - مذکر ؎ جوانی کا آرمبھ آفت سمجھ + جوانی کا موسم مصیبت سمجھ - سخنور

آرنج - ن - نارنگی - مذکر ؎ آرنج وہاں کے سب تھے شیریں + وہ باغ تھا بوستان شیریں - ادیب

آریہ ورت - س - ہندوستان - مذکر ؎ اہل یورپ نے ہے سیاحی کا قسمیہ بیاں + ہفت اقلیم میں اک آریہ ورت اچھا ہے - شوق

آڑ - ہ - روک - پردہ - مونث ؎ میں وہ وحشی ہوں کہ جب کوچۂ جاناں میں گیا + سایہ پوشیدہ ہوا آڑ میں دیوار ونکی - امیر

آڑبند - ہ - فقیروں کا لنگوٹا - مذکر ؎ ہے بس جوگیوں کو تو اک آڑبند + کہ یہ رہتے ہمیشہ ہیں ناڑ بند - سعد

آڑ باڑ - ہ - بڑا نام - ذمہ داری - مونث ؎ کام کی کب ہے کسی کی آڑ باڑ + کام کا بار اپنا ہم پر ہے پہاڑ - صفی

آڑ گوڑ - ہ - خس و خاشاک - مذکر ؎ دیر کا میں ہوں آڑ گوڑ اور خاک + دیر ہے پاک اور میں ہوں ناپاک - نامی

آڑو - شفتالو - مذکر ؎ آپ لائیں تو کرم ہے کہ کہیں + شہر بھر میں مجھے آڑو نہ ملا - شوق

آڑہت - ہ - گماشتہ گری - دلالی - مونث ؎ تھا جو منظور تجارت کا فروغ + اُس نے ہر شہر میں آڑہت کھولی - شوق

آز - ف - حرص - مونث ؎ یوں تو ہیں بری عادتیں دنیا میں ہزاروں + انساں کیلئے آز مگر سب سے بری ہے - شوق

آزار - ف - دُکھ - مصیبت - روگ - مذکر ؎ کیسے بیدرد دل آزار کو دل ہمنے دیا + روز ہے درد نیا روز اک آزار نیا - ظفر

آزمائش - ف - امتحان - جانچ - مونث ؎ کس کس طرح فلک نے نہ کی آزمائشیں + سب امتحان کے ہیں دل ممتحن میں داغ - داغ

آزوقہ - روزی - مذکر -

نوٹ [1] مختلف فیہ ہے - مگر تانیث کا رواج غالب ہے -

آخُر۔ ع گھاس۔ مونث۔ ؎ آخر اس کی تھی سبزۂ تر ❊ تھی ریگ جہاں کی ریزۂ زر۔ شرف۔

آخُر۔ ء اصطبل۔ مذکر۔ ؎ اُس کے آخر میں گھوڑے تیس ہزار ❊ تازی اور ان کی جھولیں سب زرتار۔ اثر

آخرت۔ ء انجام۔ دار البقا۔ مونث۔ ؎ راتدن غافل کیا کر نیک کام ❊ اس سے تیری آخرت بن جائیگی۔ ناصر

آخُور۔ ف۔ پس ماندہ گھاس ۱۲ مونث۔ ؎ مانوں یہ کیونکر کہ گھوڑا سیر ہے ❊ تھان پر اُسکے تو آخر کچھ نہ تھی۔ شوق

آخون۔ معلم۔ مذکر۔

آداب۔ ع۔ (جمع ادب) حفظ مراتب۔ تسلیم (واحد) مذکر ؎ [1] جشنِ دل تھی مری طرزِ عبارت سے خیال ❊ اگر القاب تھا نامہ میں تو آداب نہ تھا۔ ناصر

آداب۔ ع دستور۔ قاعدے (جمع) مذکر ؎ مراسلت کے جو آداب ہیں خیال رکھو ❊ کر و نہ حفظ مراتب تو ہوگے تم زندیق۔ بہار

آذر۔ س۔ عزت ۱۲ مذکر ؎ کہیں ہے برقع کہیں ہے چادر ❊ نہ مان اس کا نہ اُس کا آدر ۱۲ مہر

آدم ع ابو البشر۔ مذکر ؎ آدم تھا اپنا جد تو جبھی آدمی ہیں ہم ❊ جس میں نہ جد کے وصف ہوں وہ آدمی کہاں۔ دتنار

آدمی۔ ف۔ بشر۔ انسان۔ نوکر۔ مذکر ؎ پکڑے جاتے ہیں فرشتوں کے لکھے پر ناحق ❊ آدمی کوئی ہمارا دمِ تحریر بھی تھا۔ غالب

آدمیت۔ ع۔ مروت انسانیت ۱۲ مونث ؎ ستایا اسقدر انسان و ابلیس خصلت نے ❊ کہ ڈر کر آدمیت چھپ ہی بیٹھی آدم کی۔ امیر

آدھار۔ س۔ خوراک۔ طعام ۱۲ مذکر ؎ پست وہ ہے جس کا ہو آدھار کم ❊ کم جو ہو آدھار تو آزار کم۔ حامد

آدھین۔ س۔ سہارا۔ مذکر ؎ کس کا آدھین بجز حق کے کریں دنیا میں ❊ ڈوبو اس بحر میں تنکے کا سہارا تو نہیں۔ شہرت

آدیش۔ س۔ اجازت ۱۲ جوگیوں کا سلام۔ مذکر ؎ آدیش گرو کو آدیش ہو جو تجھ کو ❊ اس سے بزرگ تیرا ہے باپ اور نہ دادا۔ جودت

آدینہ۔ جمعہ۔ مذکر۔

آڈر۔ حکم۔ مذکر ؎ عشرت کا ہے تقاضا دے تو گلے میں پھانسی ❊ فیشن کا ہے یہ آڈر کالر میں بل نہ آئے۔ آزاد

آڈیٹر۔ محاسب۔ مذکر۔

آذر۔ ف۔ دآزر ۱۲ آگ۔ مونث ؎ مے پیتے ہیں کیا کھاتے ہیں وہ آذرِ دوزخ ❊ میخوار سمندر ہیں کہ ہیں اخگرِ دوزخ۔ عاشق

آذر۔ ف۔ نام ماہ الٰہی۔ مذکر ؎ آذر آیا ہے تو خدمت کوئی ملجائیگی ❊ حکم یہ تھا کہ ہو موقع پہ کوئی یاد دہی۔ قاسم

آر۔ س۔ موچی کی کیل چمڑے میں سوراخ کرنیکا آلہ۔ مونث ؎ بیل بیوجہ نہیں آر کسی کی کھاتا ❊ سدھی گھوڑے پہ چابک نہیں پلنے پاتا۔ حالی

آرادھن۔ س۔ پرستش۔ مونث ؎ ہر کی آرادھن کیا کر ہر گھڑی ❊ وہ جو راضی ہو تو ہوں راضی سبھی۔ نسیم

آراکش۔ مذکر۔

آرام ف آسایش۔ مذکر ؎ رئیس مصطفےٰ آباد کے نوکر ہیں جب سے ❊ کہیں کیا داغ ہم آرام ہم نے کسقدر پایا۔ داغ

نوٹ [1] تسلیم کے معنی میں واحد مستعمل ہے ۱۲

آپا ۔ ت ۔ ہوش و حواس ۔ مذکر ۔ اتنی بڑھ بڑھ کے بات مت کیجے + اپنا آپا سنبھالئے صاحب ۔ لا علم

آپا ۔ خواہر کلاں ۔ مونث

آپد ۔ س ۔ آفت مصیبت ۱۲ مونث ۔ دیکھی جاتی ہی نہیں ہم سے کسی کی آپد + دل ملا ہمکو تو اغیار کا ہمدرد ملا ۔ قمریہ

آپ دھاپ ۔ نفسی نفسی ۔ مونث ۔ دل جگر اپنی اپنی فکر میں تھے + آج گھر بھر کو آپ دھاپ رہی ۔ شوق

آپ روپ ۔ ہ ۔ اپنی شکل ۔ مذکر ۔ آپ روپ اپنے روپ میں دیکھا + خود کو کھو کر خدا کو پایا ہے ۔ ذاکر

آپ کلج ۔ مذکر ۔

آتش ۔ ف ۔ آگ ۔ نار ۔ مونث ۔ تبخالے کیوں نہ دلیں پڑیں ہر نفس کیساتھ + اُف دلیں ہے اک آتش فرقت بھری ہوئی ۔ ظفر

آتش تر ۔ ف ۔ شراب ۔ مونث ۔ ہجر میں ساقی نہیں پینے پلانے کا مزہ + اور بھی آتش تر آگ لگا دیتی ہے ۔ اختر

آتشدان ۔ ف ۔ انگیٹھی ۔ مذکر ۔ راہ میں سردی کی شدت نے ہمیں ٹھہرا دیا + گھر جو پہونچے تو وہاں بھی کوئی آتشدان نہ تھا ۔ شوق

آتشک ۔ ف ۔ نام ایک مرض کا ۔ مونث ۔ مرزا کے حب سے نکلی نہ پھر آتشک گئی + بد بات پھوٹی چار میں یہ ہانڈی پک گئی ۔ صاحب جان

آتشکدہ ۔ مذکر ۔

آتشگیر ۔ ف ۔ چمٹا ۔ مذکر ۔ ہمارا لخت دل ہے یا کوئی انگار دوزخ کا + اُٹھانے کا جو کرتا قصد آتشگیر جل جاتا ۔ منتظر

آتما ۔ س ۔ روح ۔ ہیٹ ۔ محبت مادری ۔ مونث ۔ پرماتما کا نام جو اُسکی زبان سے + میں نے سنا تو آتما میری لرز گئی ۔ شوق

آتون ۔ ت ۔ معلّمہ ۔ آتو ۔ استانی ۔ مونث ۔ آتون صاحبہ سے بلاتی ہیں + منتظر ہیں محل میں جاتی ہیں ۔ منیر

آٹا ۔ آرد ۔ مذکر ۔

آٹم ۔ مذکر ۔

آثار ۔ ع ۔ علامات ۔ مذکر [1] ۔ خدا کی شان ہم کوشش سے آخر + ہوئے آثار کچھ خوبی کے ظاہر ۔ فوق

آجام ۔ ع (جمع اجم) جھاڑیاں ۔ مذکر [2] ۔ جہاں کے تھے آجام شہرت پذیر + نہیں ملتی جن کی جہاں میں نظیر ۔ تسنیم

آج کل ۔ ہ ۔ ٹال مٹول ۔ حیلہ حوالہ ۔ مونث ۔ بھاتی ہے سب کو تری لیت و لعل + تو نے کہاں سیکھی ہے یہ آج کل ۔ عالی

آچار (بہر معنی) مذکر ۔

آخر ۔ ع ۔ پچھلا ۔ انجام ۱۲ مذکر ۔ وہ مطلب انھیں لکھنے بیٹھا ہوں خط میں + نہ اول ہے جس کا نہ آخر ہے جس کا ۔ نعیم

نوٹ [1] ۔ نیو عرض دیوار سیر کے معنوں میں واحد مذکر مستعمل ہے ۔ اور علامات کے معنوں میں بھی بعض نے واحد کہا ہے مگر فصیح جمع مذکر ہے ۔ فلک کے رنگ سے ظاہر ہے ماتمی آثار + خوش اپنا کیونکہ ہو اس غمگوں حصار میں دل ۔ ذوق

[2] مختلف فیہ ہے ۔ اکثر دہلی میں مونث اور لکھنؤ میں مذکر کہتے ہیں ۱۲ ۔

آبدَست ۔ ف ۔ پاکی ۔ طہارت ۔ مذکر[1] ۔ اس مرض سے ہوئی شفا مجھ کو + تین دن تک جو آبدست لیا ۔ شوق

آبرن ۔ س ۔ زیور ۔ مذکر ۔ آبرن تیرا کیا بنا ہے خوب + اسکی خوبی ہے قلب کو مرغوب ۔ وصفی

آبرُو ۔ ف ۔ عزت ۔ قدر ۔ رُتبہ ۱۲ مونث ۔ آنکھوں سے کبھو کمی نہ کرنا + اشکوں سے ہے آبرو تمہاری ۔ امیر

آبِ رواں ۔ نام ایک باریک کپڑے کا ۱۲ مذکر ۔ جان صاحب یہ فقط دیکھنے کا کپڑا ہی + خاک چلتا ہی یہ کیا آب رواں ہنتا ہی ۔ جان صاحب

آبشار ۔ ف ۔ چادرِ آب ۱۲ پانی کا جھرنا ۱۲ ۔ مذکر[2] ۔ طبع رواں ہی میری یا آبشار تیرا + یا ساتگیں قدرت انوار سے بھری ہے ۔ سرور

آبشورہ ۔ مذکر ۔

آبگیر ۔ ف ۔ تالاب ۱۲ مذکر ۔ اپنے روتے ہی روتے صحرا کے + گوشے گوشے میں آبگیر ہوئے ۔ میر

آبگینہ ۔ مذکر ۔

آبلہ ۔ پھپولا ۔ مذکر ۔

آبنائے ۔ ف ۔ پانی کا وہ حصہ جو دو بڑے قطعوں کو ملاتا ہے ۱۲ مونث ۔ جوش میری آبنائے چشم کا + بڑھتے بڑھتے ایک دریا ہو گیا ۔ قمر

آبنوس ۔ ف ۔ نام ایک درخت کا اور اسکی لکڑی کا ۱۲ مذکر ۔ بے خبر سو رہا ہے ایک جواں + سایہ افگن ہے آبنوس بڑا ۔ شوق

آبنَے ۔ ف ۔ حقہ کی نلی جسکا ایک سرا پانی میں اور دوسرا پر رہتا ہی ۔ مونث ۔ گلبن ہر سکا حقہ گل اسکی چلم + آبنے ہی شاخ گل گلشن لگن ۔ سخا

آب و تاب ۔ ف ۔ چمک ۔ رونق ۔ لطافت ۔ مونث ۔ عیاں جو یار کے دانتوں کی آب و تاب ہوئی + غریق سیل فنا موتیوں کی آب ہوئی ۔ صبا

آب و خور ۔ ف ۔ روزی ۱۲ مذکر ۔ آب و خور اپنا جہاں ہوتا جاتا ہے + عالم غربت میں یوں کب آ رہے ۔ عاشق

آب و خورش ۔ ف ۔ روزی ۔ آب و خورہ ۔ مونث ۔ دنیا میں لایا حضرت آدم کو خلد سے + مجھ کو دکن میں لائی ہے آب و خورش مری ۔ شوق

آب و دانہ (رزق) واحد ۔ مذکر ۔

آب و رنگ ۔ ف ۔ رونق ۱۲ مذکر ۔ وہ آب و رنگ کہاں روئے یار کا گل پہ + ہزار آنکھ ہو نرگس کی وہ نگاہ نہیں ۔ آتش

آب و غذا ۔ پانی اور کھانا ۱۲ مونث ۔ اُسکی آب و غذا تھی خون جگر + تھی نہ کچھ اُسکو فکر نفع ضرر ۔ واصف

آب و گل ۔ ف ۔ سرشت ۔ خمیر ۱۲ مونث[3] ۔ شرافت تھی جو آب و گل میں اسکی + جگہ تھی دوستوں کے دل میں اسکی ۔ مشہور

آب و نمک ۔ ف ۔ ذائقہ ۱۲ مذکر ۔ زباں کا آب و نمک ہے کلام شیریں + جو بات نکلے زباں سے نبات ہو جائے ۔ صادق

آب و ہوا ۔ ف ۔ موسم ۔ رُت ۔ فصل (واحد) مونث ۔ سب کو ہوتا ہے تجھ سے نشو و نما + سب کو بھاتی ہے تیری آب و ہوا ۔ حالی

نوٹ

[1] مختلف فیہ مگر مذکر کو ترجیح ہے [2] مختلف فیہ مونث مثلاً ۔ خیال قامت بالا میں ہیں رواں آنسو + بڑی بلندی سے یہ آبشار کرتی ہے ۱۲ (نوازش) لیکن تذکیر کا رواج غالب ہے ۱۲ [3] مختلف فیہ مذکر مثلاً ۔ سختی سارہی بتوں کے دل میں دی + الفت انساں کے آب و گل میں دی ۱۲ (شوق) لیکن مونث کا رواج غالب ہے ۱۲ ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بابِ الفِ ممدودہ

اَلِفْ ع۔ حروفِ تہجی کا پہلا حرف۔ مذکر ؎ میرے دل کے آئینے میں منہ جو دیکھے برہمن ✢ قشقہ ماتھے کا نظر آئے الف اللہ کا۔ امیر

آ۔ ہ سر بلانے کی آواز۔ کبوتروں کو بلانے کی آواز[1] ؎ تیری آ سے مضطرب ہوتا ہے دل ✢ ہوتی ہے جان حزیں بھی مضمحل۔ ناصر

آب۔ ف۔ پانی۔ ماء۔ مذکر ؎ آبلوں سے پائے مجنوں کے جو ٹپکا آب گرم ✢ جل گیا کوئی کوئی خارِ مغیلاں گل گیا۔ رشک

آب۔ ف تیزی۔ چمک۔ رونق۔ جلا۔ باڑھ۔ مونث[2] ؎ جوہری کیا تیرے دانتوں سے ملاتے ہیرا ہے ✢ پانی پانی ہوں یہ خود آب گہر کھتی ہے۔ امیر

آبِ آتشیں ف۔ شراب۔ مذکر ؎ مبارک کشتیاں مے کی بتانِ ہند کو ہو ویں ✢ جہازوں میں فرنگستاں سے آبِ آتشیں آیا۔ آتش

آبانؔ۔ نام ماہ۔ مذکر۔

آبجو۔ ندی۔ نہر۔ مونث ؎ چمن میں صبح کو جا کر نہ منہ دکھانا ✢ لہر نگ آئینہ حیراں ہے آبجو تیری۔ آتش

آبِ حیات ف۔ آبِ بقا۔ امرت۔ مذکر ؎ جھوٹی شراب پائی اوس نے جو وقتِ آخر ✢ بیمارِ غم یہ سمجھا آبِ حیات پایا۔ شوق

آبِ حیواں ف۔ امرت۔ آبِ بقا۔ مذکر ؎ خط سے دونی ہو گئی اُسکے دہن کی آب و تاب ✢ خضر کے فیضِ قدم سے آبِ حیواں بڑھ گیا۔ ناسخ

آبدار خانہ۔ مذکر۔

آبدان ف۔ حوض۔ مذکر ؎ قابلِ دید آبداں تھا وہاں ✢ دیکھنے دیتا کب مگر درباں۔ جمیل

نوٹ [1] مختلف فیہ ہے۔ مثلاً ؎ پیامبر کو کبھی اُس نے مرحبا نہ کیا ✢ کبوترانِ حرم مر گئے پر آ نہ کیا۔ (اسد)۔ مگر تانیث کو ترجیح ہے۔

[2] مختلف فیہ مذکر ؎ نشہ ہی میں یا الٰہی میکشوں کو موت دے ✢ کیا گہر کی قدر جب آب گہر جاتا رہا۔ مگر تانیث کو ترجیح ہے۔

"آتش"

(۱۴) عَمَلَہ بہ فتحات ہر سہ۔ گر روزمرہ میں بسکونِ اوسط عامل کی جمع مثل طَلَبَہ۔ وَرنہ اس معنی میں واحد جمع دونوں طرح بولا جاتا ہے۔ جیسے سارا عملہ ناراض ہو رہا ہے۔ کچہری کے عَملہ فَعلہ اکثر کارروائیوں کو خراب کر دیتے ہیں (مولانا نذیر احمد) گر سامان کے معنی میں واحد ہی مستعمل ہے۔ جیسے مکان کا عَمَلَہ سب بہہ گیا۔

(۱۵) مَشام دراصل مَشامِم مَشم کی جمع۔ برق ؎ سوے عذار باصرہ چشم حُور ہے ٭ مشتاق ہے مشامِ ملک بوے یار کا۔

(۱۶) اَوباش (بہ قاعدہ قلب بوش کی جمع) جیسے خالد بڑا اوباش ہے۔

(۱۷) اَشراف۔ شریف کی جمع ہے۔ جیسے زید نہایت اشراف ہے۔

(۱۸) اَولیا۔ ولی کی جمع۔ بعض بطور واحد استعمال کرتے ہیں مگر غیر فصیح ہے۔

---

(۵) اَخلاق (خُلق کی جمع) اخترؔ ؎ ہل ہل کے گلے سے کر گئی قتل + اخلاق نہ بھولیگا چھری کا۔ راقم کے نزدیک جمع کا استعمال فصیح ہے۔

(۶) اَحوال (حال کی جمع) مصحفیؔ ؎ بہار آئی خدا جانے کہ کیا گزری اسیروں پر + نہیں معلوم کچھ اب کے برس احوال زنداں کا۔

(۷) اَخبار (خبر کی جمع) بعض اصحاب اس کو بالکسر افعال کے وزن پر کہتے ہیں۔ جو محض تکلف ہے۔

نَیرؔ ؎ بیکسی میں تو: تھے کاتبِ اعمال بھی ساتھ + کس نے اخبار لکھا عالمِ تنہائی کا۔

(۸) اَسباب (سبب کی جمع) صرف سامان کے معنی میں۔ تیرؔ ؎ آفاق کی منزل سے گیا کون سلامت + اسباب لٹا راہ میں یاں ہر سفری کا۔ ورنہ جمع جیسے کچھ ایسے ہی اسباب ہوئے کہ میں جا نہ سکا۔

(۹) اوَصاف (جمع وصف کی) سوداؔ ؎ کشف کا ہوا ہے یہ اوصاف اب + کہ جھینگوں نے کی سرخ کشاف اب۔ غلط ہے۔ جمع کا استعمال صحیح ہے۔ جیسے آپ کے اوصاف بیان فرمائیے۔

(۱۰) جنان (جنت کی جمع) ناظمؔ ؎ ہیں وہ بلبل کہ گل اپنا ہے گلستان اپنا + حوریں اپنی ہیں جِنان اپنا ہے رِضواں اپنا۔ راقم کے عندیہ میں جمع کا استعمال صحیح ہے

(۱۱) اوزار (وِزر کی جمع) واحد و جمع دونوں مستعمل ہیں۔ فقرہ۔ زبان ایسا اوزار ہے (نیرنگِ خیال) مگر اصل میں یہ لفظ فارسی ہے عربی وزر کی جمع نہیں ہے۔

(۱۲) اَسرار (سر کی جمع) بعض اصحاب واحد استعمال کرتے ہیں۔ جیسے واللہ اعلم کیا اسرار ہے، مگر غیر فصیح ہے۔

(۱۳) مَواد (مادّہ کی جمع) مواد جمع کر لیا گیا ہے، اب لغت کی ترتیب شروع کر دی جائے گی۔

(۱۶) حُور (حَورا کی جمع) اسیرؔ صبح غربت ہے کہ حور آغوش پھیلائے ہوئے ؛ شام غربت ہے کہ لیلیٰ زلف بکھرائے ہوئے۔
(۱۷) سوانح عمری۔ لائف عام طور پر واحد مونث کہتے ہیں مگر راقم کی رائے میں جمع مذکر درست ہے۔ کیونکہ سوانح جو سانحہ کی جمع ہے۔ مونث کیوں کر ہو سکتا ہے خواہ عمری ہوں یا زندگی۔

الفاظ مندرجہ ذیل واحد مذکر مستعمل ہیں

(۱) آفاق (جمع افق کی) علم ہیئت میں وہ مقام جہاں آسمان زمین سے ملتا دکھائی دیتا ہے، کنارے! چونکہ دنیا ان کناروں کے اندر واقع ہے اس لئے مجازاً دنیا، جہان، عالم کے معنی ہوگئے اوّل معنی میں جمع مذکر ہے مگر معنی دوم میں واحد مذکر مستعمل ہے۔
سوداؔ ٹکڑے ہوئے جگر کے آسدِ رہ بھلے کو ؛ خونابِ دل سے ورنہ آفاق بہ گیا تھا۔
(۲) آداب (ادب کی جمع (۱) بمعنی سلام فقرہ۔ زید کو میں نے خط میں آداب لکھا ہے۔ (۲) خط کے متعلق۔ ناصرؔ وحشتِ دل تھی مری طرز عبارت سے عیاں ؛ اگر القاب تھا نامے میں تو آداب نہ تھا۔ باقی معنوں میں جمع ہی مستعمل ہے۔ جیسے قدیم بادشاہوں کے آداب جدا تھے (تاریخ عرب ترجمۂ سید مجتبیٰ احمد صاحب ٹونکی)۔
(۳) القاب (لقب کی جمع) خط کے متعلق مثال کے لئے ناصر کا شعر اوپر گزرا ہے
(۴) آثار (اثر کی جمع۔ بمعنی نشان، علامات) عوام کی زبان پر واحد ہے ورنہ جمع ہی فصیح ہے۔ جیسے بابل کے آثار اب تک کوفہ کے قریب پائے جاتے ہیں ؎
گو کہ سامانِ خاکساری ہیں ؛ پر سب آثار شہر یاری ہیں (فلقؔ)
البتہ عرض دیوار کے معنی میں واحد مذکر ہی سنا جاتا ہے مثلاً اس دیوار کا آثار کتنا رکھا ہے۔

(۸) مَحَاسِن (حسن کی جمع) ڈاڑھی مونچھ کے معنی ہیں۔ فقرہ۔ محاسن ابھی نہیں نکلی تھی۔ ورنہ خوبیوں کے معنی میں جمع مذکر جیسے میں نے ابھی آپ کے محاسن سنے ہیں۔

(۹) اَرواح (رُوح کی جمع) انیت کے معنے ہیں جان صاحب ع تیری ارواح سٹھائی میں پڑی رہتی ہے۔ مستورات جان کے معنی میں بھی واحد کہتی ہیں۔ جب کسی مرے ہوے کا ذکر کرتی ہیں تو کہتی ہیں کہ ارواح اُدہر ہی رہے ہماری رائے ناقص میں ان دو مواقع کے سوا جمع استعمال کرنا صحیح ہے۔

(۱۰) افواہ (فوہ کی جمع) اُڑتی ہوئی خبر تسلیم ؎ وہ نہ آئیں ہیں اور نہ آئیں گے یوں ہی افواہ روز اُڑتی ہے۔ جناب جلال نے مذکر لکھدیا ہے جو درست نہیں۔

(۱۱) فتُوح (فتح بمعنی ظفر کی جمع) اس صورت میں وہی جمع مونث مستعمل ہے۔ فقرہ۔ مسلمانوں کی کئی فتوح ہوئیں (تاریخ عرب مترجمہ سید مجتبیٰ احمد صاحب ٹونکی) اور بالائی آمدنی کے معنی میں واحد مونث۔

صابر ؎ کیا امید فتوح ہو اس سے نہ آپ مکسور نقطہ ہے دل کا۔ اِس صورت میں مصدر ہے مثل وصول، حصول، دخول، نزول، شعور، فتح کی جمع نہیں۔

(۱۲) اَملاک (مِلک کی جمع) سحر ع عنایت کی املاک ایک ایک کو۔

(۱۳) اسناد (سند کی جمع) فقرہ۔ انھوں نے حدیث کی بھی اسناد حاصل کی تھی۔ مکتوب مولانا غلام مرتضیٰ صاحب گوپاموی۔

اِشتباہ۔ جب ان کو مِلک اور سند کی جمع قرار دیں۔ ورنہ اِفعال کے وزن کی صورت میں بحث مانحن فیہ سے متعلق نہیں۔

(۱۴) مَواجِب (موجب کی جمع) بمعنی تنخواہ۔ فقرہ۔ معتمد کی مواجب زیادہ نہ تھی۔

(۱۵) مَناہی (منہی کی جمع) فقرہ۔ اس بارے میں مناہی آئی ہے۔ (شمس العلماء نذیر احمد)

مستعمل ہیں۔
(۱) سلاسل (جمع سلسلہ) آسیر ؎
بڑھ کے آئی ہے ادھر کاکل لیلیٰ شاید ؛ پائے مجنوں میں سلاسل کبھی ایسی تو نہ تھی
(۲) قواعد (قاعدہ کی جمع) پریڈ کے معنی میں قدر ؎ پلکیں تری جھپک گئیں جب ہم نے آہ کی ؛ بولی یہ ہو رہی ہے قواعد سپاہ کی۔ ورنہ ضوابط کے معنوں میں جمع مذکر ہی مستعمل ہے۔ مثلاً زید نے صرف و نحو کے قواعد ازبر کر لئے ہیں۔
(۳) خواص (جمع خاصہ کی) (زن مدخولہ اور پیش دست کے معنوں میں) فقرہ۔ نواب صاحب کی ایک خواص بھی تھی۔
فقرہ۔ خواصیں پنکھا جھلنے لگیں، تاثیرات کے معنوں میں اکثر جمع مذکر مثلاً حکیم برکات احمد صاحب نے عشقیہ کے خواص بیان کئے ہیں۔ اور کبھی واحد مذکر ؎ لا اعلم
ادھر مخلوق میں شامل ادھر اللہ سے واصل ؛ خواص اس برزخ کبریٰ میں تھا حرف مشدد کا
(۴) رعایا (بالفتح صحیح ہے عوام کے زبان پر بالکسر رائے مستعمل ہے) (رعیت کی جمع)
اختر شاہ اودھ ؎ قبضہ ہے سب کا مملکت نظم و بیت پر ؛ بافیض بس رہی ہے رعایا جہان کی۔
(۵) تراویح (ترویح کی جمع) فقرہ۔ آٹھ بجے تک تراویح ہو چکی تھی (برق خاطف)
(۶) اوقات (وقت کی جمع) اسیر ؎ یاد کر روؤں ان کی کون سی بات ؛ کس طرح کاٹوں ہجر کی اوقات۔ زندگی۔ گزران۔ حالت وغیرہ معنوں میں مونث ورنہ جمع مذکر۔ جیسے میں نے اپنے اوقات مقرر کر لئے ہیں۔
(۷) اولاد (ولد کی جمع) آسیر ؎ مضمون ہے پس مرگ مرا نام ہے زندہ ؛ کس کام کی ہے کام جو اولاد نہ آئی۔
اختر شاہ اودھ ؎ تمہاری نہ اولاد ہوتی مگر ؛ فقط یہ دعا ہو گئی کارگر

غیر کو مونث بھی لکھا ہے۔ علیٰ ہذا رشک، کیف، تنرر، محمد علی، سرشار، تسلیم، عاشق، ناسخ سب ہی کے کلام میں اس قسم کے الفاظ پائے جاتے ہیں۔ ان کو یوں کر غلط کہا جا سکتا ہے۔ ہاں یہ بات اور ہے کہ جن کے کلام سے شواہد پیش کئے جائیں ان کے اہل لکھنؤ ہونے کا انکار کر دیا جائے۔

ادھر اہل دہلی کا استدلال ہے اور بجا ہے کہ جو لفظ واحد میں مونث ہے جمع میں بھی لامحالہ مونث ہی ہونا چاہئے نہ مذکر بعض الفاظ جو اس کے خلاف مستعمل ہو گئے ہیں مستثنےٰ سمجھے جائیں۔ جیسا کہ خود اہل لکھنؤ بعض الفاظ کو جن کی مثالیں راقم نے نیچے لکھی ہیں۔ بجائے جمع مذکر کے واحد مونث کہتے ہیں اور مستثنےٰ بیان کرتے ہیں مگر بعض اصحاب ہلی ادعا کہ شعرائے دہلی میں سے کسی نے بھی جموع عربیہ کو جس کا واحد مونث ہو کبھی مذکر استعمال نہیں کیا یا تو سخن پروری کے طور پر ہے یا نہ انند دبانند کہ بدانند کی وجہ سے اس لئے کہ جو حضرات صاف انکار کرتے ہیں خود ان کے کلام میں اس قسم کے نظائر موجود ہیں مولوی سید احمد صاحب نے اپنی فرہنگ میں کئی الفاظ مثلاً کُتُب، اقوام، قُویٰ، فہام، (جمع فہم) وغیرہ کو مذکر لکھا ہے غرض ان آئے دن کے نزاعاتِ لفظیہ کا تصفیہ اور مباحثِ علمیہ کا خاتمہ یوں کیا جا سکتا ہے کہ اس قسم کی جموع (مکسرہ و سالمہ) کو جن کا واحد مونث ہو مونث و مذکر دونوں طرح جائز کر لیا جائے۔ جیسا کہ شعراء و نثاران اردو کے کلام سے بخوبی ثابت ہے جن کا انکار انکارِ بداہت ہے اس لئے کہ قواعد زبان کا انضباط محض رواج و استعمال اہل زبان پر موقوف ہے یہ کسی طرح ممکن ہی نہیں اور نہ کوئی خاص وجہ ہے کہ جن الفاظ کو ایک بہت بڑا گروہ مونث کہتا ہے یا دوسری جماعت کثیر مذکر استعمال کرنا پسند کرتی ہے کوئی خاص قواعد کی گشتی و قانون وضع کر کے خاص و عام کو اس کا پابند کیا جا سکے، مندرجہ ذیل الفاظ اگرچہ جمع ہیں لیکن واحد مونث

اگر اس شعر سے کتب کی تذکیر کسی طرح ثابت نہیں ہوتی۔ جن صاحب نے اس شعر کو تذکیر کی سند میں پیش کیا ہے اُن کو مغالطہ لفظ دیکھے کی وجہ سے ہوا وہ اس کو ماضی سمجھے اور یوں (دیکھے کو) جمع مذکر خیال کر لیا اگر حقیقت میں دیکھے مضارع اور واحد کا صیغہ ہے اس کا فاعل آدمی یا انسان مقدر ہے۔ جملے کی تقدیر و ترتیب اس طرح ہے فائدہ کیا؟ کہ جو آدمی کتب ہر مذہب دیکھے اور یہ بات ظاہر ہے کہ فعل مضارع میں تذکیر و تانیث کا لحاظ مفعول کے مطابق نہیں کیا جاتا بلکہ فاعل کے لہذا یہاں فعل (دیکھے) کا کتب پر کوئی اثر نہیں ہے ورنہ آزاد دہلوی جیسا محقق اپنے استاد کے خلاف نہ کہتا ؎

کتب عہد قدیم اس میں سجائی تھیں سب ٭ عہد آیندہ کی تصویریں لگائی تھیں سب

(۲) اقسام۔ میر ؎ ہوئے اتنے اقسام ماہی شکار ٭ نہ آوے قسم کھائے بن اعتبار۔

مگر میر کے زمانہ تک تذکیر و تانیث کا زیادہ لحاظ نہیں کیا جاتا تھا۔ ان کے معاصرین مرزا سودا مزار کو مونث سیر و خلش کو مذکر لکھتے ہیں۔ میر سوز جان کو مذکر لکھتے ہیں ؎

مرا جان جاتا ہے یارو بچاؤ ٭ کلیجے میں کانٹا گڑا ہے نکالو۔ وَقِس عَلَیہِمَا البَوَاقِی۔

(۳) اشفاق، داغ ؎

سلطان دکن کے ہوئے اشفاق بہت ٭ اشخاص نے مجھ سے کئے اخلاق بہت

ممکن ہے کہ قیام رامپور میں شعرائے لکھنؤ کی صحبت دیرینہ کا اثر ہو۔

(۴) قویٰ۔ غالب ؎ مضمحل ہوگئے قویٰ غالب ٭ اب عناصر میں اعتدال کہاں۔

بالاتفاق مذکر ہے اگر ان چاروں کو اور نہ صرف ان چار کو بلکہ بعض اور الفاظ کو بھی مذکر مان لیا جائے تو کیا ان چند الفاظ کا قاعدہ کلیہ قرار دیا جا سکتا ہے؟ حالانکہ اس سے زائد الفاظ جو جمع میں مونث مستعمل ہوئے ہیں لکھنؤ والوں کے کلام میں موجود ہیں۔ امیر مرحوم نے جو مسلم الثبوت شاعر تھے اپنے امیر اللغات میں اشیا

جمعِ مُکسّر

جمع مُکسّر (ٹوٹی ہوئی جمع) جس میں واحد کی بنا ٹوٹ جائے، عربی میں کل جمع مونث کے مطابق یہ اور باقی سب جمعیں مونث ہوتی ہیں۔ بعض لفظ مثل کَلِم (کلمہ کی جمع) بوجوہ چند اس کے خلاف پائے گئے ہیں۔ اسی لئے اخلاقِ حمیدہ، اجرامِ فلکیہ، اَغذیائے رئیسہ، کُتبِ مُتداولہ، وغیرہ کی صفات مونث لائی جاتی ہیں۔ بعض ناواقفیت کی وجہ زادت اَلطافکم و بِناہا کی جگہ زاد اَلطافکم بھی کہہ جاتے ہیں، حالانکہ فاعل الطاف جمع مکسّر ہونے سے فعل کا مونث ہونا ضرور ہے۔

اردو میں اس کا حال بجنسہٖ جمع مونث سالم کا ہے یعنی مذکر الفاظ کی جمع سب کے نزدیک مذکر ہی مستعمل ہے۔ مثلاً طَعام، وَصف، جِسم، فَلس کی جمع اَطعِمہ، اَوصاف اَجسام، اَفلُس تذکیر ہی کے ساتھ آتے ہیں مگر مونث الفاظ کی جمع میں عجب طوفانِ بے تمیزی بپا ہے۔ اہل لکھنؤ اس بات پر زور دیتے ہیں کہ جمع مکسر (و سالم) کو مذکر ہی استعمال کرنا چاہیئے، خواہ واحد کی حالت میں مونث ہی کیوں نہ ہو اور مدعی ہیں کہ قدیم الایام سے دہلی اور لکھنؤ دونوں میں اب تک یہی رواج رہا ہے۔ لیکن اپنے ثبوت دعوے میں شعراء دہلی کے کلام سے صرف چار لفظوں سے زاید نہ پیش کر سکے ع[1]

(۱) کُتُب، ذوق ؎

فائدہ کیا کہ جو دیکھے کتب ہر مذہب
فائدہ کیا جو ہوئی آگہی ہر ملت

ع[1] یہ بحث اخبار مشیر دکن، اخبار المشرق، اور رسالہ فصیح الملک، وغیرہ میں ایک عرصہ تک چھڑی رہی جس کی وجہ سے مجھے یہ بیان بشرح و بسط لکھنا پڑا۔ ۱۲

(۱۹) مَعلُومات (جمع مَعلُومَۃ) مثلاً آزاد کی معلومات لٹریچر میں بڑھی ہوئی تھی کبھی جمع مذکر بھی آتا ہے۔ فقرہ۔ میں نے اپنے معلومات جمع کر دئے ہیں۔

(۲۰) معقولات (جمع معقول) مثل معقول کے واحد مونث ہے مثلاً شعار احمد نے معقولات مولوی عبدالحق خیرآبادی سے پڑھی۔

(۲۱) حالات (جمع حالت) یہ لفظ ہمیشہ جمع مذکر مستعمل ہوتا ہے۔ تیر ؎ یہ کس طرح سے راز کھولیں زباں سے ٭ حالات اس روش کے بڑے ہیں بیاں سے۔

ع۔ یہ الفاظ اگرچہ اساتذہ کے کلام میں واحد مونث بھی پائے گئے مگر ان کا جمع مونث ہی استعمال کرنا فصیح ہے۔

(۸) مخلوقات (جمع مخلوق) ناسخ ؎ واقعی انسان ہے اشرف ساری مخلوقات سے ؛
لاکھ پریوں کو بھلا دیتا ہے اک انسان مجھے۔
(۹) حکایات (جمع حکایت) سودا ؎ یار وہ شرم سے جو نہ بولا تو کیا ہوا ؛ نظروں
میں سو طرح کی حکایات ہو گئی۔
(۱۰) کائنات (جمع کائنہ) حالی۔ ع۔ عرب اور کل کائنات اس کی یہی ؛
ناسخ۔ ع۔ کچھ بڑی ایسی کائنات نہیں۔
رند ؎ رونا گر یہی ہے تو طوفان آلگے گا ؛ اشکوں میں کائنات پھرے گی بہی بہی۔
(۱۱) حاضرات (جمع حاضرۃ) جان صاحب ؎ جب سے پی کو سایہ کا ہے خلل ؛ آئے
دن حاضرات ہوتی ہے۔
(۱۲) حوالات (جمع حوالۃ) تسلیم ؎ نکلا تھا گھر سے کوچۂ گیسو کی سیر کو ؛ سنتا ہوں میں کہ
دل کو حوالات ہو گئی۔
(۱۳) ظلمات (جمع ظلمت) منیر ؎ مسی جو لگا کر مجھے باتوں میں اڑایا ؛ اڑ جائے دھواں
بن کے یہ ظلمات تمہاری۔
(۱۴) موجودات (جمع موجودہ) مشتاق ؎ دل میں آکر بھید دل کا دلستان لینے لگا ؛
گھر کی موجودات میرا مہماں لینے لگا۔
(۱۵) تعینات (در اصل جمع تعین، تعینات) جاگیردار کی تعینات قلعہ پر کر دی۔
(۱۶) تسلیمات (جمع تسلیم) مثل تسلیم کے یہ بھی واحد ہی مستعمل ہے مثلاً تسلیمات کی۔
(۱۷) سکرات (جمع سکرۃ) فقرہ۔ دو روز سے سکرات لگی تھی۔
(۱۸) اشارات (اشارہ کی جمع) ایک مشہور کتاب کا نام جو بو علی ابن سینا کی تصنیف
ہے کتاب کا نام مونث ہے، ورنہ جمع مذکر مثلاً فری میسن لوگوں نے آپس میں خاص
خاص اشارات مقرر کئے ہیں۔

استعمال کرے گا۔ غالب۔ ع۔ تھیں بنات النعش گردوں دن کو پردے میں نہاں
(ناظم نواب صاحب رامپور)

ے ہے وہ بلبل کہ گل اپنا ہے گلستاں اپنا ۔: حوریں اپنی ہیں جناں اپنا ہے رضواں اپنا۔
مندرجہ ذیل الفاظ باوجودیکہ جمع مونث ہیں لیکن بالاتفاق واحد مونث مستعمل ہوتے ہیں۔

(۱) عنایات (عنایت کی جمع) زند ے
کیا تعجب ہے کہ دو جام دیئے سب سے سوا ۔: کب مرے حال پہ ساقی کی عنایات نہ تھی (آزاد دہلوی)
ے ادھر سے جب یہ عنایاتِ خسروانہ ہوئی ۔: تو بزم قدس سے تہذیب ادھر روانہ ہوئی۔
(۲) کرامات (جمع کرامت کی) داغ ے اس بت کو ذرا دیکھ بھی لیں حضرتِ صوفی ۔: دیکھے سے تو کچھ سلبِ کرامات نہ ہوگی۔ ے
خرقہ مندیل ردا مست لئے جاتے ہیں ۔: شیخ کی ساری کرامات چلی جاتی ہے۔ (امیر)
(۳) خیرات (جمع خیر) آسیر ے جام اگر ٹوٹ گیا کون کرامات گئی ۔: خیر خم کی رہے ساقی تری خیرات گئی۔
(۴) تحقیقات (جمع تحقیق) فقرہ۔ ملزم گرفتار ہو چکا سٹی پولیس میں تحقیقات ہو رہی ہے۔
(۵) صلوات (جمع صلوٰت) جرأت ے شب کی صحبت پوچھئے کیا ہو دیکھ کے اس کا حسن بلیح ۔: جوں جوں زباں پر درد اِدھر تھا اور اُدھر صلوات رہی۔
(۶) واردات (جمع وارده) زند ے
بیاں کیجئے کیا واردات اتنی ہے ۔: وہ بولتے نہیں کچھ منہ سے بات اتنی ہے۔
(۷) آیات (جمع آیۃ) ے

خار نورستہ ۔: قرآن کو کردے منسوخ
لوح محفوظ سے اتری ہے یہ آیات نئی۔ (ناسخ)

عربی الفاظ کی عربی جموع

جمع مؤنث سالم

عربی میں بعض الفاظ (عَلم مؤنث عاقل، صفتِ مؤنث عاقل و غیر عاقل وغیرہ) کی جمع (ا۔ ت) سے بنتی ہے، گو عربی میں یہ تانیث ہے جیسا کہ اس کے نام جمع مؤنث سے ظاہر ہے مگر اردو میں اس کا استعمال دو طرح ہے۔ اولاً جب مذکر الفاظ کی جمع "ا۔ت" سے بنائی جائے تو وہ سب کے نزدیک مذکر ہی مستعمل ہوتے ہیں، مثلاً خدشہ، الہام، قیاس، احتمال، اعتراض، صدمہ، صدقہ وغیرہ مذکر ہیں۔ جب اُن کی جمع خدشات، الہامات، قیاسات، احتمالات، اعتراضات، صدمات، صدقات وغیرہ بنائی جائے تو ان کی تذکیر پر اہل لکھنؤ و دہلی دونوں کا اتفاق ہے۔ ثانیاً وہ الفاظ جو واحد کی حالت میں مؤنث ہیں جب ان کی جمع "ا۔ت" سے بنائی جائے تو اس میں اختلاف ہے جہاں تک ہم نے اس قسم کے الفاظ کا استقرا اور استنباط کیا اس قدر خلط مبحث پایا کہ کوئی قطعی فیصلہ نہیں کیا جا سکتا۔ ایک ہی شخص چند الفاظ کو مذکر بھی کہتا ہے مؤنث بھی۔ تاہم کلیہ کے طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ اکثر اہل لکھنؤ اس قسم کے الفاظ کو مذکر استعمال کرتے ہیں اور اکثر اہل دہلی مؤنث، مثلاً آفات، عادات، صفات، بدعات، خدمات، حرکات، سکنات، جو آفت، عادت، صفت، بدعت، خدمت، حرکت، سکنت کی جمع ہیں۔ لکھنؤ میں تذکیر اور دہلی میں تانیث کے ساتھ مستعمل ہیں۔

اِستثناء:۔ مؤنث حقیقی اس قاعدے سے مستثنیٰ ہے۔ وہ جمع میں بھی مؤنث ہی رہتا ہے یعنی یہ کوئی نہیں کہیگا (خواہ لکھنوی ہی کیوں نہ ہو) کہ "عرس میں ہزارہا مستورات آئے تھے"۔ "حیدرآباد کے مستورات بھی انگریزی پڑھنے لگے ہیں"۔ بلکہ جمع مؤنث ہی کا صیغہ

(و) اسمائے مبالغہ

اسمائے مبالغہ کے لئے عربی میں تذکیر تانیث کی کوئی علامت نہیں ہے، مثلاً کذّاب، طَبّاع، ظَلوم، وغیرہ مذکر و مونث دونوں کے لئے یکساں مستعمل ہے۔ ہائے ہوز کبھی تاکید اور کبھی تانیث کے واسطے بھی آخر میں لگائی جاتی ہے، مثلاً علاّمہ وغیرہ۔ اردو میں بھی بعض الفاظ بلا ہائے ہوز مذکر مونث دونوں کے لئے آتے ہیں مثلاً بی بی فاطمہؓ بتول زیب النسا بڑی طبّاع تھی، یہ مرد نہایت اخاذ ہے ہندہ بڑی سیاح ہے۔ اور بعض ہائے ہوز کے ساتھ مثلاً صدیق اکبر رضی اللہ عنہ، عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا وغیرہ بعض الفاظ کا اطلاق عورتوں کے ساتھ مختص ہے۔ مثلاً قتّالہ، شطّاح وغیرہ باقی الفاظ اصل کتاب میں دیکھو۔ بعض مبالغے کے الفاظ محض صفات کے طور پر مستعمل ہوتے ہیں، مثلاً ذخّار سمندر، موّاج دریا وغیرہ ہاں یہ بات ذہن نشین رہے کہ اسم مبالغہ صفت مونث غیر ذی روح ہوتا ہے تو اردو میں ہمیشہ مذکر ہوتا ہے۔ مثلاً سیّارہ، نظّارہ، کفّارہ ؎

زیرِ شمشیر بھی نظارۂ قاتل نہ ہوا :: خوب اے حسرتِ دیدار میرا ساتھ دیا۔ (امیر)

(ز) اسمائے پیشہ ور

فَعّال۔ یہ وزن عربی میں پیشہ وروں کے لئے مقرر ہے، اردو میں عموماً مذکر مستعمل ہے مثلاً بقّال، قوّال، حکّاک، حجّام، بزّاز، طبّاخ، صرّاف، صحّاف، فرّاش، حمّال، غسّال، دلّال وغیرہ تانیث کے لئے ہائے ہوز لائی جاتی ہے، مثلاً مشّاطہ، حمّالہ، غسّالہ، دلّالہ ؎

خون فرہاد سے تیشہ ہے کھلاتا نالہ :: چادر اوڑھے ہے کھڑی پیر زنِ دلّالہ

(آزاد دہلوی)

مستثنیات۔ محفل، مجلس، مسجد، مرفق، مقعد، مسند وغیرہم، مشرق مغرب مختلف فیہ ہیں، اہل لکھنؤ، جیسا کہ ناسخ کے مصرع " مرا سینہ ہے مشرق آفتاب داغ ہجراں کا" سے ظاہر ہے مذکر کہتے ہیں، برخلاف اس کے دلی والے مونث کہتے ہیں۔ لیکن راقم کی یہ رائے ہے کہ جب مشرق و مغرب بمعنی جائے شرق و جائے غروب ہوں تو مذکر استعمال کرنے چاہئیں جیسے ایشیا کے مغرب میں روم اور عرب ہیں اور بمعنی وقت طلوع، وقت اُفول مونث ہی مناسب ہیں۔ مثلاً مغرب ہونے آئی۔

(۴) اسمائے ظرف از مزید فیہ

(۱۷) اسم ظرف از مصادر مزید فیہ مثلاً مُخیّم وغیرہ مذکر ہوتے ہیں۔

(۵) اسماء آلہ

(۱۸) مِفعال کبھی مونث، مثلاً، مِقدار، میعاد، مِحراب، مِسواک، میراث، مِضراب میزان، مِعراض، مِنقار وغیرہ اور کبھی مذکر، مثلاً مِنیاز، مِصراع، مِضمار، میثاق، مِہاز، مِقیاس، مِصداق وغیرہ مگر معراج مختلف فیہ ہے راقم کی زبان پر مونث ہے ؎ کسی دل تک رسائی ہو سکے تو عرش ہے یہ بھی ٭ عزیز و گر نہیں معراج تم کو عرش اعظم کا (ناسخ)

(قیاسی (۱۹) مِفعلہ مذکر | مثلاً، مِصرعہ، مِقنعہ، مِنطقہ، مِصفکہ، مراۃ، وغیرہ بلا استثنا، مِفعَل، کبھی مذکر مثلاً مِصرع، مِسطر وغیرہ ؎

ایک مصرع بھی نہ اس کے وصف میں موزوں ہوا
صورت عنقا دہان یار کا مضمون ہوا ٭ (وزیر)

کبھی مونث مثلاً مِشعَل، مِقود ؎ فروغ شعلۂ رخسار آتشناک کیا کم تھا ٭ دم رقص صنم مِشعَل زبردستی ہی روشن کی۔ (امانت)

(۱۳) مُستَفعَل (از استفعال) شلاً مُستزاد، مُستثنیٰ وغیرہ سے سر نگیں آنکھ کی تعریف میں مصرع لکھکر ؛ مستزاد اور لگا دیتے ہیں دنیا والے۔ (امیر)

(۱۴) مُفعَلَل (از فعللہ) مثلاً مُزعفر۔

مستثنیٰ: مُسَلسَل۔

(ب) اسمائے فاعل

(۱۵) یہ بھی شل اسمائے مفعول کے مذکر مستعمل ہوتے ہیں مثلاً محیط، منضج، موجب، مسہل، موکل، مضارع وغیرہ سے کوئی کہتا ہے دیکھو ممتلی ہے نبض مسہل دو ؛ دیکھن پیشتر گر کوئی منضج پلاتا ہے۔ (مومن)

مُبہم، مُشکل، چند لفظ مستثنیٰ ہیں سے شکل آساں نہ ہوئی تیرے گنہگاروں کی ؛ حیف منہ موڑ گئی باڑ ہی تلواروں کی۔ (امیر)

(ج) اسمائے ظرف

(۱۶) مَفعَل (بفتح میم و بفتح و کسرِ عین) مذکر مثلاً، مَاخذ، مآل، مَامَن، ماوا، مجمع مجلس محضر، محشر، محل، مخرج، مطبع، مقطع، مخزن، مدار، مدفن، مذہب، مرکب، مسالک، مسلخ، مشہد، منظر، مقتع، مصدر، مطبخ، مشرب، مفر (در اصل مفرر) مقام، مزار، مکان (در اصل مقوم مزور مکون) سے ہر طریقے سے یہ بڑھکر روش وحشی زلف ؛ طرہ ہفتاد و دو ملت پہ یہ مذہب نکلا۔ (امیر)

مرجع، مطلع، موقع، مجلس، موسم وغیرہ سے جتنا ہے عیش اس قدر اس کو نہیں ثبات ؛ برہم شتاب کیوں نہ ہو محفل شراب کی (ناسخ)

ے۔ فاتحہ ہو کہاں سے میت کی ؛ لے گئے دھو کے سیم و زر وارث (حالی)
(۲) فاختہ (گو فاعل کا وزن ہے مگر زبانوں پر سکونِ خائے سمجھ سے مستعمل ہے) ے
تو اپنے بھولے پن سے شیدا ہوئی ہے ورنہ ؛ اے فاختہ دہر اکیا سرو و ناروں ہیں (حالی)
(۳) صَاعِقہ، اگر مولوی امیر علی صاحب لکھنوی کے کلام میں مذکر پایا گیا ہے۔
ب۔ صِفَات۔ مونث حقیقی، مثلاً، حَامِلہ، قَابِلہ، فَاحِشہ، عَاصِمہ وغیرہ ے دُختر
رز سے تو ہرگز نہ لوں گا ساقی ؛ کیونکہ یہ فَاحِشہ ہراک سے جا کہتی ہے۔ (لا اعلم)
(۹) فَاعِلَت (تائے قرشت سے) مونث، مثلاً آخرت، عاقبت وغیرہ۔
اشتباہ۔ (۱) کائنات (۲) حاضرات (۳) واردات وغیرہ جو فاعلہ کی جمع ہیں اردو
میں واحد مونث مستعمل ہوتے ہیں۔ ے آل کار ہے دو گز زمین کفن دس گز ؛ بڑی بساط
نہیں کائنات اتنی ہے (بحر) دیگر نظیریں جمع کے بیان میں ملاحظہ ہوں۔
(مصادر مزید فیہ سے جس قدر اسماء مشتق ہیں مذکر مستعمل ہوتے ہیں)

(الف) اسمِ مفعول

(۱۰) مُفْعَل / مُفْعَلہ } مثلاً مُصْحَف۔ مرسلہ۔ ے خلق نے قرآن دیکھا جب ہوا ماہِ رجب ؛
ہم نے دیکھا مُصْحَفِ رخسار اپنے ماہ کا (ناسخ)
(۱۱) مُفَعَّل / مُفَعَّلہ } مثلاً مُلَخَّص، مؤنث، مذکر، مفصّل، مثلّث، مشجّر، مرقّع، مُقَدَّمہ
مُقَدَّر، فقرہ حسنیٰ احسن کا مونث ہے۔ ے سعد ترے گھر کا تھا شاید
کوئی شاعر ؛ کیا خوب کیا نظم مثلث سہ دری کا۔ (اسیر)
(۱۲) مُفْتَعَل (از افتعال) مثلاً مُقْتَضیٰ، مُنْتَہیٰ وغیرہ کے اصل میں مُقْتَضیٰ، مُنْتَہیٰ ہیں
ے گو آدمی کا حافظہ کیسا ہی ہو قوی ؛ پر بھول چوک ہے بشریت کا مُقْتَضَا (حالی)
مستثنیٰ:۔ مُعْتَاد

مستثنے:۔ (۱) جانب (۲) شارِع (۳) خاطر۔ ؎ ہمہ تن فکر ہوں ہیں فکر غزل کیا ہو آسیر ؛ شعر گوئی نہیں خاطر ہے فقط یاروں کی۔ (آسیر)

قیاسی (۷) مَفعُول | مذکر، مثلاً، مضمون، مَقدُور، مَحصُول، مَعمُول، مَقسُوم۔
مَفعُولہ | مکتوب، مذکور، ملبوس، منشور، ؎ مقدور کس کو حمدِ خدا کے تعلیل کا ؛ اس جا پہ بے زبان ہے دہن قیل و قال کا۔ (ظفر)

مستثنیات:۔ (۱) معجون، بعض مذکر کہتے ہیں مگر اتفاق مونث پر ہے ؎ زرِ گل سے حسینانِ جہاں غازہ بناتے ہیں ؛ اسی نسخے سے معجونِ طلادن رات بنتی ہے (ذہیر)

(۲) معقول جیسے میں نے معقول علمائے فرنگی محل سے پڑھی ہے۔

(۴) مَعلُومَات (۵) مَوجُودات (۶) معقولات۔ ان کی نظیر کے لیے جمع کے بیان میں ملاحظہ ہو۔

(۷) مَخلُوقات۔ ؎ واقعی انسان ہے اشرف ساری مخلوقات سے ؛ لاکھ پریوں کو بھلادیتا ہے اک انسان مجھے۔ (ناسخ)

(۸) ؎ اجاڑے ہیں گھر تونے کافر بہت ؛ کہاں جائے مخلوق اللہ کی۔ (داغ)

انتباہ۔ نمبر ۴، ۵، ۶۔ اگرچہ جمع کے صیغے ہیں مگر واحد مونث مستعمل ہوتے ہیں۔ اِلَّا معلومات کے جو کبھی خصوصًا اہل لکھنؤ کے نزدیک جمع مذکر بھی مستعمل ہوتا ہے۔

(۸) فَاعِلَہ (ہائے ہوز سے) مذکر۔ مثلاً۔ دَاخِلہ، ضَابِطہ، جَائِزَہ، حَادِثَہ، جَادَّہ، (دراصل جاددہ) خاصَّہ (اصلہ خاصِصَہ) ؎ بھولے نہ اپنی یاد پہ انسان کو چاہیے ؛ آخر بشر کا خاصَّہ ہے سہو اور خطا (حالی)

مستثنیات:۔

الف۔ (۱) فاتِحَہ، مختلف فیہ مگر فی زمانہ مونث ہی مستعمل اور درست ہے ؎ فاتحہ تھا کس شہید عشق کا ؛ رات بھر درگاہ میں ماتم رہا (ہجر)

ہائے پورا نہیں ہوتا ہے سوال اچھا ہے (آسیر)

اَسمائے مشتقہ

(۱) اِسم آلہ از مصادرِ مزید فیہ، مَثلاً، مابہ الامتیاز، مابہ الاِحتیاج، مابہ النزاع مابہ الاِختلاط۔

(۲) مُرکبات جو مائے موصولہ اور فعل یا جار مجرور سے بنتے ہیں، مذکر مستعمل ہوتے ہیں شلاً ماحضر، ماحَصَل، مابَقی، ماقَبل، مابعد، ماحَول، مافی الضمیر، مافیہا، مابین، مایحتاج مایُقرار، مافات وغیرہ وغیرہ۔

؎ غم فراق نے کیا حال کر دیا دل کا ٭ سنو تو عرض کروں تم سے ماجرا دل کا۔ (رِند)

(۳) اَعداد ذاتی مثلاً عشرہ، خمسہ، اربعہ، اربعین وغیرہ وغیرہ۔

؎ ستہ کل سے شروع ہو شاید ٭ اربعہ آج ہم نے ختم کیا۔ (شوق)

(۴) اَعداد صفتی۔ شلاً ثانی، ثالث، خامس، ثامن وغیرہ ؎

لطف اس کا ہمیں ہے ہمہ دانی نہ ملیگا ٭ اس مطلع برجستہ کا ثانی نہ ملیگا۔ (مونس)

(۵) اَعداد کسری، شلاً نصف، ثلث، رُبع، خمس، عُشر، سُدس وغیرہ۔

ہر قسم کے اعداد وَضعاً صِفت ہوتے ہیں، خواہ کسی زبان کے ہوں، مثلاً چار مرد، پنج روپیہ، ثُلث رقم حاصل ہوگئی، آصف سادس، اِمام ثامن وغیرہ وغیرہ مگر جب معدود مقدر رہوتا ہے تو مذکر مستعمل ہوتے ہیں۔ جیسے اِس کا خمس سہا کر لیا جائے، آج دکن میں اُن کا ثانی نہیں،

(۶) فاعل، مذکر، مثلاً۔ حاصل، آخر، راتب، باعث، باطن، طالع وغیرہ ؎

خدا نے دیا ہے صفائی کا جوہر ٭ جو ظاہر ہمارا وہ باطن ہمارا (داغ)

؎ میں نہ تڑپا جو دم ذبح تو یہ باعث تھا ٭ کہ رہا مد نظر عشق کا آداب مجھے (ذوق)

بھی تقاضا مطلب ۔ اور واللہ کچھ نہ تھا مطلب (آسیر)

مستثنیات ۱۔ مَعَاش، مَعَاد، مَجَال ۔ ہر ایک مو ہو بدن پر مرے دہن
گویا ۔ مَجَال ہو جو ترے آگے گفتگو کی مجھے (ظفر)

(۳۶) مَفعَلہ (بفتح میم و عین بزیادہ ہائے) مذکر، مثلاً، مَشغَلہ، مَضحَکہ، مَفسَدہ،
مظلمہ، ۔ تڑپ ہے اس کو جو ناوک کی اس کو پیکاں کی ۔ وہ مَشغَلہ ہے جگر کا یہ
مشغلہ دل کا ۔ (امیر)

(۳۷) مَفعَلَت (بفتح میم و عین بزیادہ تا) مونث مثلاً، مَنفَعَت، محبت، مَصلَحَت،
مَذَلَّت، مَسَرَّت ۔ لب پہ تحریک کی آواز نے باندھا احرام ۔ دل میں کبھی
ہوئی تکبیر مَسَرَّت آئی (اسیر)

(۳۸) مَفعِلہ (بفتح میم و بکسر عین بزیادہ ہائے ہوز) مذکر مثلاً مرثیہ، مَعرِفہ، مَظِنَّہ ۔
اک ہفتہ دوست کی ہے شکایت حضور سے ۔ سن لیجئے یہ مرثیہ ہے سات بند کا ۔ (منیر)

(۳۹) مَفعِلَت (بفتح میم و بکسر عین بزیادہ تا) مونث، مثلاً، مَحمدت، معرفت، منزلت
۔ بو نہیں رنگ نہیں نور نہیں نار نہیں ۔ معرفت کیوں نہ ہو دشوار الٰہی تیری (اسیر)

(۴۰) فَعَال، بالفتح مذکر، مثلاً جَوَاب، صَوَاب، جَلَال، جَمال، کمال، جواز، وبال
وَقار، مَتاع وغیرہ ۔ غم اور اتنے بڑھے جس قدر وقار ہوا ۔ ثمر نخل ثمر دار سنگبار
ہوا (برق)

مستثنیات ۱۔ (۱) فلاح (۲) صَلَاح (۳) جناب (مگر جب کلمہ تعظیمی ہوتا ہے
تو مذکر بولا جاتا ہے) ۔ ہم کو نہیں بحث عذاب و ثواب سے ۔ تیری رضا ملے
ہمیں تیری جناب سے (نذیر احمد)

(۴۱) فِعَال، بالکسر ۔ مذکر ۔	مثلاً قیاس، قیام، صراف وغیرہ
(۴۲) فُعَال، بالضم، مذکر	مثلاً سُوَال ۔ ۔ آرزو وصل کی ابھی یہ خیال اچھا ہے

ہے یہ ہوا بے سجدۂ ابلیس کیا نقصان آدم کا۔ (ناسخ)

قیاسی (۳۰) فَعَلان، بفتحتین، مذکر | شلاً، خَفَقان، جولان، ہذیان، نزدان عثیان ۔ گھر سے عاشق کے نہ جانا تھا

خفا ہو کے تجھے یہ کہ برا جانا اور اس کا خفقان ہو جانا (ظفر)

قیاسی (۳۱) فِعلیٰ۔ (بحرکات ثلٰثہ والف مقصورہ) مذکر | شلاً، دعویٰ، ذکریٰ، بشریٰ ۔ الٰہی واد خواہوں پر بنگی

کیا قیامت میں یہ وہ فرماتے ہیں کیا دعویٰ یہ دعویٰ ہو نہیں سکتا۔ (داغ)

قیاسی (۳۲) فُعُولِیت۔ بالضم، مونث | شلاً، خُصُوصِیَت، عُبُودِیت۔ ۔ مسلم ہے خدا اور بت پرستی یہ بتاؤ یہ

عُبُودیت ہے کیسی۔ (اختر)

قیاسی (۳۳) فَاعِلَت، مونث۔ | شلاً عَافِیَت، عَاقِبَت۔ ۔ دنیا میں غم رقیب نے ہم کو دئے اسیر یہ کیوں عاقبت

خراب نہ ہوا اس یزید کی۔ (اسیر)

قیاسی (۳۴) وہ اسمائے جن کے آخر تائے مصدری آئے مونث ہوتے ہیں | شلاً، مَحْوِیَت، کَیفِیَت،

ہَوَائیت، مَاہِیَت، حقانیت، نفسانیت، جسمانیت، انسانیت، واقفیت، جاہلیت، جامعیت، علمیت، عصبیت، روحانیت، اخوت، اہمیت، صلاحیت، کراہیت، وغیرہ وغیرہ۔

۔ وہ نہیں ملتے کسی انسان سے یہ اتنی بھی انسانیت جاتی رہی۔ (اختر)

(۳۵) مَفعَل، بفتح میم و فتح ثالث، وکسر، اکثر مذکر ہوتا ہے، شلاً مصرف، مطلب، مدخل، مذاق، مقال، (در اصل مذوق، مقول) مقصد، منصب ۔ عشق بت سے

قیاسی (۲۳) فَعِیلَت (تائے قرشت سے) مونث	مثلاً وَدِیعَت، شَرِیعَت، عَزِیمَت، عَقِیدَت، ؎

ہو گئے موئے بدن نوکِ زبان بحرِ دعا ٭ جوش میں دل کی طرح دل کی عَقِیدَت آئی (امیرؔ)

قیاسی (۲۴) فَعِیلَہ (ہائے ہوز سے) مذکر	مثلاً وَسِیلَہ، وَثِیقَہ، وَتِیرَہ، وَظِیفَہ، لَطِیفَہ، ضَمِیمَہ، ؎

یار کو لا کھا جانے کا وتیرہ ہو گیا ٭ دعوت لب خونِ ناحق کا ذخیرہ ہو گیا (منیرؔ)

قیاسی (۲۵) عِلَہ (ہائے ہوز سے) مذکر	مثلاً، صِلَہ، ہِبَہ، زِنَہ (دراصل وَصل، وَہَب، وَزن) ؎

عزیز کیوں نہ ہو داغ اس کی بیوفائی کا ٭ کہ ہے صِلہ یہی مدت کی آشنائی کا۔ (امیرؔ)

قیاسی (۲۶) عِلَت (تائے قرشت سے) مونث	مثلاً صِفَت (دراصل وَصف) ہے۔ ؎ واعظ تری سمجھ کے بھی

قربان جائیے ٭ قرآن میں تو طہور صفت ہے شراب کی (امیرؔ)

قیاسی (۲۷) فَعَلَان، بالفتح، مذکر	مثلاً سَیَلَان، ہَیَجَان، دَوَرَان، سَیَلَان، خَلَجَان، ؎ کچھ روز دل غفلت میں

پھرے ہم ڈھونڈتے آسائش کو ٭ کھل گئی جب دنیا کی حقیقت کچھ نہ رہا خلجان میں (حالیؔ)

قیاسی (۲۸) فِعلَان، بالکسر، مذکر	مثلاً حِرمَان، کِتمَان، نِسیَان، عِرفَان، عِصیَان۔ ؎ ابروے یار اب دیکھ کے

بھولنا محال ٭ بالائے طاق آج سے نسیان رہ گیا (منیرؔ)

قیاسی (۲۹) فُعلَان، بالضم مذکر	مثلاً، بُطلَان، غُفرَان، رُجحَان، کُفرَان، طُغیَان، طُوفَان، نُقصَان، بُہتَان،

سُبحَان، ہجران، قرآن، قربان، فُقدَان ؎ نہیں ہے معتقد حاسد اگر سیر الکو کیا غم

قیاسی (۱۶) فَعَلَہ بفتحتین (ہائے ہوز سے)۔ | مثلاً غَلَبَہ۔ ؎ غفلت اہل جہاں تو دامنی
کی ہے دلیل ؛ غَلَبَہ ہوتا ہے رطوبت سے سو رخواب کا۔ (ناسخ)

قیاسی (۱۷) فَعِلَہ، بفتح اول و کسر ثانی (ہائے ہوز سے) مذکر | مثلاً۔ سَرِقَہ، تَرِکَہ وغیرہ

قیاسی (۱۸) فَعَالَت، بالفتح (تائے قرشت سے) مؤنث | مثلاً وَبَاطَت، وکَالَت، وَجَاہَت، نَخَافَت، نَدَاہَت
سَلَاسَت، کرَاہَت۔ ؎ بندے نے کسی میں یہ کراہت نہیں دیکھی ؛ واللہ یہ ہمت
یہ سخاوت نہیں دیکھی۔ (انیس)

قیاسی (۱۹) فِعَالَت، بالکسر (تائے قرشت سے) مونث | مثلاً۔ عِبَارَت، عِبَادَت، رِوَایَت، حِکَایَت،
دِرَایَت، وغیرہ ؎۔
ہمیشہ آگے بھی آتے تھے خط پر اب کے بار ؛ عِبَارَت اس نے لکھی نامہ بر! لکھی سی (ظفر)

قیاسی (۲۰) فُعَالَت۔ بالضم (تائے قرشت سے) مونث | مثلاً۔ بُغَاوَت ؎ آنسوؤں نے ڈبویا دل کو ؛ فوج
نے شاہ سے بُغَاوت کی۔ (داغ)

قیاسی (۲۱) فُعُولَت۔ بالضم (تائے قرشت سے) مونث | مثلاً حُکُومَت، خُصُومَت، کُدُورَت، لُزُومَت،
نُحُوسَت ؎ کشور دل میں ہو پریوں کے بھی شاہی تیری ؛ قاف تا قاف حکومت ہو الٰہی تیری (امیر)

قیاسی (۲۲) فَعَلُوت (تائے قرشت سے) مذکر | مثلاً جبروت، ملکوت، لاہوت، ناسوت، تابوت، طاغوت،

قیاسی (۱۱) فِعلَت - بالکسر (تائے قرشت سے) مونث | مثلاً نسبت، ہجرت، حکمت، عبرت، عفت، رفعت وغیرہ، سے ہجرت زینِ کعبہ سے جب مصطفیٰ نے کی ؛ اس روز مصطفیٰ کی مدد مرتضیٰ نے کی (انیس)

مستثنیٰ (۱) خِلعَت سے جچتا نہیں نظروں میں یہاں خلعت سلطانی ؛ کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا (حالی)

بعض لوگوں نے مونث بھی کہا ہے جو درست نہیں۔

قیاسی (۱۲) فِعلَہ بالکسر (ہائے ہوز سے) مذکر | مثلاً سجدہ، حرفہ، قبلہ سے خلق کی پیشانیوں پر ہے یہی مضمون رقم ؛ سجدہ واجب ہے ترے دروازے کے محراب کا۔ (ناسخ)

مستثنیات ۱- (۱) فِضَّہ (۲) جُنَّہ۔

قیاسی (۱۳) فُعلَت، بالضم (تائے قرشت سے) مونث | مثلاً وسعت، ندرت، قدرت، صحبت، فرقت، عزلت، وغیرہ سے وہ کام کر کہ تجھ کو کشادہ ملے لحد ؛ کیا چاہئے مکان میں وسعت زمین کی (امیر)

قیاسی (۱۴) فُعلَہ بالضم (ہائے ہوز سے) مذکر | مثلاً عقدہ، شعبہ، عمرہ۔ سے ترے جوڑے کے کھلنے نے مرا دل و نِستاں باندھا عجب تقدیر نے عقدہ وہاں کھولا یہاں باندھا۔ (ذوق)

مستثنیٰ۔ نُبخہ

قیاسی (۱۵) فَعلَت بالفتحتین (تائے قرشت سے) مونث | مثلاً، برکت، عظمت حرکت۔ وغیرہ سے

ہائے غم سے بھی دل نہیں بھرتا ؛ برکت اٹھ گئی زمانے سے (امیر)

ے نہائے خون سے ہم ہاتھ جان سے دھوئے : یہ غسل آیا ہمیں اور یہ وضو آیا (وزیر)

قیاسی (۸) فَعَل ۔ بفتحتین ۔ اکثر مذکر ہوتا ہے | مثلاً غم، حزن، کرم، قلق، مرض، غرق، وغیرہ ۔ کبھی مونث مثلاً خبر، غرض، طلب، ے رحم مادر ہی سے جب پیدا ہوا تکلیف سے : یاں کہاں راحت کہ تو کرتا ہے راحت کی طلب ۔ (ذوق)

قیاسی (۹) فَعلَة ۔ بالفتح (تا ے قرشت سے) مونث | مثلاً وحشت، وقعت، راحت، غفلت، رحمت، رافت وغیرہ ے یہی حالت ہے گر اپنے دل کی : مر کے بھی خاک نہ راحت ہوگی ۔ (امیر)

مستثنیات ۔ (۱) حضرت ع ۔ فرمائیے تعمیل کروں کچھ میرے حضرت

(۲) شربت ۔ ے پوچھے ہے کیا حلاوت لبہائے سرخ تک : شربت ہے باغ خلد بریں کے انار کا (ذوق)

(۳) قائت مختلف فیہ، اکثر شعرائے لکھنؤ اس کی تانیث پر زور دیتے ہیں ۔ مگر بقول مولانا مجیب احمد صاحب تمنائی اور مولوی امیر علی صاحب مذکر ہی فصیح ہے ۔

قیاسی (۱۰) فَعلہ ۔ بفتح فا (ہائے ہوز سے) مذکر | مثلاً ورثہ، وسمہ، وقفہ، نزلہ، نشہ، لمحہ، لمعہ، غنچہ، ہمزہ،

مستثنیات ۔ (۱) توبہ مختلف فیہ ہے ۔ مگر فی زمانا (بقول محمد احسن صاحب) مونث ہی ہے ۔ ے دل شکستہ ہے جو توبہ تو عجب کیا زاہد : یہ نکالی ہوئی صحبت سے ہے میخاروں کی (امیر)

(۲) دفعہ ۔ فقرہ ۔ اس امر سے دفعہ (ع) متعلق ہوگی ۔

(۳) ختنہ ۔ بعض اصحاب مونث کہتے ہیں مگر مذکر صحیح ہے ے ایک سنت سے ہو گئے فارغ : یہ کر دیا جو خلیل کا ختنہ ۔ (ناظم)

حَل، کَشف، فَرق، حَصر مذکر ہے ٹوٹا جو دل تو ہاتھ لگی مجھ کو زلفِ یار ؛ بعدِ شکست فتح من اللہ ہو گئی (اسیر)

قیاسی (۴) فِعَل۔ بکسرِ اول و فتح ثانی، مذکر | مثلاً صِغَر، کِبَر،

قیاسی (۵) فُعُل بضمتیں۔ مذکر | مثلاً عُمُق، حُمُق، سُقُم، خُلُق۔ ہے علمِ اسرار کا گو دعوے تھا ؛ تو بھی اسدرجہ حُمُق اس کا تھا (ناسخ)

قیاسی (۶) فُعُول۔ بضمتیں۔ مذکر | مثلاً۔ دُخُول، شُمُول، خُرُوج، ثُبُوت، جُلُوس، حُدُوث، حُصُول، قُصُور، خُسُوف، کُسُوف، خُشُوع، خُضُوع، غُلُو، طُلُوع، غُرُوب، بُطُون، ذُہُول، ظُہُور، شُعُور، نُکُوث۔ لُزُوم، وُجُوب، شُیُوع، طُول، حُضُور، وُثُوق، وُجُود، ہُبُوب، دُرُود، وُصُول، وُقُوع وُصُول وغیرہ، ہے پیکے اغیار وجد کرتے ہیں ؛ جیسے شیطان نے حُلُول کیا۔ (سرور)

مُستثنیات:۔

(۱) رُجُوع۔ مختلف فیہ ہے مگر ترجیح تانیث کو ہے ہے ایسا طبیب کون ہے اے گل کہ بارہا ؛ تجھ سے رُجُوع نرگس بیمار نے کیا۔ (ناسخ)

ہے دل اس صنم سے دمِ نزع پھر گیا اے برق ؛ رجوع اور سے کی جب مرض کو طول ہوا (برق)

(۲) دُرُود۔ مختلف فیہ ہے، مگر بقول مولانا سید انوار احمد صاحب مذکر زیادہ فصیح ہے۔ ہے سوتے میں شغل طاعتِ رب وَدُود تھا ؛ دل میں خدا کی یاد تھی لب پہ دُرُود تھا۔ (انیس)

ہے کیا قبرِ ناتواں کی ترے بے نمود ہے ؛ افسوس فاتحہ ہے نہ جس کی درود ہے (داغ)

قیاسی (۷) فَعُول، بفتح فا۔ مذکر | مثلاً وَضُو، قَبُول وغیرہ۔

قیاسی (۵) تَفَاعُل از ناقص	مونث۔ مثلاً، تلافی، توالی، تمادی، تعالی، تماشی تقاضی، تحاشی، تفاوی وغیرہ ۔ اگر غفلت سے

باز آیا جفا کی ؛ تلافی کی بھی ظالم نے تو کیا کی۔ (مومن)

ف۔ تماشا، تقاضا، تحاشا، وغیرہ جو تماشی، تقاضی و تحاشی کے مفرس ہیں۔ مذکر مستعمل ہوتے ہیں ۔ ہوں رگیں حلق بریدہ کی ہمارے خونبار ؛ گر تماشا تمھیں منظور ہو تلواروں کا۔ (ذوق)

مَصَادِرِ ثُلاثی مجرّد

قیاسی (۱) فُعُل۔ بالضم	مذکر۔ مثلاً، عُجب، عُذر، عُرف، عُرس، ظُلم، شُرب، قُرب، بُعد، شُرب، فُحش، غُسل، یُسر، عُسر، حُزن

حُسن، کُفر، حُکم، خُبث، شُکر، سُکر، زُعم وغیرہ وغیرہ ۔ عذر ان کی زبان سے نکلا ؛ تیر گویا کمان سے نکلا (داغ)

مستثنیات ۱۔ (۱) صُنع (۲) قُبح (۳) جُہد (۴) نُصح (۵) صُلح ۔ پھر کوئی ملنے کی طرح نہ ہوئی ؛ صُلح اب کی کسی طرح نہ ہوئی۔ (مومن)

قیاسی (۲) فِعْل بالکسر۔ مذکر	مثلاً۔ علم، عِطر، صِفر، ضِمن، شِعر، قِطر، کِبر، حِرز، حِفظ، حِلم، سِحر، فِسق، خِلط، شِبہ، ذِکر،

مُستثنیات ۱۔

(۱) حِرص ۔ بیگمی ہند سے تا شام اسیر ؛ ہم کو اس زلفِ سیہ فام کی حرص (اسیر)

(۲) ضِد ۔ اس فتنہ گر کو رحم تو کیا ؛ ضد آ گئی ؛ جب ہم نے آہ کی تو جفا اس نے اور کی (داغ)

(۳) فِکر۔ مختلف فیہ ہے، اہلِ دہلی مذکر اور اہلِ لکھنؤ مونث کہتے ہیں۔

(۴) فِقہ

سماعی (۳) فَعْل	مثلاً، فتح، سَطر، قَدر، ضَرب، کَشر، عَقل مونث ہیں۔ اور دخل

تصور کا (آتیرا)

قیاسی (۲) اِستِفعال از اجوف — اِستِفَاضَت (تائے قرشت سے) مونث۔ مثلاً۔ اِستِطَاعت، اِستِقَامت، اِستِجَازت، وغیرہ ؎ عاشقِ شیدا کا دم نکلا ہے قد کی یاد میں ؛ اِستراحت کی ہے برسوں سایۂ شمشاد میں (اختر)

اِستِفَاضہ (ہائے ہوز سے) مذکر۔ مثلاً۔ اِستِعَارہ، اِستِحَالہ، اِستِعَانہ، اِستِفَادہ وغیرہ۔ ؎ شوق سے عزمِ بیابانِ جنوں اب کیجئے ؛ دانۂ زنجیر سے بھی اِستِخارہ ہو گیا۔ (ناسخ)

قیاسی (۳) مُفَاعَلہ از ناقص — مونث۔ مثلاً۔ مُلاقات، مُباہات، مُدارات، مُنادات، مُکافات، مُنافات، مُناجات، مُحاکات، مُراعات، مُنادات وغیرہ بعض شعرا مُنافات کو مذکر کہتے ہیں۔ یہ کسی طرح درست نہیں۔ ؎ نہ وہ صحبت، نہ وہ اُلفت، نہ مُدارات رہی ؛ آٹھویں ساتویں کی مجھ سے ملاقات رہی (رند)

ف۔ مُدارا، مُداوا، مُواسا، محابا وغیرہ جن کو شعرائے فارس نے تصرف کر کے (تے) کے بغیر بھی لکھا ہے، مذکر مستعمل ہوتے ہیں ؎ مُداوا ترے کشتگانِ ستم کا ؛ خدا جانے عقبیٰ میں کیا ہو رہا ہے۔ (آتش)

قیاسی (۴) تَفَعُّل از ناقص — مونث۔ مثلاً۔ تعلّی، تعدّی، تسلّی، تجلّی، تجرّی، وغیرہ۔

ف۔ تولّا، تجلّا، تمنّا، کو اہلِ فارس نے الف سے استعمال کیا ہے، ان میں سے تولّا اور تجلّا مذکر ہیں مگر تمنّا مونث ہے ؎ نظر آتی نہیں اب دل میں تمنا کوئی ؛ بعد مدت کے تمنا میری بر آئی ہے (حالی)

ے بھیجتے تھے خط ہمیں پہلے وہ جس عنوان سے ؛ اب تو اک مدت ہے وہ عنوان بھی جاتا
رہا۔ (ظفر)

(۳) فُعلال۔ بالضم۔ مذکر۔ مثلاً عُنوان وغیرہ۔

مستثنٰی۔ بُرہان۔ کہوں اک شعر میں ہجری و عیسوی تاریخ ؛ یہی برہان نیر اپنے
تبحر کی ہے (نیر)

(۴) فَعلال۔ بالفتح۔ مذکر مثلاً۔ زَلزال، خَرغال۔

قیاسی (۱۴) تَفعلُل بالضم لام اول | مذکر، تبختر، تسلسل، تزلزل، تذبذب،
تمسخر ے گر نہیں بھونچال ظالم جنبش

ابرو تری ؛ سرزمین ملک دل میں یہ تزلزل کیوں ہوا؟ (ظفر)

قیاسی (۱۵) اِفعِلّال | مذکر، مثلاً۔ اطمینان، اضمحلال ے کچھ طبیعت کو جو اضمحلال
تھا ؛ کیا کہوں اس حور کا کیا حال تھا۔ (ناصر)

قیاسی (۱۶) اِفعِنلال | مذکر، اِبلنداح، اِعرنکاس، اِحرنجام، دگر یہ وزن
اُردو میں مستعمل نہیں۔ مولف ۱۲۔

مذکورہ بالا مصادر جن میں تعلیل ہو۔

قیاسی (۱) اِفعال از اجوف | اِرادت۔ (تائے قرشت سے) مونث مثلاً اِعانت
اَہانت، اِباحت، اِبارت، اِصابت، اِدارت

اِشاعت، اِفادت، اِقامت، اِطارۃ ے وصل کی سن کے دعا تم نے بھی آمین کہی ؛
اب اگر صدقے تو قربان اجابت ہوگی۔ (اتیر)

اِرادہ (ہائے ہوز سے) مذکر۔ اِشارہ، اِفادہ، اِحاطہ، اِمالہ، اِضافہ، اِزالہ، اِعادہ،
اِناقہ، اِجازہ۔

ے۔ پری رخسار کوئی اس سے باہر ہو نہیں سکتا ؛ اِحاطہ قاف سے تا قاف ہے اپنے

(۳) تَضَرُّع۔ ؎ ہوئی جب پاس اپنے دُعا میں ؛ تَضَرُّع کی جنابِ کبریا میں (تسلیم)
(۴) تَہجُّد (فقرہ) میں نے دس برس سے کبھی تَہجد تک قضا نہیں کی۔ (رقعات مولانا انوار احمد ٹونکی)
(۵) تَرَشُّح۔ مختلف فیہ ہے ؎ خدا کے واسطے لا کشتی مے جلد اے ساقی ؛ تَرَشُّح ہو رہا ہے کچھ ہوا ہے سَردِ ساحل کی۔ (امیر)
(۶) تَقَیُّد۔ (فقرہ) اگر حضوری دربار کا تَقَیُّد نہ لگا یا جائے تو اس خدمت کے قبول کرنے میں مجھے کوئی عذر نہیں۔
(۷) تَعَفُّن ؎ ہمیشہ ہمیں چاہیے حفظِ صحت ؛ تَعَفُّن بُری ہے مضر ہے بلا ہے (اختر)
اِنتباہ۔ پچھلے تین الفاظ مختلف فیہ ہیں۔
(۹) اِفعِلَال۔ مذکر۔ مثلاً۔ اِصفِرار، اِغبِرار، اِخضِرار، اِسوِداد، اِبیِضاض۔
(۱۰) اِفعِوال۔ مذکر مثلاً۔ اِخرِوّاط، اِعلِوّاط۔
(۱۱) اِفعِیلال۔ مذکر مثلاً، اِشہِیباب، اِدہِیمام۔
(۱۲) اِفعِیعال۔ مثلاً۔ اِخشِیشان، اِطلِیلاق، اِحدِیداب۔
نمبر ۹ سے لیکر ۱۲ تک یہ اَوزان اردو میں نہیں پائے گئے۔ ہم نے اصول زبان و فلسفہ تذکیر و تانیث کے لحاظ ان کو مذکر قائم کیا ہے۔۱۲

مَصادِرِ رُباعی مُجرّد و مَزیدفیہ

قیاسی (۱۳)(۱) فَعْلَلَہ | مذکر۔ مثلاً۔ زَلزَلہ۔ تَرجَمہ، وَسوَسہ، وَلوَلہ، عَنوَنہ، شَعبَدہ عَربَدہ، وغیرہ۔

؎ ہے یہ نمائش تری اے خود نما ؛ شَعبَدہ اک وہم غلط کار کا۔ (حالی)
(۲) فِعلَال۔ بالکسر۔ مذکر۔ مثلاً، سِرہاف، زِلزال، دِحراج۔ عِنوان۔

(۳) وِدَاعْ سے رخصت طلب ہے عاشق سے حسن یار کا ۔ پروانوں سے وِداعِ چراغِ سحر کی ہے۔ (امیر)

(۴) رِیا سے طاعت میں ریا بر تجھ سے ناشی ہوگی ۔ پرستش میں غضب کی جان خراشی ہوگی۔ (رشک)

(۵) لِقاء سے خدا کے فضل سے جو نکے نصیب سوتے سے ۔ لقائے یار مجھے خواب میں نصیب ہوئی۔ (ناسخ)

(۶) وِدَاد۔

قیاسی (۴) فِیعَال | مذکر مثلاً قِیتَال۔

قیاسی (۵) فُعَال (بالضم) | مذکر مثلاً جُوار۔

(منبر (۴) و (۵) اردو میں مستعمل نہیں ہیں)

قیاسی (۸) تَفَعُّل | مذکر مثلاً تَبَدُّل، تَجَسُّس، تَحَکُّم، تَجَمُّل، تَنَبُّہ، تَقَرُّر، تَصَوُّر، تَصَوُّف، تَعَصُّب، تَعَہُّد، تَنَکُّر، تَفَحُّص، تَوَکُّل، تَلَطُّف، تَمَسُّک، تَنَعُّم، تَأَمُّل، تَلَوُّن، تَمَثُّل، تَمَدُّن، تَمَلُّق، تَمَلُّل، تَمَرُّن، تَمَرُّد، تَقَرُّب، تَحَمُّل، تَوَسُّل، تَمَوُّج، تَنَفُّر، تَتَوَرُّع، تَوَسُّد، تَوَطُّن، تَوَغُّل، تَوَتُّد، تَوَہُّم وغیرہ

سے۔ کب ہماری فکر سے ہوتا ہے سودا کا جواب ۔ ہاں تتبّع کرتے ہیں ناسخ ہم اس مغفور کا۔ (ناسخ)

سے لے در ہم داغ و درہائے اشک ۔ ہیں عشق سے یہ تمتّع ہوا۔ (تسلیم)

سے۔ تھا تَفقّہ بھی سلّم تیری خاک پاک کا ۔ بیہقی وقت تھا ایک اک فقیہ اس خاک کا (حالی)

مُستَثنیات :-

(۱) تَوَجُّہ سے مجھ سے پوچھی نہ وجہ خاموشی ۔ کچھ توجہ تمہیں ادھر نہ ہوئی۔ (جلال)

(۲) تَوَقُّع سے جن کو میسر نہیں کلی بھیتی ۔ خوش ہیں توقع پہ وہ زربفت کی (حالی)

مُستثنیٰ - اَذان، صلواۃ - ے
فرقت کی رات جی چکے ہم تازمانِ صبح ؛ ہوگی اَذانِ گور ہماری اَذانِ صُبح - (ذوق)

قیاسی (ے) (۱) مُفاعلہ - ہائے ہوز سے | مذکر - مثلاً مُقابلہ، مجادلہ، مُناظرہ مُحاورہ، معاملہ، معانقہ، مضایقہ، مُرافعہ، مُشاعرہ، مُشارعہ، مُصافحہ، وغیرہ وغیرہ

ع ؛ شیروں کے ساتھ آکے ٹھہرے مقابلے میں - (شمسُ العُلما نذیر احمد) ے عیاں ہو صورتِ شاہد جو چشمِ حق بین سے ؛ کرے بغور تو غافل مشاہدہ دل کا (رِند)

قیاسی (۲) مُفاعلت تائے قرشت سے | مونث - مثلاً مُخالفت، مُداخلت مُفارقت، مُسافرت، مُشایعت، مُناسبت، مزاحمت، مُعاشرت وغیرہ وغیرہ ے خدا کے واسطے اب نام لے نہ جانے کا ؛ نہیں ہے دل کو گوارا مفارقت تیری - (نوازش)

قیاسی (۳) فِعال - بِالکسر | مذکر - مثلاً جہاد، قِتال، حِصار، قِران، حِساب، وِصال، فِصال، جِماع، عِلاج، فِراق، نِکاح، طِباق، وِفاق، نِفاق، فِراغ، حِجاب ے شاد ہے دل قیدی زلفِ بت بے پیر کا ؛ ہاتھ آیا ہے حِصار عافیت زنجیر کا - (اسیر)
ے خرابی لائے گا اک دن فراق اس یار جانی کا ؛ ہمارے قصرِ تن میں جا ہے چھلا نشانی کا - (ہجر)

مستثنیات :-
(۱) نِزاع ے ایک مسجد، ایک سجدہ، ایک سجود، ایک خلق ؛ کیوں نزاعیں تم میں اے گبر و مسلمان بڑھ گئیں - (اسیر)
(۲) جِدال ے دل نہ میری سنے نہ میں دل کی ؛ روز باہم جِدال رہتی ہے - (اختر)

(۲) تمکین، بعض شعرا مثلاً آتش وغیرہ نے مذکر استعمال کیا ہے، مگر مونث کو ترجیح ہے۔
ع۔ ایسی نظرِ شوخ میں تمکیں نہیں دیکھی ؛ اس طرح تغافل میں حیا کو نہیں دیکھا۔ (داغ)
ع۔ سنگِ گراں ہے راہ میں تمکین یار کا ؛ اب دیکھنا ہے زورِ دلِ بیقرار کا۔ (حالی)
ف۱۔ جب تفعیل کے بعد ہائے ہوز (جو حقیقت میں تائے مرّة ہے) آئے تو مذکر ہوتا ہے۔ مثلاً تَنفِدیَہ، تَخمِینَہ، تَعلِیقَہ، وغیرہ۔
ف۲۔ تمیز، تفضیح، تسین، واشالہم، دراصل تَمیِیز، تَفضِیح، تَعیِین، بروزن تفعیل ہیں اس لئے مونث ہیں؛ ع
اغیار و یار سب کو جلاتی ہے برقِ حسن ؛ ہے آگ کو تمیز نہ گل کی نہ خار کی۔ (اسیر)
ع شاعری کا کیا نتیجہ آج کل ؛ مفت میں تضیع ہی اوقات کی۔ (اختر)
ف۳۔ تحقیقات، تسلیمات، تعینات اور تراویح جمع کے صیغے ہیں، مگر واحد مونث مستعمل ہیں امثال کے لئے جمع کا بیان ملاحظہ ہو۔

قیاسی ف۴ تفعلہ (ہائے ہوز سے) | مذکر۔ تفرقہ۔ تجربہ، تصفیہ، تتمّۃ (تتمہ) تعمیہ، تذکیہ، تخلیہ، تذکرہ، تحشیہ، تسمیہ تبریہ وغیرہ وغیرہ۔ ع سچ نظر آتا ہے سچ اور جھوٹ جھوٹ ؛ تفرقہ رہتا ہے نہ رہتی ہے پھوٹ (حالی)

قیاسی ف۵ تفعلت (تائے قرشت سے) | مونث مثلاً۔ تربیت، تقویت، تہنیت تعزیت ع تہنیت رعد نے چلا کے سنائی کیسی ؛ ہاں میں ہاں کوندکے بجلی نے ملائی کیسی؟

ف۶۔ تفعال، بفتح تائے فوقانیہ، مونث، مثلاً۔ تکرار، تعداد، تمثال، تذکار، وغیرہ
ع بھاتی ہے لگاتا نہیں تو قتل ہی کر یار۔ یہ روز کی تکرار تو بھاتی نہیں مجکو۔ (امیر)

سماعی ف فعال۔ بالفتح | مذکر۔ مثلاً، سلام۔ کلام، بیان وغیرہ

(۸) اِستبداد، مختلف فیہ ہے، ؎ شکوۂ بیداد پر بولا وہ بُت ؛ تم نے اپنے ہاتھ اِستبداد کی۔ (شوق)

اصول زبان کے لحاظ سے آخرالذکر دو لفظ کا مذکر استعمال کرنا مؤلف کی رائے میں مناسب ہے۔

قیاسی (۵) تَفَاعُل | مذکر۔ مثلاً۔ تعاقب، تعارف، تجاہل، تدارک، تصادم، تطابق، تعامل، تعاشر، تصاحب، تقابل، تنازع، تخالف، تساہل، تشابہ، تقاطع، تبادر، تباین، تجاوز، تجارب، تحارب، تحاکم، تداول، تداخل، تشاکل، تشارک، تصافح، تعاطف، تعاون، تفاوت، تفاول، تقاطر، وغیرہ وغیرہ۔

؎ تمہارے ایک جلوے سے ہوئے شیر و شکر دونوں
تنازع مٹ گیا اے جانِ جاں شیخ و برہمن کا (شعور)

مستثنیٰ

(۱) تواضع۔ ؎ اِدھر میں نے تواضع کی، اُدھر تعظیم اس نے کی ؛ جھکائی میں نے جب گردن، تو اُٹھا ہاتھ قاتل کا۔ (لا اعلم)

قیاسی (۶) تفعیل | مؤنث۔ مثلاً، تعریف، تقریب، تشریح، تحریر، تجرید، تقریر، ترغیب، تحریص، تعریب، تصویر، تکفیل، تنویر، تنقیص، تنقیح، تشریف، ترتیب، تشبیہ، توجیہ، تقطیع، تقلیب، تکثیف، تکمید، تکوین، تکلیل وغیرہ وغیرہ ؎

خلعت عُریاں تنی ہمتوں نے پہنا پر جنوں ؛ ٹھیک میرے جسم پر تشریف عُریانی ہوئی۔ (رند)

مُستثنیات:۔

(۱) تعویذ۔ ؎ چمن میں غنچہ نہیں کھلا ہے وہ گل یہاں رات کو رہا ہے ؛ کہ کوئی تعویذ کُھل پڑا ہے، اُسی کے بازوے نازنین کا۔ (امیر)

(۲) توقیع (فرمان شاہی)

اور جلال وحالی نے مذکر لکھا ہے۔ ؎
دن اب یہ دل منقبض رہنے کے ہیں :: ہو چکا ہونا تھا جو کچھ انبساط۔ (حالی)

قیاسی (۴) اِستفعال

مذکر۔ مثلاً۔ اِستقبال، اِستعمال، اِستدلال، اِستقلال، اِستخراج، استنباط، استفراغ، اِستکراہ، اِستصواب، اِستحسان، اِستشہاد، اِستبقا، اِستطعام، استبطار، اِستمرار، اِستفسار، اِستمساک، اِستنباط، اِستہزا، اِستنجا، اِستہجان، اِستیلا، اِستمتاع، اِستغفار وغیرہ وغیرہ ؎
میں وہ ہوں اہلِ سخن میں جو کبھی بحث ہوئی :: میرے اشعار سے لوگوں نے کیا استدلال (مشہور)

مُستثنیات :-

(۱) اِستعداد، ؎ کھا کے خونِ دل کہی ناصرؔ غزل :: صرف کر دی جتنی اِستعداد تھی۔ (ناصر)
(۲) اِستغنا، ؎ کام ہوے ہیں سارے ضائع ہر ساعت کی سماجت سے :: اِستغنا کی چوگنی اس نے جوں جوں میں ابرام کیا (میر)
(۳) اِستدعا، ؎ جنازہ پر وہ بت آیا پس مرگ :: ہوئی مقبول اِستدعا ہماری (تسلیم)
(۴) اِستمداد ؎ جھوٹی باتیں ہیں خوشامد کی ہمیں عادت نہیں :: کس نے اِستمداد کی جو آپ نے امداد کی۔ (تسلیم)
(۵) اِستغفار۔ ؎ میرے حسنِ عمل سے معصیت بھی عار کرتی ہے :: مری توبہ پہ توبہ توبہ اِستغفار کرتی ہے۔ (ذوق)
(۶) اِستمداد، (بقول مولوی مجتبیٰ احمد صاحب ٹونکی مونث ہے)۔
(۷) اِستناد، ۔ مختلف فیہ ہے، جلیل، جلال، اور تسلیم نے مونث لکھا ہے، برخلاف اس کے پروفیسر طباطبائی مولانا امیر علی صاحب لکھنوی اور اکثر اہل دہلی کے کلام میں مذکر پایا گیا ہے۔

ع اَدا ہر طرح رسمِ ابرو کی ۔ ادب سے اِلتماسِ گفتگو کی (تسلیم)
ع تجھ سے یہ ہے اِلتماس میرا ۔ غیر کا ہے کہ پاس ہے میرا (داغ)
مگر غالب مرحوم اور جناب راغب حیدرآبادی نے مونث استعمال کیا ہے۔
مندرجۂ ذیل چار الفاظ مختلف فیہ ہیں، مگر ترجیح تانیث ہی کو ہے۔
(۱۲) اِعتِنَا۔ ع نہ اٹھا نہ حضرت کی تعظیم کی ۔ نہ کچھ اِعتِنا کی نہ تسلیم کی۔ (اسیر)
فقرہ، غزل کی طرف زیادہ اِعتِنا نہیں پایا جاتا۔ (حالی)
(۱۳) اکتفا۔ ع تمنا نے نہ اس پر اکتفا کی ۔ بڑی حسرت حصولِ مدعا کی۔ (تسلیم)
(۱۴) اِبتلا۔ ع ہیں ایک نہ ایک بلا کے پابند ۔ جاتی نہیں ابتلا ہماری۔ (مسرور)
(۱۵) اِمتِلا۔ ع غم ہے وہ چیز کھاتے ہیں ہر روز ۔ اور کبھی امتلا نہیں ہوتی۔ (اختر)
(۱۶) اِستِناد، اگرچہ جلال، تسلیم وغیرہ نے مونث استعمال کیا ہے، ع
نہ غیر کی بے تصدیق یاد کی ہوتی ۔ ہمارے حال ہی سے استناد کی ہوتی۔ (تسلیم)
مگر بقول مولانا عادی مولانا مرزا ہادی رسوا و مولانا طباطبائی و شرر، مذکر ہی فصیح ہے۔
فقرہ۔ فصاحت و بلاغت کے مسائل میں آج تک اِستناد کیا جاتا ہے۔ (شرر)

قیاسی (۳) اِنفعال | مذکر، اِنقلاب، اِنفعال، اِنفکاک، اِنفراغ، اِنضمام، اِنقباض
اِنقسام، اِنقطاع، انکسار، انہماک، انہدام، انکشاف، انضباط، انصرام، انہزام، انہلاک
انکباب، اِنطوا، انطباق، اِنعکاس، اِنغلاق، انقراض، انقضار، اِنقیاد، اِنشقاق
اِنصداع، وغیرہ وغیرہ۔

مستثنیات:۔
(۱) اِنجلا، (۲) اِنبساط، اس کو اَمیر، تمنائی، اور صاحب فرہنگ آصفیہ نے مونث استعمال کیا ہے۔ ع
ہر طرف سے یاس کے آثار ہیں ۔ انبساط طبع بھی جاتی رہی۔ (ناصر)

اِنتزاع ، اِزدِواج (در اصل اِز تِواج) اِہتمام ، اجتماع ، اِفترا ، اِلتوا ، اتفاق ، اتحاد ، اِنتظار ، اِضطرار وغیرہ ؎

کرکے عصیاں آنکھ کو پُرنم کیا ؛ اتباعِ سُنّتِ آدم کیا ۔ (ناصر)

مستثنیات :-

(۱) اِحتیاط ؎ کی سگِ جاناں کی خاطر ہڈیوں کی احتیاط ؛ قینچیاں تربت پہ لگوائیں ہما کے واسطے ۔ (وزیر)

(۲) اِحتیاج ۔ ؎ بے احتیاج کوئی نہیں ہے جہان میں ؛ ناوک کو پر کی تیغ کو دم کی ہے اِحتیاج ۔ (اسیر)

(۳) اِنتہا } ؎ نہ دینا اب تو ہے بیدردی مجکو ساقیا ؛ ابتدا جاڑے کی ہے اور
(۴) ابتدا } انتہا برسات کی ۔ (آتش)

(۵) اِلتجا ۔ ؎ دل جو واپس طلب کیا تو کہا ؛ یہ نئی التجا نکالی ہے (داغ)

(۶) اِطّلاع ۔ ؎ چھپتی ہے کب چھپائے سے اہل کرم کی شان ؛ ہوتی ہے خود بخود دلِ سائل کو اِطّلاع ۔ (داغ)

(۷) اِصطلاح ۔ ؎ خدا نے دی ہے عجب تازگی سخن کو میرے ؛ محاورے ہیں نئے اور اِصطلاح نئی ۔ (تسلیم)

(۸) اِشتہا ؎ کھا گئی مردے ہزاروں ہی زمین ؛ اِشتہا لیکن نہ اس کی کم ہوئی ۔ (مصحفی)

(۹) اِقتدا ؎ ہم آج امامِ فن ہیں سرور ؛ کرتے ہیں سب اقتدا ہماری (سرور)

مندرجہ بالا الفاظ بالاتفاق سب مونث ہیں اور مندرجۂ ذیل الفاظ میں اختلاف ہے ۔

(۱۰) اِلتفات مختلف فیہ ہے مگر ترجیح مذکر کو ہے ۔ ؎ پہلے تو التفات ان پہ کیا ؛ حکم پھر بادشاہ نے یہ دیا ۔ (نفیر)

(۱۱) التماس ، اہل لکھنؤ کے کلام میں مونث اور اہل دہلی کے کلام میں مذکر پایا گیا ہے ۔

مولوی نذیر احمد، مولانا حالی وغیرہ نے مونث بھی استعمال کیا ہے۔
(۸) اِملا۔ اس کو صرف رشک نے مونث باندھ دیا ہے۔ ورنہ عام طور پر تذکیر کے ساتھ مستعمل ہے، جیسا کہ نمبر (۱) میں داغ کے شعر سے ثابت ہے۔
(۹) اِرسال۔ جب اس لفظ کا اطلاق رقم، آم وغیرہ پر ہوتا ہے تو مونث مستعمل ہوتا ہے۔ ورنہ بھیجنے کے معنی میں مذکر ہی ہے۔ ؎ ۔ جمع ہو جائے گا دو دن میں خزانہ ترے پاس ؛ دل پہ آتے ہیں کہ ارسال چلی آتی ہے۔ (لا اعلم)
(۱۰) اِملاک، بعض اصحاب اس کو مِلک کی جمع اور اس لئے بالفتح اَملاک کہتے ہیں اس صورت میں قاعدہ ہذا سے متعلق نہ ہوگا۔ ہاں اگر اس کو اِفعال کا وزن قرار دیں تو اس کے مستثنیات میں شریک کیا جائے گا، کیونکہ عام و خاص کی زبان پر مونث ہے۔ ؎
کیا خاک سے پاک اک ایک کو ؛ عنایت کی اِملاک اک ایک کو۔ (سحر)
(۱۱) اِسناد، محدثین کی زبان سے مونث سُنا گیا ہے۔
(۱۲) اِکراہ۔ بعض اصحاب مونث استعمال کرتے ہیں، جو کسی طرح درست نہیں۔ ؎
ہو گیا جرم کونسا مجھ سے ؛ بڑھ گیا ہے تمہارا کیوں اکراہ۔ (نعیم)
(۱۳) اِدبار ؎ مرا یار تو ہے عدو یار ترا ؛ یہ اقبال میرا وہ اِدبار تیرا۔ (سُرور)
(۱۴) اِلحان۔ بالکسر (لحن کی جمع نہیں بلکہ مصدر ہے) مختلف فیہ ہے، اگر تانیث کو ترجیح ہے۔
؎ جو یاد مصحف دل میں مرا دل نالے کرتا ہے
وہ کہتے ہیں مزا دیتا ہے کیا اِلحان قاری کا (مصحفی)
؎ گونجا وہ طبل فتح کہ میداں کے لئے
ہے کرنائے جنگ کی الحاں چلے چلو (مولوی محمد حسین آزاد)

قیاسی (۲) اِفتِعال | مذکر۔ مثلاً۔ انتظام، امتحان، اجتہاد، امتیاز، احتراق، اِختلاف، اِتباع، اِختصار۔ اِختیار، اِرتفاع، اِرتکاب، اِتساع (اِدتساع)

اِبہام، ایمان، اِجماع، اِعلان، اِعلام، اِیصال، اِدراک، اِذرار، اِصرار، اِنقا، ایزاد[1]، اِحقاق، ابطال، اِبقا، ابسال، ایراد، ایقان، ایطا، ایجاز، اِعجاز، وغیرہ

مستثنیات:۔ مندرجہ ذیل الفاظ کی تذکیر و تانیث پر دہلی اور لکھنؤ والوں کا اتفاق ہے (۱) اصلاح۔ ؏ (نوازش)

خوشامد کی منت کی الحاح کی ٭ جب اس نے کہیں جا کے اصلاح کی

؏۔ شاعر ہوں بوے سیب زنخداں ہوں سونگھتا ٭ اصلاح رہتی ہے مجھے اپنے دماغ کی۔ (آتش)

(۲) افراط ؏۔ تھا شور کہ افراط ہے یاں آبِ بقا کی

جنگل میں ملے خضر یہ قدرت ہے خدا کی (انیس)

(۳) الحاح ؏ خوشامد کی منت کی الحاح کی ٭ جب اس نے کہیں جا کے اصلاح کی (نوازش)

(۴) امداد ؏ ہے الفتِ دشمن میں برا حال کسی کا ٭ اے حضرتِ دل کیجئے امداد کسی کی۔ (داغ)

(۵) ایذا۔ ؏ نالہ کیسا! آہ نہیں کی ٭ کیا کچھ نہ ایذا گزری۔ (رند)

(۶) اِنشا۔ ؏ نہ انشا ہے صحیح اس کی نہ اِملا ہے صحیح اس کا

مرا خط غیر سے لکھوا کے بھیجا نامہ بر! یہ کیا (داغ)

اور ان الفاظ میں اختلاف ہے۔

(۷) ایجاد۔ مختلف فیہ ہے۔ اس کی تذکیر و تانیث میں سے کسی کو ترجیح نہیں دے سکتے کیونکہ جہاں مولانا طباطبائی و حضرت نقاد، آزاد، امیر، جلال، حضرت نجیب احمد صاحب تمنائی اور مولوی امیر علی صاحب کے کلام میں مذکر پایا گیا ہے، وہاں سر سید احمد خاں،

---

[1] یہ لفظ کلام عرب میں پایا گیا ہے۔ نہ صرف کی رو سے صحیح ہو سکتا ہے زیادہ سے بابِ افعال ازادہ ہونا چاہئے۔ مگر وہ بھی مستعمل نہیں ہے البتہ ازدیاد آیا ہے جو افتعال سے ہے ۱۲

گردش سے ہے بھروسہ کی ثابت ؎ ان کو بھی ہے جستجو تمہاری۔ (اتیر)

مستثنٰی ۱۔ بندوبست ۔ ؎ (بحر)

انتظام آپ کی سرکار میں یوں لازم ہے ؎ بندوبست آپ کا گھر میں رہے باہر اپنا

(۱۱) دوام بالف اتصال۔ مونث۔ مثلاً۔ کشاکش، روا رو ؎ (انیس)

غل تھا کہ برستی ہوئی آتش نہیں دیکھی ؎ یہ کاٹ یہ کس بل یہ کشاکش نہیں دیکھی

(۱۲) امر۔ک۔ مونث۔ مثلاً پوشاک، خوراک۔ ؎ (تسلیم)

آپ نے غیر کو جو دی دشنام ؎ وہ یہ سمجھا مجھے خوراک ملی

مذکر۔ مثلاً۔ تپاک، سوزاک، ؎ (ناسخ)

ترے جلانے کو اے سنگدل صنم ہم نے ؎ اک اور صاعقۂ طور سے تپاک کیا

قیاسی (۱۳) امر۔ہ | مذکر۔ مثلاً۔ اندیشہ، گریہ، خندہ، اندازہ، بوسہ، لرزہ، نالہ، ؎ (امیر)

لگی دل کی بجھائے بیکسی میں کون ہی ایسا ؎ مگر اک گریۂ حسرت کہ بیتابانہ آتا ہے

قیاسی (۱۴) حاصل مصدر اسمی | مونث۔ مثلاً۔ سفیدی، سیاہی۔ فرعونی۔ بدذاتی خردی، بزرگی۔ بندگی، افسردگی وغیرہ وغیرہ

؎ شفا ہو عیسیٰ گردوں نشین سے ؎ ہماری بندگی پہونچے نہیں ہے (داغ)

(نمبر ۳)

عربی الفاظ کی تذکیر و تانیث کے قواعد

مصادرِ ثلاثی مزید فیہ، و رباعی مجرّد مزید فیہ

قیاسی (۱) افعال۔ بالکسر | مذکر۔ مثلاً۔ احسان، انعام، انکار، اقرار، احساس، اِخلاص، اِخراج، اِلزام، اِعزاز، اِشکال،

مستثنیات :-

(۱) تراش، خراش سے کیونکر لکھوں تراش خراش اس کی چال کی ؛ کٹ جائیگی زبان قلم بہتال کی (مونس)

(۲) تک و دو۔ ؎ ہر چند ہے نصیب پہ موقوف وصل یار
پر چھوڑے نہ اس کی تک و دو کسی طرح (ظفر)

(۳) دار و گیر سے ؎ چلا ہے کوچۂ گیسو کو دل مرا خوش خوش

(۴) تگاپو۔ گیرودار۔۔ خبر نہیں کہ وہاں دار و گیر ہوتی ہے (اختر)

قیاسی (۸) امر - نہی | مذکر۔ مثلاً۔ دار و مدار۔ یادر مدار۔ کج دار و مزید ؎

پہلی راستی کا یہ الفِ اعتبار تھا ؛ اس پر ہماری اُوج کا دار و مدار تھا۔ (دبیر)

مستثنیٰ : کشمکش سے ہوئی لوگوں کی جو تفتیش کیا کیا ؛ رہی آپس میں کشمکش کیا کیا۔ (داغ)

قیاسی (۹) امر - ش۔ ماقبل مکسور آخر | مونث۔ مثلاً۔ آرائش، آزمائش، آسائش، آفرینش، آلائش، آمرزش، آمیزش،

افزائش، بارش، کاوش، کاہش، کشش، گوارش، (جوارش اسی کا مبدل ہی) (دوادوش) برش، پیدائش، پیمائش، پرستش، پرورش، خارش، فرمائش، لرزش، ؎

حکم ہے باتوں کرو اغیار کی ؛ واہ فرمائش ہے کیسی یار کی۔ (امیر)

مستثنیات :-

(۱) جلش۔ مختلف فیہ ہے مگر مونث کو ترجیح ہے۔

(۲) بالش۔ حاصل مصدر کی حالت میں مونث، اور اسم کی صورت میں مذکر ؎

زیر سر پھٹ پھٹ کے سارا بالش سر اڑ گیا ؛ ہم نہ تڑپے دھجیاں ہو ہو کے بستر اڑ گیا

قیاسی (۱۰) ماضی - امر | خواہ ایک ہی مصدر سے ہو یا مختلف۔ مونث۔ مثلاً پخت و پز، جست و جو، جست و خیز، بود و باش،

زد و کوب، شست و شو، گفتگو ؎

لبریز صد نشاط بہ رنگِ ہلالِ عید ٭ سینے میں میرے ناخن کی خراش ہے۔

(۱۲) گزند۔ مختلف فیہ ہے۔ لیکن مونث کو ترجیح ہے۔ ؎ (صبا)

گیسوے یار سے کس کس کو گزندیں پہنچیں ٭ اڑ کے کاٹا کئے یہ افعیٔ گیسو کیا کیا۔

(۱۳) گزر بمعنی (اوقات بسری) مونث۔ ؎ (اختر)

گداو شاہ کی ہوتی گزر ہے مانگے پر ٭ کہ مانگتا یہ رعایا سے وہ خدا سے ہے

گزر۔ بمعنی (رسائی) مذکر۔ ؎ (حالی)

ہوا جو ایک دن اس راہ سے گزر اس گا ٭ دِرم اک اس نے بھی چاہا کہ کیجئے نذرِ فقیر

(۱۴) گریز۔ (مصطلح عروض) مذکر۔

گریز۔ (فرار) مونث۔ ؎ (نذیر احمد صاحب)

دنیا سے ان کو ہوتی ذرا بھی اگر گریز ٭ اسلام کی تو ہو ہی چکی ہوتی رستخیز

(۱۵) آغوش مختلف فیہ مگر مذکر کو ترجیح ہے۔ ؎ (ظفر)

شاہد مقصود سے کس کی بغل میں اے ظفر ٭ دیکھ ہے آغوش چرخ پیر بھی خالی پڑی

؎۔ میں وہ محروم محبت ہوں لڑکپن میں بھی ٭ واکسی نے نہ مرے واسطے آغوش کیا۔ (رند)

(۱۶) ریز و شکن وغیرہ۔

سماعی (۶) اسم۔ امر | مذکر۔ مثلاً۔ پس انداز، پابوس، پیش کش، سرانجام، سرپیچ ؎

سروں پر دہ سرپیچ معمولی کے ٭ خوشی سے ہوئے گال گل پھول کے۔ (میر حسن)

سماعی (ب) حرف۔ امر | مونث۔ مثلاً۔ درگزر۔ دست آویز، دست رس، دُور

باش، بر بارش، باز پرس۔ ؎ بدلی کی انگوٹھی ڈھیلی پائی ٭ دستاویز اس کی ہاتھ آئی۔ (نسیم)

قیاسی (۷) دو امر | مذکر۔ مثلاً پیچ و تاب، پیچ و خم، تاب و تواں، چم و خم، جوش و

خروش، خورد و نوش، بوس و کنار، ساز باز، سوز و گداز وغیرہ۔ ؎ (اختر)

اختر کا حال سن کے ہوئے موم سنگدل ٭ کس قہر کا بیان میں سوز و گداز تھا۔

(۱) آفرین۔ امیر ؎

عجب انداز سے مقتل میں اس کی تیغ کیں نکلی ٭ کہ دل سے مرحبا نکلا جگر سے آفریں نکلی

(۲) اُفشَان مونس ؎

تاروں کے ٹوٹنے کی جو سیر ان کو بھا گئی ٭ اَفشَان لگا رنگا کے چھڑائی تمام رات

(۳) پَرواز ظفر ؎

دے خدا اگر بال و پر تو مثل مرغِ تیز بال ٭ یاں سے ہم پرواز بام یار پر سیدھے کریں

(۴) پَسَند ظفر ؎

اس لئے اس سے طبیعت ہوئی بیزار اپنی ٭ کہ پَسَند ان کو نہیں وہ جو پسند اپنی ہے

(۵) پَناہ۔ ظفر ؎

نہیں کہیں ہے تری چشم فتنہ زا کی پناہ ٭ یہ وہ بلا ہے کہ بس اے صنم خدا کی پناہ

(۶) پَنَدْ۔ ناسخ ؎

غرض پند ماموں کے ہر چند کی ٭ ہوئی پر نہ تاثیر کچھ پند کی

(۷) رَدْ۔ اختر ؎

پہلے ایک تیر نظر کیا چل گیا ٭ ساتھ ہی مژگاں کی رد بھی پڑ گئی

(۸) زیب۔ اسیر ؎

تجھ سے اے رشک چمن زیب چمن بڑھتی ہے ٭ سرو کی طرح ہر ایک شاخ سمن بڑھتی ہے

(۹) نُفرِیل۔ مصحفی ؎

بس کہ نازک ہو گئی حالت دل بیتاب کی ٭ اب اٹھا سکتا نہیں نفریں عزیز احباب کی

(۱۰) تاب۔ غالب ؎

زخمی ہوا ہے پاشنہ پائی ثبات کا ٭ نے بھاگنے کی گون نہ اقامت کی تاب ہے

(۱۱) خراش۔ مختلف فیہ ہے مگر تانیث کو ترجیح ہے۔ ذوق ؎

مستثنیٰ شگفت (تعجب) زاد

قیاسی (۲) اسم ۔ ماضی حرف ۔ ماضی صفت ۔ ماضی	مونث ۔ مثلاً بازدید ۔ برآمد، پرداخت، بازگشت جائداد ۔ چشمداشت، خوش آمد، بزرگ داشت درخواست، روداد، برداشت ۔ برآورد، بہبود، سرگزشت، سرنوشت، پیش رفت، گلگشت

دست برد، یادداشت، نگہ داشت، واگزاشت، وار بست، قرار داد، صوابدید فروگزاشت ۔ ے (رند)

چلئے شب جمعہ تو مزارِ شہدا پر ❊ گلگشت کریں آپ مزارِ شہدا پر

مستثنیات (۱) واسوخت (مگر بقول مولانا سید مجتبیٰ احمد صاحب ٹونکی) مونث کشت و خون (مگر کشت تنہا مونث ہے)

قیاسی (۳) ماضیاں	مونث ۔ مثلاً آمد آمد، آمد رفت، خورو برد، شد بد، خرید فروخت

داد و ستد۔ گفت و شنید، شکست و ریخت، نشست و برخاست، نوشت و خواند، ہست و بود ۔ زد و کشت، آمد و شد وغیرہ

سماعی (۴) ماضی آر	مذکر ۔ مثلاً ۔ دیدار، پندار، کردار ۔ مونث ۔ مثلاً ۔

گفتار، رفتار وغیرہ

قیاسی (۵) امر	مذکر ۔ مثلاً ۔ آرام، آزار، آشوب، آغاز، آماس، آچار،

انبار، انجام، آروغ، انداز، رنج، پاس ۔ کش، پرداز، پرہیز، ترس خرام، ساز، شگاف، شوب شکیب، شور، فشار، فرمان، گزار، لاف گزاف، ناز، نیاز، نوش، ہراس، فریب، رنگ، شمار طراز، نہاد، بند پیوند، وغیرہ وغیرہ

مستثنیات:۔

مہمان سرا وغیرہ۔

(۷) ستان۔ مذکر۔ مثلاً گلستان، بوستان، ریگستان، پرستان، شبستان، قبرستان

عربستان، سیستان، کوہستان، باغستان۔

فقرہ۔ "خراسان تک انہیں کی تواریخ کا گورستان ہے"۔ (آزاد دہلوی)

(۸) زار۔ مذکر۔ مثلاً گلزار، سبزہ زار، لالہ زار، علف زار مرغزار، شور زار۔

مستثنیٰ۔ کارزار۔ کشت زار مختلف فیہ ہیں مگر ترجیح مذکر ہی کو ہے۔

دبیر ے یہ کہہ کہ راہوار کے اوپر ہوا سوار ٭ پھر جا کر فوج ظلم سے کی رن میں کارزار

آزاد دہلوی ے۔ جب گرم کارزار ہوا خون بہادے

اور دشمنوں کے خون سے جیحوں بہادے

حالی ے۔ ایسے حاصل خیز دنیا میں نہ ہوں گے کشت زار

جیسے مردم خیز تھے اسلام کے شہر و دیار

(۹) بار۔ مذکر۔ مثلاً دربار، رودبار، دریا بار۔

(۱۰) آباد۔ مذکر۔ مثلاً اورنگ آباد، اکبر آباد، حیدر آباد۔

(۱۱) شن۔ مذکر۔ مثلاً گلشن۔

(۱۲) اسم۔ امر | الف۔ مونث۔ مثلاً بدررو، قلم رو، وغیرہ۔

(ب) مذکر۔ مثلاً پا انداز، زیر انداز، وغیرہ۔

حاصل مصدر فارسی

قیاسی (۱) ماضی | مونث۔ مثلاً۔ اِستاد، افتاد، کاشت، کشت، کشید، کوفت

ساخت، برد، داد۔ دانست، دوخت، دید، زیست، سوخت، سرشت۔ شناخت،

فہمید، گرفت، نمود، یافت، زد، ساخت۔ گشت۔

بارگاہ، صیدگاہ، سجدہ گاہ، کارگاہ، دست گاہ (گویہ حاصل مصدر ہے) خرگاہ، رصدگاہ، بزم گاہ، خانقاہ، (دراصل خانہ گاہ) وغیرہ وغیرہ سب مونث آتے ہیں۔ مگر چند الفاظ کو مسلم الثبوت شعرا اور انشا پردازوں نے اس کے خلاف مذکر لکھا ہے۔ مثلاً

عرصہ گاہ۔ ذوق ؎ یہ حیات چند روزہ جو نہ سدِ راہ ہوتی
تو پھر ایک عرصہ گاہ عدم وجود ہوتا

قدم گاہ۔ فقرہ۔ با اقبال بزرگوں کا قدم گاہ سمجھ کر یہ ملک پیارے بیٹے کو دے دیا تھا۔ (سخن دان فارس)

تخت گاہ۔ فقرہ۔ بخارا جو کہ سامانیوں کا اصلی تخت گاہ تھا۔ (حالی)

درس گاہ۔ فقرہ۔ مسلمانوں کا درس گاہ تھا۔ (مولوی نذیر احمد خان)

علیٰ ہذا۔ بندرگاہ۔ جولانگاہ۔ وغیرہ کو مولانا شرر محمد علی خانصاحب اور دیگر اصحاب نے مذکر لکھا ہے۔ مگر ہماری رائے میں اس قسم کے کل الفاظ کے لئے تانیث ہی مناسب ہے۔

(۲) کدہ۔ مذکر۔ مثلاً آتش کدہ۔ بت کدہ۔ صنم کدہ۔ عشرت، دولت کدہ، غم کدہ، میکدہ خلوت کدہ۔ وغیرہ وغیرہ

(۳) دان۔ مذکر مثلاً قلمدان، عطردان، بچہ دان، روشندان، اگردان، اگالدان، کیف دان وغیرہ وغیرہ۔

(۴) خانہ۔ مذکر۔ آبدارخانہ، عجائب خانہ، کتب خانہ، آتش خانہ، سلاح خانہ، شفاخانہ، کفش خانہ، فیل خانہ، شترخانہ وغیرہ وغیرہ۔

(۵) سار۔ مذکر۔ مثلاً کوہ سار، شاخسار، چشمہ سار۔

(۶) سرا۔ مونث۔ محل سرا[1]، کاروان سرا، عشرت سرا، ماتم سرا، دولت سرا،

---

[1] بعض اصحاب محل سرا مذکر استعمال کرتے ہیں۔ جو محض غلط ہے ۱۲

قیاسی (۶) ماضی | مذکر مثلاً کہا، جھگڑا، چاہا وغیرہ۔

قیاسی (۷) اسم پن یا پنا | مذکر مثلاً بانکپن۔ لڑکپن۔ بچپن اور دیوانہ پن، بھولاپن بچپن وغیرہ وغیرہ۔ اختر ؎ یہ جوانی یہ اُمنگیں عُمر یہ ٭ اور غضب اس پر یہ بھولاپن ترا۔ بچپنا، بچپنا وغیرہ فقرہ بچپنا بھی عجب ہوتا ہے۔

قیاسی (۸) اسم پت | مونث۔ کنوارپت۔

قیاسی (۹) دو امر باالف اتصال دو امر بابا، اتصال	مونث مثلاً بھاگا بھاگ، مارامار وغیرہ۔ میلے میں مارامار ہو رہی تھی۔ مونث مثلاً چل چل۔

قیاسی (۱۰) امر۔ ڑ | مونث مثلاً بھاگڑ۔ اسیر ؎

پیری کی گر فوج اسیر آئی ہے نزدیک ٭ دل مُردہ ہے بھاگڑ صف دنداں میں پڑی ہے

قیاسی (۱۱) امر۔ س | مونث مثلاً ٹِس، پِٹس وغیرہ اس صورت میں حروف علت امر سے گر جاتے ہیں۔ داغ ؎

مرے رونے سے ماتم دل میں ٭ سخت پٹس پڑی ہے محفل میں۔

(۲)

قواعدِ فارسی

ظرفِ مکان

ان الفاظ کی تذکیر و تانیث، جن کے آخر میں کلمات ظرف آئیں، حسب ذیل ہیں۔

(۱) گاہ۔ مونث۔ مثلاً آرام گاہ، شرم گاہ۔ رزم گاہ، گزرگاہ، شکارگاہ۔ فقرہ۔ (شاہان قدیم کی شکارگاہیں اور دربار منقوش ہیں) زیارت گاہ، خوابگاہ، عیدگاہ، درگاہ،

سَنَناہٹ، گھبراہٹ، مُسکراہٹ۔ وغیرہ

قیاسی۔ اداہٹ، چکناہٹ۔ ع

اختر۔ گل سوسن میں رنگت ہے غضب کی ∴ اُداہٹ ہے مسی آلودہ لب کی۔

(ب) امر۔ آوٹ امر۔ آوت	مونث مثلاً بناوٹ، رُکاوٹ، بُناوٹ، جماوٹ، دکھاوٹ، سجاوٹ، کساوٹ، کھنچاوٹ، گندھاوٹ،

گھلاوٹ، لگاوٹ، کہاوٹ وغیرہ

سوسن ع یوں الگ رہتے ہیں عاشق سے بناوٹ کب تک

روز بے وجہ بگڑنے میں لگاوٹ کب تھی

(ج) امر۔ آپ یا آپا	مذکر مثلاً۔ ملاپ، جلاپا۔ داغ ع

حشر میں اس دھوم سے ان کا مراہو گا ملاپ ∴ اہل محشر کا کٹے گا دن مبارک باد میں

(د) امر۔ داس صفت۔ اس	مونث	مثلاً نگواس، مُتاس، ہگاس، کھٹاس، مٹھاس، نکاس، انچاس، پچاس وغیرہ وغیرہ۔ داغ ع

سُن چکے نگواس تیری اُٹھ ہمارے پاس سے

درد سر ہونے لگا ناصح تری بکواس سے

(ھ) امر۔ آوا	مذکر۔ بھلاوا، پہناوا، دکھاوا، اختر ع

پہناوا آپ کا یہ ہو آپ کو مبارک

(و) امر۔ ک	مونث مثلاً بیٹھک۔ مُنیر ع

پریوں میں شادیاں ہوں تو جلسے کرے اگر ∴ بیٹھک ہو کوہ قاف میں تری نشست کی

(ز) امر۔ ت	مونث مثلاً بچت، چکت، بھرت، بُنت، ڈھلت، سکت،

کھپت، لاگت، چاہت وغیرہ۔ داغ ع

کیا آپ نے ترک اپنا سنگار ∴ چلو صف میں کچھ بچت ہو گئی

اُسے لکھا ہے۔ وہ کتاب جسے آپ نے مطالعہ کیا تھا، موجود نہیں ہے۔

ف۲۔ متقدمین علامتِ فاعل یعنی نے کو کبھی مقدر کرتے تھے، گو اس کا اثر افعال میں باقی رہتا تھا۔ مگر آج کل جائز نہیں۔ سودا ؎

اے گل صبا کی طرح پھرے اس چمن میں ہم
پائی نہ بو وفا کی ترے پیرہن میں ہم

یعنی ہم نے تیرے پیرہن میں وفا کی بو نہیں پائی۔

حاصل مصدر ہندی

قیاسی (۱)۔ امر۔ مونث شلاً اینٹھ۔ بانٹ۔ بوجھ، پرکھ۔ پکار۔ پکڑا۔ بھڑک بہنچ۔ پھوٹ۔ پھونک، ٹال، ٹٹول، ٹیک، جانچ۔ جھپک، جھپٹ، جھجک، داب، ڈلک، ڈگر، سمجھ کاٹ (عداوت) کرید، لاگ، تتاڑ، للک، پہچان، مڑوڑ، ہار جیت بچک، لپک، ڈلک، گھٹک، دوڑ، سکوڑ، پچھوڑ وغیرہ۔

جلال۔ ع۔ میری ترقیوں نے ہی میری ہی کاٹ لی۔

مستثنیات:۔ اُبال۱۔ اُتار۲۔ بچار۳۔ بدل۴۔ بگاڑ۵۔ بگھار۔ بول۶۔ پھیر۷۔ توڑ۸ جوڑ۹۔ کاٹ۱۰ (تراش) انچوڑ۱۱۔ موڑ۱۲۔ مذکر ہیں۔

۱۔ بڑھا ہے جوشِ جنوں دل میں سر مرا کاٹو ٭ اٹھا لو دیگ سے سرپوش اب ابال آیا۔ (منیر)

۲۔ ترقیوں پر ہے ہر دم ابھار سینہ کا ٭ کمر اٹھائیگی کس طرح بار سینے کا (اختر)

۳۔ یہی وظیفہ ہے دن رات مجھکو مستی میں ٭ چڑھاؤں جام کوئی نشہ کا اُتار آیا (ناسخ)

۴۔ فقرہ۔ تم نے بچار نہیں کیا۔

۵۔ لب شیریں سے اُس نے دی گالی ٭ میں نے بوسہ کا یہ بدل پایا (مسرور)

۶۔ ع۔ اے یار بات بات پہ ہوتا ہے اب بگاڑ۔ (امیر)

ہو تو (نے) کا لانا ضرور ہے ورنہ نہیں۔

فقرہ۔ فوج نے صبح سے پہلے دشمن کو جالیا۔

ع۔ کہ گئے ہیں اہل دل دَ ع ما کَدِر خُذ ما صفا۔

نظیر۔ ع۔ صبح جب بول اُٹھا مرغ سحر لگکڑوں کوں۔

مومن۔ ع۔ کھوئے گئے ہم ایسے کہ اغیار پا گئے۔

فقرہ۔ میں کتاب دیکھ چکا (یوں نہ کہیں گے، میں نے کتاب دیکھ چکی۔

فقرہ۔ زید کچھ نہ کر سکا۔

مگر رو دینا، ہنس دینا وغیرہ باوجودیکہ دوسرا فعل متعدی ہے، اس پر بھی اکثر اصحاب ان کے ساتھ نے کا استعمال نہیں کرتے، مثلاً کلیم یہ سنکر رُو دیا (توبۃ النصوح) مگر قدما کے کلام میں برابر پایا جاتا ہے مثلاً ملکہ نے رو دیا (فسانہ عجائب) میر خلیق ؎

ہنس دیا یار نے جو راست خلیق ؛ کھا کے ٹھوکر اس آستان سے گرا

ف۔ جملہ جب مفعول واقع ہوتا ہے تو فعل ہر حالت میں واحد مذکر ہوتا ہے۔

انیس ؎ شہ نے کہا "بند ہیں راہیں پدر نثار ؛ پھیلی ہوئی ہے چار طرف فوج نابکار

نواب میرزا شوق۔ کہا گر کسی نے "کہ بیوی چلو ؛ تو اٹھنا اسے کہ کے ہاں جی چلو

میر حسن۔ ؎ رہی کوئی انگلی کو دانتوں میں داب ؛ کسی نے کہا یہ ہوا گھر خراب

فقرہ۔ اندر جا کے دیکھا تو سچ مچ مرتبان ٹوٹا ہوا ہے۔

ف۔ بعض اصحاب قُم بِاذنی، خُذ ما صَفا دَعْ ما کَدِر وغیرہ کو مونث لکھتے ہیں مگر یہ ان کی محض غلطی ہے۔ کیونکہ یہ جملے ہیں اور جملے کسی طرح مونث نہیں ہو سکتے بلکہ ہمیشہ واحد مذکر کے حکم میں ہوتے ہیں۔ مثلاً جب منصور نے قُم بِاذنی کہا تو علما نے ان کو دار پر چڑھا دیا۔

علیٰ ہذا جب علامت فاعل نے اور علامت مفعول کو یائے مجہول وغیرہ موجود ہو تو اس وقت بھی ہر حالت میں فعل واحد مذکر مستعمل ہوگا۔ مثلاً میں نے کتاب کو دیکھ لیا۔ میں لے

کہتے ہیں مگر مذکر درست ہے۔ ؎

زہر اب دے نہ تیغ نگہ کو عتاب سے ؏ اچھا نہ ہوگا دل پہ اگر گھاؤ پڑ گیا (ظفرؔ)

قیاسی (۴) (ا) امر۔ن ساکن | مونث مثلاً جلن، تھکن، اینٹھن، بچھوڑن، چبھن، چٹکن، پھڑکن، پھسلن، ٹیکن، دھڑکن، سیون، کترن، کھرچن، کہن، لگن، مرن، الجھن، سوجن، چھیلن۔ وغیرہ

مومنؔ ؎ یوں داغ عدو کا شکرا ہے دل ؏ بے شرم تجھے جھلسن نہ آئی۔

مستثنیٰ (۱) اُترن اختر شاہ اودھ نے مذکر لکھا ہے مگر مونث کو ترجیح ہے۔

(۲) بندھن ؎ اب اس جھاڑو کی سینکوں کا کوئی بندھن نہ تھا
جہل سے لڑنے کو تھی اک فوج لیکن بے سری (حالیؔ)

(۳) چلن ؎ بدن میں روح کو آنے سے کام کیا تھا امیرؔ
چلن دکھانے کو آئی تھی بے وفائی کا (امیرؔ)

(۴) دھوون ؎ عمر خضر سے اس کی زیادہ ہو زندگی
دھوون پیئے جو یار کی زلف دراز کا (آتشؔ)

(۵) مونڈن۔ فقرہ۔ لڑکے کا مونڈن (عقیقہ) ہے۔

(۶) گہن۔ ؎ چاند سا رخ ہے تہ زلف تو بوسہ ہو عطا
کیجئے صدقے کی تدبیر گہن پڑتا ہے (امیرؔ)

(ب) امر۔نون موقوف } مونث مثلاً لین دین، اٹھان، اڑان، گزران، وغیرہ

؎ تری اٹھان ترقی کرے قیامت کی ؏ ترا شباب بڑھے عمر جاوداں کی طرح (ریاضؔ)

مستثنیٰ۔ (۱) لگان (۲) لین دین (اگرچہ لین دین انفراداً انفراداً دونوں مونث ہیں۔ مگر مرکب مذکر ہے) (۳) پکوان۔ فقرہ۔ شادی کا پکوان ہو رہا ہے۔

(۵) امر۔ہٹ (ا) تعفت۔ہٹ | مونث۔ مثلاً تلملاہٹ، تمتماہٹ، جگمگاہٹ

۷ فقرہ۔ بگھار جلگیا۔

۸ ع۔ عشق اک روز رنگ لائے گا ؎ یہ بڑا بول پیش آئے گا۔ (شوق)

۹ ع۔ ان ننھے سے تیوروں میں بھی ہے توڑ بلا کا۔ (امیر)

۱۰ ع۔ تو صاف جوڑ جدا ہو گیا کلائی کا۔ (امیر)

۱۱۔ بہکر جو آستین سے پہنچا ہے کوس تک ؎ اے اشک کوس بھر کا تجھے پھیر ہو گیا (وزیر)

۱۲ ع۔ دکھانا ہے جو ہمیں کاٹ تیغِ قاتل کا (وزیر)

قیاسی (۲) دو امر مونث | (ا) ایک ہی مصدر سے مثلاً بک بک، جھک جھک۔

س داغ۔ نہیں اچھی ہے تیری یہ بک بک ؎ سن کے افسانہ میرا کہتے ہیں۔

(ب) مختلف مصادر سے مثلاً اچھل کود، ادھیڑ بن، اکھاڑ پچھاڑ۔ الٹ پلٹ، بول چال، بھول چوک، پوچھ گچھ، تاک جھانک، ٹوٹ پھوٹ، جان پہچان۔ جھاڑ پھونک۔ چمک دمک۔ چھان بین۔ چھیڑ چھاڑ، چیر پھاڑ، دیکھ بھال، دانٹ ڈپٹ، روک تھام، روک ٹوک، ریل پیل۔ کاٹ پھانس۔ کاٹ چھانٹ۔ لاگ ڈانٹ، لوٹ مار، لے دے، مار دھاڑ، نوچ کھسوٹ وغیرہ۔ ے

کچھ ایسے وہ ناآشنا ہو گئے ہیں ؎ نہ تھی جان پہچان گویا کبھی کی (اختر)

مستثنیٰ۔ میل جول (ملنا جلنا سے میل ہیں سے اور جول ہیں وزیادہ ہے) ے ا

تم کو دعویٰ ہے پارسائی کا ؎ اور غیروں سے میل جول بھی ہے۔ اختر

قیاسی (۳) امر آؤ | مذکر مثلاً بچاؤ، ہلکاؤ، سجھاؤ، برتاؤ، ہناؤ، چناؤ، بہاؤ، بھنکاؤ، بہاؤ، پتھراؤ، پٹاؤ، پڑاؤ، پیاؤ، پھیلاؤ، ٹھیراؤ، جماؤ، چل چلاؤ، چھڑکاؤ، رُکاؤ، رکھ رکھاؤ، ستھراؤ، لگاؤ، گھاؤ، حاصل مصدر کی تخصیص نہیں بلکہ ہر اسم خواہ کسی زبان کا ہو، جو اس وزن پر آئے، مذکر ہو گا۔ مثلاً پلاؤ، الاؤ، تاؤ، پاؤ وغیرہ ناؤ، باؤ اور گاؤ (گائے) مستثنیٰ ہیں واؤ کو جو حرف علت ہے بعض مونث

مگر افعال متعدی معروف کی چار ماضیوں یعنی مطلق۔ قریب۔ بعید (احتمالی یا شکی)
میں بشرطیکہ اس کے آخر مصدر ہونا کا کوئی صیغہ موجود ہو ایسی جہاں حرفِ نے کا لانا واجب ہے
مفعول کے لحاظ سے تذکیر و تانیث ہوتی ہے۔ مثلاً۔

انیس ؎ آقا نے دی جو اپنے سر پاک کی قسم ✤ بس تھرتھرا کے رہ گیا وہ صاحب کرم
امیر ع جقعہ ہر ایک آنکھ نے پایا ہے نور کا۔ ظفر ع کیا کیا کچھ بھر دئے ہیں عشق نے دل میں غم و حسرت
ذوق ؎

بات تو ہم نے بنائی تھی وہاں خوب مگر ✤ تھی جو بگڑی ہوئی قسمت تو بنی خوب نہیں

نسیم ؎ خالق نے دے تھے چار فرزند ✤ دانا۔ عاقل۔ ذکی۔ خردمند
داغ۔ ع کسی کافر نے دکھایا نہ ہوا برو اپنا۔ ع کبھو تم نے بھی شور نالوں کا سنا ہو گا
آتش ؎ تری زلفوں نے بل کھایا تو ہوتا ✤ ذرا سنبل کو لہرایا تو ہوتا۔

مستثنیات۔ افعال مندرجہ ذیل کی چاروں ماضیوں میں، باوجود متعدی ہونے کے حرف
نے مستعمل نہیں ہوتا۔ اس لئے ان کی تذکیر و تانیث بھی فاعل ہی کے لحاظ سے ہوتی ہے۔
(۱) بولنا (۲) بھولنا (۳) لانا (یہ اصل میں لے آنا ہے) (۴) ہارنا (۵) جیتنا
(۶) سمجھنا (۷) پکارنا (۸) سیکھنا (۹) پڑھنا (۱۰) سوچنا۔

انتباہ۔ نمبر ۱) (۲) (۳) میں اہل دہلی و اہل لکھنؤ دونوں کا اتفاق ہے۔ مگر باقی
(۷) نمبروں کی نسبت یہ کہا جا سکتا ہے کہ اکثر اہل لکھنؤ ان کے ساتھ (نے) کا استعمال
خلاف فصاحت سمجھتے ہیں اور اہل دہلی کے کلام میں برابر اس کا استعمال پایا جاتا ہے
اِلّا ماشاء اللہ۔

امثال ۱۔

(۱) انیس ؎ بولی یہ سکینہ کہ چچی تم سے کہوں کیا ✤ روتے ہیں کمر کڑے ہوئے ہاتھوں سے بابا
" ؎ تیغ و سپر کو پھینک کے بولا وہ نامور ✤ کہ دیکھئے ان سے کاٹ کے لیجائیں میرا سر

یہاں تِلی اسم اور تِلّا خبر ہے، خبر کے لحاظ سے (ہو گیا) لکھا گیا۔

(۲) فقرہ نامور شعرا کا ذکر بھی یہی صحبت تھی۔

(۳) ذوق ؎ دریائے غم سے پار اُترنے کے واسطے ٭ تیغِ خمیدہ یار کی لوہے کا پل ہوا

(۴) ناسخ ؎ ہجر میں ہر شعلۂ شمس مجھے ٭ ہو گیا ہے خدنگ سونے کا

(۵) نظیر ؎ اِدھر تو قرض ہوا اور اُدھر نہ آیا یار ٭ پکائی کھیر تھی قسمت سے ہو گیا دلیا

(یعنی کھیر دلیا ہو گئی)

(۲)

افعال کی تذکیر و تانیث

کُل افعال خواہ وہ متعدی ہوں یا لازم، کی تذکیر و تانیث اکثر فاعل ہی کی رعایت سے آتی ہے مثلاً جمیل پڑھتا ہے، رشیّہ لکھ رہی ہے، شعار احمد اپنا سبق پڑھا کرتا ہے، مکان غرقِ آب ہو گیا، رکابی ٹوٹ گئی۔

انیس ع سمجھاتی نہیں بھائی کو اے شاہ کی ہمشیر ع جیتی رہی صغرا تو نہ بھولے گی یہ احسان۔

ع دولت مری لٹتی ہے اجڑتا ہے مرا گھر۔

ناظم ؎ میں نے دیکھا کہ جا رنگ بھری کچھ تو ہوا ٭ آبِ رفتہ طرف نہر پھرا شکر خدا

داغ ؎ آئی ہو کیا مری شامت آئی ہو کیا مری موت ٭ کیا کروں اظہارِ درد و غم تمہارے سامنے

انیس۔ ع کہتی تھی یہ گھبرائی ہوئی زوجۂ عباس ع کہتی تھی پیٹ کر سر زینب مضطر ہے ہے۔

سید ؎ ہم بھی تو ہلا دیتے پکڑ زلف کو اس کی ٭ کاش ہم کو بناتا یہ فلک شانہ کسی کا۔

اِستعمال نے (علامتِ فاعل)

لہ ایک شاعرہ کا تخلص ۱۲

مولانا نذیر احمد۔ ع۔ یاں یہ سبق کوئی متنفس پڑھا نہیں۔

فقرہ۔ کیا کو دوں دیکے پڑے ہو۔!

(۱۰) فقرہ۔ تم نے بہت اچھی تدبیر سوچی ہے۔

فقرہ۔ میں سوچا کہ تم ناحک بٹ گئے ہوگے (مولوی مجتبیٰ احمد صاحب ٹونکی)

میر انیس ۔

کیا جانے دل میں سوچے تھے کیا شاہ کربلا
مقتل میں کھینچکر انہیں لے آئی ہے قضا

اشتباہ:۔ بعض شعرا فعل نکالنا کے ساتھ بھی نے کا استعمال نہیں کرتے۔

شیریں ۔ کب کہا میں نے کہ مجھسا نہیں دنیا میں کوئی ؛ آپ بیوجہ نکالے ہیں مری ذات میں شاخ

ع۔ جیتے جی تو نہ نکالا کبھی حسرت میری (لا اعلم)

نسیم ۔ سُن کے قیدی کی زار نالی ؛ زنجیر کے پیچ سے نکالی۔ مگر یہ درست نہیں۔

انیس۔ ع۔ میں نے تو کوئی بات نہیں مُنہ سے نکالی۔

وزیر۔ ع۔ تو پھر شاخ غزالاں میں بھی شاخ اس نے نکالی ہے۔

(ب) دکھائی دینا۔ سجھائی دینا۔ سُنھائی دینا۔ اڑنے نہ پانا وغیرہ اگرچہ متعدی ہیں مگر معنًا لازم ہیں۔ اس لیئے ان کے ساتھ نے کا استعمال جائز نہیں۔

فقرہ۔ دُور سے ایک جہاز دکھائی دیا۔ (تاریخ عرب ترجمہ مولوی مجتبیٰ احمد صاحب ٹونکی)

غالب۔ ۔

پنہاں تھا دام سخت قریب آشیان کے
اُڑنے نہ پائے تھے کہ گرفتار ہم ہوے

(ج) دیکھا کیا، مارا کیا، لکھا کیا وغیرہ کے ساتھ بھی، جو اظہار استمرار کے لئے ترکیب دیئے جاتے ہیں۔ حرف نے مستعمل نہیں ہے۔ مثلاً تم بیٹھے دیکھا کئے، یہ نہ کہیں گے۔ (تم نے بیٹھے دیکھا کئے)

مرکب افعال میں فعل آخر کے لحاظ سے نے کا استعمال ہوتا ہے، یعنی اگر دوسرا فعل متعدی

(۲) آتش۔ ع۔ خدا کی یاد بھولا شیخ بُت سے برہمن بگڑا۔
انیس۔ ع۔ میں پیاس بھی بھولی ہوں یہ عمو کا قلق تھا۔
(۳) ” ع۔ اب نہیں جینے کے، عمر اتنی ہی یہ لائے تھے۔
” ع۔ اکبر علم کو خیمے اندر جھکا کے لائے۔
(۴) رنگین۔ ع۔ وصل کی اَب تو زبان اس سے ہیں ہاری آنا۔ ؎ (مولانا حالی)
ہے جشن فتح پھر آج چِنتائیوں میں برپا ÷ اقبال نے ہے گویا مغلوں سے قول ہارا
نسیم لکھنو۔ ؎ پان سے کی بدی ہے آشکارا ÷ راجہ نل سلطنت ہے ہارا
(۵) مومن ؎ عدد کی عشق بازی آشکارا ÷ غرض یہ ہے کہ تم جیتے میں ہارا
(۶) غالب ؎ نہ وہ سمجھے ہیں نہ وہ سمجھیں گے مری بات۔
فقرہ۔ آخر لڑکے ہو، بات کو نہیں سمجھے (اردوے معلّے)
شوق ؎ سب کو دیدۂ دلیل سمجھا ہے ÷ کیا ملاقات کھیل سمجھا ہے
ذوق۔ ع۔ دل شکستہ گر یار نے سمجھا ہم کو۔
داغ۔ ؎ ابھی تو کھیل سمجھے ہو مگر اک دن دکھا دیں گے
قیامت اس کو کہتے ہیں قیامت ایسی ہوتی ہے
(۷) انیس ؎ کرسی سے جلد اُٹھکے پکارے شہ انام ÷ بھیا ہمارے سر کی قسم روک لو حسام۔
” ع۔ سنکر یہ سخن بانوے ناشاد پکاری
(۸) داغ۔ ع۔ سیکھے ترے چلن روش روزگار نے۔
” ع۔ یہ سیکھا ہے تو اشاک غماز کس سے۔
غالب۔ ع۔ سیکھے ہیں مہ رخوں کے لئے ہم مصوری۔
درد۔ ؎ دل بھی ترے ہی ڈھنگ سیکھا ہے ÷ آن میں کچھ ہے آن میں کچھ ہے
(۹) آتش۔ ع۔ خطبہ بُلبل نے پڑھا تیری بہار حسن کا۔

قواعدِ ہندی

(۱)

افعال ناقصہ کی تذکیر و تانیث

جملہ اسمیتہ میں افعال ناقصہ کی تذکیر و تانیث کا کوئی قاعدہ مقرر نہیں، کبھی اسم کے لحاظ سے ہوتی ہے، کبھی خبر کی رعایت سے مگر ہیچمیرز اصغر کی رائے میں مناسب اسم ہی کے موافق ہے۔

(ا) امثال مندرجہ ذیل میں افعال ناقصہ کی تذکیر و تانیث اِسم کی رعایت سے لائی گئی ہے۔

(۱) زبان اُردو ابتدا میں کچا سونا (تھی) آب حیات دَور سوم کی تمہید (زبان اسم اور مونث ہے اس لئے (تھی) کہا۔

(۲) ذوق ع ظلمتِ عصیان سے میری، بن گیا شب روزِ حشر۔ یعنی روزِ حشر شب بن گیا۔ یہاں روزِ حشر اسم ہے اور شب خبر اسم کی رعایت سے (بنگیا) کہا۔

(۳) خلفا فقط دار السلام بغداد میں تبرک بنکر رہ گئے۔ یہاں خلفا اسم اور جمع مذکر ہے، اس لئے (رہ گئے) فعل بھی جمع مذکر لایا گیا۔ تبرک کا، جو خبر اور واحد مذکر ہے، لحاظ نہیں کیا گیا۔

(۴) ے قلق اور دل میں سوا ہو گا ٭ دلاسا تمہارا بلا ہو گیا
سمجھتے تھے جس غم کو ہم جانگزا ٭ وہ غم رفتہ رفتہ غذا ہو گیا (حالی)

(ب) اور ان کی امثال میں خبر کی رعایت سے تذکیر و تانیث آئی ہے۔

(۱) ع۔ آنکھ کی پتلی جو تھی، جادو کا پتلا ہو گیا۔

یا عربی۔

(۱) جانداروں کی آوازیں مثلاً پپیہے کی ہُوک، کویل کی کوک، مور کی جھنکار، ہاتھی، چنگھاڑ علیٰ ہٰذا القیاس میاؤں میاؤں (فارسی مومو) غوغو، صفیر، غوں غوں۔ بھوں بھوں۔ قاں قاں وغیرہ وغیرہ ۔ (حالی)

کویل کی ہے کوک جی لبھاتی گویا کہ بے دل میں پیٹھی جاتی

(۱) بے جانوں کی آوازیں مثلاً سائیں سائیں، سڑاسٹر، پٹ پٹ، کچر کچر۔ کھٹ کھٹ، چھم چھم، پھر پھر، قلقل، تاہ تاہ، دھوں دھوں، فرفر، وغیرہ وغیرہ ۔

ہجر میں ہم کو تلقل مینا صورت گریہ در گلو ہوگی۔ (امانت)

۔ کان میں جب مرے نالے کی کڑک جاتی ہے ابر میں رعد کی چھاتی سے دہڑک جاتی ہو۔ (ظفر)

(۳) جانوروں کے ہلانے یا ہانکنے کی آوازیں مثلاً تو تو، دھت دھت، بیری بیری

تنبیہات دہ اسما صوت جس کے آخر۔

(۱) الف ہو مثلاً دھماکا۔ کڑاکا، سناٹا، سڑپا، قراٹا ۔

کرتے ہیں جب ان حوادث کے نظر انجام پر قوم میں اک ہم کو سناٹا سا آتا ہی نظر۔ (حالی)

(۲) آخر ہائے مخفی ہو، مثلاً قہقہہ، نغمہ ۔ (ذوق)

ہنسی کے ساتھ یاں رونا ہے مثل قلقل مینا کسی نے قہقہہ اے بے خبر مارا تو کیا مارا

استنباط۔ ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ جناب جلال نے آغوں کو جو شیر خوار بچوں کے بہلانے کا ایک کلمہ ہے (مشہور فقرہ، آغوں غئے دودھ پیکر ہوے مٹے) کس طرح مذکر لکھدیا؟ حالانکہ اسم صوت کا مونث ہونا جناب ممدوح کو تسلیم ہے، خصوصاً جب کہ اس کی تائید میں غوں غوں، چوں چوں، دھوں دھوں وغیرہ مونث الفاظ کثرت سے موجود ہیں۔

ہی کہلاتے ہیں۔ مثلاً مچھلی۔ چیل۔ فاختہ۔ مینا۔ لومڑی اور بعض مختلف فیہ یعنی مذکر و مونث و مونث دونوں طرح بولے جاتے ہیں۔ مثلاً بلبل۔ طوطی۔ (مگر بلبل کی تانیث اور طوطی کی تذکیر کو ترجیح ہے)

(۱۵) بعض جانوروں کے نام گو ان میں نر و مادہ موجود ہیں مگر جب تک جنسیت کے ساتھ ذکر کیا جائے۔ بعض مذکر اور بعض مونث بولے جاتے ہیں۔ جیسے ہاتھی۔ گھوڑا۔ اونٹ۔ شیر۔ کتا وغیرہ مذکر اور بلی۔ بکری۔ بھینس وغیرہ مونث بولے جاتے ہیں۔

مذکر و مونث غیر حقیقی کی شناخت کے عام قواعد

(۱) الف اور ہائے مختفی علامت مذکر ہے۔ مثلاً باجا۔ سونا۔ دریا۔ ڈنڈا۔ گٹھا۔ کٹھا۔ دھیلا میلا۔ روپیہ۔ پیسہ۔ چندہ۔ تختہ۔ پردہ۔ رتبہ۔ سجدہ۔ مقابلہ۔ مناظرہ مگر چند لفظ مستثنیٰ ہیں مثلاً ہنڈیا۔ گھٹا۔ چھالیا (سپاری) دُعا۔ قضا۔ مرتبہ۔ دفعہ۔ وغیرہم۔

(۲) یائے معروف اور تائے قرشت علامتِ مونث ہے مثلاً لکڑی۔ پنکھڑی۔ سیاہی سفیدی۔ چینی۔ آزردگی۔ شرمندگی۔ اور عزت۔ رخصت۔ برداشت۔ برخاست۔ مستثنیٰ۔ پانی۔ موتی۔ گھی۔ جی۔ دہی[1]۔ شربت۔ وغیرہم۔

انتباہ۔ جن اسماء کے آخر الف وہائے مختفی علامت مذکر ہو اور وہ مونث ہوں اور جن اسماء کے آخر یائے معروف و تائے قرشت علامت تانیث ہو اور وہ مذکر ہوں اس قسم کے سب الفاظ کی تذکیر و تانیث اصل کتاب میں بیان کی گئی ہے۔

اسمائے اصوات

اسماء اصوات یعنی آواز کے نام بجز چند کے سب مونث ہوتے ہیں۔ خواہ اردو فارسی ہوں

[1] دہی کو بعض مونث بھی لکھتے ہیں مگر ترجیح مذکر کو ہے۔

مذکر	مونث
بازیگر	بازیگرنی

(۸) مذکر میں نون مونث ہیں یائے معروف (نی) کی زیادتی ہوتی ہے۔

مذکر	مونث
برہمن	برہمنی
مسلمان	مسلمانی
پٹھان	پٹھانی

(۹) کبھی مذکر میں زائے معجمہ اور مونث میں نون ساکن زیادہ ہوتا ہے۔

مذکر	مونث
انگریز	انگریزن
رنگریز	رنگریزن

(۱۰) بعض مذکر کے آخر میں علامت مونث نی اور رآنی آتی ہے۔

مذکر	مونث
اُستاد	استانی
سَید	سیدانی
شیخ	شیخانی
مُغل	مغلانی
ہندو	ہندوانی[1]

(۱۱) بعض اسمار مذکر کے آخر علامت تانیث نی ہوتی ہے۔

مذکر	مونث
ڈوم	ڈومنی
نٹ	نٹنی
اونٹ	اونٹنی
ہاتھی	ہتھنی

(۱۲) بعض مذکر اسما کے آخر (یا) علامت مونث ہوتی ہے۔

مذکر	مونث
کتا	کتیا
چڑا	چڑیا
بندر	بندریا

(۱۳) بعض جانوروں کو خواہ مذکر ہوں یا مونث (عام طور پر مذکر) ہی کہتے ہیں۔ مثلاً کوا۔ الو۔ گدھا گرمچھ۔ مچھر۔ کھٹمل وغیرہم گر اُلو۔ سے اُن صرف انسان کے لئے بولتے ہیں۔

(۱۴) بعض بلا امتیاز دونوں جنسوں میں مونث

[1] بعض قواعد نویسوں نے ہندنی بھی لکھا ہے۔ مگر فصیح نہیں۔

مونث میں یائے معروف

مذکر	مونث
بھٹیارا	بھٹیاری
لڑکا	لڑکی
بچہ	بچی
بندہ	بندی

(۵) مذکر میں الف مونث میں نون

مذکر	مونث
سقا	سقن
دُلہا	دُلہن

(۶) مذکر میں یائے معروف اور مونث میں نون۔

مذکر	مونث
درزی	درزن
موچی	موچن
دھوبی	دھوبن
تیلی	تیلن
حلوائی	حلوائن
بھنگی	بھنگن
پارسی	پارسن
فرنگی	فرنگن
نائی	نائن

مذکر	مونث
ساقی	ساقن
مولوی	مولون
حاجی	حجن
بھائی	بہن

مگر اس سے ناگ۔ ناگن۔ بلوچ۔ بلوچن مستثنیٰ ہیں۔

(۷) مذکر کے آخر میں رائے مہملہ مونث میں یائے معروف و نی

مذکر	مونث
چمار	چماری
لہار[1]	لہاری
سنار	سناری
کمہار	کمہاری
کہار	کہاری
حلال خور	حلال خوری
شیر	شیرنی
سور	سورنی
مور	مورنی

[1] لہارن۔ کمہارن۔ سنارن بھی مستعمل ہے۔ مگر سناری کمہاری۔ لہاری۔ ہی فصیح ہے۔

مذکر	مونث
میاں، شوہر، خصم	بیوی، زن، جورو
دولھا، نوشہ	دولہن، عروس
خُسر، سُسرا	خوشدامن، ساس
داماد	بہو
شاہ، بادشاہ، نواب	شاہ بانو، بادشاہ بیگم، بیگم
صاحب	میم
راجہ، رائے	رانی
غلام	لونڈی
بندہ	کنیز
دیو	پری
خواجہ	خاتون

مذکر	مونث
بیگ	بیگم
خان	خانم
خالو	خالہ
عمّو	عمّہ
بیل	گائے
گھوڑا	مادیان

(۲) لفظ نر اور مادہ کی ترکیب سے۔

مذکر	مونث
شیرِ نر	شیرِ مادہ
شُترِ نر	شُترِ مادہ
فرزندِ نرینہ	فرزندِ مادینہ

(۳) عربی الفاظ میں تائے تانیث سے۔

مذکر	مونث
خادِم	خادِمہ
مَلِک	مَلِکہ
شاعر	شاعر
	قابِلہ (اس کا مذکر مستعمل نہیں)
عاقِل	عاقِلہ
بالغ	بالغہ

(۴) مذکر کے آخر میں الف و ہائے مختفی

ایک ہی معنی کی قید اس لئے لگائی گئی ہے کہ بعض الفاظ ایک معنی کے لحاظ سے مذکر اور دوسرے معنی کے لحاظ سے مونث کہلاتے ہیں تاہم ان کو مختلف فیہ نہیں کہ سکتے ہیں۔ مثلاً کان (گوش) لب (ہونٹ) بال (مو) قلم (خامہ) ان معنوں میں مذکر بولے جاتے ہیں۔ برخلاف کان (معدن) لب (مونہہ) بال (خوشہ) اور قلم (کرنل جیسے شوربے کی قلمیں) ان معنوں میں مونث مستعمل ہیں

عام قواعد

تذکیر و تانیث حقیقی کی شناخت کی صورتیں حسب ذیل ہیں۔

(۱) نر کے لئے ایک لفظ اور مادہ کے لئے اس کے مقابل اور لفظ

مذکر	مونث	مذکر	مونث
مرد	عورت، زن	بھائی	بہن
ابا	اماں	برادر	بھاوج
باوا	ماں	بھیا (بھائی کی تصغیر بالمحبت)	خواہر
باپ	مادر		ہمشیر
پدر	میا (ماں کی تصغیر بالتحقیر)		بہنا (بہن کی تصغیر با[illegible])

حاشیہ صفحہ ۱۔ لے قواعد عربی کی رو سے بلحاظ تطبیق ضمیر مختلف فیہ کا اطلاق صرف اسم واحد پر ہونا چاہئے۔ اور تثنیہ و جمع میں مختلف فیہما اور مختلف فیہم کہنا صحیح ہے مگر اردو میں واحد و تثنیہ و جمع تینوں کے لئے وہی مختلف فیہ کہتے ہیں۔ مثلاً ایک لفظ کے لئے کہتے ہیں۔ بلبل مختلف فیہ ہے اور دو یا زیادہ کے لئے کہتے ہیں۔ اپیل و ایجاد مختلف فیہ (بجائے مختلف فیہما) اور اعتنا اکتفا اور ترشح مختلف فیہ (بجائے مختلف فیہم) ہیں۔ ہم نے بھی فی الحال اردو کی تقلید کی ہے۔

تذکیر (نر ہونا) ذکر بمعنی نر سے مشتق ہے اور تانیث (مادہ ہونا) اُنث بمعنی مادہ سے ماخوذ ہے۔ یہ دونوں عربی کے مصدر تفعیل میں ان ہی دونوں مصادر سے مذکّر اور مونّث اسماء مفعُول کے صیغے مشتق ہیں۔ اصطلاح صرف میں نر کے نام کو مذکر اور مادہ کے نام کو مونّث کہتے ہیں۔ ذی رُوح (جانداروں) کی تذکیر و تانیث حقیقی کہلاتی ہے۔ کیوں کہ ان میں نَر کے مقابل مادہ اور مادہ کے مقابل نر ہوتا ہے۔ مثلاً مرد۔ عورت۔ گھوڑا۔ گھوڑی وغیرہ اور بے جانداروں کی تذکیر و تانیث غیر حقیقی کہلاتی ہے۔ کیوں کہ ان کا نر و مادہ ہونا محض ایک امر فرضی ہے۔ مثلاً مُحَل۔ حویلی۔ اول الذکر کا مذکر اور آخر الذکر کا مونث ہونا فرض کر لیا گیا ہے نہ کہ ان میں فی الواقع نر و مادہ ہونے کی صلاحیت ہے۔ لہذا جاندار نر و مادہ کے ناموں کو مذکر و مونث حقیقی اور بے جانداروں کے ناموں کو جن کا نر و مادہ ہونا محض ایک امر اعتباری ہے۔ مذکر و مونث غیر حقیقی کہتے ہیں۔

جن اسماء کی تذکیر و تانیث کا کوئی قاعدہ مقرر ہو وہ مذکر و مونث قیاسی اور جن کے لئے کوئی قاعدہ مقرر نہ ہو وہ مذکر و مونث سماعی کہلاتے ہیں۔

انتباہ۔ مولانا سید مجتبٰی احمد صاحب (نبیرۂ مولوی سید علی احمد صاحب مرحوم سابق میر منشی ریاست ٹونک) کی رائے ہے کہ مذکر و مونث حقیقی کو قیاسی اور مذکر و مونث غیر حقیقی کو سماعی کہنا چاہیئے۔

جو لفظ ایک ہی معنی میں مذکر و مونث مستعمل ہوتا ہے اس کو مختلف فیہ کہتے ہیں۔

طبع ثانی

خاکسار (اصغر) نے کوئی پچیس برس کے پہلے زبان اردو کی تذکیر و تانیث کے متعلق ایک کتاب قران السعدین تصنیف کی تھی جس میں تذکیر و تانیث کے قواعد و کلیات اور فلسفہ شرح و بسط کے ساتھ بیان کیا گیا۔ اس کے چند سال کے بعد اسی موضوع پر ایک اور کتاب مجمع البحرین تالیف کی جس میں ہزارہا الفاظ کی تذکیر و تانیث (مفاہیم و معانی، تصریح زبان اور شواہد و نظائر کے ساتھ) لکھی گئی۔ خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ میری اور تصانیف کی طرح یہ دونوں کتابیں بھی ہندوستان کے تمام طول و عرض میں مقبولِ خاص و عام اور مستند اول بین الانام ہوئیں۔

چوں کہ (نسخ اولیٰ) فسٹ اڈیشن، نافد الطباعۃ و خارج الاشاعۃ (اوٹ آف پرنٹ) ہو چکے تھے اور مطلوبات کی انتہا نہ تھی لہٰذا میں نے دونوں کتب کو ضم کر کے تاقیمت گراں نہ ہو۔ یہ نیا اڈیشن بہت اضافہ و ترمیم کے بعد شائع کیا ہے۔

واللہ المستعان الیہ التکلان

ف۔ وہ الفاظ جو مذکر و مؤنث دونوں طرح مستعمل ہیں۔ یا لکھنؤ میں مذکر اور دہلی میں مؤنث یا اس کے برعکس ہیں اُن پر (ے) علامت بنا کر حاشیہ پر بغرض تفہیم صرف لفظ "مختلف فیہ" درج کیا گیا ہے اور الفاظ کے ساتھ تذکیر یا تانیث میں سے جس کو ترجیح ہے یا ترجیح دینا انسب ہے وہ قائم کیا گیا ہے تاکہ آئندہ مروجہ الفاظ کے ساتھ مختلف فیہ کا دُم چھلا ہی باقی نہ رہے اور کل ممالک میں ایک ہی طرح بولے جائیں۔

ف۔ وہ جملہ الفاظ جن کے آخر میں (الف) اور (ی) معروف واقع ہیں چھوڑ دیے گئے ہیں۔ کیونکہ بقاعدۂ عام (الف) علامت تذکیر اور (ی) علامت تانیث کی ہے گروہ تمام الفاظ جو اس قاعدے کے برعکس ہیں۔ مثلاً دُعا، سزا۔ پانی۔ موتی۔ وغیرہ لکھے جا چکے ہیں فقط

راقم۔ احقر۔ راجہ رجیشور راؤ۔ اصغر
(ایاغ) اسٹیشن روڈ حیدرآباد دکن

ے لیکن طبعۂ ثانیہ میں یہ الفاظ بھی داخل کر دیے گئے ہیں۔

اگر کچھ غلطیاں اس کتاب میں میری یا کاتب کی وجہ سے رہگئی ہوں تو مطلع کریں تاکہ پیش ہونے والی کتاب میں اس کی اصلاح کر دوں میں نہ صرف یہ نیازمند ممنون ہوگا بلکہ ملک بھی ایک نادر اور مکمل کتاب دیکھکر آپ صاحبوں کا ہمیشہ مرہون احسانات رہیگا

؎ حافظ بخود نپوشید ایں خرقۂ مے آلود ؂ اے شیخ پاکدامن معذور دار مارا

(بیان طرز ترتیب کتاب ہذا)

ف ۱۔ جملہ الفاظ بلحاظ حروف تہجی بموجب طریقۂ مروجہ حال مسلسل قائم کئے گئے ہیں تاکہ تلاش الفاظ میں دقت واقع نہ ہو۔

ف ۲۔ جملہ زبان کے وہ الفاظ جو اردو میں مستعمل ہیں اگر ان میں تلفظ کسی قدر بھی متباین ومتغائر ہے تو مکرر لکھے گئے ہیں۔ اور وہ الفاظ جو تلفظ میں متفق ہیں صرف ایک ہی لفظ لکھا گیا ہے۔ تاکہ طوالت نہ ہو۔

ف ۳۔ اگر کوئی لفظ بلحاظ زبان مختلف معنوں میں مستعمل ہے اور اس کی تذکیر وتانیث میں کوئی فرق نہیں ہے تو اس قسم کے الفاظ کے ساتھ ہر معنی لکھکر اس کی تذکیر وتانیث بتلائی گئی ہے۔ نیز کہیں کہیں حسب ضرورت معنی بھی لکھے گئے ہیں۔

ف ۴۔ جملہ الفاظ پر حتی الوسع صحیح حرکات لگانے کی کوشش کی گئی ہے۔ تاکہ تلفظ میں غلطی واقع نہ ہو۔ اور معنی کے سمجھنے میں آسانی ہو۔

ف ۵۔ اگر کسی لفظ میں خواہ بخیال تلفظ خواہ بلحاظ معنی تذکیر وتانیث میں اختلاف واقع ہوا ہے تو وہ لفظ مکرر لکھا گیا ہے۔

ہی ہو جاتی ہے بلکہ ضخامت کے باعث قیمت بھی لازماً گراں پڑجاتی ہے جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا کہ کتاب ہر کس و ناکس کے لیئے اس قدر سہل الحصول نہ ہوتی۔ بایں ہمہ اس طولِ عمل سے کوئی مزید فائدہ بھی مترتب نہیں ہوتا۔

ثانی یہ کہ کتاب ہذا کو پبلک کے سامنے بدیں شکل و ہیئت پیش کرنے میں میرے مقاصد اصلی یہ بھی رہے ہیں کہ عموماً اختلافات اور خصوصاً میرے جدید قواعد کے متعلق جو بالکل فلسفۂ زبانِ کے لحاظ سے وضع کئے گئے ہیں، اور تقریباً سب کے سب نظائر و امثال سے مستند و مدلل ہیں، عام طور پر نکتہ چینیاں اور بحث و مباحث ہو کر کوئی قول فیصل ہو جائے۔ اور زاں بعد ایک مبسوط کتاب مع نظائر بشرط ضرورت ناظرین کے ملاحظہ میں پیش کروں۔

چنانچہ اس کے لیئے بہت ہی محنت اور کثرت دواوین کے مطالعہ کے بعد تمام و کمال مروجہ الفاظ اردو کے تقریباً کل نظائر جمع کر لئے گئے ہیں۔ یہ مجموعہ حسب تفصیل ذیل مرتب ہوگا۔ اور اس کا نام (مجمع البحرین) رکھا جائے گا۔

کمند۔ ف۔ پھندا۔ حلقہ۔ مونث۔ آسیر ؎

ہزار کوس ہو محبوب دور گر آئے ❊ عجیب جذب کمندِ خیال رکھتی ہے

اور قبل از وقت یہ کہہ دینا بیجا نہ ہوگا کہ اردو کے متعلق ایک ضخیم لغت صرف اسما کا ایسا تیار ہو گا کہ اپنے اسلاف سے ہر حیثیت میں کامل و برتر ہوگا۔ جس کے ہوتے ہوئے آئندہ اس موضوع پر کسی اور کتاب کی ترتیب دینے کی ضرورت ہی باقی نہ رہے گی۔

آخر میں ناظرین باتمکین سے استدعا ہے کہ اگر آپ کی جانب سے قبول عام کی سند اس کتاب کو عطا ہوگی تو وہ میرے لئے مزید حوصلہ افزائی کا باعث ہوگا۔ میرا مقصودِ اصلی تالیفِ کتب سے محض یہی ہے کہ ملک میری خدمت سے مستفید ہو۔ مجھے روپیہ پیدا کرنا مقصود نہیں ہے اور بفضلہ نہ اس کی حاجت ہے۔ نیز توقع ہے

اصول مقرر کیا گیا ہے اور نہ اہل زبان کا استعمال حیطۂ تحریر میں لایا گیا ہے تاکہ یہ رہبر کامل کا کام دے سکے۔ یہی وجہ ہے کہ اس میں بکثرت اختلافات واقع ہو گئے ہیں۔ چنانچہ متعدد الفاظ ایسے ہیں کہ نہ صرف دیگر صوبجات مثلاً مدراس، دکن میں بلکہ دہلی و لکھنؤ میں بھی مختلف ہیں۔ اور لطف یہ کہ ہر ایک اپنے غلط استعمال کو ترک کرنے کے بجائے اس پر مُصر ہے۔ ان مشکلات کو دیکھ کر یہ ضروری معلوم ہوا کہ تذکیر و تانیث کا ایک مکمل و مفصل رسالہ ترتیب دیکر شائع کروں۔

گو اس سے پہلے بھی اس موضوع پر چند کتابیں لکھی جا چکی ہیں جن میں چند الفاظ ہی جمع کر کے ان کی تذکیر و تانیث بتلائی گئی ہے۔ مگر چونکہ اردو کے ذخیرے میں مختلف زبانوں کے الفاظ تراجم کے ذریعہ آئے دن بڑھتے ہی جا رہے ہیں۔ اس لئے یہ چھوٹے چھوٹے رسالے کارآمد نہیں ہو سکتے ہیں۔ لہٰذا اس کمی کو پورا کرنے کے لئے میں نے بڑی تحقیق و تلاش سے کلام اردو کا استقرا کر کے کل الفاظ کی صحیح تذکیر و تانیث قائم کرنے میں کماینبغی کوشش کی ہے۔ خصوصاً وضع قواعد میں جو جانفشانی و جگر کاوی کی گئی ہے، اور ان کے ٹھیک بٹھلانے میں جو جو دقتیں برداشت کی گئی ہیں اس کا اندازہ یا تو وہ لوگ کر سکتے ہیں جو اس قسم کا کام کر چکے ہیں یا قدردان پبلک کی نکتہ بین و دقیقہ رس نظریں بخوبی کر سکتی ہیں۔ خود مجھے تو پورا اطمینان ہے کہ یہ قواعد اور یہ کتاب ملک کے لئے نافع اور مفید ہوگی۔

گو پہلے میرا یہ خیال تھا کہ جس قدر مستند شعرا کے اشعار سنداً مل گئے ہیں ان کو بھی ان الفاظ کے ساتھ درج کر دوں مگر پھر غور کرنے کے بعد فی الحال اس حصۂ نظم کو دو وجہ سے چنداں ضروری نہیں پایا۔

اوّل یہ کہ جب میں نے مستند ذرائع اور صحیح ماخذ سے کام لیا ہے تو میرا اعتماد نہ کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ علاوہ ازیں اشعار کے درج کرنے سے نہ صرف یہ کتاب ضخیم

کی وسعت کا باعث ہے۔

(دوسری) شاخ زبان کی خدمت کی یہ ہے کہ لٹریچر یعنے علم معانی۔ بیان۔ لغات۔ قواعد صرف ونحو پر بسوط کتابیں لکھی جائیں۔ اور زبان اہمیت وساخت پر غور وخوض کرکے ایسے صحیح، جامع اور آسان اصول مقرر کردے جائیں کہ غیر اہل زبان بھی کسی قسم کی غلطی نہ کر سکیں۔ اور زبان کی فصاحت وبلاغت میں کوئی نقص نہ آنے پائے۔

یہ امر مسلمہ ہے کہ ہندوستان کی رائج الوقت عام زبان ادہر کوہ ہمالیہ کی چوٹی سے لیکر ادھر راس کماری تک اور ادہر سرحد خیبر سے لیکر ادہر حدود آسام تک اردو ہی اردو ہے اور بلا تامل یہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ فی الحال اس ملک کی گویا لنگوا فرنیکا اگر کوئی ہے تو وہ صرف یہی (اردو) ہے اور باوجود کثرت مخالفت کے یہ زبان بڑی تیزی کے ساتھ اخبارات میگزین اور کتب کی صورت میں پھیل رہی ہے۔ علوم وفنون کے لحاظ سے دیکھا جائے تو جب بھی ایک معتد بہ حصہ اس میں آگیا ہے۔ اور روز بروز علمی ذخیرہ بڑھتا ہی جاتا ہے۔

پس اگر محبان وطن کے حلقہ میں اتحاد زبان کے مسئلہ پر غور کیا جائے کہ ملک میں صرف ایک ہی زبان جاری کی جائے تو یورپ کی جدید زبان اسپرانٹو کا نمونہ پیش نظر رکھکر بلا کسی پس وپیش کے ہم پیشین گوئی کرتے ہیں کہ یہی۔ ہاں! یہی زبان (اردو) اس کے لیے منتخب ہو سکتی ہے۔ کیونکہ وہ ملک کے دو بڑے عناصر یعنے ہندو و مسلمان کی مشترکہ زبان ہے اور بڑی وجہ یہ ہے کہ آسانی کے ساتھ ملک کے ہر گوشہ میں بولی اور سمجھی جاتی ہے۔

بفضلہ آج کل یہ زبان جیسی کل اقطاع عالم میں پھیل گئی ہے جس کا ذکر اوپر آچکا ہے ویسے اسکے جامع ومانع قواعد مدون نہیں ہوے ہیں۔ اس لئے عموماً غلطیوں کا واقع ہونا ایک امر اضطراری ہے۔ خصوصاً تذکیر وتانیث کی حالت ناگفتہ بہ ہے۔ ہنوز نہ کوئی

دیباچہ

طبع اول

حامداً و مصلیاً

ساقی بنور بادہ بر افروز جام ما
مطرب بگو کہ کار جہاں شد بکام ما
(حافظ رح)

کسی قوم اور ملک نے اس وقت تک ترقی نہیں کی جب تک کہ اس کی زبان نے بخوبی وسعت اور شائستگی حاصل نہیں کرلی۔ یہ مقولہ نہایت صحیح ہے کہ اگر کسی قوم کی تہذیب و تمدن کا پتہ لگانا مقصود ہو تو اس کی زبان کا مطالعہ کرو۔ درحقیقت زبان ہی سارے خیالات کے اظہار کا ذریعہ اور تعلیم و تعلّم کی اشاعت کا واحد آلہ ہے۔ لہذا لٹریچر کی خدمت قوم کی خدمت اس کی تہذیب شائستگی قومی ترقی کا باعث ہے۔

لٹریچر کی خدمت باعتبار نوعیت دو شاخوں میں تقسیم کی جاسکتی ہے۔

(ایک) یہ کہ ہر قسم کے علوم و فنون قدیم و جدید ملکی زبان میں لکھے جائیں۔ سوشیل مارل خیالات اور اصول کتابوں کی صورت میں ملک کے سامنے پیش کئے جائیں۔ ہر نوع کے تجارتی اور ملکی مضامین حیطۂ تحریر میں لائے جائیں۔ یہ حصہ جس قدر ضروری ہے اسی قدر زبان

قِرانُ السَّعدَین

مَع

مَجمَعُ البَحرَین

زبان اردو کے جملہ الفاظ مشتملہ عربی، فارسی، ہندی، سنسکرت، و انگریزی کی تذکیر و تانیث مع شواہد و نظائر جن سے ہر اردو داں کو واقف ہونا ضروری ہے، ادب کی قدیم و جدید معتبر و مستند کتب سے نہایت تجسس و تحقیق کے ساتھ استنباط کر کے درج کی گئی

(اور)

آغاز کتاب میں تذکیر و تانیث کے جامع قواعد بطرز جدید وضع کر کے شرح و بسط کے ساتھ لکھے گئے ہیں

مؤلفہ

راجہ راجیشور راؤ اصغر (ورما) خلف اکبر راجہ رایت راؤ [illegible] بہادر [illegible]

مصنف و مؤلف و مترجم

محبوب الاخلاق، حدیقۃ الاخلاق، گلبن دانش، گلزار دانش، ریاض دانش، کشف الاسرار، ہدیۃ الملوک

تاریخ جہانگیری، معالجات الکلب، انتخاب بہار دانش، انتخاب انوار سہیلی، تشریح الفرس،

گنجینۂ امثال، کارنامہ، نجم اللغات، مفتاح اللغات، فخر اللغات، فرخنگ، آفاق، قران السعدین،

مجمع البحرین، النغمہ عنادل، تاریخ ہند، مجمع الالفاظ، نو عید گلزار، فارسی جامع، قاموس الہند وغیرہ

۵۰۰ جلد

ھو العزیز

قران السعدین

مع

مجمع البحرین

اسمیں

زبان اردو کے جملہ الفاظ مشتملہ عربی، فارسی، ہندی، سنسکرت و انگریزی کی تذکیر و تانیث مع شواہد و نظائر جس سے ہمارا اردو داں طبقہ اکثر واقف ہونا ضروری ہے۔ ادب کی قدیم و جدید معتبر و مستند کتب سے نہایت تجسس و تحقیق کے ساتھ انتخاب کر کے درج کیگئی

(اور)

آغاز کتاب میں تذکیر و تانیث کے جامع قواعد بطرز جدید وضع کر کے شرح و بسط کیساتھ لکھے گئے ہیں

مولفہ

راجہ راجیشور راؤ اصغر (ورما) خلف اکبر راجہ [illegible]

مطبوعہ مطبع ابراہیمیہ اسٹیشن روڈ حیدرآباد دکن